الہامِ منظوم

دفترِ سوم

الہام منظوم

ترجمۂ اردو

مثنوی مولانا روم

دفتر سوم

مترجمہ

مولوی فیروز الدین مصنف و مؤلف
یادگار دربار اسلام ۔ یادگار سعدی ۔ کشف المحجوب ۔ تجرید البخاری ۔
حقوق و فرائض اسلام ۔ سلسلۂ اسلامیہ ۔ فیروز اللغات اردو عربی
و متعدد کتب نصاب تعلیم

۱۳۴۷ھ مطابق ۱۹۲۹ء

قیمت درجہ اول چکنا کاغذ مجلد [illegible] درجہ دوم [illegible]

فہرست مضامین الہام منظوم دفتر سوم

ختم شد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الہام منظوم

دفتر سوم

اے ضیاء الحق حسام الدینؒ بیار	این سوم دفتر کہ سنت شد سہ بار
ای ضیاء الحق حسام الدینؒ لا	تاکہ ہو سنت یہ تین دفتر تیسرا
برگشا گنجینۂ اسرار را	در سوم دفتر بہل اعذار را
کھول دے گنجینۂ معنی کے در	تیسرا دفتر ہے ترک عذر کر
قوتت از قوت حق میزہد	نہ ز عروقے کز حرارت میجہد
تیری قوت ہے خدا کے زور سے	نے رگوں سے ہے کہ جو گرمی سے جستہ
این چراغ شمس کو روشن بود	نہ ز فتیلہ و پنبہ و روغن بود
جس طرح روشن چراغ شمس ہے	تیل بتی کے بغیر اس کی ہے ضو
سقف گردوں کو چنیں دائم بود	نہ ز طناب و استنے قائم بود
آسماں کی چھت جو ہے قائم ہوئی	رسیوں سے اور ستونوں سے ہے بری
قوت جبریلؑ از مطبخ نبود	بود از دیدار خلاق ودود
قوت جبریلؑ کھانے سے نہ تھی	تھی یہ قوت جلوۂ اللہ کی
ہمچنین این قوت ابدال حق	ہم ز حق دان نہ ز طعام و از طبق
قوت ابدال حق بھی مہرباں	ہے خدا سے نہ کہ کھانے پینے سے ہاں
جسمشان را ہم ز نور اسرشتہ اند	تا ز روح و از ملک بگذشتہ اند
جسم اُن سب کے بنے ہیں نور سے	وہ ہیں روحوں اور فرشتوں سے بڑے

۱ یعنی جس طرح بعض افعال کا تین بار ادا کرنا سنت ہے ۱۲

چونکہ موصوفی باوصافِ جلیل
پرتو آتش شد گلستان چون خلیل[1]

چونکہ تو رکھتا ہے اوصافِ جلیل
آگ تجھ پر باغ ہے مثلِ خلیل[1]

گردد آتش بر تو ہم بردو سلام
ای عناصر مر مزاجت را غلام

آگ تجھ پر کیوں نہ ہو سرد اور سلام
ہیں عناصر طبع تیری کے غلام

ہر مزاجے را عناصر مایہ است
وین مزاجت برتر از ہر پایہ است

ہو بنی ہیں عنصر طبیعت کے لئے
طبع افضل تیری ہر اک پائے سے

این مزاجت در جہان منبسط
وصفِ وحدت را کنون شد ملتقط

وسعتِ عالم میں یہ تیرا مزاج
منتخب وصفِ الٰہی سے ہے آج

اے دریغا عرصۂ افہامِ خلق
سخت تنگ آمد ندارد خلق حلق

تنگ ہے میدانِ فہمِ خلق کا
خلق کو بہرہ نہیں ہے حلق کا

اے ضیاء الحق بحذقِ رائے تو
حلق بخشد سنگ را حلوائے تو

ہے ضیاء الحق وہ دانائی تیری
تیرا حلوا حلق پتھر کو بھی دے

کوہِ طور اندر تجلی حلق یافت
تا کہ مے نوشید و مے را بر نتافت

طور نے جلووں میں پایا حلق تھا
مے تو پی پر تاب کب وہ لا سکا

صار دکا منہ وانشق الجبل[2]
ہل رأیتم من جبل رقص الجمل

کوہ ٹکڑے ہو کے جلوے سے پھٹا
کس نے دیکھا کوہ سے رقص اونٹ کا

لقمہ بخشی آید از ہر کس بکس
حلق بخشی کار یزدانست و بس

لقمہ دینا ہر کوئی ہے جانتا
حلق بخشی ہے فقط کارِ خدا

---

[1] سلامتی بخشنے والی۔

[2] جیسا کہ فرمایا اللہ تعالیٰ عزّ شانہٗ نے فلما تجلّی ربہ للجبل جعلہ دکا و خرّ موسیٰ صعقا ۔ یعنی جب موسیٰ کا پروردگار پہاڑ پہ جلوہ نما ہوا۔ پہاڑ ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا اور موسیٰ بیہوش ہو کر گر پڑے۔

خلق بخشد جسم را و روح را　　خلق بخشد بہر ہر عضوے جدا

خلق بخشے جسم کو اور روح کو　　خلق کی ہر عضو میں تقسیم ہو

این گہے بخشد کہ اجلالی شوی　　از دغا و از دغل خالی شوی

ہاں مگر جس وقت اجلالی ہو تو　　ہر دغا ہر مکر سے خالی ہو تو

تا نگوئی سرّ سلطان را بکس　　تا نریزی قند را پیش مگس

تا کسی سے تو نہ بھید اسکا کہے　　قند کو محفوظ مکھی سے رکھے

گوش آنکس نوشد اسرار جلال　　کو چو سوسن دہ زبان شد و لال

سنتے ہیں کان اس کے اسرار جلال　　ہو زبان مانند سوسن جس کی لال

خلق بخشد خاک را لطف خدا　　تا خورد آب و بروید صد گیا

خاک کو بھی خلق دیتا ہے خدا　　پانی پی کر گھاس دیتی ہے اگا

باز حیوان را ببخشد خلق و لب　　تا گیاہش را خورد اندر طلب

ہے وہ حیوانوں کو دیتا حلق و لب　　تا کہ کھائیں گھاس ہنگام طلب

چون گیاہش خورد حیوان گشت زفت　　گشت حیوان لقمۂ انسان و رفت

گھاس کھا کھا کر قوی حیوان ہوا　　اور پھر وہ لقمۂ انسان ہوا

باز خاک آمد شد اکّال بشر　　چون جدا شد از بشر روح و بصر

کھا گئی پھر خاک اس انسان کو　　کر دیا فانی نظر اور جان کو

ذرّہا دیدم دہانشان جملہ باز　　گر بگویم خوردشان گردد دراز

ذرّوں کا منہ میں نے دیکھا ہے کھلا　　داستاں ہو کھولوں جو راز اسکا ذرا

برگہا را برگ از انعام او　　دایگان را دایہ لطف عام او

برگ با سامان ہیں انعام سے　　دایہ اس کا لطف ذاتی کے لئے

ساہ گنگ ۵

رزق ہا را رزق ہا او می دہد | زانکہ گندم بے غذائے کے زہد

رزق کو بھی رزق دیتا ہے وہ ہی | بے غذا بھی ہے اُگا گیہوں کبھی؟

نیست شرح این سخن را منتہی | پارہ گفتم بداں زاں پارہا

اس سخن کی شرح ہے لا انتہا | میں نے اک ٹکڑا ہے ٹکڑوں سے لیا

جملہ عالم آکل[۱] و ماکول داں | باقیاں را مقبل و مقبول داں

ساری دنیا آکل و ماکول ہے | جو ہے باقی مقبل و مقبول ہے

ایں جہان و ساکنانش منتشر | واں جہان و سالکانش مستمر[۲]

یہ جہان اور اس کے ساکن منتشر | وہ جہان اور اس کے سالک مستمر

ایں جہان و عاشقانش منقطع | اہل آں عالم مخلد مجتمع

یہ جہان اور اسکے عاشق ہیں فنا | اس جہاں والے ہیں سب اہل بقا

پس کریم آنست کو خود را دہد | آب حیوانے کہ ماند تا ابد

ہے کریم اب وہ کہ جو اپنے کو دے | آب حیواں تا کہ باقی رہ سکے

باقیات الصالحات[۳] آمد کریم | رستہ از صد آفت و اخطار و بیم

ہے کریم اب باقیات الصالحات | جسکو ہے خوف اور آفت سے نجات

گر ہزار اند یک تن بیش نیست | چوں خیالات عدد اندیش نیست

ہوں ہزاروں ایک سے بڑھکر ہیں کب | ہیں خیالات عدد اندیش سب

آکل و ماکول را حلق است و نائے | غالب و مغلوب را عقل است و رائے

آکل و ماکول کو ہے حلق و نائے | غالب و مغلوب کو ہے عقل و رائے

۱ کھانے والا اور کھایا جانے والا ۔

۲ دائم ۔ مجتمع ۔

۳ قولہ تعالیٰ عز وجل: ۔ والباقیات الصالحات خیر عند ربک ثواباً وخیر مردا۔
یعنی جو نیک باتیں انسان سے باقی رہ جائیں ۔ وہ خدا کے نزدیک ازروئے ثواب اور ازروئے بازگشت بہتر ہیں ۔

خلق بخشید او عصائے عدل را / خورد او چندان عصا و حبل را
خلق یوں اپنے عصا کو دے دیا / وہ عصا اور رسیوں کو کھا گیا[1]

و اندر او افزوں نشد زاں جملہ اکل / زانکہ حیوانی نبودش اکل و شکل
اس میں کھانے کی فراوانی نہ تھی / کیونکہ اس کی شکل حیوانی نہ تھی

مر یقیں را چوں عصا حق حلق داد / تا بخورد او ہر خیالے را کہ زاد
وہ یقیں کو حلق دے مثل عصا / تا خیالوں کو کرے اس کی غذا

پس معانی را چو اعیاں حلقہاست / رازق حلق معانی ہم خداست
مثل ظاہر ہے معانی کا گلا / رازق حلق و معانی ہے خدا

پس ز ماہی تا بمہ از خلق نیست / کہ بجذب مایہ او را حلق نیست
ماہ سے تا ماہی کوئی بھی نہیں / حلق جس کو ہو نہ حاصل بالیقیں

حلق جاں از فکر تن خالی شود / آنگہے روزیش اجلالی شود
حلق جاں ہو فکر تن سے رستگار / رزق اجلالی سے پھر ہو مایہ دار

حلق عقل و دل چو خالی شد ز فکر / یافت او بے ہضم معدہ رزق بکر
حلق عقل و دل ہو خالی فکر سے / رزق اچھوتا اس کو خالق سے ملے

شرط تبدیل مزاج آمد بداں / کز مزاج بد بود مرگ بداں
شرط تبدیلی طبیعت کی ہے ہاں / بد مزاجی ہے ہلاکت بے گماں

چوں مزاج آدمی گلخوار شد / زرد و بدرنگ و سقیم و خوار شد
طبع جس انسان کی گل خوار ہے / زرد ہے بدرنگ ہے اور خوار ہے

چوں مزاج زشت او تبدیل یافت / رفت زشتی و رخش چوں شمع تافت
جب مزاج بد کی تبدیلی ہوئی / چمکا مثل شمع زشتی مٹ گئی

[1] یعنی جناب موسیٰ علیہ السلام کا عصا ساحروں کے عصا اور رسیوں کو کھا گیا

دایهٔ کو طفلِ شیر آموز را | تا بنعمت خوش کند پدفوز را

ڈھونڈے دایہ دودھ پیتے طفل کو | جو کرے خوش اور دے نعمت کی خو

دایهٔ کو شیر خوارہ طفل را | تا ز نعمتہا کند او را غذا

ڈھونڈے دایہ طفل کی بہر غذا | نعمتوں سے جو کرے نشو و نما

گر ببندد راہِ یک پستان او | برگشاید راہِ صد بستان برو

ایک پستاں کو جو اس سے روک لے | راہ سرباغوں کی اس پر کھول دے

زانکہ پستان شد حجابِ آن ضعیف | از ہزاران نعمت و خوان و رغیف

کیونکہ پستاں ہے حجاب اس طفل کا | نعمتوں اور روٹیوں سے بہ ملا

پس حیاتِ ماست موقوفِ فطام | اندک اندک جہد کن تم الکلام

زندگی اپنی ہے ترکِ شیر پر | تھوڑی تھوڑی اس میں کوشش کریں

چون جنین بد آدمی خون بد غذا | از نجس مومن برد پاکی کذا

پیٹ میں تھی خون بچے کی غذا | مومن اس کو اب نجس سے ہے جدا

چون جنین بد آدمی خونخوار بود | بود او را بود از خون تار و پود

پیٹ میں خونخوار تھا یہ آدمی | خون ہی سے تھا مدار زندگی

از فطامِ خون غذااش شیر شد | وز فطامِ شیر لقمہ گیر شد

ترک خوں سے دودھ تھا اسکی غذا | دودھ جب چھوٹا تو پھر لقمہ ملا

وز فطامِ لقمہ لقمانی شود | طالبِ مطلوبِ پنہانی شود

لقمہ کو چھوڑے تو پھر لقمان ہو | طالبِ مطلوب ہو انسان ہو

گر جنین را کس بگفتی در رحم | ہست بیرون عالمی بس منتظم

بچے سے گر پیٹ میں کہتا کوئی | اک جہاں باہر ہے اچھا اور بھی

یک زمین خرمی با عرض و طول | اندرو بس نعمت و چندین اکول

لمبی چوڑی اک زمیں ہے خوشگوار | نعمتیں جسمیں ہیں بے حد و شمار

کوہہا و بحرہا و دشتہا	بوستانہا باغہا و کشتہا
دشت بھی دریا بھی ہیں کہسار بھی	باغ بھی ہیں کھیت بھی گلزار بھی
آسمان بس بلند و پُر ضیا	آفتاب و ماہتاب و صد سُہا
آسماں بھی ہے بلند و پُر ضیا	چاند سورج اور تاروں سے بھرا
از شمال و از جنوب و از دبور	باغہا از عروسیہا و سور
اتر اور دکن سے چل چل کر ہوا	کرتی ہے باغوں کو شاداب اور ہرا
در صفت ناید عجایبہائے آں	تو دریں ظلمت چہ در امتحاں
کیا صفت ہو اس کی نادر چیزوں کی	تجھ کو کیوں بھاتی اندھیری کوٹھڑی
خوں خوری در چار میخ تنگنا	در میان حبس و انجاس و عنا
خون پیتا ہے شکنجے میں پھنسا	اور ہے حبس و نجاست میں پڑا
او بحکم حال خود منکر بُدے	زیں رسالت معرض و کافر شدے
اسکو حسب حال کب آتا یقیں	کرتا انکار ان پیاموں سے جنیں
کایں محال است و فریب است و غرور	زانکہ وہم کور ازیں معنی ہست دور
اور کہتا ہے محال اور مکر و زور	کیونکہ وہم کور ہے ان سب سے دور
جنس چیزے چوں ندید ادراک او	نشنود ادراک منکر ناک او
جنس سے ادراک کو سوجھی نہیں	کیسے منکر فہم کو آئے یقیں
ہمچنانکہ خلق عام اندر جہاں	زاں جہاں ابدال میگویند شاں
بس یونہی خلق جہاں کے سامنے	کہتے ہیں ابدال حال اس سمت کے
کایں جہاں چاہیست بس تاریک و تنگ	ہست بیروں عالمے بے بو و رنگ
یعنی دنیا ہے کنواں تاریک و تنگ	عالم بالا ہے بس بے بو و رنگ
ہیچ در گوش کسے ایشاں نرفت	کایں طمع آمد حجاب ژرف و زفت
لیکن اس کو کوئی سنتا ہی نہیں	طمع ہے سخت اک حجاب اے ہمنشیں

گوش را بند و طمع از استماع | چشم را بند و غرض از اطلاع
طمع کر دے کان کو شنفے سے بند | آنکھ کو کر دے غرض جلوے سے بند

همچنانکه آن جنین را طمع خون | کان غذای اوست در اوطان دون
اس جنین کو جیسے لالچ خون کا | ہے مقام دون میں جو اسکی غذا

از حدیث این جهان محجوب کرد | خون تن را بر دلش محبوب کرد
باتیں اس دنیا کی سمجھا کب ذرا | خون ہے محبوب اس کا ہو گیا

زین همه انواع نعمت ماند فرد | غیر خون او می نداند چاشت خورد
رہ گیا محروم ان لذات سے | کھاتا کیا پایا بجز اک خون کے

پیش تو هم طمع خوشی این جهان | شد حجاب آن خوشی جاودان
تجھ پہ لالچ اس خوشی کا ایجہاں | اس خوشی کا ہے حجاب جاوداں

طمع ذوق این حیات پرغرور | از حیات راستینت کرد دور
طمع سے یہ زندگی پر غرور | کر رہی ہے زندگی تو سے دور

پس طمع کورت کند نیکو بدان | پر تو پوشاند یقین را بیگمان
طمع کر دیتی ہے اندھا جان سے | یہ چھپاتی ہے یقین کو مان لے

حق ترا باطل نماید از طمع | در تو صد کوری فزاید از طمع
حق نظر آتا ہے باطل برملا | طمع سے بڑھتا ہے اندھاپن ترا

از طمع بیزار شو چون راستان | تا نهی پا بر سر آن آستان
طمع سے جوں راستاں بیزار ہو | تا رکھے اس آستاں پہ پاؤں کو

گر تو اندر راه چون راقی وارهی | از غم و شادی قدم بیرون نهی
پائے گا اس در سے آزادی پسر | قید سے شادی و غم کی چھوٹ کے

چشم جانت روشن و حق بین شود | بی ظلام کفر نور دین شود
چشم جاں روشن ہو اور حق بیں شود | نور دیں ہو کفر کی ظلمت ہو دور

پند پیراں بپذیرا شو بجاں | تا رہی از خوف و مانی در اماں
پند پیروں کی پذیرا کر بجاں | تاکہ چھوٹے خوف سے پائے اماں

بشنو اکنوں قصۂ تمثیل آں | تا بیابی در حقیقت نورِ جاں
اب مثالاً ایک قصہ سن بیاں | تا حقیقت میں تو پائے نورِ جاں

ایک دانا اور ہاتھیوں کے شکاری

آں شنیدی تو کہ در ہندوستاں | دید دانائے گروہِ دوستاں
ایک دانا جبکہ ہندستاں گیا | دیکھا۔ ہاں کچھ دوست بیٹھے ایک جا

گرسنہ ماندہ شدہ بی برگ و عور | میرسیدند از سفر و ز راہ دور
بھوکے پیاسے اور بے ساماں تھے | دور سے کر کے سفر آئے ہوئے

مہرِ دانائیش جوشید و بگفت | خوش سلامے شاں چو گل بشگفت
جوش جب اس کی محبت میں اٹھا | مثلِ گل کھل کر سلام ان کو کیا

گفت دانم کز تجوع و ز خلا | جمع آمد رنجتاں زیں کربلا
اور کہا۔ شاید کہ بھوک اور پیاس سے | اس جگہ تکلیف میں تم ہو پڑے

لیک اللہ اللہ اے قوم جلیل | تا نباشد خوردتاں فرزندِ پیل
لیکن اللہ اللہ اے قوم جلیل | تم نہ کھانا ہاتھیوں کے فرزند پیل

پیل ہست ایں سو کہ اکنوں میروید | پندِ من از جان و از دل بشنوید
ہیں ادھر ہاتھی۔ جدھر جاتے ہو تم | یہ نصیحت سن لو کر جاتے ہو تم

پیل بچگانند اندر راہتاں | صیدِ ایشاں ہست بس دلخواہتاں
پیل کے بچے ملیں گے راہ میں | اور شکار اُن کا اُبھاریگا تمہیں

بس ضعیفند و لطیفند و سمیں | لیک مادرشاں بود اندر کمیں
وہ لطیف اور ہونگے فربہ بیگماں | پیچھے پیچھے ہوگی لیکن اُنکی ماں

از پی فرزند صد فرسنگ راه ۔ می بگردد در حنین و آہ آہ
اپنے بچوں کے لئے کوسوں وہاں ۔ دوڑتی پھرتی ہے با آہ و فغاں

دود آتش آید از خرطوم او ۔ الحذر از کودک مرحوم او
سونڈ سے اس کی نکلتا ہے دھواں ۔ بچہ مردہ سے اس کے الاماں

اولیا اطفال حقند اے پسر ۔ غائبے و حاضرے بس با خبر
اولیا اطفال حق ہیں اے پسر ۔ ہاں حضور و غیبت میں وہ با خبر

غایبی مندیش از نقصان شان ۔ کو کشد کین از برائے جان شان
حق سے تو غائب ہے ۔ ان کو مت ستا ۔ بدلہ لے گا جان کا ان کی خدا

گفت اطفال منند این اولیا ۔ در غریبی فرد از کار و کیا
قول حق ہے طفل ہیں میرے ولی ۔ ہے فزوں دولت سے انکی مفلسی

از برائے امتحان خوار و یتیم ۔ لیک اندر سر منم با او ندیم
امتحاناً ہیں وہ سب خوار و یتیم ۔ ہوں مگر پوشیدہ میں انکا ندیم

پشت دار جملہ عصمتہائے من ۔ گوئیا ہستند خود اجزائے من
ہیں مری عصمت کے وہ پشت و پناہ ۔ گویا اجزا ہیں مرے وہ خوش نگاہ

ہاں وہاں این دلق پوشان منند ۔ صد ہزار اندر ہزار و یک تن اند
گدڑی والے میرے بندے نیک ہیں ۔ گو وہ لاکھوں ہیں مگر سب ایک ہیں

ورنہ کے کردے بیک چوبے ہنر ۔ موسیٰ فرعون را زیر و زبر
ورنہ کرتی کس طرح چوب یہ ہنر ۔ موسیٰ کی فرعون کو زیر و زبر

ورنہ کے کردے بیک نفرین بد ۔ نوح شرق و غرب را غرقاب خود
بد دعا سے ورنہ کیونکر بے حجاب ۔ نوح شرق و غرب کرتے غرق آب

بر نکندے یک دعائے لوط راد ۔ جملہ شہرستان شان را بے مراد
کھو دیتیں کیونکر دعائیں لوط کی ۔ ان کے سب شہروں کو جو تھے مدعی

گشت شہرستان چون فردوس شان
دجلۂ آب سیہ وبیں نشاں

شہر اُن کے غیرت فردوس ہوگئے
کالے پانی کے سمندر بن گئے

سوئے شام است این نشان این خبر
در رہِ قدسش پئے بینی بہ گذر

شام کی جانب ملیں گے یہ نشاں
راہ میں بیت المقدس کی وہاں

صد ہزاراں اولیائے حق پرست
خود بہر قرنے سیاستہا بدست

اولیا گذرے ہیں لاکھوں ہاں لے
تھے سیاست والے جو اپنے عہد کے

اگر بگویم این بیان افزون شود
خود جگر چہ بود کہ خارا خوں شود

گر کہوں تو طول پکڑے یہ بیاں
یہ جگر کیا کہ وہ خوں ہوجائے ہاں

خوں شود خارا و باز آں بفسرد
تو نبینی خوں شدن کوری و رد

کوہ خوں ہو جائے اور وہ پھر جمے
تو نہ اندھے پن سے دیکھ اسکو سکے

طرفہ کوری دوربین تیز چشم
لیک از اشتر نبیند غیر پشم

یہ عجب کوری ہے ہو کر تیز چشم
صرف اونٹوں کی نظر آتی ہے پشم

مو بمو بیند ز صرفہ حرص انس
رقص بی مقصود دارد ہمچو خرس

حرص کو انساں ہے یکسر دیکھتا
ریچھ سا بے فائدہ ہے ناچتا

مو بمو بیند ز حرص خود بشر
رقص و خالی ز خیر و چیز ز شر

دیکھتا ہے حرص خود اپنی بشر
خیر کب ہے رقص میں اسکے ہے شر

رقص آنجا کن کہ خود را بشکنی
پنبہ را از ریش شہوت برکنی

رقص اس جا کر جہاں ٹوٹے خودی
ریش شہوت سے نکالے تو روئی

رقص و جولاں بر سر میداں کنند
رقص اندر خون خود مرداں کنند

رقص کر ہیں ناچتے میدان میں
خون ہی میں مرد رقص اپنے کریں

چون رہند از دست خود دستے زنند
چون جہند از نقص خود رقصے کنند

وہ خودی سے چھوٹ کر تالی بجائیں
نقص سے چھوٹیں تو رقص اپنا دکھائیں

مطربان شان از درون دف می‌زنند	بحرها در شورشان کف می‌کنند
ہیں بجاتے مطرب ان میں چھپ کے دف	شور سے ان کے سمندر میں ہے کف
تو نہ بینی برگہا بر شاخہا	کف زنان رقصان بتحریک صبا
کیا نہیں شاخ اور پتے دیکھتا	جو صبا سے رقص میں ہیں برملا
تو نہ بینی لیک بہر گوش شان	برگہا بر شاخہا ہم کف زنان
دیکھ کیا ان کے کانوں کے لیے	ہیں بجاتے تالیاں پتے بڑے
تو نہ بینی برگہا را کف زدن	گوش دل باید نہ این گوش بدن
تالیاں پتوں کا نظر آتا نہیں	گوش دل سے سن تو آ جائے یقیں
گوش سر بربند از ہزل و دروغ	تا ببینی شہر جان را با فروغ
دور کر کانوں سے تو ہزل و دروغ	شہر جاں کا تا نظر آئے فروغ
ہر دہان بربند از ہزل ای عمو	جز حدیث روئے او چیزے مگو
ہزل سے اپنے دہاں کو بند کر	باتیں کر صرف اسکی تو اے مرد گر
سر کشد گوش محمد در سخن	کش بگوید در نبی حق ہو اذن
گوش احمد ہزل کو سنتے نہ تھے	جن کو اذن ۔ ان کو کہا اللہ نے
سر بسر گوش است و چشم است آن نبی	رحمت حق مرضع است و ما صبی
گوش و دیدہ ہیں نبی محترم	رحمت حق دایہ ہے بچے ہیں ہم
این سخن پایان ندارد باز ران	سوئے اہل پیل و بر آغاز ران
اس سخن کی حد نہیں کچھ اے پسر	قصہ اہل پیل کا آغاز کر

بچگان پیل کے معترضوں کا قصہ

ہر دہان را پیل بویے می‌کند	گرد معدہ ہر بشر برمی‌تند
پیل سونگھے سب کے منہ کو برملا	ہر بشر کے معدہ پہ پھر گھومتا

۱۔ خاص کان

تا کجا یابد کباب پور خویش
تا نماید انتقام و زور خویش

پائے جس جا اپنے بچّے کے کباب
لے سکے بدلہ اس سے بیہودہ کا بیاب

گوشتہائے بندگان حق خوری
غیبت ایشاں کنی کیفر بری

گوشت کھاتے بندگان حق کا تو
ان کی غیبت کر کے سن اے کینہ خو

ہیں کہ بویائے دہانشاں خالق است
کے برد جاں غیر آں کو صادق است

سونگھے گا اللہ خود اُن کا دہاں
جو ہیں صادق ان کی بچ جاوے گی جاں

وائے آں افسوسیے کش بوئے گیر
باشد اندر گور منکر یا نکیر

وائے اس پر جس کی بُو اسے خوردہ گیر
سونگھیں آکر قبر میں منکر نکیر

نے دہاں دزدیدن امکاں زاں مہاں
نے توان خوش کردن از دارو دہاں

منہ چھپانے کا وہاں موقع کہاں
اور نہ دیگی کام کچھ بخشش وہاں

آب روغن نیست مر روپوش را
راہ حیلت نیست عقل و ہوش را

آب و روغن مُنہ چھپانے کو کہاں
عقل کیونکر حیلہ جو ہو ہمہ داں

چند کوبد زخمہائے گرزشاں
بر سر ہر ژاژخا و مرزشاں

کسقدر کوٹیں گے اپنے گرز سے
سر کو اور چوتڑ کو ہر بیہودہ کے

گرز عزرائیل را بنگر اثر
گر نبینی چوب و آہن در صور

دیکھ اثر تو گرز عزرائیل کا
چوب و آہن گر نہیں نظروں سے جدا

ہم بصورت مینماید گہ گہے
زاں ہماں رنجور باشد آگہے

گو کبھی آتی ہے صورت بھی نظر
ہوتی ہے بیمار کو اس کی خبر

گوید آں رنجور کاے یار حذر
چیست این شمشیر بر فرق سرم

کہتا ہے بیمار غمخواروں سے یہ
میرے سر پہ کیا ہے یہ تلوار سی

چوں نمی بیند کس از یاران او
در جواب آیند یاراں کاین چہ گو

دوستوں کو وہ نہیں آتی نظر
وہ یہ دیتے ہیں جواب اسکو کہ خیر

ماہمی بینیم باشد ایں خیال | چہ خیالست ایں کہ ہست ایں ارتحال

کچھ نظر آتا نہیں یہ ہے خیال | یہ تخیل ہے بوقت انتقال

چہ خیالست ایں کہ ایں چرخ نگوں | از نہیب آں خیالے شد چو نوں

یہ گماں کیا ہے کہ چرخ سرنگوں | ہے خیال خوف سے مانند نوں

گرزہا و تیغہا محسوس شد | پیش بیمار و سرش منکوس شد

گرز اور تلوار محسوس اب ہوئے | جھک گیا بیمار کا سر خوف سے

او ہمی بیند کہ آں از بہر اوست | چشم دشمن بستہ زاں چشم دوست

دیکھتا ہے وہ کہ ہے اس کے لئے | دوست دشمن کس طرح دیکھیں اسے

حرص دنیا رفت و چشمش تیز شد | چشم او روشن کہ چوں خونریز شد

حرص دنیا رخصت اور بینائی تیز | آنکھ اس کی روشن اور ہے خونریز

مرغ بے ہنگام شد آں چشم او | از نتیجہ کبر او و خشم او

مرغ بے ہنگام آنکھ اس کی ہوئی | اس کی نخوت کا نتیجہ تھا یہی

سر بریدن واجب آمد مرغ را | کو بغیر وقت جنباند درا

کاٹنا سر مرغ کا واجب ہوا | جس نے یوں بیوقت دی ایسی صدا

ہر زماں نزعے ست جزو جانت را | بنگر اندر نزع جاں ایمانت را

جان تیری نزع میں ہے ہر گھڑی | نزع جاں میں دیکھ ایماں اے اخی

عمر تو مانند ہمیان زر ست | روز و شب مانند دینار اشمر ست

زر کی ہمیانی ہے تیری عمر یار | روز و شب ہے مثل درہم کے شمار

می شمارد و مید ہد زر بیوقوف | تا کہ خالی گردد و آید خسوف

دیتا ہے گن گن کے ناداں اپنا زر | تھیلی تا ہو جائے خالی زود تر

گر ز کہ بستانی و ننہی بجائے | اندر آید کوہ زاں دادن زپائے

کوہ سے لیکر نہ گر تو کچھ رکھے | عاجز آئے کوہ بھی اس دینے سے

لہ نون کی ... فی میہ و ہیلا

پس بنہ بر جائے ہر دم را عوض ۔۔۔ تا ز واسجد و اقترب یابی غرض

رکھ نفس کی ہر جگہ پہ اک عوض[۱] ۔۔۔ پائے "واسجد و اقترب[۲]" سے "تا غرض"

در تمامی کارہا چندیں مکوش ۔۔۔ جز بکارے کہ بود در دیں بکوش

اتنی سب کاموں میں تو کوشش نہ کر ۔۔۔ دین کے کاموں میں کوشش کر مگر

عاقبت تو رفت خواہی ناتمام ۔۔۔ کارہایت ابتر و نانِ تو خام

تجھ کو جانا ہی پڑے گا ناتمام ۔۔۔ کام ابتر ہیں ترے ۔ توشہ ہے خام

ویں عمارت کردنِ گور و لحد ۔۔۔ نے بسنگ است و نہ چوب و نے لبد

گور کی تعمیر پہ اسے بے خبر ۔۔۔ مت لگا تو اینٹ پتھر اور [illegible]

بلکہ خود را در صفا گورے کنی ۔۔۔ در منیِ آں کنی دفن ایں منی

قبر کو اپنی صفا کر کے بنا ۔۔۔ دفن کر اپنی خودی کو اس میں جا

خاکِ او گردی و مدفونِ غمش ۔۔۔ تا دمت یابد مددہا از دمش

اسکی ہو خاک ۔ اسکے غم میں ہو فنا ۔۔۔ اس کے دم سے پائے قوت دم ترا

گورخانہ قبّہ ہا و کنگرہ ۔۔۔ نبود از اصحابِ معنی آں سرہ

گورخانے اور قبّے کنگرے ۔۔۔ کچھ نہیں اہل حقیقت کے لئے

بنگر اکنوں زندۂ اطلس پوش را ۔۔۔ ہیچ اطلس دست گیرد ہوش را

غور تو کر زندۂ اطلس پوش پر ۔۔۔ کچھ بھی اطلس سے ہے خوبی ہوش پر

در عذابِ منکرست آں جانِ او ۔۔۔ کژدمِ غم در دلِ غمدانِ او

ہے فرشتوں کی سزا میں اس کی جان ۔۔۔ غم کا بچھو اس کے دل میں ہے ہر آن

از بروں ظاہر ہمی نقش و نگار ۔۔۔ وز دروں اندیشہ ہااش زار زار

ظاہری ہیں اس کے یہ نقش و نگار ۔۔۔ اور اندر سے ہیں اندیشے فگار

۱؎ یعنی جو سانس جائے ۔ اس کے بدلے کوئی نیکی ضرور ہو جائے ۔

۲؎ سجدہ کرو اور قریب آؤ ۔

وان یکے بینی درآں دلق کہن — چون نبات اندیشہ و شکر سخن

گدڑی والوں میں تو اکثر پائے گا — فکر شیریں اور سخن شکر نما

مسافروں اور فیل بچوں کی حکایت

گفت ناصح بشنوید ایں پند من — تا دل و جاناں نگردد ممتحن

بولا ناصح پند تم میری سنو — امتحاں جان و دل میں کیوں پڑو

با گیاہ و برگہا قانع شوید — در شکار پیل بچگاں کم روید

گھاس پتوں ہی پہ رکھو انحصار — فیل بچوں کا نہ کھیلو تم شکار

من بروں کردم ز گردن وام نصح — جز سعادت کے بود انجام نصح

میں نے گردن سے اتارا وام پند — ہے سعادت ہی فقط انجام پند

من بہ تبلیغ رسالت آمدم — تا رہانم مر شما را از ندم

ہے مجھے مقصود میرے اس پیغام کا — تا ندامت سے میں تم کو دوں چھڑا

ہیں مبادا کہ طمعتاں رہ زند — طمع برگ از بیخہاتاں بر کند

ہو نہ ایسا کہ گمراہی ہو طمع سے — طمع دنیا سے جڑوں کو کھود دے

ایں بگفت و خیر بادے کرد و رفت — گشت قحط و جوعشاں در راہ زفت

یہ کہا اور ان سے رخصت ہو گیا — ہو گئی بھوک ان کی رستے میں سوا

ناگہاں دیدند سوے جادہ — پور فیلے فربہ نوزادہ

ناگہاں رستے میں دیکھا ایک بار — فیل بچہ، موٹا تازہ، شیرخوار

اندر افتادند چوں گرگان مست — پاک خوردند و فرو شستند دست

بھیڑیے کی طرح سب اس پر گرے — اور اسے کھا پی کے فارغ ہو گئے

آں یکے ہمرہ نخورد و پند داد — کہ حدیث آں فقیرش بود یاد

کھانے میں صرف ایک نے شرکت نہ کی — یاد اس کو بات تھی درویش کی

از کبابش مانع آمد آں سخن
بخت نو بخشد ترا عقلِ کہن

اس کو کھانے سے ہوئی مانع وہ بات
بخشتا ہے عقل بخت نو صفات

پس بخفتند و بخفتند آں ہمہ
آں گرسنہ پاسبانِ آں رمہ

خیر سب کھا پی کے اس کو سو گئے
بھوکے نے کی پاسبانی بیٹھ کے

دید پیلے سہمناکے میرسید
اولا آمد سوئے حارس دوید

فیل دیکھا اس نے اک آتا ہوا
پہلے وہ درپے نگہباں کے ہوا

بوئے میکرد آں دہانش را سہ بار
ہیچ بوئے زو نیامد ناگوار

اس کے منہ کو اس نے سونگھا تین بار
لیکن آئی کچھ نہ بوئے ناگوار

چند بارے گردِ او برگشت و رفت
مر ورا نازارد آں شہ پیل زفت

پھر کے اس کے گرد پھر آگے بڑھا
فیل نے اس کا نہ کچھ نقصاں کیا

مر لبِ ہر خفتہ را بوئے کرد
بوئے می آمد ورا زاں خفتہ مرد

سونے والوں کا جو منہ سونگھا اخی
اس کو اپنے بچے کی بُو آ گئی

کز کبابِ پیل زادہ خوردہ بُد
بر درانید و بکشتش پیل زود

کھائے بچے جو پیل بچے کے کباب
پھاڑ ڈالا اُن کو ہاتھی نے شتاب

در زماں او یک بیک را زاں گروہ
بر درانید و نبودش زاں شکوہ

فرد اک اک اس جماعت کا وہاں
پھاڑ ڈالا فیل نے بے خوف ہاں

بر ہوا انداخت ہر یک را گزاف
تا ہمی زد بر زمیں میشد شگاف

تھا وہ لوگوں کو ہوا پہ پھینکتا
چور ہو جاتے تھے گر کر برملا

اے خورندہ خونِ خلق از رہ بگرد
تا نیارد خونِ ایشانت نبرد

خوں خلقت کھانے والے باز آ
خون اُن کا رنگ اِک دن لائیگا

مالِ ایشاں خونِ ایشاں داں یقیں
زانکہ مال از زور آید در یمیں

مال کو اُنکے تو اُن کا خون جان
زور ہی سے ملتا ہے زر کر تو دھیان

مادران پیل بچہ کین کشند | پیل بچہ خوارہ را کیفر کشند

کینہ مادر پیل بچے کی رکھے | پیل بچہ خوار سے بدلہ وہ لے

پیل بچہ میخوری اے پارہ خوار | ہم برآرد خصم پیل از تو دمار

پیل بچہ کھاتا ہے اے [1] پارہ خوار | پیل دشمن ہو کے کرے کا شکار

بوئے رسوا کرد مکر اندیش را | پیل داند بوئے خصم خویش را

بو فریب اندیش کو رسوا کرے | بوئے دشمن پیل کو آنے لگے

آنکہ یابد بوئے رحمان از یمن | چون نیابد بوی باطل را ز من

جو یمن سے بوئے خوش خالق کی پائے | بوئے باطل کیوں نہ میری اسکو آئے

مصطفیٰ چوں بوئے برد از راہ دور | چون نیابد از دہان ما بخور

مصطفیٰ کو دور سے بو آ گئی | منہ سے میرے بو نہ کیونکر آئیگی

ہم بیابد لیک پوشاند ز ما | بوئے نیک و بد بر آید بر سما

آتی ہے بو، پر وہ رکھتے ہیں نہاں | بوئے نیک و بد سے مہکے آسمان

تو ہمی خسپی و بوئے آں حرام | میزند بر آسمان سبز فام

تو تو سو جاتا ہے اور بوئے حرام | کرتی ہے سیر فلک اے خستہ کام

ہمرہ انفاس زشتت می شود | تا بو گیران گردوں میرود

جاتی ہے وہ ساتھ سانسوں کے ترے | سونگھتے ہیں سونگھنے والے اسے

بوئے کبر و بوئے حرص و بوئے آز | در سخن گفتن بیاید چون پیاز

بوئے نخوت بوئے حرص اور بوئے آز | بات کرنے سے ہے آتی جوں پیاز

گر خوری سوگند من کے خوردہ ام | از پیاز و سیر تقوی کردہ ام

گو تو کھائے اس کے کھانے کی قسم | پیاز لہسن چھوڑ بیٹھا ہوں بہم

آن دمت سوگند غمازی کند | بر دماغ ہمنشینان بر زند

سانس تیری کھائے لیکن چغلیاں | ہمنشینوں کے دماغوں سے وہاں

[1] رشوت خوارہ

پس دعا ہا رد شود از بوئے آں ۔ آں دل کژ می نماید از زبان

اس کی بُو سے ہوتی ہے رد ہر دعا ۔ ہے زباں دل کی کجی کا آئنا

اخسئوا آمد جواب آں دعا ۔ چوب رد باشد جزائے ہر دعا

اخسئوا[1] آئے دعاؤں کا جواب ۔ ہو جزائے ہر دعا ناکامیاب

گر حدیثت کژ بود معنیت راست ۔ آں کژی لفظ مقبول خداست

بات اگر ٹیڑھی ہو اور مطلب بجا ۔ ایسی کج باتیں ہیں مقبول خدا

ور بود معنی کژ و لفظت نکو ۔ آں چناں معنی نیرزد یک تسو

کج ہوں معنی اور لفظ اچھے اگر ۔ ہیں یہ معنی لا محالہ بے اثر

دوستوں کی خطائیں بھی محبوب ہیں

آں بلالِ صدق در بانگِ نماز ۔ حی را ہی خواند از روئے نیاز

جب اذاں دیتے بلالؓ پاکباز ۔ "حیّ" کو "ہی" کہتے از روئے نیاز

تا بگفتند اے پیمبر نیست راست ۔ ایں خطا اکنوں کہ آغازِ بناست

لوگ بولے یا نبیؐ ہے ناروا ۔ یہ خطا ہے جبکہ آغاز بنا

اے نبیؐ و اے رسول کردگار ۔ یک مؤذن کو بود افصح بیار

یا نبیؐ؛ اتنا کرم فرمایئے ۔ اک مؤذن خوش گلو بلوایئے

عیب باشد اول دین و صلاح ۔ لحن خواندن لفظِ حی علی الفلاح

عیب ہے آغاز دیں ہے اور صلاح ۔ یوں پکاریں لفظ حیّ علی الفلاح

خشم پیغمبر بجوشید و بگفت ۔ یک دو رمزے از عنایات نہفت

غصہ میں آئے جنابِ مصطفیٰؐ ۔ راز کی دو ایک باتیں دیں بتا

[1] قولہ تعالیٰ عزوجل قال اخسئوا فیہا ولا تکلمون یعنی دوزخیوں سے خدائے تعالیٰ خطاب فرماتا ہے ۔ کہ تم اس میں پڑے رہو اور بات نہ کرو ۔

کاے خساں نزدِ خدا ہیّ بلالؓ | بہتر از صد حیّ وحیّ قیل وقال
بولے نزدِ کبریا ہیّ بلالؓ | حیّ سے بہتر ہے یاں ہے قیل وقال

وامشورانید تا من رازتاں | وانگویم ز آخر و آغازتاں
مت ٹٹولو ورنہ ہیں رازِ نہاں | اوّل و آخر سے کر دونگا عیاں

گر نداری تو دمِ خوش در دُعا | رو دعا میخواہ ز اخوانِ صفا
جب سلیقہ ہی دعاؤں کا نہیں | پاک لوگوں کی دُعا سے بالیقیں

حضرتِ موسیٰؑ کو حق تعالیٰ کا حکم دینا

بہرِ ایں فرمود با موسیٰؑ خدا | وقتِ حاجت خواستن اندر دُعا
اس لئے فرمانِ حق موسیٰؑ کو تھا | جب وہ کرتے مجھ سے ضرورت میں دُعا

کاے کلیم اللہ ز من میجو پناہ | با دہانے کہ نکردی تو گناہ
اے کلیم اللہ لے میری پناہ | ایسے منہ سے جو نہیں صرف گناہ

گفت موسیٰؑ من ندارم آں دہاں | گفت ما را از دہانِ غیر خواں
بولے موسیٰؑ میرا منہ ایسا کہاں | حکم آیا۔ مانگ اوروں کا دہاں

آنچناں کن کہ دہانہا مر ترا | در شب و در روزہا آرد دعا
غیروں سے اپنے لئے تو لے دُعا | ہر دہن دن رات ہی مانگے دُعا

از دہانِ غیر کے کردی گناہ | از دہانِ غیر برخواں کاے الٰہ
غیر کے منہ سے کیا ہے کب گناہ | غیر کے منہ سے تو کہلا یا الٰہ

یا دہانِ خویشتن را پاک کن | روحِ خود را چابک و چالاک کن
یا تو اپنے ہی دہن کو پاک کر | رُوح کو بھی چُست اور چالاک کر

ذکرِ حق پاکست چوں پاکی رسید | رخت بر بندد بروں آید پلید
ذکرِ حق ہے پاک، جب پاکی ملی | بس پلیدی دل سے باہر آ گئی

میگریزد ضدہا از ضدہا — شب گریزد چون برافروزد ضیا
ہاں ضدوں سے بھاگ جاتی ہیں ضدیں — روشنی سے رات بھاگے، آن میں

چوں برآید نام پاک اندر دہاں — نہ پلیدی ماند و نے آں دہاں
نام پاک آتا ہے جب منہ میں ذرا — پھر پلیدی کا پتہ لگتا ہے کیا

حاجتمند کا اللہ اور اللہ کا لبیک کہنا

آں یکے اللہ می گفتے شبے — تا کہ شیریں گردد از ذکرش لبے
رات کو "اللہ" کہتا تھا کوئی — ذکر سے تا ہونٹ پائیں چاشنی

گفت شیطانش خمش اے سخت رو — چند گوئی آخر اے بسیار گو
بولا شیطاں اُس سے چپ ہرزہ گدا — کبتک "اللہ اللہ" بولے جائیگا

ایں ہمہ اللہ گفتی اے عنود — خود یکے اللہ را لبیک کو
اللہ اللہ تو نے اسے سرکش کہا — اس سے کب لبیک کی آئی صدا!

می نیاید یک جواب از پیش تخت — چند اللہ میزنی با روے سخت
جب وہاں سے کچھ جواب آتا نہیں — اللہ اللہ کرنا پھر زیبا نہیں

او شکستہ دل شد و بنہاد سر — دید در خواب او خضر را در خضر
اسکا دل ٹوٹا۔ جھکایا اُسنے سر — خضر آئے خواب میں اُسکو نظر

گفت ہیں از ذکر چوں وا ماندہ — چوں پشیمانی ازاں کش خواندہ
بولے چھوڑا ذکر کیوں اسکے شاد کام — تو پشیماں کیوں ہے لیکر اسکا نام

گفت لبیکم نمے آید جواب — زاں ہمی ترسم کہ باشم رد باب
بولا رب لبیک کہتا ہی نہیں — مجھکو ہے ردّ دعا کا اب یقیں

گفت خضرش کہ خدا گفتا ایں بمن — کہ برو با او بگو اے ممتحن
خضر بولے مجھ سے حق نے ہے کہا — جا تو اُسکے پاس اور کہہ دے ذرا

گفت آں اللہ تو لبیک ماست	ایں نیاز و سوز و دردت پیک ماست
یہ ترا "اللہ" مری لبیک ہے	تیرا درد و سوز میرا پیک ہے
نے ترا در کار من آوردہ ام	نے کہ من مشغول ذکرت کردہ ام
کیا نہیں تجھ سے لیا میں نے یہ کام	کر دیا مشغول ذکر اے نیک نام
حیلہا و چارہ جوئیہائے تو	جذب ما بود و کشاد آں پائے تو
تیرے حیلے اور چارہ جوئیاں	تھیں ہمارے جذب کی نیرنگیاں
ترس و عشق تو کمند لطف ماست	زیر ہر یارب تو لبیکہاست
تیرا خوف و عشق ہے رحمت کی لے	تیری ہر "یارب" میں تو لبیک ہے
جان جاہل زیں دعا جز دور نیست	زانکہ یارب گفتنش دستور نیست
اس دعا سے جان جاہل دور ہے	اسکا یارب کہنا کب دستور ہے
بر دہان و بر لبش قفلست و بند	تا ننالد با خدا وقت گزند
اس کے منہ اور لب پہ ہیں تالے لگے	تا نہ روئے وقت میں تکلیف کے
داد مر فرعون را صد ملک و مال	تا بکرد او دعوی عز و جلال
دیدیا فرعون کو جب ملک و مال	کرتا تھا وہ دعوی جاہ و جلال
در ہمہ عمرش ندید او درد سر	تا ننالد سوئے حق آں بدگہر
عمر بھر اس نے نہ پایا درد سر	تا نہ روئے سوئے حق وہ بد گہر
داد او را جملہ ملک ایں جہاں	حق ندادش درد و رنج و اندہاں
ملک دنیا اس کو سارا دیدیا	کب اسے اللہ نے رنجیدہ کیا
زانکہ درد و رنج یار آندہاں	شد نصیب دوستانش در جہاں
کیونکہ اس نے رنج کا بار گراں	دیدیا یاروں کو اپنے بیگماں
درد آمد بہتر از ملک جہاں	تا بخوانی تو خدا را در نہاں
درد بہتر ہے جہان و مال سے	تا کہ تو ذکر خدا چھپ کر کرے

خواندن بے درد از افسردگیست
خواندن با درد از دل بردگیست

ذکر بے دردوں کا ہے افسردگی
ذکر اہل درد ہے دل بردگی

آں کشیدن زیر لب آواز را
یاد کردن مبدء و آغاز را

کھینچنا وہ زیر لب آواز کا
یاد کرنا فکر سے آغاز کا

آں شدہ آواز صافی و حزیں
کاے خدا اے مستغاث اے معیں

صاف کرتا ہے باواز حزیں
اے خدا فریاد رس اور اے معیں

نالۂ سگ در رہش بے جذبہ نیست
زانکہ ہر راغب اسیر رہزنیست

نالۂ سگ میں بھی جذبہ ہے کشش
کیونکہ ہر راغب ہے رہزن کا اسیر

چوں سگ کہفے کہ از مردار رست
بر سر خوان شہنشاہاں نشست

جیسے کتا کہف کا مردار سے
چھوٹ کے پہنچا خوان پر سلطان کے

تا قیامت میخورد او پیش غار
عارفانہ آب رحمت بی‌شمار

تا قیامت پیتا ہے وہ پیش غار
عارفانہ آب رحمت بار بار

اے بسا سگ پوست کو را نام نیست
لیک اندر پردہ بے آں جام نیست

سگ بہت ایسے ہیں جو گمنام ہیں
انکو پردے میں میسر جام ہیں

جاں بدہ از بہر ایں جام اے پسر
بے جہاد و صبر کے باشد ظفر

جان دے اس جام پر تو اے پسر
بے جہاد و صبر کب ہوگی ظفر

صبر کردن بہر ایں نبود حرج
صبر کن کالصبر مفتاح الفرج

صبر کرنے میں نہیں ہے کچھ حرج
صبر کر الصبر مفتاح الفرج

زیں کمیں بی صبر و حزمے کس نجست
حزم را خود صبر باشد پا و دست

ہیں نجاتیں حزم سے اور صبر سے
صبر دست و پا ہیں گویا حزم کے

حزم کن از خورد کایں زہریں گیاست
حزم کردن زور و نور اولیاست

حزم کر کھانے سے کہ وہ ہے زہر کا
حزم کرنا ہی ہے نور اولیا

کاہ باشد کو بہر بادے جہد
کوہ کے مر باد را وزنے نہد

کانپتی ہے گھاس ہر اک باد سے
کوہ لیکن کیا ہوا کی پت کرے

ہر طرف غولے ہمی خواند ترا
کاے برادر راہ خواہی ہیں بیا

ہر طرف سے ہے چھلاووں کی پکار
اس طرف آ جا - ادھر ہے رہگذر

رہنمایم ہمرہت باشم رفیق
من قلاوزم دریں راہ دقیق

میں رہونگا راہ میں تیرا رفیق
پیشوا ہوں میں یہ رستہ ہے دقیق

نے قلاوز است نے رہ داند او
یوسفا کم رو سوئے آں گرگ خو

وہ نہ رہبر ہے نہ جانے راستا
یوسف! اپنے گرگ کی جانب نہ جا

حزم آں باشد کہ نفریبد ترا
چرب و نوش و دامہائے ایں سرا

حزم وہ شے ہے - نہ دھوکا دیں تجھے
دامہائے چرب و شیریں دہر کے

کہ نہ چربش دارد و نہ نوش او
سحر خواند میدمد در گوش او

کیونکہ وہ چرب اور شیریں کچھ نہیں
کان میں پھونکیں وہ جادو بالیقیں

کہ بیا مہمان ما اے روشنی
خانہ آں تست و تو آں منی

آ تو مہماں ہو مری اے روشنی
گھر ہے تیری ملکیت اور تو مری

حزم آں باشد کہ گوئی تخمہ ام
یا سقیمم خستہ ایں دخمہ ام

حزم یہ ہے - تو کہے ناچار ہوں
یا کہ ہے خستہ و بیمار ہوں

یا سرم درد است درد سر ببر
یا مرا خواند ہست آں خالو پسر

یا بدن دکھتا ہے اور ہے دردِ سر
یا بلاتا ہے وہ خالو کا پسر

زانکہ یک نوشت دہد با نیشہا
کہ بکارد در تو نوشش ریشہا

کیونکہ اُن کے نوش میں سو نیش ہیں
نیش سب تجھ کو وہ وجہ ریش ہیں

زر اگر پنجاہ یا شصتت دہد
ماہیا او گوشت در شستت نہد

گر پچاس اور ساٹھ درہم تجھ کو دیں
شست ہیں وہ گوشت اسے مچھلی رکھیں

گر دہد خود کے دہد آن پر حیل	جوز پوسیدہ است گفتار دغل
[illegible] وہ دیتے ہیں کہاں	ہیں گھنے اخروٹ باتیں پُر زباں
ژغژغ آن عقل و مغزت ابرد	صد ہزاران عقل را یک نشمرد
انکی ژق ژق کھاتے عقل و مغز کو	کب گنے وہ عقل کو گنتی ہی ہو
یار تو خرجین تست و کیسہ ات	گر تو رامینی بجو جز ویسہ ات
یار ہے خرجین و کیسہ کر نہ آہ	تو ہے رامین[1] ویس ہی پر رکھ نگاہ
ویسہ و معشوق تو ہم ذات تست	وین برونیہا ہمہ آفات تست
ویسہ معشوقہ ہے تیری ذات ہی	جو ہیں باہر وہ ہیں سب آفات ہی
حزم آن باشد کہ چون دعوت کنند	تو نگوئی مست و خواہان منند
حزم یہ ہے جب تری دعوت کریں	تو نہ سمجھے غمگسار اپنا انہیں
دعوت ایشان صفیر مرغ دان	کہ کند صیاد در مکمن نہان
ان کی دعوت کو صفیر مرغ جان	گھات میں صیاد ہوگا بیگمان
مرغ مردہ پیش بنہادہ کہ این	میکند آواز و فریاد و انین
مرغ مردہ رکھ لیا آگے عیاں	دیتا ہے آواز، کرتا ہے فغاں
مرغ پندارد کہ جنس اوست او	جمع آید بردرد شان پوست او
مرغ سمجھیں وہ ہے انکی جنس سے	جمع ہوں تو کھال سب کی کھینچ لے
جز مگر مرغی کہ حزمش داد حق	تا نگردد گیج از ان دانہ ملق
ہاں مگر وہ مرغ جس میں حزم ہے	دانے کی جانب کب اسکا عزم ہے
ہست بے حزمی پشیمانی یقین	حزم را مگذار و محکم کن تو دین
کیا یہ بے حزمی پشیمانی نہیں	حزم کو مت چھوڑ کر مضبوط دین

[1] رامین اور ویس دو عاشق و معشوق گذرے ہیں۔ ویس مطلوب اور رامین طالب تھا

زانکہ بے حزمی شقاوت بر دہد ‏ ‏ ‏ دین رود از دست و درد سر دہد
کیونکہ بے حزمی شقاوت ہے پسر ‏ ‏ ‏ دین جائے ہاتھ سے ہو درد سر

بشنو ایں افسانہ را و شرح ایں ‏ ‏ ‏ تا شوی حازم برائے حفظ دیں
سن یہ افسانہ اور اسکی شرح بھی ‏ ‏ ‏ تا ہو حازم حفظ دیں کا اے اخی

ایک دہقانی اور ایک شہری

اے برادر بود اندر ماضی ‏ ‏ ‏ شہریے با روستائے آشنا
بھائی یہ قصہ ہے اگلے وقت کا ‏ ‏ ‏ شہری اک دہقان کا تھا آشنا

روستائے چوں سوئے شہر آمدے ‏ ‏ ‏ خرگہ اندر کوئے آں شہری زدے
آتا سوئے شہر دہقانی اگر ‏ ‏ ‏ تو ٹھہرتا آکے اس شہری کے گھر

دو مہ و سہ ماہ مہمانش بدے ‏ ‏ ‏ بر دکان او و بر خوانش بدے
رہتا اسکا میہماں دو تین ماہ ‏ ‏ ‏ بیٹھتا خواں و دکاں پہ خوش نگاہ

ہر حوائج را کہ بودش آں زماں ‏ ‏ ‏ راست کردے مرد شہری رائگاں
حاجتیں جو اس کی ہوتیں ہر گھڑی ‏ ‏ ‏ پوری کرتا مفت شہری واقعی

رو بشہری کرد و گفت اے خواجہ تو ‏ ‏ ‏ ہیچ می نائی سوے دہ فرجہ جو
شہری سے اکثر کہا کرتا تھا یوں ‏ ‏ ‏ گاؤں میں میرے نہیں آتے ہو کیوں

اللہ اللہ جملہ فرزنداں بیار ‏ ‏ ‏ کایں زماں گلشن است و نوبہار
اللہ اللہ بچوں کو بھی لائیے ‏ ‏ ‏ ہے بہار اور موسم گل آئیے

یا بتابستاں بیا وقت ثمر ‏ ‏ ‏ تا ببندم خدمتت را من کمر
آئیے گرمی میں یا وقت ثمر ‏ ‏ ‏ آپ کی خدمت پہ باندھونگا کمر

خیل فرزنداں و قومت را بیار ‏ ‏ ‏ در دہ ما باش خوش ماہے سہ چار
لڑکے بھی ہوں ساتھ اور سب یار غار ‏ ‏ ‏ گاؤں میں رہیئے مہینے تین چار

سلہ حزم کر شوالاش

در بہاراں خطّۂ دہ خوش بود ‌‌ ‌ کشت زار و لالہ دلکش بود

ہے بہاریں گاؤں کی بھی خوشگوار ‌ ‌ لالہ پھیلتا ہے میانِ سبزہ زار

وعدہ دادے خواجہ را او وقتِ حال ‌ ‌ تا در آمد بعد وعدہ ہشت سال

ٹالنے کو وعدہ خواجہ سے کیا ‌ ‌ آٹھ سال اس وعدے کو گذرے بجا

او بہر سالے ہمی گفتے کہ کے ‌ ‌ عزم خواہی کرد و آمد ماہ دے

وہ یونہی ہر سال کو کہتا رہا ‌ ‌ کیا ارادہ ہے کہ اب ماگھ آگیا

او بہانہ ساختے کامسال ما ‌ ‌ از فلاں خطّہ بیامد میہماں

وہ بہانے کرتا امسال اسے تھا ‌ ‌ ایک مہماں اس جگہ سے آیا تھا

سالِ دیگر گر توانم وا رہید ‌ ‌ از مہمات آں طرف خواہم دوید

دوسرے سال اب اگر فرصت ملی ‌ ‌ کام سے، آؤنگا بے شک اے اخی

گفت ہستند آں عیالم منتظر ‌ ‌ بہر فرزندانِ تو اے اہلِ بر

بولا ہیں سب بال بچے منتظر ‌ ‌ تیرے بچوں کے لئے اے اہلِ بر

باز ہر سالے چو لکلک آمدے ‌ ‌ تا مقیم قبۂ شہری شدے

مثلِ لک لک ہر برس آتا تھا وہ ‌ ‌ گھر میں شہری کے ٹھہر جاتا تھا وہ

خواجہ ہر سالے ز زر و مالِ خویش ‌ ‌ خرج او کردے کشودے بالِ خویش

خواجہ ہر سال اس پہ اپنا مال و زر ‌ ‌ خرچ کرتا تھا بہت دل کھول کر

آخریں کرّت سہ ماہ آں پہلواں ‌ ‌ خواں نہادش بامداداں و شباں

تیسرے ماہ اس طرح آخر لاکلام ‌ ‌ کھانا دہقانی نے کھایا صبح و شام

از خجالت باز گفت او خواجہ را ‌ ‌ چند وعدہ چند بفریبی مرا

پھر یہ خواجہ سے خجالت سے کہا ‌ ‌ تو نے وعدے کر کے دھوکے میں رکھا

گفت خواجہ جسم و جانم وصل جوست ‌ ‌ لیک ہر تحویل اندر حکمِ ہوست

بولا خواجہ جسم و جاں ہیں وصل جو ‌ ‌ ہے مگر ہر کام زیرِ حکمِ ہو

آدمی چون کشتی است و بادبان ‖ تا کے آرد باد را آن بادران

آدمی کشتی ہے اور اک بادبان ‖ بھیجتا ہے باد لیکن بادران

باز سوگندان بدادش کاے کریم ‖ گیر فرزندان بیا بنگر نعیم

پھر اسے آنے کی اس نے دی قسم ‖ ساتھ لا بچوں کو دیکھ آ کر ارم

دست او بگرفت سہ کرت بعہد ‖ کاللہ اللہ زو بیا بنمائے جہد

ہاتھ پکڑا لے کے وعدے تین بار ‖ اور کہا جلدی سے آنا میرے یار

بعد دہ سالے بہر سالے چنیں ‖ لابہا و وعدہائے شکریں

دس برس تک ہر برس وعدے کیے ‖ چاشنی میں شکر کی ڈوبے ہوئے

کودکان خواجہ گفتند اے پدر ‖ ماہ و ابر و سایہ ہم دارد سفر

خواجہ کے بچے بھی بولے اے پدر ‖ چاند بادل سایہ کرتے ہیں سفر

حقہا بر وے تو ثابت کردہ ‖ رنجہا در کار او بس بردہ

تم نے ثابت اس پہ حق اپنے کیے ‖ رنج اس کے کام میں تم نے سہے

او ہمے خواہد کہ بعضے حق آں ‖ وا گذارد چون شوی تو میہماں

چاہتا ہے حق کرے وہ کچھ ادا ‖ میہماں رکھ کر تجھے اے باصفا

بس وصیت کرد ما را او نہاں ‖ کہ کشیدش سوئے دہ لابہ کناں

کر گیا ہے یہ نصیحت وہ ہمیں ‖ گاؤں لے جائیں خوشامد سے تمہیں

گفت حقست این ولے اے سیبویہ ‖ اتق من شر من احسنت الیہ

بولا یہ سچ ہے مگر سن تو سہی ‖ اسکے شر سے ڈر۔ بھلائی جس سے کی

دوستی تخم دم آخر بود ‖ ترسم از وحشت کہ او فاسد شود

دوستی ہے بیج پچھلے وقت کا ‖ ہو نہ فاسد۔ خوف ہے یہ برملا

صحبتے باشد چو شمشیر قطوع ‖ ہمچو دے در بوستان و در زروع

صحبت اک تلوار ہے جو کاٹ دے ‖ ماگھ جیسے کشت و بستاں کے لئے

صحبتے باشد چو فصل نو بہار | ز و عمارتہا و دخل بیشمار

صحبت اک ہے مثل فصل نو بہار | جس سے ہے تعمیر و رونق بیشمار

خرم آں باشد کہ ظنّ بد بری | تا گریزی و شوی از بد بری

خرم اس میں ہے کہ ظنّ بد رہے | تا بدی سے بھاگ کر اس سے بچے

خرم سوء الظن گفته است آں رسول | ہر قدم را دام میداں اے فضول

خرم سوء الظن ہے کہتے ہیں رسول | ہر قدم کو جان تو دام اے فضول

روئے صحرا ہست ہموار و فراخ | ہر قدم دامیست کم رو اوستاخ

ہر بیاباں ہے کشادہ اور بڑا | ہر قدم پہ جال ہے ناداں اشہ جا

آں بز کوہی دود کہ دام کو | چون بتازد دامش افتد در گلو

دوڑے کوہی بز کہ پھندا ہے کہاں | دوڑے تو پھندے میں آئے ناگہاں

آنکہ مےگفتی کہ کو اینک ببیں | دشت میدیدی نمیدیدی کمیں

تو جو کہتا تھا کہاں ہے دیکھ اب | تھا نظر میں دشت تھی یہ گھات کب

بے کمین و دام صیاد اے عیار | دنبہ کے باشد میان کشت زار

بے کمین و دام صیاد اے اخی | کھیت میں دنبہ نہیں ہوتا کبھی

آنکہ گستاخ آمدند اندر زمیں | استخوان و کلہ ہاشاں را ببیں

جو تھے دنیا میں بڑے گستاخ خو | ہڈیاں اور کھوپڑے انکے دیکھ تو

چوں بگورستاں روی اے مرتضیٰ | استخواں شاں را بپرس از ماضی

جائے گورستاں کی جانب تو اگر | ہڈیوں سے پوچھ ماضی کی خبر

تا بظاہر بینی از مستانِ گور | چون فرو رفتند در چاہِ غرور

آئیں تجھ کو تا نظر مستانِ گور | کس طرح انکو ملا چاہِ غرور

چشم اگر داری تو کورانہ میا | ور نداری چشم دست آور عصا

آنکھیں رکھتا ہے تو کورانہ نہ آ | اور جو اندھا ہے تو حاصل کر عصا

سا۔ حدیث شریف ہے کہ الحزم سوء الظن

آں عصائے حزم و استدلال را | چوں نداری دیدہ میکن پیشوا

وہ عصا حزم اور استدلال کا | گر نہیں آنکھیں اُسے کر پیشوا

ور عصائے حزم و استدلال نیست | بے عصا کش بر سر ہر رہ مایست

وہ عصا بھی گر نہیں اے نیک خو | بے عصا کش مت ٹھہر رستے میں تو

گام ز انساں نہ کہ نابینا نہد | تا کہ پا از سنگ و از چہ وا رہد

رکھ تو نابیناؤں کی صورت قدم | تا بچے ٹھوکر کنوئیں سے وہ بدم

لرز لرزاں و بترس و احتیاط | می نہد پا تا نیفتد در خباط

ڈرتے ڈرتے احتیاط و خوف سے | پاؤں رکھتا ہے نہ آفت میں گرے

اے ز دودے جستہ در نارے شدہ | لقمہ جستہ لقمۂ مارے شدہ

تو دھوئیں سے چھٹ کے آتش میں گرا | لقمہ ڈھونڈا سانپ کا لقمہ بنا

اہل سبا کا قصہ

تو نخواندی قصۂ اہل سبا | یا بخواندی و ندیدی جز صدا

کیا نہ دیکھا قصۂ اہل سبا | یا پڑھا لیکن نہ دیکھا جز صدا

از صدا آں کوہ خود آگاہ نیست | سوئے معنی ہوش کہ را راہ نیست

ہے صدا سے بے خبر خود کوہ بھی | کوہ کو معنی سے ہو کیا آگہی

او ہمی بانگے کند بے گوش و ہوش | چوں خمش کردی تو او ہم شد خموش

وہ صدا دیتا ہے بس بے گوش و ہوش | تو جو چپ ہو وہ بھی ہو جائے خموش

داد حق اہل سبا را بس فراغ | صد ہزاراں قصر و ایوان و باغ

حق نے تھا اہل سبا کو اک فراغ | انکے تھے لاکھوں محل ، ایوان و باغ

شکر آں نگذاشتند آں بدرگاں | در وفا کمتر فتادند از سگاں

شکر نعمت کا نہ کرتے تھے بہم | تھے وفا میں گویا کتوں سے بھی کم

هر سگے را لقمهٔ نانے ز در		چوں رسد بر در همی بندد کمر
کتے کو جس در سے اک لقمہ ملے		وہ اسی در پر سدا بیٹھا رہے
پاسبان و حارس در میشود		گرچہ بروے جور و سختی می رود
ہو نگہبان اور در کا پاسبان		چاہے جتنی اُس پہ ٹوٹیں سختیاں
هم بر آں در باشدش باش و قرار		کفر داند کرد غیرے اختیار
صرف اسی در پہ وہ پاتا ہے قرار		کفر جانے غیر پر کرنا مدار
ور سگے آید غریبے روز و شب		آں سگانش می کنند آں دم ادب
آتا ہے کتا مسافر گر کوئی		اسکو دیتے ہیں سزا کتے سبھی
کہ برو آنجا کہ اول منزلست		حق آں نعمت گروگان دلست
کہتے ہیں تو اپنے پہلے گھر کو جا		رہن ہے نعمت کے حق میں دل ترا
می گزندش کہ برو بر جائے خویش		حق آں نعمت فرو مگذار بیش
کاٹتے ہیں کہتے ہیں جا اپنے گھر		حق نعمت کو نہ اُس کے ترک کر
از در دل و اہل دل آب حیات		چند نوشیدی و وا شد چشمهات
دل اور اہل دل سے آب زندگی		ہے پیا اور کھل گئیں آنکھیں تری
پس غذائے وجد و سکر بیخودی		از در اہل دلاں بر جاں زدی
پس غذا سے وجد و سکر بیخودی		لوٹے دروازے سے اہل دل کے لی
باز ایں در را رہا کردی ز حرص		گرد ہر دکاں ہمی گردی ز حرص
حرص سے پھر چھوڑ بیٹھا تو یہ در		گھومتا پھرتا ہے ہر دکان پہ
بر در آں منعماں چرب دیگ		می دوی بہر ثرید مردہ ریگ
تو امیروں کے در پہ شوربہ پہ		دوڑتا ہے گوشت روٹی کو مگر
چربش اینجا داں کہ جاں فربہ شود		کار نا امید اینجا بہ شود
چربی وہ جو جان کو فربہ کرے		کام نا امیدوں کا جس جا بن سکے

حضرت عیسیٰؑ اور دردمند لوگ

صومعہ عیسیٰ است خوانِ اہلِ دل | ہان ہاں اے مبتلا این در مہل

خانقہ عیسیٰؑ کی ہے خوانِ وفا | چھوڑ اس در کو نہ تو اے مبتلا

جمع گشتندے ز ہر اطراف خلق | از ضریر و شل و لنگ اہلِ دلق

جمع چاروں سمت سے ہوتی تھی خلق | لولے لنگڑے اور مریض و اہلِ دلق

بر درِ آں صومعہ عیسیٰؑ صباح | تا بدم ایشاں رہاند از جناح

خانقاہِ عیسوی پہ ہر سحر | آتے تھے تا ہو گناہوں سے مفر

او چو فارغ گشتے از اورادِ خویش | چاشتگہ بیروں شدے آں خوب کیش

جب وہ فارغ ہوتے اپنے ورد سے | آتے تھے باہر کوئی نو دس بجے

جوق جوق مبتلا دیدے نزار | شستہ بر در با امید و انتظار

دیکھتے تھے سیکڑوں زار و نزار | خانقہ کے در پہ مصروفِ انتظار

گفتے اے اصحابِ آفت از خدا | حاجتِ مقصود جملہ شد روا

کہتے اے لوگو وہ ہے صرف اک خدا | حاجتیں سب کی جو کرتا ہے روا

ہیں رواں گردید بے رنج و عنا | سوئے غفاری و اکرامِ خدا

ہاں رواں ہو جاؤ بے رنج و عنا | جانبِ غفران و اکرامِ خدا

جملگاں چوں اشتران بستہ پائے | کہ کشائی زانوئے ایشاں برائے

اونٹ کے مانند سب تھے بستہ پا | عقل سے تو ان کے زانو کھولتا

جملہ صحت یافتہ گشتہ رواں | از دمِ جاں بخشِ عیسیٰؑ در زماں

سب نے صحت پائی اور چلتے ہوئے | اس مسیحا کے دمِ جاں بخش سے

شد روا آں حاجتِ جملہ علیل | زانکہ حق و از دمِ نیکِ جلیل

سب مریضوں کی ہوئی حاجت روا | اسکے دم سے کیونکہ تھا حکمِ خدا

خوش دل و شادمانہ سوئے خاں — از دعائے وے شدند بے پا دواں

گھر گئے اپنے وہ خوش دل شادماں — دوڑتے ان کی دعا سے بیگماں

جملہ بے درد و الم بے رنج و غم — تندرست و شادمان و محترم

سب تھے بے درد و الم بے رنج و غم — تندرست و شادماں و محترم

سوئے خانہ خویش گشتند بے رواں — از دم میمون آں صاحبقراں

اپنے اپنے گھر وہ ہوتے تھے رواں — تھا مبارک وہ دم صاحبقراں

آزمودی تو بسے آفات خویش — یافتی صحت ازاں یاران کیش

آفتوں میں آزمایش تو نے کی — اولیاء اللہ سے صحت ملی

چنداں لنگی تو رہوار شد — چند جانت بے غم و آزار شد

بن گیا رہوار لنگڑا بن رہا — جان سے آزار بھی سب مٹ گیا

اے مغفل رشتہ بر پائے بند — تا ز خود ہم گم نگردی اے لوند

اے مغفل! باندھ رسّی پاؤں پر — آپ سے بھی گم نہ ہو تو بے خبر

نا سپاسی و فراموشی تو — یاد ناورد آں عسل نوشی تو

نا سپاسی اور فراموشی تری — بھول جاتی ہے عسل نوشی تری

لاجرم آں راہ بر تو بستہ شد — چوں دل اہل دل از تو خستہ شد

ہو گیا آخر وہ رستہ تجھ پہ بند — اہل دل کا دل ہوا جیسا دردمند

زود شاں دریاب استغفار کن — ہمچو ابرے گریہائے زار کن

ڈھونڈ ان کو جلد - استغفار کر — ابر کے مانند گریہ زار کر

تا گلستاں شاں سوئے تو بشگفد — میوہائے پختہ بر خود وا کفد

تیری جانب تا کہ باغ انکا کھلے — پختہ میوے پھوٹ پڑیں تیرے لئے

ہم بر آں در گرد از سگ کم مباش — با سگ کہف ار شدستی خواجہ تاش

مثل سگ اس در پہ رکھ تو بود و باش — کہف کے کتے کا تا ہو خواجہ تاش

لہ پابستہ ۔

چوں سگاں ہم مر سگاں را ناصح اند　　کہ دل اندر خانۂ اوّل بہ بند
جبکہ کتا پند یہ کتوں کو دے　　چاہیئے تو پہلے ہی گھر پر رہے

از در اوّل کہ خوردی استخواں　　سخت گیر و حق گذار آں را بماں
پہلے گھر سے کھائی تھیں جو ہڈیاں　　حق گزاری کر۔ پکڑ اس گھر کو ہاں

میگزندش کز ادب آنجا رود　　در مقام اولیں مفلح شود
کاٹتے ہیں تا چلا جائے وہاں　　نفع ہو پہلی جگہ سے بیگماں

میگزندش کاے سگ طاغی برو　　با ولی نعمت یاغی مشو
کاٹتے ہیں اے سگ باغی! تو جا　　کیوں ولی نعمت سے اپنے پھر گیا

بر ہماں در ہمچو حلقہ بستہ باش　　پاسبان و چابک و برجستہ باش
مثل زنجیر اس کے در سے رہ بندھا　　مستعد رہ۔ کر نگہبانی سدا

صورت نقض وفاے ما مباش　　بیوفائی را مکن بیہودہ فاش
توڑتا ہے کیوں ہماری تو وفا　　بیوفائی کی نہ کر تشہیر جا

مر سگاں را چوں وفا آمد شعار　　رو سگاں را ننگ و بدنامی میار
جب کہ کتوں کا ہے شیوہ یہ وفا　　کر نہ بدنام ان سگوں کو برملا

بیوفائی چوں سگاں را عار بود　　بیوفائی چوں روا داری نمود
بیوفائی سے ہے جب کتوں کو عار　　بیوفائی تو نے کیوں کی اختیار

حق تعالیٰ فخر آورد از وفا　　گفت من اوفیٰ بعہدٍ غیرنا[1]
حق تعالیٰ کو بھی ہے فخر وفا　　پڑھ تو مَن اوفیٰ بعہدہٖ غیرنا

بیوفائی داں وفا با ردِّ حق　　بر حقوق حق ندارد کس سبق
بیوفائی رد حق سے ہے وفا　　کون ہے حق خدا سے بڑھ گیا

---

[1] قولہ تعالیٰ عزوجل:۔ ومن اوفیٰ بعہدہٖ من اللّٰہ فاستبشروا ببیعکم الذی بایعتم۔ یعنی خدا سے بڑا وعدہ وفا کرنے والا کون ہے۔
یعنی اپنی خرید و فروخت میں خوش ہو جس کا تم نے خرید و فروخت کیا ہے۔ [2] مردود

نور را ہم نور شو با نار نار | جائے گل گل باش جائے خار خار
نور سے ہو نور اور آتش سے نار | گل کی جا تو گل ہو جائے خار خار

حق مادر بعد از آں شد کاں کریم | کرد او را از چنیں تو غریم
حق مادر ہے پس حق خدا | تیری صورت سے غریم اسکو کیا

صورتے کردت درون جسم او | داد در حملش ترا آرام خو
جسم میں اس کے بنی صورت تری | حمل میں اس سے تجھے راحت ملی

ہمچو جزو متصل دید او ترا | متصل را کرد تدبیرش جدا
مثل جزو متصل جب تو پلا | متصل کو کر دیا اس نے جدا

حق ہزاراں صنعت و فن ساختست | تا کہ مادر بر تو مہر انداختست
یہ ہے صنعت رحمت اللہ کی | تیری ماں نے مہربانی تجھ پہ کی

پس حق حق سابق از مادر بود | ہر کہ آں حق را نداند خر بود
حق مادر سے ہے اول حق حق | حق نہ جانا جس نے خر ہے با قلق

آنکہ مادر آفرید و ضرع و شیر | با پدر کردش قرین آں خود مگیر
جس نے ماں اور دودھ کو پیدا کیا | پھر کیا جفت پدر دیکھ اسے فنا

اے خداوند اے قدیم احسان تو | آنکہ دانم و آنکہ نے ہم آن تو
ہے قدیم اے کبریا احسان ترا | جو میں جانوں یا نہ جانوں ہاں ترا

تو بفرمودی کہ حق را یاد کن | زانکہ حق من نمی گردد کہن
تو نے فرمایا کہ حق کو یاد کر | کیونکہ میرا حق نہ ہوگا کہنہ تر

یاد کن لطفے کہ کردم آں صبوح | با شما از حفظ در کشتی نوح
یاد ہے وہ مہربانی کی نگاہ | نوح[1] کی کشتی میں تم کو دی پناہ

اصل اجداد شما را آں زماں | دادم از طوفان و از موجش اماں
کس طرح اجداد و آبا کو وہاں | میں نے دی طوفاں کی موجوں سے اماں

[1] ناداں زدہ

آب آتش خو زمین بگرفته بود | موج او مر اوج که را میربود

آب آتش خو نے پکڑی تھی زمیں | موج اوج کوہ پہ تھی پا لیتی

حفظ کردم من نکردم ردتان | در وجود جد جد جدتان

کی حفاظت اور کیا کب ہے نمود | ہم نے تیرے باپ دادا کا وجود

چون شدی سرپشت پایت چون کنم | کارگاه خویش ضایع چون کنم

سر بنا کر پاؤں کیونکر مارتا | کارخانہ اپنا ضائع کرتا کیا

چون فدای بیوفایان میشوی | از گمان بد بدان سو میروی

بیوفاؤں پہ تو ہوتا ہے فدا | یہ گمان بد ہے تیرا رہنما

من ز سهو و بیوفاییها بری | سوی من آن گمان بد بری

میں ہوں سہو اور بیوفائی سے بری | بدگمانی مجھ سے ، جرأت ہے تری

این گمان بد بر آنجا بر که تو | میشوی در پیش همچون خود دوتو

یہ گمان بد وہاں تو رکھ روا | تو کمر دوتا ہے خود جس جا جھکا

بس گرفتی یار و همراهان زفت | گر ترا گویم که گو گوید که رفت

لے بہت یار اور ہمراہی ترے | اب جو میں پوچھوں تو کہہ دے سب گئے

یار نیکت رفت بر چرخ برین | یار فسقت رفت در قعر زمین

دوست تیرے چرخ بالا پہ گئے | یار فاسق خاک کی تہ ہے

تو بماندی در میانه آنچنان | بی مدد چون آتش از کاروان

رہ گیا اک تو ہی باقی درمیاں | جس طرح ہو آگ بے مدد کارواں

دامن او گیر ای یار دلیر | کو منزه باشد از بالا و زیر

دامن اسکا تھام اے یار دلیر | جو نہیں آلودہ بالا و زیر

نی چو عیسی سوی گردون بر شود | نی چو قارون در زمین اندر رود

مثل عیسی جو نہ گردوں پہ چڑھے | مثل قارون جو نہ مٹی میں دھنسے

باتو باشد در مکان و لامکاں — چوں بمانی از سرا و از دکاں

ساتھ ہو تیرے مکاں تا لامکاں — کیوں اسے چھوڑے تو ۔ ہو تجھو دکاں

او بر آرد از کدورتہا صفا — مر جفاہائے ترا گیرد وفا

اخذ کرلے وہ کدورت سے صفا — وہ جفا کو بھی تری سمجھے وفا

چوں جفا آری فرستد گوشمال — تا ز نقصاں وا روی سوئے کمال

وہ جفاؤں پر تجھے دے گوشمال — چھوٹ کے تو نقصان سے پائے کمال

چوں تو وردے ترک کردی در روش — بر تو قبضے آید از رنج و تپش

تو نے ترکِ ورد کی گر اِک روش — قبض کی ہیں پائے گا رنج و تپش

آں ادب کردن بود یعنی مکن — ہیچ تحویلے ازاں عہدِ کہن

اس سزا دینے کا یہ مطلب ہوا — پھر نہ اُس عہدِ کہن سے تُو سرکتا

پیش ازاں کایں قبض زنجیرے شود — اینکہ دلگیرست پاگیرے شود

قبض جب تک صورتِ زنجیر ہو — اب جو ہے دلگیر، وہ پاگیر ہو

رنج معقولت شود محسوس و فاش — تا نگیری ایں اشارت را بلاش

رنجِ معقولی ترا ہو آشکار — اِن اشاروں کا تو کچھ سمجھے وقار

در معاصی قبضہا دلگیر شد — قبضہا بعد از اجل زنجیر شد

جوشِ عصیاں سے ہوا دلگیر قبض — بن گیا بعدِ اجل زنجیر قبض

نعطہ من اعرض ہنا عن ذکرنا — عیشۃ ضنکا و نحشر بالعمیٰ

پھیرے جو منہ ہمارے ذکر سے — عیش ہو تنگ اور اندھوں میں اٹھے

دزد چوں مال کساں را می برد — قبض و دلتنگی دلش را می خلد

مال جب کچھ چور لیتا ہے چرا — قبض و دل تنگی سے دل ہے لوٹتا

او ہمی گوید عجب ایں قبض چیست — قبض آں مظلوم کز شرت گریست

وہ یہ کہتا ہے کہ ہے یہ قبض کیا — قبض ہے مظلوم سے جو رو پڑا

چوں بدیں قبض التفاتے کم کند ۔ باد اصرار آتشش را دم کند

قبض پر جب التفات اسکا ہو کم ۔ بادِ اصرار آگ کو کرتی ہے دم

قبضِ دل قبضِ عوان شد لاجرم ۔ گشت محسوس آں معانی زد علم

قبض دل ہے قبض برق انداز کا ۔ اس کا معنی اور مطلب یہ کھلا

قبضہا زنداں شدست و چار میخ ۔ قبض بیخست و برآرد شاخ و بیخ

قبض ہے یہ قید خانہ چار میخ ۔ قبض ہے جڑ، جس سے نکلیں شاخ و بیخ

بیخ پنہاں بود ہم شد آشکار ۔ قبض و بسط اندروں بیخے شمار

بیخ پنہاں بھی ہے اور ہے آشکار ۔ بیخ قبض و بسطِ دل کو کر شمار

چونکہ بیخش بد بود زودش بکن ۔ تا نروید زشت خارے در چمن

جڑ بری ہو تو اکھاڑ اور پھینک دے ۔ تا کوئی کانٹا نہ گلشن میں اُگے

قبض دیدی چارۂ آں قبض کن ۔ زانکہ سرہا جملہ می روید ز بن

قبض دیکھے قبض کی کچھ فکر کر ۔ جڑ سے سر ہوتے ہیں پیدا کر نظر

بسط دیدی بسطِ خود آب دہ ۔ چوں برآید میوہ با اصحاب دہ

بسط دیکھے بسط کو پانی بھی دے ۔ بانٹ دے اصحاب کو میوہ سے جو لے

باز گردد قصۂ اہل سبا ۔ باز گو تا باز گویم مرحبا

لوٹ سوئے قصۂ اہل سبا ۔ پھر سنا اور پھر کہوں میں مرحبا

اہل سبا کا باقی قصہ

آں سبا ز اہل صبا بودند خام ۔ کارشاں کفرانِ نعمت با کرام

تھے سبا والے مثال طفل خام ۔ اور تھا کفرانِ نعمت اُن کا کام

باشد آں کفرانِ نعمت در مثال ۔ کہ کنی با محسن خود تو جدال

ہے یہی کفرانِ نعمت کی مثال ۔ جیسے محسن سے کرے تو خود جدال

که نمی باید مرا این نیکوئی　　من بر نجم زین چه رنجه میشوی

بس مجھے منظور یہ نیکی نہیں　　میں ہوں غمگیں تو ہے کیوں اندوہ گیں

لطف کن این نیکوئی را دور کن　　من نخواہم چشم زودم کور کن

لطف کر نیکی کو اپنی دور رکھ　　آنکھوں کی حاجت نہیں معذور رکھ

پس سبا گفتند باعد بیننا　　شیننا خیر لنا خذ زیننا

لوگ سبا کہتے تھے کہ قربت دور کر　　ناخوشی اچھی ، خوشی سے در گذر

ما نمی خواہیم این ایوان و باغ　　نے زنان خوب نے امن و فراغ

چاہئیں ہم کو نہ یہ ایوان و باغ　　وقت یہ اچھا نہ ہے امن و فراغ

شہرہا نزدیک ہمدیگر بد است　　آن بیابانست خوش کانجا دداست

دعوتیں کیں اور کھلایا پیٹ بھر	بو دیا تخم رحم اس کی خاک پر
او چو ذوق راستی دید از کرام	بے تکبر راستی را شد غلام
دیکھا جب سچوں کا ذوقِ راستی	بے تکبر راستی کی راہ لی
راستی را پیشہ خود کن مدام	تا شوی در ہر دو عالم نیکنام
راستی کو اپنا پیشہ کر مدام	تا کہ ہو دونوں جہاں میں نیکنام

گیدڑ کا دعوائے طاؤسی

آن شغال رنگ رنگ آمد نہفت	بر بناگوش ملامتگر بگفت
خفیہ اس رنگیں گیدڑ نے کہا	کان میں اس کے ملامت گر جو تھا
بنگر آخر در من و در رنگ من	یک صنم چون من ندارد خود شمن
مجھ کو دیکھو اور میرے رنگ اے ناشناس	ایک ایسا بت نہیں بت گر کے پاس
چون گلستان گشتہ ام صد رنگ و خوش	مر مرا سجدہ کن از من سر مکش
ہوں تو مثلِ گلستاں صد رنگ ہوں	سجدہ کر تو سرکشی ہے مجھ سے کیوں
کر و فر و آب و تاب و رنگ بین	فخر دنیا خوان مرا و رکن دین
دیکھ آب و تاب میری بالیقیں	فخرِ دنیا مجھ کو کہہ اور رکنِ دیں
مظہر لطف خدائی گشتہ ام	لوح شرح کبریائی گشتہ ام
مظہرِ لطفِ خدائی میں بھی ہوں	شرحِ حسنِ کبریائی میں بنا ہوں
ای شغالان ہین مخوانیدم شغال	کی شغالی را بود چندین جمال
اب مجھے گیدڑ نہ کہنا کس طرح	کب کسی گیدڑ میں ایسا حسن ہو

آں شغالاں آمدند آنجا بجمع ۔ ہمچو پروانہ بگرد اگرد شمع

گیدڑ آ کر ہو گئے پاس اسکے جمع ۔ جس طرح پروانے آئیں گرد شمع

پس چہ خوانیمت بگو اے جوہری ۔ گفت طاؤس نر چوں مشتری

بولے ۔ تجھ کو کیا کہیں اے جوہری ۔ بولا وہ طاؤس نر چوں مشتری

پس بگفتندش کہ طاؤسان جاں ۔ جلوہ ہا دارند اندر گلستاں

بولے وہ گیدڑ کہ طاؤس اے اخی ۔ کرتے ہیں گلشن میں جلوہ گری

تو چناں جلوہ کنی گفتا کہ نے ۔ بادیہ نارفتہ چوں گویم منے

تو بھی جلوہ گر ہوتی؟ بولا نہیں ۔ جب نہیں جنگل منیٰ[1] کا کیا یقیں

بانگ طاؤساں کنی گفتا کہ لا ۔ پس نۂ طاؤس خواجہ بوالعلا

مور کی بولی ہی بول اے بوالعلا[2] ۔ چپ ہے کیوں تو مور کب ہے سر نہ کھا

خلعت طاؤس آید ز آسماں ۔ کے رسی از رنگ و دعوے ہا بداں

خلعت طاؤس آئے چرخ سے ۔ رنگ کب دعووں کا اس پہ چڑھ سکے

ہمچو فرعون مرصع کردہ ریش ۔ برتر از موسیٰؑ پریدہ از خریش

جیسے فرعون مرصع ریش نے ۔ سمجھا بہتر ہوں کلیم اللہ سے

گیدڑ سے فرعون کی مشابہت

او ہم از نسل شغال مادہ زاد ۔ در خم مالے و جاہے اوفتاد

وہ بھی شاید نسل سے گیدڑ کی تھا ۔ خم مال و جاہ میں ڈوبا ہوا

ہر کہ دید آں جاہ و مالش سجدہ کرد ۔ سجدۂ افسونیاں را او بخورد

جس نے دولت دیکھ لی سجدہ کیا ۔ مکر کے سجدوں پہ اس کو فخر تھا

[1] مکہ معظمہ کا ایک بازار جہاں قربانی دیتے ہیں ۔

[2] بوالعلا ابن حنیفہ کی کنیت ۔ جو بیوقوفی میں مشہور تھا ۔

گشت مستک آں گدائے ژندہ دلق | از سجود و از تحیرہائے خلق

گدڑی میں بھی آگئی مستی اسے | سجدہ و حیرانیٔ مخلوق سے

مال مار آمد کہ در وے زہرہاست | واں قبول و سجدۂ خلق اژدہاست

مال سانپ ہے اور زہر ہے اس میں بھرا | ہے قبول و سجدۂ خلق اژدہا

ہائے اے فرعون ناموسی مکن | تو شغالی ہیچ طاؤسی مکن

دیکھ اسے فرعون ناموسی نہ کر | تو ہے گیدڑ، زعم طاؤسی نہ کر

سوئے طاؤساں اگر پیدا شوی | عاجزی از جلوہ و رسوا شوی

موروں میں جاکر اگر پیدا ہو تو | عاجزی سے جلوہ کی رسوا ہو تو

موسیٰ و ہاروں چو طاؤساں بدند | پر جلوہ بر سر و رویت زدند

موسیٰ اور ہارون دونوں مور تھے | تیرے سر پہ جلوہ کے پر مارتے

زشتیت پیدا شد و رسوائیت | سرنگوں افتادی از بالائیت

زشتی و رسوائی تیری ہے عیاں | سرنگوں بالا سے گر کر ہے تو ہاں

چوں محک دیدی سیہ گشتی چو قلب | نقش شیری رفت پیدا گشت کلب

مثل کھوٹے کے تو کالا پڑ گیا | شیری رخصت ہو گئی - کتا بنا

اے سگ گرگین زشت از حرص و جوش | پوستین شیر را بر خود مپوش

خارشی کتے! تو حرص و جوش سے | پوستین شیر کا پردہ نہ کر

غرۂ شیرت بخواہد امتحاں | نقش شیر و آنگہ اخلاق سگاں

غرۂ شیری کا ہوگا امتحاں | شیر کا نقش اور اخلاق سگاں

اے شغال بے جمال بے ہنر | ہیچ بر خود خلعت طاؤسی مبر

تو ہے گیدڑ بے جمال و بے ہنر | اپنے اوپر مور کا یوں فن نہ کر

لہ گدڑی سے عزت کی توقع رکھتا ہے

زانکہ طاؤساں کنندت امتحاں — خوار و بے رونق بمانی در جہاں
جب کریں گے مور تیرا امتحاں — خوار و بے رونق ہو تو دنیا میں ہاں

منافق کی نشانی

گفت یزداں مر نبی را در مساق — یک نشانِ سہلتر ز اہلِ نفاق
حق نے ظاہر کی رسولؐ پاک پر — ہر منافق کی نشانی سہل تر

گر منافق زفت باشد نغز و ہول — وا شناسی مر ورا در لحن و قول
گر منافق ہو بڑا اور پُر ز ہول — اس کو تو پہچان سن کر لحن و قول

چوں سفالیں کوزہ ہا را بخری — امتحانے میکنی اے مشتری
مٹی کے برتن جو لیتا ہے کبھی — امتحاں کرتا ہے تو اے مشتری

میزنی دستے براں کوزہ چرا — تا شناسی از طنین اشکستہ را
ٹھونکتا ہے اور بجاتا ہے اسے — تا صدا سے ٹوٹا پھوٹا جان لے

بانگ اشکستہ دگرگوں مے بود — بانگ چاؤش است پیشش میرود
ٹوٹے برتن کی صدا ہے دوسری — ہے نقیب آواز گویا اسے اخی

بانگ مے آید کہ تعریفش کند — ہمچو مصدر فعل تصریفش کند
وہ صدا کوزے کی تعریفیں کرے — فعل جوں مصدر کی تصریفیں کرے

چوں حدیث امتحانی رو نمود — یادم آمد قصۂ ہاروت زود
بات جب یہ امتحانی آ پڑی — قصۂ ہاروت یاد آیا ابھی

ہاروت و ماروت کا قصہ

پیش ازیں زاں گفتہ بودم اندکے — خود چہ گویم از ہزاراں اش یکے
اس سے پہلے کہہ چکا ہوں کچھ بیاں — اک ہزاروں میں سے کرتا ہوں بیاں

سلہ گروہ دانیاں ؎

خواستم گفتن در آں تحقیقہا | تا کنوں وا ماندم از تعویقہا

چاہا تھا تحقیق سے کرنا بیاں | ہو گئی تاخیر اتنی ہے کہاں

گوش دل را یک نفس ایں سو بدار | تا بگویم با تو از اسرار یار

گوش دل کو تو ادھر دم بھر لگا | دوست کے کچھ بھید تجھکو دوں بتا

جملۂ دیگر ز بسیارش قلیل | گفتہ آید شرح یک جزوے ز نیل

سیکڑوں بھیدوں سے اسکے کچھ قلیل | جیسے ہو اک قطرۂ دریائے نیل

گوش کن ہاروت را ماروت را | اے غلام و چاکراں ماروت را

قصہ سن ہاروت اور ماروت کا | ہم غلام اور تیرے چہرے پہ فدا

مست بودند از تماشائے الہ | وز عجایبہائے استدراج شاہ

مست تھے اللہ کے دیدار سے | شہ کے استدراج کی کثرت سے بھی

ایں چنیں مستی ست ز استدراج حق | تا چہ مستیہا کند معراج حق

مست کرتی جبکہ ایسا ہو استدراج حق | دیکھ کیا کیا مستیاں معراج حق

دانۂ دامش چنیں مستی نمود | خوان انعامش چہا دانی گشود

دانۂ دام ایسی مستی جبکہ دے | خوان انعام اس کا کیا کیا کھولدے

مست بودند و رہیدہ از کمند | ہائے ہوئے عاشقانہ میزدند

مست تھے اور دام سے چھوٹے ہوئے | ہا و ہوئے عاشقانہ کرتے تھے

یک کمین و امتحاں در راہ بود | صرصرش چوں کاہ کہ را میربود

ایک گھات ایک امتحاں رستے میں تھا | جس کی آندھی تھی پہاڑوں کی فنا

امتحاں میکرد شاں زیر و زبر | کے بود سرمست را زینہا خبر

امتحاں کرتا انہیں زیر و زبر | کیا ہو اک سرمست کو اسکی خبر

خندق و میداں بہ پیش او یکیست | چاہ و خندق پیش او خوش مسلکیست

خندق و میداں برابر ہیں اُسے | چاہ و خندق ایک ہیں اُس کے لئے

ایک بکرا اور بکری

آں بزِ کوہی بر آں کوہِ بلند — بر دود از بہرِ خوردن بے گزند

ایک بکرا ایک اونچے کوہ پہ — دوڑتا ہے چارہ کھانے بے خطر

تا علف چیند بہ بیند ناگہاں — بازیٔ دیگر ز چشمِ آسماں

چرتے چرتے دیکھتا ہے ناگہاں — دوسرا اک کھیل زیرِ آسماں

بر کہِ دیگر بر اندازد نظر — مادہ بز بیند بر آں کوہِ دگر

ڈالے نظریں دوسرے جب کوہ پر — بکری آئے کوہِ دیگر پر نظر

چشمِ او تاریک گردد در زماں — بر جہد سرمست زیں گہ تا بداں

آنکھیں ہوں تاریک اسکی دیکھ کر — کودے سرمستی سے وہ اس کوہ پر

آنچناں نزدیک بنماید ورا — کہ دویدن گرد با او خوش سرا

پاس وہ اتنا نظر آئے اسے — جیسے گھر میں اک گڑھا ہو دیکھئے

آں ہزاراں گز دو گز بنمایدش — تا ز مستی میلِ جستن آیدش

وہ ہزاروں گز دو گز آئے نظر — مستی میں پہنچے وہاں وہ کود کر

چونکہ بجہد در فتد اندر میاں — درمیانِ ہر دو کوہِ بے اماں

کودے جب تو درمیاں میں گر پڑے — دونوں کوہوں میں - اماں کیونکر ملے

او ز صیاداں بکہ بگریختہ — خود پناہش خونِ او را ریختہ

کوہ پہ بھاگا پھرے صیاد سے — وہ پناہ گہ خون خود اپنا کرے

شستہ صیاداں میانِ آں دو کوہ — انتظارِ آں قضائے با شکوہ

ان پہاڑوں میں چھپے صیاد تھے — منتظر گویا تھے اس کی موت کے

باشد اغلب صیدِ ایں بز ہمچنیں — ورنہ چالاک ست و چست و خصم بیں

اس طرح اکثر یہ بکرا ہو شکار — ورنہ ہے چالاک و چست اور ہوشیار

رستم ار چہ با سر و سبلت بود
دام پاگیرش یقیں شہوت بود

شان اور شوکت اگر رستم رکھے
جال اور پھندے ہیں شہوت کے پھنسے

ہمچو من از مستی شہوت ببر
مستی شہوت ببیں اندر شتر

کر فرے مانند شہوت سے حذر
اور مستی شتر پہ غور کر

باز ایں مستی و شہوت در جہاں
پیش مستی ملک شد مستہان

شہوت عالم اور اس کی مستیاں
پیش مستی ملک رسوا ہیں یہاں

مستی آں مستی ایں بشکند
او بشہوت التفاتے کم کند

اس کی مستی توڑے اس مستی کی ذات
کب ہے اس کا سوئے شہوت التفات

آب شیریں تا نخوردی آب شور
خوش بود خوش چوں درون دیدہ نور

آب شیریں گر نہ ہو تو آب شور
خوب ہے معلوم جوں آنکھوں میں نور

قطرۂ از بادۂ ہائے آسماں
بر کند جاں از مے و ز ساقیاں

آسماں سے گر کے قطرہ عشق کا
جاں پھرے ساقی و مے سے برملا

تا چہ مستیہا بود املاک را
وز جلالت روحہائے پاک را

دیکھ قطرے میں ہیں کیسی مستیاں
روح کو حاصل ہے عظمت بیگماں

کہ بوئے دل براں مے بستہ اند
خم بادۂ ایں جہاں بشکستہ اند

دل میں اس مے کا کیا ہے بندوبست
اور خم مے کو یہاں کے دی شکست

جز مگر آنہا کہ نومیدند و دور
ہمچو کفارے سفتہ در قبور

ماسوا اُن کے جو ہیں مایوس دور
کافروں کی طرح مجبور قبور

نا امید از ہر دو عالم گشتہ اند
خارہائے بے نہایت کشتہ اند

نا امید ہر دو عالم وہ ہوئے
کانٹے لا تعداد آخر بو دیے

ہاروت و ماروت کا زمین پر آنے کی تمنا کرنا

پس ز مستیہا بگفتند اے دریغ ‏ — بر زمیں باراں بدادیمے چو میغ
مستی سے بولے۔ زمیں پہ ہوتے ہم ‏ — رکھتے جوں ابر اسکو تازہ۔ بہ نم

گستریدیمے در آں بیداد جا ‏ — عدل و انصاف و عبادات و وفا
اور پھیلاتے وہاں جا کر ذرا ‏ — عدل و انصاف و عبادت اور وفا

ایں بگفتند و قضا میگفت بیست ‏ — پیش پایت دام ناپیدا بسیست
اور کہتی تھی قضا، خود کو سنبھال ‏ — پاؤں کے آگے بہت مخفی ہیں جال

ہیں مرو گستاخ در دشت بلا ‏ — ہیں مراں کورانہ اندر کربلا
کیوں ہے گستاخ تیرا سوئے دشت بلا ‏ — جا نہ یوں کورانہ سوئے کربلا

کز ز موے و استخوان ہالکاں ‏ — مے نیابد راہ پائے سالکاں
استخوان و مو سے مرنے والوں کے ‏ — رہروؤں کو کس طرح رستہ ملے

جملہ راہ استخوان و موے و پے ‏ — بسکہ تیغ قہر لاشے کرد شے
بال اور ہڈی سے پٹ ہے راستا ‏ — شے کو لاشے قہر نے ہے کر دیا

گفت حق کہ بندگان یار عون ‏ — بر زمیں آہستہ میرانند ہون
بولا حق - بندے جو ہیں اہل وفا ‏ — چلتے آہستہ زمیں پہ ہیں سدا

پا برہنہ چوں رود در خارزار ‏ — جز بہ عقل و فکر ہر پرہیزگار
پا برہنہ کانٹوں میں کیونکر چلے ‏ — ہاں بجز زاہد اور اہل فکر کے

ایں قضا میگفت لیکن گوششاں ‏ — بستہ بود اندر حجاب جوششاں
یہ قضا کہتی تھی۔ لیکن اُن کے کان ‏ — بند تھے جوشش میں تھے پیچماں

چشمہا و گوشہا را بستہ اند ‏ — جز مگر آنہا کہ از خود رستہ اند
کر لیا ہے آنکھ اور کانوں کو بند ‏ — ہاں مگر وہ جو ہیں بیخود [illegible]

جز عنایت کہ کشاید چشم را — جز محبت کہ نشاند خشم را

جز عنایت کون کھولے آنکھ کو — جز محبت کے نہ ہو غصہ فرو

جہدِ بے توفیق جاں کندن بود — زار زنی کم گرچہ صد خرمن بود

سعی بے توفیق ہے بس جاں کنی — کم ہیں کمکنی سے جو ہوں سو ڈھیر بھی

جہد بے توفیق خود کس را مباد — در جہاں واللہ اعلم بالرشاد

سعی بے مقصد کسی کو حق نہ دے — بس وہی اسرار جانے رشد کے

فرعون کا خواب دیکھنا

جہد فرعونی چو بے توفیق بود — ہر چہ او میدوخت آں تفتیق بود

سعیٔ فرعونی جو بے توفیق تھی — جو سلائی اس نے کی۔ اُدھڑی وہی

از منجم بود در حکمش ہزار — وز معبر بود ساحر بے شمار

تھے منجم حکم میں اس کے ہزار — اور جادو گر معبر[1] بے شمار

مقدمِ موسیٰ نمودندش بخواب — کہ کند فرعون و ملکش را خراب

آئے ہیں موسیٰ یہ دیکھا اُسنے خواب — وہ اور اس کا ملک ہوتا ہے خراب

با معبر گفت و با اہل نجوم — چوں بود دفعِ خیال و خوابِ شوم

اس نے یہ پوچھا کہ اے اہلِ نجوم — دفع ہو کیونکر خیال و خوابِ شوم

جملہ گفتندش کہ تدبیرے کنیم — راہِ زادن را چو رہزن بر زنیم

بولے سب۔ تدبیر اسکی ہم کریں — مثل رہزن روک دیں پیدائشیں

تا رسید آں شب کہ مولد بود آں — رائے آں دیدند آں فرعونیاں

رات پیدائش کی جب آ ہی گئی — رائے یہ فرعونیوں کی پھر ہوئی

[1] خواب کی تعبیر نکالنے والا ۔

کہ بروں آرند آں روز از پگاہ | سوئے میدان بزم و تخت بادشاہ

ہیں نکالیں صبح سے بے اشتباہ | جانب میدان ہی تخت بادشاہ

پس بفرمودند در شہر آشکار | کہ منادی ہا کنند از ہر کنار

حکم یہ پہنچا کہ سارے شہر میں | یہ منادی ہر طرف کرتے پھریں

اَلصلا اے جملہ اسرائیلیاں | شاہ میخواند شمارا زاں مکاں

ہو تمہیں معلوم اسے اسرائیلیو! | ہے بلایا شاہ نے۔ گھر سے چلو

تا شمارا رو نماید بے نقاب | بر شما احساں کند بہر ثواب

تاکہ وہ چہرہ دکھائے بے نقاب | تم پہ یہ احساں کرے بہر ثواب

کاں اسیراں را بجز دوری نبود | دیدن فرعون دستوری نبود

اُن اسیروں کو تھی دُوری دائما | دیکھنا فرعون کا ممکن نہ تھا

گر فتادندے بہ رہ در پیش او | بہر آں یاسہ بخفتندے برو

راہ میں آئے اگر وہ اسکے آئیں | قاعدہ تھا۔ اوندھے گر کر منہ چھپائیں

یاسہ آں بد کہ نہ بیند ہیچ اسیر | در گہ و بیگہ لقائے آں امیر

ضابطہ یہ تھا۔ نہ دیکھیں وہ اسیر | وقت اور بے وقت دیدار امیر

بانگ چاؤشاں چو در رہ بشنود | تا نہ بیند رو بہ دیوارے کند

جب نقیبوں کی وہ آوازیں سنیں | جانب دیوار چہرے پھیر لیں

ور بہ بیند روئے آں مجرم شود | آنچہ بدتر بر سر او آں رود

جو ملائے آنکھ مجرم ہو وہی | بد تریں اسکو سزا دی جائے گی

بودشاں حرص لقائے ممتنع | کہ حریص است آدمی فیما منع

دیکھنے کی تھی ہر اک ناداں کو حرص | منع کردہ شے کی ہو انساں کو حرص

فرعون کا بنی اسرائیل کو بلانا

شد منادی در محلہا رواں ۔ بانگ میزد کو بکو شادی کناں
ہر محلے میں منادی ہو گئی ۔ کو بکو تھی یہ صدا گونجی ہوئی

کاے اسیراں سوئے میداں گہ روید ۔ کز شہنشہ دیدن و جود ست امید
اے اسیرو جانب میداں چلو ۔ دیکھو شاہنشاہ کو - انعام ا

چوں شنیدند آں مژدہ اسرائیلیاں ۔ تشنگان بودند بس مشتاق آں
مژدہ اسرائیلیوں نے جب سنا ۔ دید کے پیاسے تھے مشتاق لقا

زیں خبر گشتند جملہ شادماں ۔ راہ میداں برگرفتند آں زماں
اس خبر سے ہو گئے سب شادماں ۔ راہ لی میدان کی۔ پہنچے وہاں

حیلہ را خوردند و آں افسون تافتند ۔ خویشتن را بہر جلوہ ساختند
کھا گئے دھوکا سب اُدھر کو چل دیے ۔ بن سنور کر دیکھنے کے واسطے

تا روند آنجا بہ بینند روئے او ۔ تا چہ خاصیت دہد دیدار او
دیکھیں چہرہ اس کا تا جا کر وہاں ۔ کیا ہے تاثیر اس کی کر لیں امتحاں

از غرض غافل بدند و بے خبر ۔ و ز طمع رفتند بیروں سربسر
تھے غرض سے بعض غافل بے خبر ۔ طمع سے باہر گئے وہ سربسر

ایک تمثیلی حکایت

ہمچناں کاں جاثول حیلہ داں ۔ گفت میجویم کسے از مصریاں
جس طرح اک حیلہ گر اور بد معاش ۔ بولا اک مصری کی ہے مجھ کو تلاش

مصریاں را جمع آرید ایں طرف ۔ تا در آید آنکہ مے جوئیم بکف
مصریوں کو جمع کر دو تم یہاں ۔ اس کو پکڑوں جس کا چوہا [illegible]

هر کجا بد مصریے جمع آمدند — در بر آں میر یک یک مے شدند
تھے جہاں مصری - اکٹھے ہو گئے — ایک اک سب سامنے آنے لگے

ہر کہ مے آمد بگفتا نیست ایں — ہیں تو اے خواجہ در آں گوشہ نشیں
جو کوئی آتا - وہ کہتا یہ نہیں — اور کہتا - خواجہ! تم بیٹھو یہیں

تا بدیں شیوہ ہمہ جمع آمدند — گردن ایشاں بداں حیلہ زدند
اس طرح جب جمع آ کر سب ہوئے — کاٹیں سب کی گردنیں اس حیلے سے

شومی آنکہ سوئے بانگ نماز — داعی اللہ را نبردند اے نیاز
آفت آئی یہ کہ وہ تھے بے نماز — حق کے داعی سے نہ تھا ان کو نیاز

دعوت مکار شاں اندر کشید — الحذر از مکر شیطاں اے رشید
دعوت مکار پہ دوڑے گئے — الاماں اس مکر سے شیطان کے

بانگ درویشاں و محتاجاں بنوش — تا نگیرد بانگ محتالیت گوش
سن صدا درویش و مفلس کی اچھی — تا نہ آواز آئے پھر مکار کی

گر گدایاں طامع اند و زشت خو — در شکم خواراں تو صاحب دل بجو
گر گدا ہیں لالچی اور زشت خو — کر تو اہل دل کی ان میں جستجو

در تگ دریا گہر با سنگہاست — فخرہا اندر میان ننگہاست
تہ میں دریا کی گہر اور سنگ ہیں — فخر جو کچھ ہیں میان ننگ ہیں

پس بجوشیدند اسرائیلیاں — از پگہ تا جانب میداں دواں
جوش میں آ کر وہ اسرائیلی — صبح ہی میداں کی جانب چل دیئے

چوں بحیلت شاں بمیداں برد او — روئے خود بنمود شاں بس تازہ رو
[illegible] اس حیلے سے جب قوم آنے کی — منہ دکھانا رونمائی تھی نئی

کرد دلداری و بخششہا بداد — ہم عطا ہم وعدہا کرد آں قباد
ان کی دلداری بھی کی بخشش بھی کی — کی عطا اور پھر کئے کچھ وعدے بھی

بعد ازاں گفت از برائے جاناں — جملہ در میدان بخسپید امشباں
پھر کہا۔ اپنی حفاظت کے لیئے — آج اس میداں میں سونا چاہیئے

پاسخش دادند کہ خدمت کنیم — گر تو خواہی یک مہ اینجا ساکنیم
عرض کی۔ ہم شوق سے خدمت کریں — (؟) تو ایک مہ اس جا رہیں

فرعون کا خوش خوش واپس آنا

شہ شبانگہ باز آمد شادماں — کامشباں حملست دور از زناں
شام کو شہ لوٹ آیا۔ خوش ہوا — حمل کی شب سب ہیں عورت سے جدا

خازنش عمرانؑ ہم اندر خدمتش — ہم بشہر آمد قرین صحبتش
تھے جو خازن اس کے عمرانؑ خدمتی — شہر کو بس آئے اس کے ساتھ ہی

گفت اے عمرانؑ بریں در خسپ تو — ہیں مرو سوئے زن و صحبت مجو
بولا اے عمرانؑ یہیں کر شب بسر — پاس عورت کے نہ جا صحبت نہ کر

گفت خسپم ہم بریں درگاہِ تو — ہیچ نندیشم بجز دلخواہِ تو
بولے ہاں تیرے ہی در پہ سوؤنگا — فکر کیا ہے تیری خواہش کے سوا

بود عمرانؑ ہم ز اسرائیلیاں — لیک مر فرعون را دل بود و جاں
گو تھے عمرانؑ قوم اسرائیل سے — پر بہت فرعون کو محبوب تھے

نے گماں بردے کہ او عصیاں کند — آنکہ خوفِ جانِ فرعون آں کند
گماں کب تھا کہ وہ عصیاں کریں — اور ہلاکت کا مری باعث نہیں

ایمن از عمرانؑ بدو از فعالِ او — لیک آں بر خود جزائے حالِ او
فعل سے عمرانؑ کے بے خوف تھا — خود وہ تھا اس کے لیئے لیکن سزا

خود کجا در خاطرِ فرعون بود — ایں چنیں تقدیر چوں عاد و ثمود
خاطرِ فرعون میں تھا کب کشود — اس کی ہے تقدیر جوں عاد و ثمود

شه برفت و او بران درگاه خفت | نیم شب آمد به پیشش جفت جفت

شہ گیا۔ وہ در پہ سوئے بالیقیں | نصف شب کو اُس کی بی بی آ گئیں

زن بر او افتاد و بوسید آن لبش | بر جهانیدش ز خواب اندر شبش

لپٹ کر کرنے لگی بوس و کنار | نیند سے اُس کو جگایا بار بار

گشت بیدار او و زن را دید خوش | بوسه باران کرد از لب بر لبش

دیکھا عورت کو جب آنکھ اسکی کھلی | بارش اُس کے ہونٹوں پہ بوسوں کی کی

گفت عمران این زمان چون آمدی | گفت از شوق و قضای ایزدی

بولے عمران۔ آنا تھا اس وقت کیا؟ | بولی تھا شوق اور تھا حکم خدا

در کشیدش در کنار از مهر مرد | بر نیامد با خود آن دم در نبرد

مہربانی سے ہوئے وہ ہمکنار | اور لڑائی میں ہوئے بے اختیار

جفت شد با او امانت را سپرد | پس بگفت ای زن نه این کاریست خرد

ہو گئے ہم صحبت امانت سونپ دی | بولے اے عورت یہ بات آساں نہ تھی

آهنی بر سنگ زد زاد آتشی | آتشی از شاه و ملکش کین کشی

لوہے اور پتھر سے نکلی ہے جو آگ | ملک سے اور شاہ سے رکھے گی لاگ

من چو ابرم تو زمین موسی نبات | حق شه شطرنج و ما ماتیم مات

میں ہوں بادل تو زمیں موسیٰ نبات | حق شہ شطرنج ہے اور ہم ہیں مات

مات و برد از شاه میدان ای عروس | این ال از ما مشکن بر ما فسوس

شاہ سے ہے برد و مات اے خوش نظر | میں ہوں کہا۔ مجھ پہ نہ تو افسوس کر

آنچه این فرعون می‌ترسید ازو | هست شد اینک که گشتم [illegible]

جس سے تھا فرعون کو اک خوف سا | وہ تیری صحبت سے پیدا ہو گیا

حضرت عمران علیہ السلام کا بی بی کو نصیحت کرنا

باز گرد و ہیچ از نہادم مزن ۔۔۔ تا نیاید بر من و تو صد حزن

لوٹ جا اور ذکر اس کا کچھ نہ کر ۔۔۔ تا نہ پہنچے مجھ کو اور تجھ کو ضرر

عاقبت پیدا شود آثار ایں ۔۔۔ چوں علامتہا رسد اے نازنیں

حمل کے آثار تب ہوں گے عیاں ۔۔۔ ہوں گے جب اے نازنیں پیدا نشاں

در زماں از سوئے میداں نعرہا ۔۔۔ مے رسید از خلق و مے شد بر ہوا

جانب میداں سے نعرے شور تک ۔۔۔ پہنچے مل مل کر ہوا میں یک بیک

شاہ ازاں ہیبت بروں جست آں زماں ۔۔۔ پا برہنہ کایں چہ غلغلہا ست ہاں

خوف سے فرعون باہر آ گیا ۔۔۔ ننگے پاؤں - جب یہ شور و غل اٹھا

فرعون کا شور و غل سے ڈرنا

از سوئے میداں چہ بانگست و غریو ۔۔۔ کز نہیبش مے رمد جنی و دیو

شور و غل کیسا ہے یہ میدان میں ۔۔۔ دیو و جن کو خوف سے ہیں لرزشیں

گفت عمران شاہ مارا عمر باد ۔۔۔ قوم اسرائیلیاں شد از تو شاد

بولے عمران عمر افزوں شاہ کی ۔۔۔ تجھ سے اسرائیلیوں میں ہے خوشی

از عطائے شاہ شادی میکنند ۔۔۔ رقص مے آرند و کفہا میزنند

شاہ کی بخشش سے ان کے دل ہیں شاد ۔۔۔ تالیوں اور رقص سے کرتے ہیں یاد

گفت باشد کایں بود اما ولیک ۔۔۔ وہم و اندیشہ مرا پر کرد نیک

بولا - شاید ہو یہی - لیکن مجھے ۔۔۔ وہم و اندیشہ ہے اپنے شور سے

ایں صدا جان مرا تغییر کرد ۔۔۔ از غم و اندوہ تلخم پیر کرد

اس صدا سے دل میں ہے اک انقلاب ۔۔۔ ہے غم و اندوہ سے حالت خراب

زہرہ نے عمران مسکین را کہ تا ۔ با زگوید اختلاط جفت را
تاب تھی عمران مسکیں میں کہاں ۔ حال صحبت کا جو کر دیتا بیاں

پیش می آمد پس میرفت شہ ۔ جملہ شب ہمچو حامل وقت زہ
باہر اندر رات بھر فرعون تھا ۔ وردِ زہ کے وقت جیسے حاملہ

ہر زماں مے گفت اے عمران مرا ۔ سخت از جا بردہ است ایں نعرہا
ہر گھڑی کہتا تھا۔ اے عمران مجھے ۔ بیقراری سخت ہے اس شور سے

چوں زن عمران بعمران در رسید ۔ تا کہ شد استارہ موسیٰ پدید
زوجہ عمراں سے ہوئی جب ہمکنار ۔ کوکب موسیٰ ہوا گردوں نگار

ہر پیمبر کہ در آید در رحم ۔ نجم او بر چرخ گردد منتجم
جب رحم میں آتا ہے کوئی نبی ۔ تارا ہوتا ہے فلک پر منجلی

نجومیوں کا شور و غوغا

بر فلک پیدا شد آں استارہ اش ۔ کوری فرعون و مکر و چارہ اش
اُن کا تارا چرخ پر ظاہر ہوا ۔ حیلہ سب فرعون کا بیکار تھا

روز شد گفتش کہ اے عمراں برو ۔ واقف آں غلغل و آں بانگ شو
دن ہوا۔ بولا کہ اے عمران جا ۔ لا خبر کیسا تھا شور اور غلغلا

راند عمراں جانب میدان و گفت ۔ ایں چہ غلغل بود شاہنشہ نخفت
جا کے میداں میں یہ عمران نے کہا ۔ شور یہ کیسا تھا جو شہ نے سنا

ہر منجم سر برہنہ جامہ چاک ۔ ہمچو اصحاب عزا مالیدہ خاک
ہر نجومی ننگے سر اور جامہ چاک ۔ اہل ماتم کی طرح تھا مل کے خاک

ہمچو اصحاب عزا آوازشاں ۔ بد گرفتہ از فغان و سازشاں
ماتمی لوگوں کی سی آواز تھی ۔ اور چلانے سے تھی بیٹھی ہوئی

ریش و مو برکندہ و بدریدگاں | خاک برسر کردہ پُر خوں دیدگاں

داڑھی نوچی اور اُکھاڑے نوچے سر | خاک بر سر اور خوں سے آنکھ تر

گفت خیر است این چہ آشفتہ حال | بد نشانے می‌دہد منحوس سال

بولے عمرانؑ خیر ہے کیا ہے یہ حال | بدشگونی کرتا ہے منحوس سال

عذر آوردند و گفتند اے امیر | کرد ما را دستِ تقدیرش اسیر

عذر کر کے سب وہ بولے اے امیر | کر لیا تقدیر نے ہم کو اسیر

این ہمہ کردیم و دولت تیرہ شد | دشمنِ شہ ہست گشت و چیرہ شد

کر چکے سب کچھ اندھیرا ہو گیا | دشمنِ فرعون پیدا ہو گیا

شب ستارہ آں پیمبر شد عیاں | کوریِ ما بر جبینِ آسماں

رات کو اس کا ستارہ تھا عیاں | اپنی کوری تھی بروئے آسماں

زد ستارہ آں پیمبر بر سما | ما ستارہ بار گشتیم از بکا

اس نبیؑ کا تھا ستارہ چرخ پہ | تارے برساتے ہم آنکھوں سے ادھر

با دلِ خوش شاد عمراں وز نفاق | دست بر سر می‌زد کاہ الفراق

خوش تھے عمرانؑ لیکن از رہِ نفاق | پیٹ کر سر اپنا بولے الفراق

کرد عمراں خویش پُر خشم و ترش | رفت چوں دیوانگاں بے عقل و ہش

ترش رُو اور رنج و غصہ سے بھرے | بے خبر دیوانوں کی صورت چلے

خویشتن را اعجمی کرد و براند | گفتہائے بس خشن بر جمع خواند

اپنے کو لاعلم کر کے وہ گئے | سخت باتیں لوگوں سے کہتے ہوئے

خویشتن را ترش و غمگیں ساخت او | نردہائے بازگونہ باخت او

ترش اور غمگیں خود کو کر لیا | وہ کھلاڑی کھیل کھیلے دوسرا

گفت شاں شاہ مرا افریفتید | از خیانت وز طمع نشکیفتید

بولے سب نے شاہ کو بہکا لیا | صبر کب طمع و خیانت سے کیا

سوئے میداں شاہ را انگیختند ۔۔ آبروئے شاہ ما را ریختند

جا کے میداں میں ابھارا شاہ کو ۔۔ اور ہمارے شاہ کی لی آبرو

دست بر سینہ زدند اندر زماں ۔۔ شاہ را ما فارغ آریم از غماں

بولے سینہ کوٹ کر وہ سب یہ تو ۔۔ ہم رہا غم سے کریں گے شاہ کو

عاقبت زر ہا تلف شد کار خام ۔۔ شد بر فرعون بر خواندش تمام

زر تلف اتنا ہوا ہے کام خام ۔۔ کہہ دیا فرعون سے قصہ تمام

چوں شنید از غصہ ریشش شد سیاہ ۔۔ خواند ایشاں را ز خشم آں پادشاہ

ہو گیا یہ سن کے منہ اس کا سیاہ ۔۔ پھر بلایا سب کو سوئے بارگاہ

گفت ایشاں را کہ ہیں اے خائناں ۔۔ من بر آویزم شما را بے اماں

اور کہا ان سے کہ کیوں اے خائنو ۔۔ کیا چڑھا دوں تم کو سولی پر کہو

خویش را در مضحکہ انداختم ۔۔ مالہا در دشمناں در باختم

مضحکہ بیچ میں نے ڈالا اپنے کو ۔۔ مال و زر تم کو دیا اے دشمنو

تا کہ امشب جملہ اسرائیلیاں ۔۔ دور ماندند از ملاقات زناں

قوم اسرائیل تا صرف ایک رات ۔۔ عورتوں سے دور ہوتی اتنی بات

مال رفت و آبرو و کار خام ۔۔ ایں بود یاری و افعال کرام

دے کے مال و آبرو ہے کار خام ۔۔ کیا یہ ہے غمخواری و فعل کرام؟

سالہا ادرار و خلعت می برید ۔۔ مملکت ہا را مسلم می خورید

برسوں خلعت اور وظیفے بھی لئے ۔۔ میری ساری سلطنت کو کھا گئے

از برائے آنکہ در روز چنیں ۔۔ فہم گردید و باشید معیں

اس لئے یہ کہا کہ آڑے وقت میں ۔۔ غور کر کے سب مدد میری کریں

رائے تاں ایں بود و فرہنگ و نجوم ۔۔ طبل خوارانید و مکارید و شوم

یعنی تمہاری رائے اور عقل و نجوم ۔۔ تم ہو پیٹو اور مکار اور شوم

من شمارا بر درم آتش زنم — بینی و گوش و لبانتان بر کنم

پھاڑ ڈالوں میں جلا ڈالوں تمہیں — ناک کان اور ہونٹ کاٹوں جرم میں

من شمارا ہیزم آتش کنم — عیش رفتہ بر شما ناخوش کنم

آگ کا ایندھن بنا دوں میں تمہیں — عیش پہلا سب ملا دوں خاک میں

سجدہ کردند و بگفتند اے خدیو — گر یکے کرت زما جہید دیو

سجدہ کرکے سب یہ بولے اے خدیو — غالب آیا ہم پہ ہاں اس دفعہ دیو

سالہا دفع بلاہا کردہ ایم — وہم حیران زانچہ ماہا کردہ ایم

مدتوں کرتے رہے دفع بلا — وہم حیراں اس سے جو ہم نے کیا

فوت شد از ما و حملش شد پدید — نطفہ اش جست و رحم اندر خزید

چوکے ہم اور حمل ظاہر ہو گیا — نطفہ مادر کے رحم میں جا پڑا

لیک استغفار ایں روز ولاد — ما نگہ داریم اے شاہ قباد

اس کی پیدائش کا دن لیکن ضرور — ہم نگہ رکھیں گے اے شاہ غیور

روز میلادش رصد بندیم ما — تا نگردد فوت و نجہد ایں قضا

دن ولادت کا نگہ رکھیں گے تا — ہم نہ چوکیں اور نہ پوری ہو قضا

گر نداریم ایں نگہ مارا بکش — اے غلام رائے تو افکار و ہش

گر نگہ رکھیں نہ ہم تو جان سے — ہوش اور افکار ہیں چاکر ترے

تا بنہ مہ مے شمرد او روز روز — تا نپرد تیر حکم خصم دوز

نو مہینے تک پھر اک اک دن گنا — تا نہ ہو جائے رہا تیر قضا

بر قضا ہر کو شبیخوں آورد — سرنگوں آید سر خود را خورد

جو قضا پر عزم شبخوں کا کرے — اپنا سر کھائے وہ سر کے بل گرے

چوں مکان بر لامکاں حملہ برد — خون خود ریزد بلاہا را خرد

جب مکاں ہو لامکاں پر حملہ ور — خون خود اپنا کرے وہ فتنہ گر

چون نہیں با آسمان خصمی کُند شور گردد سر ز مرگے بر زند
آسمانوں کی جو دشمن ہو زمین شور ہو کر مردہ ہو وہ بالیقین
نقش با نقاش پنجہ میزند سُبلتان و ریش خود بر میکند
نقش اگر نقاش سے پنجہ لڑائے ڈاڑھی مونچھیں اپنی مٹی میں ملائے

زچہ عورتوں کو فرعون کا بُلانا

بعد نُہ مہ شہ برون آورد تخت سوئے میدان و برون افگند رخت
نو مہینے بعد نکلا تختِ شاہ اور میداں میں پہنچی اس کی بارگاہ
بار دیگر شد منادی سوئے شہر کاے زناں گرد ہر بیا بہر بہر
دوسری بار اک منادی پھر ہوئی عورتو عشرت آ اکٹھا ہو دہر کی
اے زناں با طفلگان میداں روید تا ز بخششہائے شہ شاداں شوید
سوئے میداں لے کے بچوں کو چلو شاہ کی بخشش سے چل کر شاد ہو
آنچنانکہ پار مرداں را رسید خلعت و ہر کس از ایشاں زر کشید
جس طرح مردوں نے پایا پار سال خلعت و زر سے ہوئے وہ سب نہال
ہین زناں امروز اقبال شماست تا بیابد ہر کسے چیزے کہ خواست
ہے تمہارا بخت یاور عورتو آج تم جو چیز چاہو مانگ لو
مر زناں را خلعت و صلت دہد کودکاں را ہم کلاہِ زر نہد
خلعت و دیدار پائیں عورتیں سر پہ بچوں کے کلاہِ زر رکھیں
ہر کرا ایں ماہ زائیدہ است ہیں گنجہا گیرند از شاہِ مکیں
جس نے بچہ اس مہینے ہیں جنا شاہ سے لے وہ خزانہ بر ملا
آں زناں با طفلگاں بیروں شدند شادماں تا خیمۂ شاہ آمدند
عورتیں بچوں کو لے کر چل پڑیں خیمۂ فرعون کے پاس آ گئیں

هر زنے نو زاده بیروں شد بشهر — سوئے میداں غافل از دستانِ قهر

جتنی زچّائیں تھیں، تھیں بیرونِ شہر — تھیں وہ سب میدان میں بے علمِ قہر

چوں زناں جملہ بدو گرد آمدند — هر چہ بود از نر ز مادر بستدند

عورتیں جب جمع آ کر ہو گئیں — لڑکے جتنے تھے۔ وہ چھینے سب وہیں

سر بریدندش کہ اینست احتیاط — تا نزاید خصم و نفزاید خباط

احتیاطاً کاٹ ڈالے سب کے سر — تاکہ ہو دشمن نہ پیدا۔ الحذر

حضرت موسیٰ ؑ کا پیدا ہونا

چوں زنِ عمراں کہ موسیٰ زاده بود — دامن اندر چید زاں آشوب و دود

مادرِ موسیٰ ؑ نے لیکن اے فتا — فتنے سے دامن بچایا برملا

بعدِ آں وستاں کہ آں سگ با زناں — کرد و بگیریں چہ آورد آں زماں

عورتوں سے کیا پھر اس سگ نے کیا — داستاں اس کی بھی تو سُن لے ذرا

آں زنانِ قابلہ در خانہا — بہرِ جاسوسی فرستاد آں دغا

گھر میں بھیجا دائیوں کو مکر سے — تاکہ ہر اک جا کے جاسوسی کرے

غمز کردندش کہ اینجا کودکیست — نامد او میداں کہ در وہم و شکیست

دی خبر اک نے۔ ہے اک بچہ وہاں — وہم سے آیا نہ میداں میں یہاں

اندریں کوچہ یکے زیبا زنیست — کودکے دارد ولیکن پُر فنیست

اس محلے میں ہے اک عورت حسیں — بچے والی۔ پر ہے پُرفن بالیقیں

چوں عواناں آمدند آں طفل را — در تنور انداخت از امرِ خدا

جب سپاہی آئے۔ تا بچے کو لیں — ڈالا عورت نے اسے تنور میں

امر آمد سوئے زن از دادگر — کز اصلِ آں خلیلست ایں پسر

آیا کچھ اس طرح حکمِ دادگر — ہے خلیل اللہ سے نسلِ پسر

در تنور انداز موسیٰؑ را تو زود ۔ تا نگہدارمیش از ہر نار وودود
ڈالدے موسیٰؑ کو تو تنور ہیں ۔ آگ سے ہم خود نگہبانی کریں

عصمت یا نار کونی بارداً ۔ لا تکون النار حرًّا شارداً
نار کونی کہ کے ہم لیں گے بچا ۔ آگ اُسے ہرگز نہ دے نقصان ذرا

زن بوحی انداختش اور در شرر ۔ برتن موسیٰؑ نہ کرد آتش اثر
وحی سُن کر آگ ہیں ڈالا اُسے ۔ جسم موسیٰؑ پر اثر کچھ بھی نہ تھے

پس عواناں خانہ را جستند زود ۔ ہیچ طفلے اندر آں خانہ نبود
ڈھونڈا گھر کو ہر سپاہی نے تمام ۔ تھا نہ گھر میں کوئی بچہ شادکام

پس عواناں بیمراد آں سو شدند ۔ باز غمازاں کزاں واقف بدند
ہو گئے رخصت سپاہی بے مراد ۔ تھے جو کچھ غماز واقف بد نہاد

با عواناں ماجرا بر داشتند ۔ پیش فرعون از برائے دانگ چند
ان کو زر لینے کا کچھ لالچ جو تھا ۔ سامنے فرعون کے قصہ کہا

کاے عواناں باز گردید آں طرف ۔ نیک نیکو بنگرید اندر غرف
یہ دیا حکم اُسنے واپس جاؤ تم ۔ کھڑکیوں سے جھانک کر دیکھ آؤ تم

باز گشتند آں عواناں جملگاں ۔ تا بجویند آں پسر را آں زماں
وہ سپاہی پھر وہاں پہنچے تمام ۔ تا کہ اس بچے کو ڈھونڈیں لاکلام

مادرِ موسیٰؑ کو وحی آنا

باز وحی آمد کہ در آبش فگن ۔ روئے در امید دار و مو مکن
پھر یہ وحی آئی اُسے پانی میں ڈال ۔ رکھ امید اور نوچ مت تو اپنے بال

در فگن در نیلش و کن اعتمید ۔ من ترا با او رسانم رو سفید
نیل میں ڈال اور بھروسہ مجھ پہ کر ۔ اُس سے تجھ کو میں ملا دونگا مگر

؎ یعنی جس طرح ابراہیم علیہ السلام کو یا نار کونی برداً و سلاماً علیٰ ابراہیم کہکر بچا لیا تھا ہم موسیٰؑ کو بھی بچا لیں گے ۔

مادرش انداخت اندر رودِ نیل کار را بگذاشت با نعم الوکیل
ماں نے رودِ نیل میں ڈالا اسے کام چھوڑے فضل پر اللہ کے

ایں سخن پایاں ندارد مکرہاش جملہ پیچید اندر دست و پاش
یہ سخن لمبا ہے جو بھی مکر تھے اس کے دست و پا ہیں سب لپٹے رہے

صد ہزاراں طفل می کشت از بروں موسیٰؑ اندر صدرِ خانہ در دروں
وہ ہزاروں بچوں کی لیتا تھا جاں صدرِ خانہ میں تھے پر موسیٰؑ نہاں

از جنوں می کشت ہر جا پُر جنیں از حیل آں کور چشم دور بیں
وہ جنوں سے مارتا تھا ہر جنیں مکر سے تھی کور چشم دور بیں

اژدہا بُد مکرِ فرعونِ عنود مکرِ شاہانِ جہاں را خوردہ بود
اژدہا وہ مکر تھا فرعون کا مکرِ شاہانِ جہاں کو کھا گیا

لیک ازاں فرعون تر آمد پدید ہم ورا ہم مکرِ او را در کشید
اس سے بڑھکر اور فرعون آگیا اس کو۔ اس کے مکر کو جو کھا گیا

اژدہا بود و عصا شد اژدہا ایں بخورد آں را بہ توفیقِ خدا
اژدہے کو وہ عصا تھا اژدہا کھا گیا اس کو بہ توفیقِ خدا

دست شد بالائے دست ایں تا کجا تا بیزداں کہ الیہ المنتہا
ہاتھ غالب ہاتھ پر کتنا ہوا یعنی حق تک جو ہے سب کا منتہا

کاں یکے دریاست بے غور و کراں جملہ دریاہا چو سیلے پیش آں
وہ ہے دریا حد نہیں جس کی کوئی اسکے آگے سیل ہیں دریا سبھی

حیلہا و چارہا گر اژدہاست پیش الا اللہ آنہا جملہ لاست
مکر اور چارہ اگر ہیں اژدہا آگے اِلا اللہ کے وہ سب ہیں لا

چوں رسید اینجا بیانم سر نہاد محو شد واللہ اعلم بالرشاد
ہے یہاں آکر بیاں عاجز نہاد کھو گیا۔ واللہ اعلم بالرشاد

آنچه در فرعون بود اندر تو هست ‌‌ ‌ لیک اژدرہات محبوس چہ است

تھا جو کچھ فرعون میں ہے تجھ میں بھی ‌ ‌ قید چہ میں اژدہے تیرے ابھی

ای دریغ آں جملہ احوال تو ہست ‌ ‌ تو برآں فرعون برخواہیش بست

ہائے یہ سب کچھ ہے تیرا ہی تو حال ‌ ‌ دیتا ہے فرعون پر تو اس کو ٹال

آنچہ گفتیم جملگی احوال تست ‌ ‌ خود نگفتم صد یکے ز آنہا درست

حال تیرا ہے جو کچھ میں نے کہا ‌ ‌ سو میں سے گو میں نہ اک بھی کہہ سکا

گر ز تو گویند وحشت زایدت ‌ ‌ ور ز دیگر آں فسانہ آیدت

گر کہیں تجھ سے تو وحشت ہو تجھے ‌ ‌ ڈھالیں اوروں پہ تو افسانہ سنے

چہ خرابت میکند نفس لعیں ‌ ‌ دور میندازدت سخت ایں قریں

کرتا ہے ابتر تجھے نفس لعیں ‌ ‌ کر رہا ہے دور تجھ کو یہ قریں

ایں جراحتہا ہمہ در نفس تست ‌ ‌ لیک مغلوبی ز جہل آں سخت است

زخم یہ سب نفس ہی میں ہیں ترے ‌ ‌ ہاں مگر مغلوب ہے تو جہل سے

آتشت را ہیزم فرعون نیست ‌ ‌ زانکہ چوں فرعون او را عون نیست

آگ میں ایندھن نہیں فرعون کا ‌ ‌ کیونکہ زور اس میں نہیں فرعون سا

گلخن نفس ترا خاشاک نیست ‌ ‌ ورنہ چوں فرعون او شعلہ زنیست

نفس کے گلخن میں ایندھن ہی نہیں ‌ ‌ ورنہ چوں فرعون ہے وہ آتشیں

ایک سپیرے کی کہانی

یک حکایت بشنو از تاریخ گو ‌ ‌ تا بری زیں راز سرپوشیدہ بو

ایک تاریخی حکایت سن ذرا ‌ ‌ راز پوشیدہ سے تا ہو آشنا

مارگیرے رفت اندر کوہسار ‌ ‌ تا بگیرد او بافسونہاش مار

اک سپیرا کوہساروں میں گیا ‌ ‌ سانپ پکڑے تا فسوں سے پر بلا

گر گران و گر شتابندہ بود ۔ آنکہ جویندہ است یابندہ بود

کوئی دوڑے یا کہ آہستہ چلے ۔ ڈھونڈنے والا جو کچھ ڈھونڈے ہے پائے

در طلب زن دائما تو ہر دو دست ۔ کہ طلب در راہ نیکو رہبر است

تو طلب میں ہاتھ دونوں کھول اب ۔ نیکی کے رستے میں رہبر ہے طلب

لنگ و لوک و خفتہ شکل و بے ادب ۔ سوئے او می غیژ و او را مے طلب

سست لنگڑا اور حقیر و بے ادب ۔ تو جو ہو پھر بھی اُسی کی کر طلب

گہ بگفت و گہ بخاموشی و گہ ۔ بوئے کردن گیر ہر سو بوئے شہ

رہ کبھی چپ یا کہ کبھی کچھ گفتگو ۔ سونگھ تو ہر ہر طرف سے شہ کی بو

گفت آں یعقوبؑ با اولاد خویش ۔ جستن یوسفؑ کنید از حد بیش

یوں کہا اولاد سے یعقوبؑ نے ۔ ڈھونڈو یوسفؑ کو زیادہ سعی سے

ہر حس خود را دریں جستن بجد ۔ ہر طرف رانید شکل مستعد

اپنی ہر حس سے تلاش اس کو کرو ۔ دوڑ کر ہر سمت اس کو ڈھونڈ لو

گفت از روح خدا لا تیاسوا ۔ ہمچو گم کردہ پسر رو سو بسو

پھر کہا رحمت سے کیوں مایوس ہو ۔ مثل گم کردہ پسر ڈھونڈو چلو

از رہ حس نہاں پویاں شوید ۔ سوئے جاناں را بجاں جویاں شوید

دوڑو تم حس نہاں کی راہ سے ۔ ڈھونڈ لو جاناں کو جاں کی راہ سے

پرس پرساں مژدگانے جاں دہید ۔ گوش را بر چار راہ آں نہید

جان کو مژدہ سنا و پوچھ کر ۔ کان رکھو اس کے بس چوراہے پر

ہر کجا بوئے خوش آید بو برید ۔ سوئے آں سر کاشنائے آں سرید

جس جگہ بوئے خوش آئے جاؤ تم ۔ جس سے واقف ہو وہ راز پاؤ تم

ہر کجا لطفے بہ بینی از کسے ۔ سوئے اصل لطف رہ یابی بسے

لطف دیکھو گر کسی سے پر ملا ۔ راہ اصل لطف کی تو پاوے گا

ایں ہمہ جوہا ز دریا ہست ژرف　　جزو را بگذار بر کل دار طرف

ندیاں دریا سے سب نکلی ہیں یار　　جزو کو چھوڑ اور کل کر اختیار

زشتہائے خلق بہر خوبی است　　برگ بے برگی نشان طوبی است

ہے بدی خلقت کی خوبی کے لئے　　مفلسی آسودگی کے واسطے

خشمہائے خلق بہر مہر خاست　　از جفائے خلق امید وفاست

خلق کا غصہ محبت کی بنا　　جورِ خلقت سے ہے امید وفا

جنگہائے خلق بہر آشتی ست　　دام راحت دائما بے راحتی است

جنگِ عالم ہے برائے صلح ہی　　دام راحت ہے سدا بے راحتی

ہر زدن بہر نوازش را بود　　ہر گلہ از شکر آگہ میکند

ضرب ہے ہر اک نوازش کے لئے　　ہر گلہ کرتا ہے آگہ شکر سے

بوئے بر از جزو تا کل اے کریم　　بوئے بر از ضد تا ضد اے حکیم

کر تلاش جزو و کل تک اے کریم　　ضد سے ضد کی بو تو لے اے حکیم

چوں عصا در دستِ موسیٰ گشت مار　　جملہ عالم را بدیں ساں مے شمار

دستِ موسیٰ میں عصا جیسے تھا مار　　ساری دنیا کو یونہی کر لے شمار

جنگہامے آشتی آرد درست　　مارگیر از بہر یاری مار جست

صلح ہوتا ہے لڑائی کا اخیر　　بہر یاری سانپ ڈھونڈے مار گیر

بہر یاری مار جوید آدمی　　غم خورد بہر حریف بے غمی

بہر یاری سانپ ڈھونڈے آدمی　　اور کھائے رنج بہر بے غمی

او ہمے جستے یکے مار شگرف　　گرد کوہستان و در ایام برف

ڈھونڈتا تھا وہ بھی اک خونخوار مار　　برف کے موسم میں گردِ کوہسار

اژدہائے مردہ دید آنجا عظیم　　کہ دلش از شکل او شد پر ز بیم

دیکھا مردہ اک پڑا ہے اژدہا　　شکل جس کی دیکھ کر وہ ڈر گیا

مارگیر اندر زمستان شدید ‏ ‏ مار می‌جست اژدہائے مردہ دید

سخت سردی میں سپیرا بر ملا ‏ ‏ سانپ کا جویا تھا پایا اژدہا

مارگیر از بہر حیرانیِ خلق ‏ ‏ مار گیرد اینت نادانیِ خلق

یوں سپیرا خلق کو حیراں کیے ‏ ‏ سانپ پکڑے خلق ناداں کے لیے

آدمی کوہیست چوں مفتوں بود ‏ ‏ کوہ اندر مار حیراں چوں شود

آدمی ہے کوہ - کیوں حیران ہو ‏ ‏ کوہ حیراں دیکھ کر ہو سانپ کو

خویشتن نشناخت مسکیں آدمی ‏ ‏ از فزونی آمد و شد در کمی

آہ پہچانا نہ خود کو آدمی ‏ ‏ تھا بڑا - پھر ہو گیا چھوٹا وہی

خویشتن را آدمی ارزاں فروخت ‏ ‏ بود اطلس خویش را بر دلق دوخت

سستا بیچا خود کو اس انسان نے ‏ ‏ خود تھا اطلس - خود اٹھا گدڑی لیے

صد ہزاراں مار و کہ حیران اوست ‏ ‏ او چرا حیراں شدست و مار دوست

اس سے لاکھوں سانپ حیراں ہیں فدا ‏ ‏ سانپ سے حیران وہ کیوں ہو گیا

مارگیر آں اژدہا را بر گرفت ‏ ‏ سوئے بغداد آمد از بہر شگفت

اس سپیرے نے لیا وہ اژدہا ‏ ‏ اور وہاں سے سوئے بغداد آ گیا

اژدہائے چوں ستونِ خانۂ ‏ ‏ میکشیدش از پئے دانگانۂ

اژدہا وہ جوں ستون خانہ تھا ‏ ‏ اس کو پیسوں کے لیے تھا کھینچتا

کاژدہائے مردۂ آوردہ ام ‏ ‏ در شکارش من جگرہا خوردہ ام

ہاں میں لایا ہوں یہ مُردہ اژدہا ‏ ‏ سخت مشکل سے شکار اس کا کیا

او ہمے مردہ گماں بردش ولیک ‏ ‏ زندہ بود و او ندیدش نیک نیک

مردہ ہونے کا گماں تھا سانپ پر ‏ ‏ زندہ تھا - لیکن نہ آتا تھا نظر

او ز سرماہا و برف افسردہ بود ‏ ‏ زندہ بود امّا بشکل مردہ بود

برف اور سردی سے تھا ٹھٹھرا ہوا ‏ ‏ زندہ تھا - لیکن بشکل مُردہ تھا

عالم افسردہ است و نام او جماد　　جامد افسردہ بود اے اوستاد

عالم افسردہ ہے نام اس کا جماد　　جامد افسردہ ہے اے عالی نہاد

باش تا خورشید حشر آید عیاں　　تا ببینی جنبش جسم جہاں

صبر کر تا نکلے سورج حشر کا　　جنبش جسم جہاں پھر دیکھنا

چوں عصائے موسیٰؑ اینجا مار شد　　عقل را از ساکناں اخبار شد

ہو گیا جب مار موسیٰؑ کا عصا　　ساکنوں کا عقل نے پایا پتا

پارۂ خاک ترا چوں زندہ ساخت　　خاکہا را جملگی باید شناخت

خاک پارہ سے تجھے زندہ کیا　　چاہیئے ان مٹیوں کا جاننا

مردہ زینسو یند زآنسو زندہ اند　　خامش اینجا و آنطرف گویندہ اند

اس طرف مردہ ہیں۔ زندہ ہیں۔ اُدھر　　اس طرف خاموش۔ اُدھر تقریر گر

چوں ازاں سوشاں فرستد سوئے ما　　آں عصا گردد بسوئے ما اژدہا

جب ہماری سمت وہ سے بھیجتا　　ہو ہماری سمت اژدر وہ عصا

کوہہا ہم لحن داؤدی شود　　جوہر آہن بکف مومے بود

لحن داؤدی ہوں سارے کوہسار　　موم ہو ہاتھوں میں لوہا بار بار

باد حمال سلیمانؑ شود　　بحر با موسیٰؑ سخندانے شود

ہاں سلیمانؑ کی ہوا حامل بنے　　اور دریا بات موسیٰؑ سے کرے

ماہ با احمدؐ اشارت بیں شود　　نار ابراہیمؑ را نسریں شود

چاند احمدؐ کا اشارہ بیں بنے　　نار ابراہیمؑ پر نسریں بنے

خاک قاروں را چو مارے درکشد　　استنِ حنانہ آید در رشد

کھینچ لے قاروں کو مثل مار خاک　　استنِ حنانہ ہو نیک اور پاک

لہ استنِ حنّانہ کی حکایت دفتر اوّل میں بالتفصیل بیان ہو چکی ہے ؎

سنگ احمدؐ را سلامے میکند — کوہ یحییٰؑ را پیامے میکند

مصطفےٰؐ کو کرتے ہیں پتھر سلام — کوہ پہنچاتا ہے یحییٰؑ کو پیام

جملہ ذرات عالم در نہاں — با تو میگویند روزان و شبان

جس قدر ذرے ہیں سب ہو کر نہاں — روز و شب کرتے ہیں تجھ سے یوں بیاں

ما سمیعیم و بصیریم و خوشیم — با شما نامحرماں ما خامشیم

دیکھتے سنتے ہیں خوشیوں میں ہیں ہم — تم سے یوں چپ ہیں کہ نامحرم ہو تم

چوں شما سوئے جمادی میروید — محرم جان جماداں کے شوید

تم جمادی کی طرف خود ہو رواں — تم پہ کب راز جمادی ہو عیاں

از جمادی عالم جانہا روید — غلغل اجزائے عالم بشنوید

عالم جاں کو جمادی سے چلو — شور پھر اجزائے عالم کا سنو

فاش تسبیح جمادات آیدت — وسوسہ تاویلہا بربایدت

انکی تسبیحیں جو کانوں میں پڑیں — وسوسے تاویلیں سب جاتی رہیں

چوں ندارد جان تو قندیلہا — بہر بینش کردہ تاویلہا

جان تیری جب نہ قندیلیں رکھے — بہر بینش بس تو تاویلیں کرے

دعوئی دیدن خیال عار بود — بلکہ مر بینندہ را دیدار بود

دعوی دید اک خیال عار تھا — دیکھنے والوں کو ہاں دیدار تھا

کہ غرض تسبیح ظاہر کے بود — دعوی دیدن خیال و غے بود

الغرض تسبیح ظاہر کب ہوئی — دید کا دعوے خیال و گمرہی

بلکہ ہر بینندہ را دیدار آں — وقت عبرت میکند تسبیح خواں

اسکا جلوہ دیکھنے والے کو ہاں — وقت عبرت کرتا ہے تسبیح خواں

پس چو از تسبیح یادت میدہد — آں دلالت ہمچو گفتن میشود

ہے دلاتا یاد وہ تسبیح کی — یہ دلالت بولنے کی ہے اجی

این بود تاویل اہل اعتزال	وائے آنکس کہ ندارد نور حال
ہے یہی تاویل اہل[1] اعتزال	ہائے وہ جس میں نہیں کچھ نور حال
چون ز حس بیرون نیامد آدمی	باشد از تصویر غیبی اعجمی
حس سے جب باہر نہ آیا آدمی	غیب کی تصویر بے معنی ہوئی
این سخن پایان ندارد مارگیر	میکشید آن مار را با صد زحیر
مختصر یہ ہے سپیرا جا بجا	با مشقت کھینچتا اس کو رہا
تا بہ بغداد آمد آن ہنگامہ جو	تا نہد ہنگامہ را بر چارسو
آیا وہ بغداد میں ہنگامہ جو	تا کرے ہنگامہ برپا چارسو
بر لب شط مرد ہنگامہ نہاد	غلغلہ در شہر بغداد اوفتاد
نہر پر ہنگامہ برپا کر دیا	غلغلہ بغداد میں ہر سو پڑا
مارگیرے اژدہا آوردہ است	بوالعجب نادر شکارے کردہ است
اک سپیرا لایا ہے اک اژدہا	ہے شکار اس نے بڑا نادر کیا
جمع آمد صد ہزاران خام ریش	صید او گشتہ چو او از ابلہیش
جمع لاکھوں احمق اس جا ہو گئے	سن کے شہرہ اس کے پھندے میں پھنسے
حلقہ گرد او چو رز گرد عریش	ہمچناں کہ بت پرستاں بر قسیس[3]
حلقہ زن انگور[2] جوں گرد عریش	جیسے بت گرد جمع ہوں گرد قسیس
منتظر ایشان و او ہم منتظر	تا کہ جمع آیند خلق منتشر
تھا وہ لوگوں کی طرح خود منتظر	تا کہ سب ہوں جمع جو ہیں منتشر

[1] معتزلین - فرقہ معتزلہ +

[2] انگور کی ٹٹی +

[3] بت پرستوں کا پیشوا یا عیسائیوں کا پادری +

مردم هنگامه افزون تر شود ‏ ‏ ‏ کدیه و توزیع نیکوتر رود
تا کہ ہو لوگوں کا ہنگامہ سوا ‏ ‏ ‏ کوڑی پیسے سے زیادہ ہو بھلا

جمع آمد صد ہزاران ژاژخا ‏ ‏ ‏ حلقہ کردہ پشت پا بر پشت پا
اس جگہ بیہودے لاکھوں آ گئے ‏ ‏ ‏ آگے پیچھے ہو گئے آ کر کھڑے

مرد را از زن خبر نے ز ازدحام ‏ ‏ ‏ رفتہ درہم چوں قیامت خاص و عام
مرد و عورت کا تھا بے حد ازدحام ‏ ‏ ‏ تھا قیامت وہ ہجوم خاص و عام

چوں ہمے حراقہ جنبانید او ‏ ‏ ‏ میکشادند اہل ہنگامہ گلو
جب بجاتا تھا وہ اپنی ڈگڈگی ‏ ‏ ‏ کھینچتے تھے لوگ، تھی ہلچل پڑی

اژدہا کز زمہریر افسردہ بود ‏ ‏ ‏ زیر صد گونہ پلاس و پردہ بود
اژدہا سردی سے جو افسردہ تھا ‏ ‏ ‏ ٹاٹ اور کپڑوں میں تھا لپٹا ہوا

بستہ بودش با رسنہائے غلیظ ‏ ‏ ‏ احتیاطے کردہ بودش آں حفیظ
رسیاں اس پہ بندھی تھیں بے شمار ‏ ‏ ‏ چوکسی کرتا تھا اس کی ہوشیار

در درنگ اتفاق و انتظار ‏ ‏ ‏ وز ہیاہوے و فغان بیشمار
دیر جب اتنی ہوئی انجام کار ‏ ‏ ‏ ہاؤ ہو اور سن کے غوغا اور پکار

وز غلو خلق و مکث و طمطراق ‏ ‏ ‏ تافت بر آں مار خورشید عراق
شور و غل اور پھر یہ دیر اور طمطراق ‏ ‏ ‏ اژدہے پہ چمکا خورشید عراق

آفتاب گرم سیرش گرم کرد ‏ ‏ ‏ رفت از اعضائے او اخلاط سرد
آفتاب گرم سے گرما گیا ‏ ‏ ‏ سردی اخلاط و اعضا سے بچا

مردہ بود و زندہ گشت او از شگفت ‏ ‏ ‏ اژدہا بر خویش پیچیدن گرفت
مردہ تھا لیکن وہ زندہ ہو گیا ‏ ‏ ‏ پیچ اپنے جسم پر کھانے لگا

خلق را از جنبش آں مردہ مار ‏ ‏ ‏ گشتشاں آں یک تحیر صد ہزار
لوگوں کو جنبش سے مردہ سانپ کی ‏ ‏ ‏ دیکھتے ہی دیکھتے حیرت ہوئی

با تحیر نعرہ ہا انگیختند — جملگان از جنبشش بگریختند
پہلے تو حیرت سے چلاتے رہے — اس کی جنبش سے لگے پھر بھاگنے

مے گسست آں بند زاں بانگ بلند — ہر طرف مے رفت چاقاں چاق بند
ٹوٹتے تھے بند اس غل شور سے — بند ہر سو گر رہے تھے ٹوٹ کے

بند ہا بگسست و بیروں شد ز زیر — اژدہائے زشت غراں ہمچو شیر
بند ٹوٹے اور پھرا ناگہاں — اژدہا خونخوار مثل شیر ہاں

در ہزیمت بس خلائق کشتہ شد — از فتادہ کشتگاں صد پشتہ شد
بھاگنے میں مر گئے کچھ آدمی — کشتوں کے پشتے لگے بھاگڑ پڑی

مارگیر از ترس بر جا خشک گشت — کہ چہ آوردم من از کہسار و دشت
تھا سپیرا خوف سے ٹھٹھرا ہوا — کہتا تھا میں دشت و کہ سے لایا بلا

گرگ را بیدار کرد آں کور میش — رفت ناداں سوئے عزرائیل خویش
بھیڑ اندھی نے جگایا گرگ کو — سوئے عزرائیل پہنچا دیکھ لو

اژدہا یک لقمہ کرد آں گیج را — سہل باشد خوں خوری حجاج را
اژدہا اک لقمہ اس کا کر گیا — پینا خوں حجاج کو جوں سہل تھا

خویش را بر استنے پیچید و بست — استخواں خوردہ را در ہم شکست
استنے پہ پھر وہ لپٹا ناگہاں — توڑ ڈالیں اس کی ساری ہڈیاں

شہر خالی گشت اژدر را بر آمد — سوئے کہ گرد از بیاباں بر فشاند
شہر خالی، سانپ بھاگا اے اخی — سوئے کہ گرد بیاباں جھاڑ دی

نفست اژدرہاست او کے مردہ است — از غم بے آلتی افسردہ است
نفس اژدر ہے ترا مردہ نہیں — بے کسی سے ہے فسردہ بالیقیں

گر بیابد آلت فرعون او — کہ بامر او ہمے رفت آب جو
گر اسے فرعون سا مانی ملے — نہر بھی چلتی تھی جس کے حکم سے

آنکہ او بنیادِ فرعونی کند ۔ راہِ صد موسیؑ و صد ہارونؑ زند
بس وہ پھر دنیا میں فرعونی کرے ۔ راہ موسیؑ راہ ہارونؑ روک دے

گر شکست ایں اژدہا از دستِ فقر ۔ پشۂ گردد ز مال و جاہ صقر
فقر سے یہ اژدہا کیڑا بنا ۔ باز مچھر جاہ و دولت سے ہوا

اژدہا را دار در برفِ فراق ۔ ہیں مکش اورا بخورشیدِ عراق
اژدہے کو برف میں رکھ ہجر کی ۔ سامنے سورج کے مت لا اے اخی

تا فسردہ مے بود آں اژدہات ۔ لقمۂ اوئی چو او یابد نجات
تا رہے ٹھٹھرا ہوا وہ اژدہا ۔ تو ہے لقمہ اگر وہ ہو رہا

مات کن اورا و ایمن شو ز مات ۔ رحم کم کن نیست او ز اہلِ صلات
مات کر اس کو کہ ہو بےخوف مات ۔ کر نہ رحم اس پر ہے کب نیک اسکی ذات

کاں تفِ خورشیدِ شہوت بر زند ۔ واں خفاش[1] مردہ ریگت پر زند
مہر شہوت اسکا ہو گا گرم جب ۔ تجھ کو پر مارے گا یہ خفاش تب

می کشش اورا در جہاد و در قتال ۔ مرد وار اللہ یجزیک الوصال[2]
قتل اُسے کر ہو کے مصروفِ قتال ۔ بنکے مرد اللہ یجزیک الوصال

چونکہ آں مرد اژدہا را آورید ۔ در ہوائے گرم خوش شد آں مرید
مرد وہ جس وقت لایا اژدہا ۔ خوش ہوا وہ گرم جب پانی ہوا

لاجرم آں فتنہا کرد اے عزیز ۔ بیست چنداں کہ ما گفتیم نیز
اس سے پھر ظاہر بہت فتنے ہوئے ۔ اُن سے زائد جو بیاں میں نے کئے

تو طمع داری کہ اورا بے جفا ۔ بستہ داری در وقار و در وفا
تجھ کو حسرت ہے کہ بے جور و جفا ۔ اسکو رکھے بستۂ عزّ و وفا

[1] چمگادڑ ہ
[2] اللہ تجھے وصل کی جزا دے ہ

ہر کسے را ایں تمنا کے رسد — موسیٰؑ باید کہ اژدرہا کُشد

ہر کسی کی یہ تمنا کب بر آئے — ہو کوئی موسیٰؑ تو اژدر مارا جائے

صد ہزاراں خلق ز اژدرہائے او — در ہزیمت کشتہ شد اے وائے او

لوگ لاکھوں اُس کے اژدر سے مرے — ہائے جب وہ بھاگ کر جانے لگے

وز طمع ہم خویش را بر باد داد — گفتہ شد واللہ اعلم بالسداد

ہو گیا لالچ سے وہ خود بھی خراب — کہہ چکا - واللہ اعلم بالصواب

فرعون کا حضرت موسیٰؑ سے سوال و جواب کرنا

گفت فرعونش چرا تو اے کلیمؑ — خلق را کشتی و افگندی بہ بیم

کہتا تھا فرعون تو نے کیوں کلیمؑ — خلق کو مارا کیا پُر خوف و بیم

در ہزیمت از تو افتادند خلق — در ہزیمت کشتہ شد مردم ز زلق

لوگ بھاگے ڈر کے تیرے خوف سے — کھائی لغزش اور بیچارے مرے

لاجرم مردم ترا دشمن گرفت — کین تو در سینہ مرد و زن گرفت

ہو گئے آخر وہ سب دشمن ترے — مرد و عورت کینہ سب رکھنے لگے

خلق را میخواندی بر عکس شد — از خلافت مرد و زن را نیست بُد

تو نے لوگوں کو بلایا۔ وہ پھرے — تجھ سے پھرنے کے لئے مجبور تھے

من ہم از شرت اگر پس میخزم — در مکافات تو دیگر مے پزم

میں بھی تیرے شر سے گو پیچھے ہٹوں — تجھ سے بدلا لینے کی کوشش میں ہوں

دل ازیں بر کن کہ بفریبی مرا — یا بحرفے پیروی کردم ترا

دل اٹھا اس سے کہ دھوکا دے مجھے — یا چلوں نقشِ قدم پہ میں ترے

تو بداں غرّہ مشو کش ساختی — در دلِ خلقاں ہراس انداختی

اپنی بنوٹ پہ ذرا غرّہ نہ کر — ڈالا ہے لوگوں کے دل میں تو نے ڈر

صد چنیں آری وہم رسوا شوی	خوار گردی مضحکہ غوغا شوی
سو جتن کر کے ہو گا رسوا برملا	خوار ہو گا۔ مضحکہ اڑ جائے گا
ہمچو تو سالوس بسیاراں بدند	عاقبت در شہر ما رسوا شدند
مثل تیرے سیکڑوں مکار تھے	جو ہمارے شہر میں رسوا ہوئے

حضرت موسیٰؑ کا جواب

گفت با امر حقم اشراک نیست	گر بریزد خونم امرش پاک نیست
بولے امر حق میں کچھ شرکت نہیں	وہ اگر لے جان کچھ تہمت نہیں
راضیم من شاکرم من اے حریف	ایں طرف رسوا و پیش حق شریف
راضی و شاکر ہوں میں سن اے حریف	ہوں ادھر رسوا۔ تو پیش حق شریف
پیش خلقاں خوار و زار و ریشخند	پیش حق محبوب و مطلوب و پسند
سامنے لوگوں کے خوار و ریشخند	سامنے خالق کے محبوب و پسند
از سخن میگویم ایں ور نہ خدا	از سیہ رویاں کند فردا ترا
بات اک کہتا ہوں میں۔ ور نہ خدا	حشر میں کالا کریگا منہ ترا
عزت آں وے است و آں بندگانش	ز آدمؑ و ابلیس بر میخواں نشانش
عزت اس کی اسکے بندوں کی ہے ہاں	آدم کو ابلیس سے لے تو نشاں
شرح حق پایاں ندارد ہمچو حق	ہاں وہاں بر بند و بر گرداں ورق
شرح حق کی حد نہیں کچھ مثل حق	کر زباں بند اور لوٹ اب تو ورق

فرعون کا جواب

گفت فرعونش ورق در دست ماست	دفتر و دیوان و حکم ایندم مراست
ہے ورق۔ بولا وہ میرے ہاتھ میں	دفتر و دیواں یہ میری قوت ہیں

هر مرا بخریده اند اهل جہاں ۔ کز ہمہ عاقل‌تری تو اے فلاں
مجھ کو حاصل کر کے سب کا ہے بیاں ۔ سب سے عاقل تر ہے تو ہی اے فلاں

موسیا خود را خریدی ہین برو ۔ خویشتن کم بین بخود غرہ مشو
خود خریدار اپنا ہے تو موسیا ۔ چھوڑ خود بینی نہ ہو مغرور جا

جمع آرم ساحران دہر را ۔ تا کہ جہل تو نمایم شہر را
جمع کر کے ساحران دہر کو ۔ جہل میں تیرا دکھاؤں شہر کو

این نخواہد شد بزودی تا دو روز ۔ مہلتم دہ تا چہل روز تموز
ایک دو دن میں یہ ہو سکتا نہیں ۔ مہلت اک چلہ کی دے تو ہمنشیں

گفت موسیٰؑ مر مرا دستور نیست ۔ بندہ ام امہال تو مامور نیست
بولے موسیٰؑ - اذن ہے مجھکو کہاں ۔ بندہ ہوں - مہلت دوں کیونکر ناتواں

گر تو چیری و مرا خود یار نیست ۔ بندہ فرمانم بدانم کار نیست
تو ہے غالب - کب کوئی یاور مرا ۔ حکم کا بندہ ہوں اس سے کام کیا

میزنم با تو بجد تا زندہ ام ۔ من چہ کارہ نصرتم من بندہ ام
ہوں تری کوشش میں جبتک زندہ ہوں ۔ میری نصرت کچھ نہیں اک بندہ ہوں

میزنم تا در رسد حکم خدا ۔ او کند ہر خصم از خصمی جدا
سعی ہے جب تک کہ ہے حکم خدا ۔ وہ کرے دشمن کو کینے سے جدا

گفت نے نے مہلتم باید نہاد ۔ عشوہ ہا کم دہ تو کم پیمائے باد
بولا مجھ مہلت تو ملنی چاہیئے ۔ نازش اتنی بھی نہیں زیبا تجھے

حق تعالیٰ وحی کردش در زماں ۔ مہلتش دہ متسع مہراس ازاں
حق تعالیٰ نے مگر یوں وحی کی ۔ کر نہ خوف اور دے اسے مہلت بڑی

این چہل روزش بدہ مہلت بطوع ۔ تا سگالد مکر ہا او نوع نوع
مہلت اب چالیس دن کی دے اسے ۔ تا کہ گوناگوں وہ حیلے سوچ لے

تا بکوشد او کہ نے من خفتہ ام — تیز رو گو پیش رو بگرفتہ ام

اور کرے کوشش کہ میں غافل نہیں — چل کہ میں نے تجھ کو پکڑا بالیقیں

حیلہ ہاشاں را ہمہ برہم زنم — وانچہ افزایند من برکم زنم

اُن کے سب حیلوں کو میں برہم کروں — جس قدر وہ بڑھ چلیں میں کم کروں

آب را آرند من آتش کنم — نوش خوش گیرند من ناخوش کنم

پانی وہ لائیں تو آگ اس کو کروں — ناخوشی میں ان کی خوشیوں میں بھروں

مہر پیوندند من ویراں کنم — آنچہ اندر وہم ناید آں کنم

وہ ملیں آپس میں، میں ویراں کروں — ہو نہ جس کا وہم وہ ساماں کروں

تو مترس و مہلتش دہ بس فراز — گو سپہ گرد آر و صد حیلت بساز

تو نہ ڈر اور اسکو مہلت دے بڑی — کہدے لے آ فوج اور کر حیلہ گری

حضرتِ موسیٰ علیہ السلام کا فرعون کو مہلت دینا

گفت امر آمد برو مہلت ترا — من بجائے خود شدم رستی ہلا

بولے موسیٰ علیہ السلام حکم مہلت آ گیا — میں چلا [illegible] تو بچ رہا

او ہمے شد اژدہا اندر عقب — چوں سگ صیاد دانا و محب

وہ چلے اور اژدہا پیچھے چلا — کتا دانا جس طرح صیاد کا

چوں سگ صیاد جنباں کردہ دم — سنگ را ہم کرد ریگ و زیر سم

ٹیڑھی کرتا اور ہلاتا اپنی دم — ریت پتھر کو بناتا زیر سم

سنگ و آہن را بدم در می کشید — خرد می خائید آہن را پدید

لوہا اور پتھر نگلتا جاتا تھا — لوہے کے ٹکڑے بنا ہر جا بنا

در ہوا می کرد خود بالائے چرخ — کہ ہزیمت می شد از وے روم و کرخ

یوں ہوا میں اڑتا تھا بالائے چرخ — بھاگ گئے تھے ڈر سے اس کے روم و کرخ

کف همی انداخت چون اشتر ز کام — قطرہ بر ہر کہ می‌زد شد جذام

منہ سے مثل شتر کف ڈالتا — ہوتا کوڑھی۔ قطرہ جس پہ پڑتا تھا

زغ زغ دندان او دل می‌شکست — جان شیران سیہ می‌شد ز دست

ٹوٹتے دل دانتوں کی آواز سے — شیروں کے بھی چھکے تھے چھوٹے ہوئے

چون بقوم خود رسید آن مجتبا — شدق او بگرفت باز او شد عصا

پہنچے اپنی قوم میں جب با صفا — اور پھن پکڑا تو وہ پھر تھا عصا

تکیہ بر وی کرد و می‌گفت ای عجب — پیش ما خورشید و پیش خصم شب

اس پہ تکیہ کر کے کہتے تھے عجب — ہمکو سورج سامنے دشمن کے شب

ای عجب چون می‌نبیند این سپاہ — عالمی پر آفتاب چاشتگاہ

ہے عجب۔ اس کو نہ گر دیکھے سپاہ — ہے جہاں میں آفتاب صبح گاہ

چشم باز و گوش باز و این ذکا — خیرہ‌ام در چشم بندی خدا

کان آنکھیں ذہن ہے سب کچھ کھلا — ہے نظر بندی حق حیرت فزا

من ز ایشان خیرہ ایشان ہم ز من — از بہار خار ایشان من سمن

مجھ سے وہ حیراں ہیں اُن پہ خندہ زن — ہوں بہار خار سے ان کی سمن

پیش‌شان بردم بسی جام رحیق — سنگ شد آبش بہ پیش آن فریق

جام مے میں اُن کے آگے لے گیا — پانی اُن کے سامنے پتھر ہوا

دستہ گل بستم و بردم بہ پیش — ہر گلی چون خار گشت و نوش نیش

دستہ گل لے گیا کرنے کو پیش — پھول نکلے خار اور تھا نوش نیش

آن نصیب جان بیخویشان بود — چونکہ باخویشند پیدا کی شود

وہ میسر بے خودوں کو ہے حضور — جبکہ وہ باخود ہیں کیونکر ہو سرور

خفتہ بیدار باید پیش ما — تا بہ بیداری ببیند خوابہا

خفتہ کو بیدار ہونا چاہیے — خواب بیداری میں تا وہ دیکھ لے

دشمن ایں خوابِ خوش شد فکرِ خلق — تا نخسپد فکرتش بستہ است حلق

دشمن ایسی نیند کی ہے فکر خلق — تا نہ سوئیں فکر باندھے اُن کے حلق

حیرتے باید کہ روبد فکر را — خوردہ حیرت فکر را و ذکر را

چاہئے حیرت کہ جھاڑے فکر کو — کھا گئی وہ فکر کو اور ذکر کو

ہر کہ کامل تر بود او در ہنر — او بصورت پس بمعنی پیشتر

جو ہنر میں سست اور کاہل رہے — ظاہرا پیچھے ہٹے معنًا بڑھے

راجعون گفت و رجوع ایں ساں بود — کہ گلہ وا گردد و خانہ رود

راجعون بولا رجوع اس طور سے — جیسے جائے گھر کو ریوڑ لوٹ کے

چونکہ گلہ باز گردد از ورود — پس فتد آں بز کہ پیش آہنگ بود

گلہ جس دم چر کے لوٹے دشت سے — بھیڑ جو آگے تھی وہ پیچھے رہے

پیش افتد آں بزِ لنگِ پسیں — اضحک الرجعیٰ وجوہ العابسین

پیچھے والی بھیڑ آگے ہو وہیں — ترش رو ہنستے ہیں وقت واپسیں

از گزافہ کے شدند ایں قوم لنگ — فخر را دادند و بخریدند ننگ

جھوٹ ہے یہ کب ہوئی یہ قوم لنگ — فخر دے کر مول لے بیٹھے ہیں ننگ

پا شکستہ میروند ایشاں بحج — از حرج راہیست پنہاں تا فرج

پا شکستہ جا رہے ہیں بہر حج — ہے حرج[1] سے راہ پنہاں تا فرج[2]

دل ز دانشہا بشستند ایں فریق — زانکہ ایں دانش نداند آں طریق

عقل سے بیزار دل ہے یہ فریق — دانشِ دُنیا نہ جانے یہ طریق

دانشے باید کہ اصلش زاں سر است — زانکہ ہر فرعے باصلش رہبر است

عقل وہ ہے اصل ہے جس کی اُدھر — فرع اپنی اصل کی ہے راہبر

[1] تکلف۔ تکلیف ؛

[2] کشادگی۔ راحت ؛

هر پرے بر عرض دریا کے پرد ۔۔۔ تا لدن علم لدنی مے پرد

پاٹ پر دریا کے کب ہر پر اڑے ۔۔۔ معرفت کو علم عرفاں پا سکے

پس چرا علمے بیاموزی بمرد ۔۔۔ کش بباید سینہ را زاں پاک کرد

تو سکھائے علم ایسا کس لئے ۔۔۔ جس سے سینہ پاک اسے کرنا پڑے

پس مجو پیشی ازیں سر لنگ باش ۔۔۔ وقت واگشتن تو پیش آہنگ باش

اس سرے سے تو نہ بڑھ اور لنگ ہو ۔۔۔ لوٹنے کے وقت پیش[۱] آہنگ ہو

آخرون السابقون باش[۲] اے ظریف ۔۔۔ بر شجر سابق بود میوہ لطیف

آخرین السابقون بن اے ظریف ۔۔۔ پیڑ پر سابق رہے میوہ لطیف

گرچہ میوہ آخر آید در وجود ۔۔۔ اوّل است او زانکہ او مقصود بود

میوہ آخر ہی میں گو موجود ہے ۔۔۔ ہے وہ اوّل کیونکہ وہ مقصود ہے

چوں ملائک گو کہ لا علم لنا ۔۔۔ تا بگیرد دست تو علمتنا

جوں ملائک بول کہ لا علم لنا ۔۔۔ دستگیری تا کرے علمتنا

گر دریں مکتب ندانی تو ہجے ۔۔۔ ہمچو احمد پری از نور حجے

اور جو مکتب میں نہ جانے تو ہجے ۔۔۔ مثل احمد نورِ دانش سے اڑے

گر نباشی نامدار اندر بلاد ۔۔۔ گم نۂ واللہ اعلم بالعباد

گو نہ ہو مشہورِ امصار و بلاد ۔۔۔ گم نہیں۔ واللہ اعلم بالعباد

اندریں ویرانہ کاں معروف نیست ۔۔۔ از برائے حفظ گنجینہ زریست

اس خرابے میں جسے شہرت نہیں ۔۔۔ گنج زر کی ہے حفاظت کا یقیں

موضع معروف کے بنہند گنج ۔۔۔ زیں قبل آمد فرج در زیر رنج

موضعِ مشہور میں رکھتے نہیں گنج ۔۔۔ اس طرح راحت ہے گو یا تحتِ رنج

۱؎ پیشِ قدم ۔

۲؎ جو آخر میں ہیں۔ وہی سبقت لے جانے والے ہیں ۔

خاطر آرد بس شکال اینجا ولیک | بگسلد اشکال را دستور نیک
مشکلیں اندیشہ کرے پیدا مگر | توڑے سب مشکلیں طریقہ نیک تر

دست عشقش آتشِ اشکال سوز | ہر خیالے را ابروبد نورِ روز
عشق اس کا آگ مشکل سوز ہے | اس سے ہر اک فکر نور افروز ہے

ہم از آنسو جو جواب اے مرتضےٰ | کایں سوال آمد از آنسو مر ترا
ڈھونڈ اُدھر ہی سے جواب اے باصفا | جس طرف سے یہ سوال اس دم اٹھا

گوشۂ بے گوشۂ دل شہرہ ایست | تاب لاشرقی ولاغربی از مہیست
گوشۂ دل ہے عجب اک شاہراہ | شرقی و غربی نہیں یہ نورِ ماہ

تو ازیں سو و از آنسو چوں گدا | اے کہ معنی چہ مے جوئی صدا
تو جو ڈانواں ڈول ہے مثلِ گدا | گرچہ معنی ہے تو کیا ڈھونڈے صدا

ہم از آنسو جو کہ وقتِ درد تو | میشوی در ذکر یا ربی دو تو
اس طرف سے ڈھونڈ تو جب وقتِ درد | کہتا یا ربی ہے بھر کر آہِ سرد

وقتِ مرگ و درد آنسو می جہی | چونکہ دردت رفت چونی اعجمی
وقتِ مرگ و درد اُدھر جھکتا ہے تو | مٹ گیا جب درد بے پروا ہے تو

وقتِ محنت گشتۂ اللہ گو | چونکہ محنت رفت گوئی راہ کو
وقتِ محنت اللہ اللہ تو کرے | وقت جب گذرے تو مستغنی رہے

در زمانِ درد و غم یادش کنی | چوں شدی خوش باز بر غفلت تنی
درد و غم میں یاد کرتا ہے اسے | جب ہو خوش تو ہمیں غفلت میں پڑے

ایں ازاں آمد کہ حق را بیگماں | ہر کہ بشناسد بود دائم بر آں
اس لئے ہے یہ کہ حق کو برملا | جس نے پہچانا وہ اس کا ہو گیا

آنکہ در عقل و گماں ہستش حجیب | گاہ پوشیدہ است و گہ بدریدہ جیب
ہو گمان و عقل میں جس کے حجاب | ہے کبھی پوشیدہ گا ہے بے نقاب

عقلِ جزوی گاہ خیرہ گہ نگون — عقلِ کلی ایمن از ریب المنون
عقلِ جزوی دنگ ہے اور سرنگوں — عقلِ کل سارے شکوں سے ہے بروں

عقل بفروش و ہنر حیرت بخر — رو بخواری نہ بخارا اے پسر
عقل کو تو بیچ دے حیرت کو لا — سمت خواری جا بخارا کو نہ جا

تا بخارا آ و گر یابی دروں — ساکناں در محفلش لا یفقہون
ہو بخارا میں اگر کشف بطون — اہلِ محفل سب ملیں لا یفقہون

ما چو خود را در سخن آغشتہ ایم — کز حکایت با حکایت گشتہ ایم
خود کو میں نے بات میں الجھا لیا — ہوں حکایت سے حکایت خود بنا

من عدم افسانہ کردم در جنین — تا تقلب یا بہم اندر ساجدین
میں نے یہ قصہ عدم میں بھی کہا — ساجدوں میں تا ہو میرا لوٹنا

ایں حکایت نیست پیشِ مردِ کار — وصفِ حالست و حضورِ یارِ غار
سامنے عاقل کے یہ قصہ نہیں — حال ہے اور ہے حضوری بالیقیں

آں اساطیر الاولیں گفت عاق[۱] — حرفِ قرآں را بد آموزِ نفاق
حرفِ قرآں کو اساطیر الاولیں[۲] — منکروں نے کہہ دیا از راہِ کیں

لامکانے کہ درو نورِ خداست — ماضی و مستقبل و حالش کجاست
لامکاں جس میں کہ ہے نورِ خدا — اس میں ماضی حال و مستقبل ہو کیا

ماضی و مستقبلش نسبت بتوست — ہر دو یک چیز اند و پنداری کہ دوست
تجھ سے نسبت ماضی استقبال کو — دونوں ہیں ایک اور تو سمجھا ہے دو

یک تنے او را پدر ما را پسر — بام زیرِ زید و بر عمرو آں زبر
ایک شخص اس کا پدر میرا پسر — زید کو چھت بام ہے بر سرِ عمرو

۱ جاہل ۔
۲ پہلے لوگوں کے قصے ۔

نسبت بر و زیر شد زین و کس ‌‌ ‌ سقف سوئے خویش یک است و بس

دونوں سے ہے نسبت زیر و زبر ‌ ‌ ورنہ چھت ہے ایک ہی سا کچھ غور کر

نیست مثل آن مثالست این سخن ‌ ‌ قاصر از معنی نو حرف کہن

مثل اس کے کب ہے تمثیلی سخن ‌ ‌ تنگ[1] ہیں معنی نو، حرف کہن

چوں لب جو نیست مشکا لب ببند ‌ ‌ بے لب و ساحل است این بحر قند

گو نہیں ساحل سو تو کر ہونٹوں کو بند ‌ ‌ یعنی بے ساحل ہے یہ دریائے قند

این سخن پایاں ندارد باز گرد ‌ ‌ سوئے فرعون منتہی تا چہ کرد

یہ سخن بے انتہا ہے لوٹ جا ‌ ‌ دیکھ کیا فرعون سرکش نے کیا

فرعون کا جادوگروں کو تلاش کرنا

چونکہ موسیٰؑ بازگشت و او بماند ‌ ‌ اہل رائے و مشورت را پیش خواند

جب گئے موسیٰؑ وہ تنہا رہ گیا ‌ ‌ اور طلب اس نے مشیروں کو کیا

مجتمع گشتند و بفشردند پائے ‌ ‌ ہر کسے کردند عرض فکر و رائے

جمع سب آکے جا ہوئے بڑھ بڑھ کے آئے ‌ ‌ عرض کر دی سب نے اپنی اپنی رائے

عاقبت ہامان بے سامان دوں ‌ ‌ رائے پیش آورد و گردش رہنموں

آخر اس ہاماں نے بے ساماں جو تھا ‌ ‌ رائے دی اور آگے بڑھ کر یوں کہا

کاے شہ صاحب ظفر چوں غم فزود ‌ ‌ ساحراں را جمع باید کرد زود

اے شہ فاتح بہت غم بڑھ گئے ‌ ‌ ساحروں کو جمع کرنا چاہیئے

در ممالک ساحران اند ہم ما ‌ ‌ ہر یکے در سحر فرد و پیشوا

سلطنت میں ہیں تری ساحر بہت ‌ ‌ سحر کے فن میں ہیں وہ ماہر بہت

[1] یعنی اس کی صفات میں معنی نو اور حرف کہن کے بیان کا دائرہ تنگ ہے۔

مصلحت آنست کز اطراف مصر | جمع آردشان شہ و صرّاف مصر

مصلحت یہ ہے کہ اُن کو مصر سے | حکم دے تو جمع ہونے کے لئے

او بسے مردم فرستاد آن زمان | در نواحی بہر جمع جادوان

اس نے بھیجے پھر بہت سے آدمی | ساحروں کو جمع کر لائیں ابھی

ہر طرف کہ ساحرے بد نامدار | کرد پرّان سوئے او دہ مرد کار

تھا جہاں بھی کوئی ساحر ہوشیار | بھیجے اس کے پاس دس مردانِ کار

دو جوان بودند ساحر مشتہر | سحر ایشان در دل مہ مستمر

تھے وہاں مشہور ساحر دو جواں | اُن کا جادو قلبِ مہ میں ضو فشاں

شیر دوشیدہ ز مہ فاش آشکار | در سفرہا رفتہ بر خمّے سوار

چاند سے وہ دوہتے تھے دودھ بھی | اور مٹکے پہ سفر کرتے کبھی

شکل کرباسی نمودہ آفتاب | او بپیمودہ فروشیدہ شتاب

صورت کرباس اکثر دھوپ کو | ناپ کر وہ بیچ دیتے دوستو

سیم بردہ مشتری آگہ شدہ | دست از حسرت بر رخہا بر زدہ

مشتری کو اس کی جب ہوئی خبر | دستِ حسرت مارتا تھا رخسار پر

صد ہزاران ہمچنین در جادوئی | بود انشا و نبودہ چون روی

لاکھوں ایسے سحر اُن کو یاد تھے | بھیجتے نہ وہ حرفِ روی پھر دوبارہ

چون بدیشان آمد این پیغام شاہ | کز شما شاہ است اکنون چارہ خواہ

اُن کو پہنچا شاہ کا جب یہ پیام | چارہ جو تم سے ہے سلطانِ انام

از پئے آنکہ دو درویش آمدند | بر شہ و بر قصر او موکب زدند

وجہ یہ ہے آئے ہیں درویش دو | شاہ کو گھیرا ہے اور اس قصر کو

۱؎ یعنی جس طرح حرف روی بار بار آتا ہے۔ اس طرح وہ ایک ہی سحر بار بار نہ کرتے تھے۔ بلکہ انہیں لاکھوں مختلف سحر یاد تھے ؛

کہ دو مرد او را بہ تنگ آوردہ اند — آبرو و ریش پیش لشکر بردہ اند

تنگ دو شخصوں نے اس کو ہے کیا — آبرو لی پیش لشکر برملا

نیست با ایشاں سلاح و لشکرے — جز عصا و در عصا شور و شرے

ہیں نہ ہتھیار اور نہ لشکر انکے پاس — لڑتے ہیں صرف اک عصا سے بے ہراس

تو جہانِ راستاں در رفتۂ — گرچہ در صورت بخاکے خفتۂ

راست لوگوں کے جہاں میں تو گیا — سو رہا ہے خاک میں گو ظاہرا

آں اگر سحر است وا ما را خبر — ور خدائی باشد اے جانِ پدر

گر وہ جادو ہے تو ہم کو دے خبر — اور خدائی ہو جو اے روحِ پدر!

ہم خبر دہ تا کہ ما سجدہ کنیم — خویش را بر کیمیائے بر زنیم

تو خبر دے تا کہ ہم سجدہ کریں — کیمیا سے خود کو وابستہ کریں

ناامیدانیم امیدے رسد — در شبِ دیجور خورشیدے رسد

یہ ہماری یاس بدلے آس سے — اس اندھیری رات میں سورج ملے

از ضلال آئیم در راہِ رشد — راندگانیم و کرم ما را کشد

سوئے نیکی آئیں گمراہی سے ہم — راندۂ درگاہ ہیں، پائیں کرم

ساحر مردہ کا جواب دینا

گفتشاں در خواب کاے اولادِ من — نیست ممکن ظاہر ایں را دم زدن

خواب میں اس نے کہا بچو مرے — ظاہرا دم مارنا ممکن کسے

فاش مطلق گفتنم دستور نیست — لیک راز از پیش چشمم دور نیست

گو عیاں کرنا نہیں دستور ہے — راز لیکن آنکھ سے کب دور ہے؟

یک نشانے وا نمایم با شما — تا شود پیدا شما را ایں خفا

اک نشانی میں دکھاتا ہوں تمہیں — راز پوشیدہ بتاتا ہوں تمہیں

کہ دو مرد او را بہ تنگ آوردہ اند — آبروئے پیش لشکر بردہ اند
تنگ دو شخصوں نے اس کو ہے کیا — آبرو لی پیش لشکر بر ملا

نیست با ایشاں سلاح و لشکرے — جز عصا و در عصا شور و شرے
ہیں نہ ہتھیار اور نہ لشکر انکے پاس — لڑتے ہیں صرف اک عصا سے بے ہراس

تو جہانِ راستاں در رفتۂ — گرچہ در صورت بخاکے خفتۂ
راست لوگوں کے جہاں میں تو گیا — سو رہا ہے خاک میں گو ظاہرا

آں اگر سحرست وہ مارا خبر — ور خدائی باشد اے جانِ پدر
گر وہ جادو ہے تو ہم کو دے خبر — اور خدائی ہو جو اے روحِ پدر!

ہم خبر دہ تا کہ ما سجدہ کنیم — خویش را بر کیمیائے بر زنیم
تو خبر دے تا کہ ہم سجدہ کریں — کیمیا سے خود کو وابستہ کریں

نا امیدانیم امیدے رسد — در شبِ دیجور خورشیدے رسد
یہ ہماری یاس بدلے آس سے — اس اندھیری رات میں سورج ملے

از ضلال آئیم در راہِ رشد — راندگانیم و کرم مارا کشد
سوئے نیکی آئیں گمراہی سے ہم — راندۂ درگاہ ہیں، پائیں کرم

ساحر مردہ کا جواب دینا

گفت شاں در خواب کاے اولادِ من — نیست ممکن ظاہر ایں را دم زدن
خواب میں اُس نے کہا بچو مرے — ظاہرا دم مار ناممکن ہے

فاش و مطلق گفتنم دستور نیست — لیک راز از پیشِ چشمم دور نیست
گو عیاں کرنا نہیں دستور ہے — راز لیکن آنکھ سے کب دور ہے؟

یک نشانے وانمایم با شما — تا شود پیدا شما را ایں خفا
اک نشانی میں دکھاتا ہوں تمہیں — راز پوشیدہ بتاتا ہوں تمہیں

نور چشما ہم چو آنجا مے روید | از مقام خواب شان آگہ شوید
نورِ چشمو جب کہ تم جاؤ وہاں | ڈھونڈنا تم اُن کے سونے کا مکاں

آن زمانکہ خفتہ باشد آن حکیم | آن عصا گیرید و بگذارید بیم
جب کہ وہ سو جائیں وہ دونوں حکیم | وہ عصا لو۔ دُور کر دو خوف و بیم

گر بدزدید آن عصا شان ساحرست | چارۂ ساحر شمارا حاضرست
ہے عصا ساحر۔ جو لو اس کو چرا | ہے تمہیں معلوم ساحر کی دوا

ور نتانید ہان آن ایزدیست | او رسول ذوالجلال و مہتدیست
گر نہ ہو ایسا تو وہ ہے ایزدی | ہے رسول ذوالجلال اور رہنما ہی

گر جہان فرعون گیرد شرق و غرب | سرنگون آید ز حق درگاہ حرب
فتح گر فرعون کر لے شرق و غرب | حق سے عاجز آئے وہ ہنگام حرب

این نشان راست دادم جان باب | بر نویس اللہ اعلم بالصواب
ہے نشاں سچا دیا۔ ہو کامیاب | لکھ لو اسے واللہ اعلم بالصواب

جان بابا چون بخسپد ساحرے | سحر و مکرش را نباشد رہبرے
جان بابا! سوئے جب ساحر کوئی | سحر و مکر اسکا کرے کیا رہبری

چونکہ چوپان خفت گرگ ایمن شود | چونکہ خفت آن جہد او ساکن شود
گلہ بان سو یا۔ نڈر ہے بھیڑیا | سونے سے زور اُس کا ساکن ہو گیا

لیک حیوانے کہ چوپانش خداست | گرگ را آنجا امید و رہ کجاست
ہاں مگر جس کا محافظ ہو خدا | بھیڑیے کو اس جگہ ہو بار کیا

جادوئے کہ حق کند حق است راست | جادوئے خواندن مر آن حق را خطاست
جو کرے جادو تو ہے حق اور روا | حق پہ کرنا سحر ہے بالکل خطا

جان بابا این نشان قاطع است | گر بمیرد نیز حقش رافع است
جان بابا! یہ ہے روشن اک نشاں | مر کے بھی پائے بلندی سے گماں

عصا خواب موسیٰؑ اور جادوگروں کی تشبیہ

مصطفیٰؐ را وعدہ کرد الطافِ حق	گر بمیری تو نمیرد آں سبق
تھا نبیؐ سے وعدۂ الطافِ حق	تیرے مرنے سے مٹے گا کب سبق
من کتاب و معجزت را رافعم	بیش و کم کن را ز قرآں مانعم
میں اُٹھاؤں گا کتاب اور معجزا	بیش و کم ہو گا نہ قرآں میں ذرا
من ترا اندر دو عالم حافظم	طاعناں را از حدیثت رافضم
میں دو عالم میں ترا حافظ رہوں	دُور باغی کو حدیثوں سے رکھوں
کس نتاند بیش و کم کردن درو	تو بہ از من حافظے دیگر مجو
بیش و کم کوئی کرے طاقت کہاں	مجھ سا حافظ کون ہو گا بیگماں
رونقت را روز افزوں میکنم	نام تو بر زر و بر نقرہ زنم
روز افزوں میں کروں رونق تری	سونے چاندی پہ ہو سکہ نبیؐ
منبر و محراب سازم بہر تو	در محبت قہر من شد قہر تو
دوں تجھے میں منبر و محراب بھی	قہر میرا قہر تیرا ہے نبیؐ
نام تو از ترس پنہاں میگفتند	چوں نماز آرند پنہاں میشوند
نام تیرا ڈر سے لیتے ہیں نہاں	چھپ کے پڑھتے ہیں نمازیں پنہاں
خفیہ میگویند نامت را کنوں	خفیہ ہم بانگ نماز اے ذوفنوں
خفیہ تیرا نام لیتے ہیں وہ اب	اور اذاں آہستہ دیتے ہیں وہ اب
از ہراس ترس کفارِ لعیں	دینت پنہاں میشود زیرِ زمیں
ہے جو اس کو خوف کفارِ لعیں	دین چھپتا ہے ترا زیرِ زمیں
من منارہ پر کنم آفاق را	کور گردانم دو چشم عاق را
میں منارہ دہر میں کر دوں بلند	دونوں آنکھیں کر دوں گمراہوں کی بند

چاکرانت شہرہا گیرند و جاہ — دین تو گیرد ز ماہی تا بماہ

تیرے خادم شہر لیں اور عزّ و جاہ — دین ہو ماہی سے لے کر تا بماہ

تا قیامت باقیش داریم ما — تو مترس از نسخ دیں اے مصطفےٰ

تا قیامت رکھیں باقی ہم اسے — نسخ دیں سے تو نہ ڈر مرسل مرے!

اے رسول ما تو جادو نیستی — صادقی ہم خرقۂ موسیٰ ستی

میرے پیغمبر! تو جادو گر نہیں — تو ہے صادق مثل موسیٰ بالیقیں

ہست قرآں مر ترا ہمچوں عصا — کفرہا را در کشد چوں اژدہا

ہے یہ قرآں تجھ کو مانند عصا — کفر کو نگلے بہ شکل اژدہا

تو اگر در زیر خاکے خفتۂ — چوں عصایش داں تو آنچہ گفتۂ

خاک میں بھی تو اگر ہو محو خواب — قول تیرا ہے عصا اے خوش خطاب

گرچہ باشی خفتہ تو در زیر خاک — چوں عصا آلہ بود آں گفت پاک

گرچہ زیر خاک تو سو جائے گا — قول پاک آلہ[1] ہو مانند عصا

قاصداں را بر عصایت دست نے — تو بخسپ اے شہ مبارک خفتۂ

قاصدی تیرا عصا کب پا سکے — شوق سے آسودہ ہو کر نیند لے

تن بخفتہ نور جاں در آسماں — بہر پیکار تو زہ کردہ کماں

تن ہے خفتہ آسماں پر نور جاں — ہے حمایت کے لئے کھینچے کماں

فلسفی و آنچہ پوزش می کند — قوس نورت تیر دوزش می کند

فلسفی گھڑتا ہے جو کچھ فلسفے — تیر کھاتا ہے کمانِ نور سے

آنچناں کرد و ازاں افزوں کہ گفت — او بخفت و بخت و اقبالش نخفت

ہو گیا یہ بلکہ اس سے بھی سوا — سو گئے وہ ہے نصیبہ جاگتا

[1] آلہ حفاظت ۔

حضرت موسیٰؑ کا باقی قصہ

جان بابا چونکہ ساحر خواب شد ؎ | کار او بے رونق و بے آب شد
جان بابا جبکہ ساحر سو گیا | کام سارا اس کا ابتر ہو گیا
ہر دو از گورش رواں گشتند تفت | تا بمصر از بہر آں پیکار زفت
دونوں اس کی قبر سے راہی ہوئے | جانب مصر اس لڑائی کے لئے
چوں بمصر از بہر آں کار آمدند | طالب موسیٰؑ و خانہ او شدند
مصر میں پہنچے جو وہ اس کام سے | گھر کا موسیٰؑ کے پتہ لینے لگے
اتفاق افتاد کاں روز ورود | موسیٰؑ اندر زیر نخلے خفتہ بود
اتفاق اس روز کچھ ایسا ہوا | موسیٰؑ زیر نخل سوتے تھے تنہا
پس نشاں دادندشاں مردم عیاں | کش بنخلستاں بجوئید ایں زماں
دے دیا لوگوں نے اُن کو یہ نشاں | ڈھونڈو نخلستان میں اسوقت ہاں
آمدند آں ہر دو تا خرما بناں | خفتہ بود او لیک بیدار جہاں
آئے دونوں باغ میں خرما کے ہاں | خواب میں موسیٰؑ تھے بیدار جہاں
بہر نازش بستہ بود او چشم سر | عرش و فرشش جملہ در پیش نظر
بہر نازش بند تھیں آنکھیں مگر | عرش و فرش انکے تھے سب پیش نظر
اے بسا بیدار چشم و خفتہ دل | خود چہ بیند چشم اہل آب و گل
ہیں بہت بیدار چشم و خفتہ دل | دیکھے کیونکر چشم اہل آب و گل
و آنکہ دل بیدار دارد چشم سر | گر بخسپد بر کشاید صد بصر
جس کا دل بیدار ہو وہ سوئے گر | سو کئی ہو جاتی ہے اُس کی نظر

؎ ساحر کی روح اپنے بچوں سے کہہ رہی ہے ۔

گر تو اہلِ دل نۂ بیدار باش طالبِ دل باش و درپے کار باش

گر تو اہلِ دل نہیں بیدار رہ طالبِ دل اور صرفِ کار رہ

ور دلت بیدار شد میخسپ خوش نیست غائب ناظرت از ہفت و شش

اور جو دل بیدار ہے تو خوب سو جو ترا ناظر ہے کب پنہاں وہ ہو

گفت پیغمبر کہ خسپد چشمِ من لیک کے خسپد دلم اندر وسن

بولے پیغمبر ہیں آنکھیں محوِ خواب دل مرا سوتا نہیں اسے کامیاب

شاہ بیدار است و حارس خفتہ گیر جاں فدائے خفتگانِ دل بصیر

شاہ ہے بیدار خفتہ پاسباں جنکے دل جاگیں فدا ہو اُن پہ جاں

وصفِ بیداریِ دل اے معنوی در نگنجد در ہزاراں مثنوی

وصفِ بیداریِ دل اے معنوی کب سمائے ہوں جو لاکھوں مثنوی

چوں بدیدندش کہ خفتہ ست او دراز بہرِ دزدیِ عصا کردند ساز

جب یہ دیکھا سو رہے ہیں وہ پڑے وہ عصا لینے کے ڈھب کرنے لگے

ساحراں قصدِ عصا کردند زود کز پسش باید شدن آنگہ چہ بود

ساحروں نے یہ کیا تھا منشورا پیچھے سے ہم اس عصا کو لیں چرا

اندکے چوں پیشتر کردند ساز اندر آمد آں عصا در اہتزاز

آگے بڑھنے کا جو کچھ ساماں کیا وہ عصا جنبش میں آیا برملا

آنچناں برخود بلرزید آں عصا کاں دو بر جا خشک گشتند از وجا

خود بخود اس درجہ لرزا وہ عصا خشک ہو کر رہ گئے وہ ناسزا

بعد از آں شد اژدہا و حملہ کرد ہر دو آں بگریختند و روئے زرد

اژدہا بن کر ہوا پھر حملہ ور زرد رُو ہو کر وہ بھاگے فتنہ گر

رُو در افتادن گرفتند از نہیب غلط غلطاں منہزم اندر نشیب

چلتے چلتے خوف سے وہ گر گئے اور لڑھک کر اک گڑھے میں جا پڑے

پس یقین شاں شد کہ ہست از آسماں ‖ زانکہ می دیدند حدِّ ساحراں

تھا یقیں دکھلا جانبِ اللہ کا ‖ ساحروں کی حد سے تھے وہ آشنا

پس ازیں رو علمِ سحر آموختن ‖ نیست ممنوع و حرام و ممتہن

اس لئے جادو کے فن کو سیکھنا ‖ ہے نہیں منع و حرام اے باصفا

بعد ازاں اطلاقِ تپ شاں شد پدید ‖ کارِ شاں تا نزع و جاں کندن رسید

پھر بڑھی تپ اور دست آنے لگے ‖ ہو گئے آثار طاری نزع کے

پس فرستادند مردے در زماں ‖ سوئے موسیٰؑ از برائے عذرِ آں

آدمی بھیجا وہاں سے ڈھونڈ کے ‖ سوئے موسیٰؑ عذر خواہی کے لئے

کامتحاں کردیم مارا کے رسد ‖ امتحانِ تو اگر نبود حسد

امتحاں کرنا ہمیں واجب نہ تھا ‖ وجہ تھی اس کی حسد ہی برملا

مجرمِ شاہیم مارا عذر خواہ ‖ اے تو خاص الخاصِ درگاہِ الٰہ

مجرمِ سلطاں ہیں تجھ سے عذر خواہ ‖ تو ہے خاص الخاص درگاہِ الٰہ

عفو کرد و در زماں نیکو شدند ‖ پیشِ موسیٰؑ ساجد و دوتو شدند

دی معافی۔ دونوں اچھے ہو گئے ‖ سامنے موسیٰؑ کے سجدے میں گر گئے

درگذر از ما کہ ما کردیم بد ‖ اے ترا الطاف و فضل بے عدد

اور کہا تو ہم سے اب کر درگذر ‖ تیرے الطاف و کرم ہیں بیشتر

گفت موسیٰؑ عفو کردم اے کرام ‖ گشت بر دوزخ تن و جاں تان حرام

بولے موسیٰؑ دی معافی اے کرام ‖ آگ دوزخ کی ہوئی تم پہ حرام

من شمارا خود ندیدم اے دو یار ‖ اعجمی سازید خود را ز اعتذار

میں نے تم کو خود وہاں دیکھا نہ تھا ‖ عذر کرنے کا بھلا موقع ہے کیا

ہمچناں بیگانہ شکل و آشنا ‖ در نبرد آئید پیشِ پادشا

بس یونہی بیگانہ شکل و آشنا ‖ آنا تم لڑنے کو پیشِ بادشا

آنچه باشد مر شما را از فنون — جمع آرید از برون و از درون
سحر کے فن جس قدر ہوں یاد اب — اندر اور باہر سے کر لو جمع سب

پس زمین را بوسہ دادند و شدند — انتظارِ وقت فرصت مے بدند
وہ زمیں کو بوسہ دے کر چلدئے — انتظارِ وقت فرصت میں رہے

جادوگروں کا فرعون کے پاس آنا

تا بفرعون آمدند آں ساحراں — دادشاں تشریفہائے بیکراں
پاس سب فرعون کے ساحر وہ آئے — اور اس سے خلعت و انعام پائے

وعدہاشاں کرد و ہم پیشیں بداد — بردگاں اسپان و نقد و جنس و زاد
کچھ کئے وعدے دیا کچھ پیشگی — کچھ غلام اور اسپ نقد و جنس بھی

بعد از آنشاں گفت ہاں اے مشتاقاں — گر فزوں آئید اندر امتحاں
پھر کہا اُن سے کہ اہلِ شوق ہاں — غالب آئے تم جو وقتِ امتحاں

بر فشانم بر شما چندیں عطا — کہ بدرد پردہ جود و سخا
اسقدر تم پر کروں لطف و عطا — ہو دریدہ پردۂ جود و سخا

پس بگفتندش باقبالِ تو شاہ — غالب آئیم و شود کارش تباہ
سب یہ بولے ہے اگر اقبالِ شاہ — غالب آئیں اور کریں اسکو تباہ

ما دریں فن صفدریم و پہلواں — کس ندارد پائے ما اندر جہاں
جنگجو اس فن میں ہیں ہم پہلواں — ہے ہمارا کون ہم رتبہ یہاں

ذکرِ موسیٰؑ بندِ خاطرہا شدست — کاینحکایتہاست کہ پیشیں بدست
ذکرِ موسیٰؑ بندِ خاطر ہو گیا — یہ بھی قصہ پہلے قصوں سا ہوا

ذکرِ موسیٰؑ بہرِ روپوشست لیک — نورِ موسیٰؑ نقدِ تست اے یارِ نیک
ذکرِ موسیٰؑ کا یہاں ضمناً ہوا — نورِ موسیٰؑ خود ہے تو اے باوفا

موسیٰ و فرعون در ہستی تست	باید ایں دو خصم را در خویش جست
ہیں تجھی میں موسیٰؑ و فرعون بھی	ڈھونڈ ان دونوں کو اپنے میں کبھی
تا قیامت ہست از موسیٰؑ نتاج	نور دیگر نیست دیگر شد سراج
نورِ موسیٰؑ ہوگا تا روزِ جزا	ہے وہی نور اور چراغ اک دوسرا
ایں سفال و ایں فتیلہ دیگر است	لیک نورش نیست دیگر زاں سر است
یہ چراغ اور بتی گو ہے دوسری	نور لیکن اس میں پیدا ہے وہی
گر نظر در شیشہ داری گم شوی	زانکہ در شیشہ است اعدادِ دوئی
شیشے کو دیکھے اگر ہے گمرہی	کیونکہ شیشے میں ہیں اعدادِ دوئی
ور نظر بر نور داری وا رہی	از دوئی و اعدادِ جسم اے منتہی
نور پر رکھے نظر تو ہو رہا	اس دوئی سے اور عدد سے برملا
از نظرگاہ است اے مغزِ وجود	اختلافِ مومن و گبر و یہود
ہے نظر گہ سے یہ اے جانِ وجود	اختلافِ مومن و گبر و یہود

اندھیری رات میں ہاتھی کی شکل میں اختلاف

پیل اندر خانۂ تاریک بود	عرضہ را آوردہ بودندش ہنود
ایک ہاتھی اک اندھیرے گھر میں تھا	ہند والے تھے دکھانے پر تلا
از برائے دیدنش مردم بسے	اندر آں ظلمت ہمی شد ہر کسے
دیکھنے اس کو بہت سے آدمی	جا رہے تھے اس اندھیرے میں سبھی
دیدنش با چشم چوں ممکن نبود	اندر آں تاریکیش کف مے بسود
دیکھ لینا آنکھ سے ممکن نہ تھا	ہاتھ اندھیرے میں تھا ہر اک پھیرتا
آں یکے را کف بخرطوم اوفتاد	گفت ہمچوں ناودانستش نہاد
سونڈ پر ہاتھ ایک کا جب جا پڑا	بولا اس کا جسم ہے پرنالہ سا
آں یکے را دست بر گوشش رسید	آں برو چوں بادبیزن شد پدید
دوسرے کا ہاتھ کانوں پہ پڑا	اس پہ پنکھا بن گیا وہ ظاہر ہوا

آں یکے را کف چو بر پایش بسود — گفت شکلِ پیل دیدم چوں عمود
ایک کا جب ہاتھ پاؤں پر پڑا — بولا ہاتھی کیا ہے - اک کھم ہے بڑا

آں یکے بر پشتِ او بنہاد دست — گفت خود ایں پیل چوں تختے بدست
ایک نے جب ہاتھ پھیرا پیٹھ پر — بولا یہ ہاتھی ہے تخت سخت تر

ہمچنیں ہر یک بجزوے چوں رسید — فہم آں میکرد ہر جا مے شنید
اس طرح ہر عضو پر ہر اک گیا — جس جگہ سنتا تھا - ویسا جانتا

از نظر گہ گفتِ شاں بُد مختلف — آں یکے دالش لقب داد آں الف
کہتے نظر گہ سے بیاں سب مختلف — کہتا دال اک، دوسرا کہتا الف

در کفِ ہر کس اگر شمعے بُدے — اختلاف از گفتِ شاں بیروں شدے
شمع ہوتی سب کے ہاتھوں میں اگر — اختلاف ان میں نہ ہوتا اس قدر

چشمِ حس ہمچوں کفِ دستست و بس — نیست کف را بر ہمہ آں دسترس
چشمِ حس ہے اک ہتھیلی اور بس — کب ہتھیلی کو ہے سب پر دسترس

چشمِ دریا دیگرست و کف دگر — کف بہل وز دیدہ در دریا نگر
چشمِ دریا اور ہے کف اور ہے — چھوڑ کف - دریا مقامِ غور ہے

جنبشِ کفہا ز دریا روز و شب — کف ہمے بینی و دریا نے عجب
جھاگ کی دریا سے جنبش روز و شب — دیکھے کف، دریا نہ دیکھے - ہے عجب

ما چو کشتیہا بہم بر مے زنیم — تیرہ چشمیم و در آبِ روشنیم
دست و پا ہیں مثلِ کشتی مارتے — ہم ہیں اندھے آبِ روشن میں پڑے

اے تو در کشتیٔ تن رفتہ بخواب — آب را دیدی نگر در آبِ آب
کشتیٔ تن میں جو تو سوتا ہے محوِ خواب — پانی دیکھا دیکھ لے اب آبِ آب

آب را آبیست کو میراندش — روح را روحیست کو میخواندش
آب کو اک آب رکھتا ہے رواں — ہے بلاتی روح کو اک روح ہاں

موسیٰؑ و عیسیٰؑ کجا بُد کآفتاب ۔۔ کشتِ موجودات را میداد آب
موسیٰؑ و عیسیٰؑ نہ تھے جب آفتاب ۔۔ عالمِ ایجاد کو دیتا تھا آب

آدمؑ و حواؑ کجا بود آں زماں ۔۔ کہ خدا افگند ایں زہ در کماں
آدمؑ و حواؑ کہاں تھے اُس گھڑی ۔۔ جب کمان اللہ نے یہ کھینچ لی

ایں سخن ہم ناقص ست و ابتر ست ۔۔ آں سخن کہ نیست ناقص آں سرست
یہ سخن ہے ناقص و ابتر۔ مگر ۔۔ وہ سخن ناقص نہیں جو ہے اُدھر

گر بگویم زاں بلغزد پائے تو ۔۔ ور نگویم ہیچ از آں اے وائے تو
گر کہوں لغزش ہو تیرے پاؤں کو ۔۔ کچھ نہ بولوں تجھ پہ پھر افسوس ہو

ور بگویم در مثالِ صورتے ۔۔ بر ہماں صورت بچسپی اے فتے
اور اگر دوں تجھ کو صورت سے مثال ۔۔ تو چپک جائے اسی میں بے کمال

بستہ پائی چوں گیا اندر زمیں ۔۔ سر بجنبانی ببادے بے یقیں
گھاس بن کر تو ہے پابندِ زمیں ۔۔ سر ہلے تیرا ہوا سے ہم نشیں

لیک پایت نیست تا نقلے کنی ۔۔ یا مگر پا را ازیں گِل بر کنی
پاؤں ہوں تو تو کہیں حرکت کرے ۔۔ پاؤں یا مٹی سے اپنے کھینچ لے

چوں کنی پا را حیاتت زیں گِلست ۔۔ ایں حیاتت را روش بس مشکلست
کیا کرے مٹی ہے تیری زندگی ۔۔ زندگی کی ہے روش مشکل بڑی

چوں حیات از حق بگیری اے روی ۔۔ پس غنی گردی زگِل و ز دل روی
گر حیاتِ حق ہو حاصل اے غنی ۔۔ گِل میں کیا دل میں سکونت ہو تری

شیر خوارہ چوں ز دایہ بگسلد ۔۔ لوت خوارہ شد مر اور امے ہلد
شیر خوارہ[1] جبکہ دایہ سے چھٹے ۔۔ کھانا کھائے اور اُس کو چھوڑ دے

[1] دودھ پیتا بچہ۔

بستۂ شیر زمینی چوں حبوب | جو فطام خویش از قوت القلوب

صورت دانہ ہے شیر خاک پر | قوت دل سے ترک رسم شیر کر

قوت حکمت خور کہ شد نور ستیر | اے تو نور بے حجب را ناپذیر

قوت حکمت کھا کہ ہے نور بتول | نور بے پردہ سے کیوں ہے بے حصول

تا پذیرا گردی اے جاں نور را | تا ببینی بے حجب مستور را

جب تو حاصل کر سکیگا نور کو | دیکھے گا بے پردہ ہر مستور کو

چوں ستارہ سیر بر گردوں کنی | بلکہ بے گردوں سفر بے چوں کنی

سیر تارے کی طرح ہو چرخ پر | بلکہ گردوں کیا؟ خدا تک ہو سفر

آنچناں کز نیست در ہست آمدی | ہیں بگو چوں آمدی مست آمدی

جس طرح ہستی میں آیا نیست سے | کس طرح آیا؟ بڑی مستی سے

راہہائے آمدن یادت نماند | لیک رمزے با تو برخواہیم خواند

راستہ آنے کا تجھ کو کب ہے یاد | بھید اک کہتا ہوں سن اے بامراد!

ہوش را بگذار آنگہ ہوش دار | گوش را بر بند آنگہ گوش دار

ہوش کو چھوڑ اور پھر ہو ہوشیار | کان کر بند اور پھر سن اے نگار

نے نگویم زانکہ تو خامی ہنوز | در بہاری و ندیدستی تموز

مت کہوں میں، کیونکہ تو ہے خام ہاں | ہے بہاروں میں، نہ دیکھیں گرمیاں

ایں جہاں ہمچوں درخت است اے کرام | ما برو چوں میوہ ہائے نیم خام

یہ جہان اک پیڑ ہے اے خوش کلام | ہم ہیں اس پہ میوہ ہائے نیم خام

سخت گیرد خامہا مر شاخ را | زانکہ در خامی نشاید کاخ را[1]

کچے پھل سختی سے تھامیں شاخ کو | کیونکہ وہ ہیں نامناسب کاخ کو

[1] یعنی وہ محلوں میں نہیں بھیجے جاتے۔

چون بخت و گشت شیریں لب کزاں	سست گیرد شاخہا را بعد از آں
جب وہ یک کر ہو گئے بیٹھے وہاں	شاخ کو ہیں کم پکڑتے بے گماں
چوں از آں اقبال شیریں شد دہاں	سرد شد بر آدمی ملک جہاں
جب ہوا اس اقبال سے شیریں دہاں	سرد ہوا انسان پہ ملک جہاں
سخت گیری و تعصب خامیست	تا جنینی کار خون آشامیست
سخت گیری اور تعصب، خامیاں	خون پینا ہے جنیں کا کام ہاں
چیز دیگر ماند اما گفتنش	با تو روح القدس گوید نے منش
اور ہے اک بات کہنے سے رہی	میں نہیں کہ دیگا روح القدس ہی
نے تو گوئی ہم بگوش خویشتن	نے من و نے غیر من اے ہم تو من
بلکہ اپنے کان میں تو خود کہے	بے مرے بے غیر ہیں تو ایک سے
ہمچوں آں وقتے کہ خواب اندر روی	تو ز پیش خود بہ پیش خود شوی
جس طرح سوتے ہیں اندر خواب کے	خود ہی تو آ جاتے اپنے سامنے
بشنوی از خویش و پنداری فلاں	با تو اندر خواب گفتست آں نہاں
خود سنے اپنے سے اور سمجھے فلاں	کہ گیا ہے خواب میں راز نہاں
تو یکے تو نیستی اے خوش رفیق	بلکہ گردونی و دریائے عمیق[1]
تو فقط تو ہی نہیں اے خوش رفیق	بلکہ ہے اک چرخ و دریا سے عمیق
آں توئی زفتست کاں نہصد تو است	قلزمست و غرقہ گاہ صد تو است
وہ ہے تو ہی جو کہیں نو سو بنا	یعنی دریا ہوا سو کو ڈبا
خود چہ جائے حد بیداری و خواب	دم مزن واللہ اعلم بالصواب
اس میں کیا ہے حد بیداری و خواب	دم نہ مارے اللہ اعلم بالصواب
دم مزن تا بشنوی ز آں مہ لقا	الصلا اے پاکبازاں الصلا
دم نہ مار اور سن کہ وہ کہتا ہے کیا	الصلا اے پاکبازو الصلا

[1] دیکھو صفحہ ۱۳۸

دم مزن تا بشنوی اسرارِ حال ۔۔ از زبان بیزبان کہ فہم تعال
دم نہ مار اور سن جو ہیں اسرارِ حال ۔۔ ہاں زبانِ بے زباں سے فہم تعال

دم مزن تا بشنوی زاں دم زناں ۔۔ آنچہ ناید در بیان و در زماں
دم نہ مار اور سن پھر اس دم مار سے ۔۔ جو نہ خود ذکر و زماں میں آ سکے

دم مزن تا بشنوی زاں آفتاب ۔۔ آنچہ ناید در کتاب و در خطاب
دم نہ مار اور سن بیانِ آفتاب ۔۔ جس سے خالی ہے کتاب اور ہر خطاب

دم مزن تا دم زند بہرِ تو روح ۔۔ آشنا بگذار در کشتیِ نوحؑ
چپ ہو تا تیرے لئے بولے یہ روح ۔۔ تیرنا چھوڑ اور لے کشتیِ نوحؑ

حضرت نوحؑ کے لڑکے کی سرکشی

ہمچو کنعاں کاشنا میکرد او ۔۔ کہ نخواہم کشتیِ نوحِؑ عدو
مثلِ کنعاں کے کہ وہ تھا تیرتا ۔۔ نوحؑ کی کشتی کا طالب ہی نہ تھا

ہیں بیا در کشتیِ بابا نشیں ۔۔ تا نگردی غرقِ طوفاں اے مہیں
نوحؑ بولے بیٹھ جا کشتی میں آ ۔۔ غرقِ طوفاں ہو نہ جائے بے وفا

گفت نے نے آشنا آموختم ۔۔ من بجز شمعِ تو شمع افروختم
بولا آتا ہے مجھے تو تیرنا ۔۔ شمع سے تیری جلاؤں شمع کیا

ہیں مکن کایں موجِ طوفانِ بلاست ۔۔ دست و پائے آشنا امروز لاست
نوحؑ بولے یہ ہے طوفانِ بلا ۔۔ تیرنے والے کے دست و پا ہیں لا

باد قہر است و بلائے شمع کش ۔۔ جز کہ شمعِ حق ہمے پاید خمش
ہے بلائے قہر بادِ شمع کش ۔۔ شمعِ حق کے ماسوا ہو جا خمش

سلہ (گذشتہ صفحہ کا نوٹ) یعنی آ ۔ پیامِ دعوت و طلب ۔
سلہ ادھر آ ۔

گفت نے رفتم بر آں کوہ بلند ۔۔۔ عاصمست آں کہ مرا از ہر گزند

بولا میں اُس کوہ پر چڑھ جاؤنگا ۔۔۔ اور اماں ہر ابتلا سے پاؤں گا

ہیں مکن کہ کوہ کاہ ست ایں زماں ۔۔۔ جز حبیبِ خویش را ندہد اماں

نوحؑ بولے۔کوہ خود ہے مثلِ کاہ ۔۔۔ دوست کو اپنے فقط دیگا پناہ

گفت من کے پندِ تو بشنودہ ام ۔۔۔ کہ طمع کردی کہ من زیں دودہ ام

بولا میں تیری نصیحت کب سنوں ۔۔۔ کر نہ لالچ، کب ترے کنبے سے ہوں

خوش نیامد گفتِ تو ہرگز مرا ۔۔۔ من بری ام از تو در ہر دو سرا

بات یہ تیری نہیں کچھ خوشگوار ۔۔۔ میں نہیں دونوں جہاں میں ذمہ دار

ہیں مکن بابا کہ روزِ ناز نیست ۔۔۔ مر خدا را خویش و انباز نیست

نوحؑ بولے۔دن یہ نازش کا نہیں ۔۔۔ ہے شریک و خویش بھی اسکا کہیں!

تاکنوں کردی و ایندم نازکیست ۔۔۔ اندریں درگاہ گیرا ناز کیست

ناز اب تک کر چکا۔اب ناز کیا ۔۔۔ ناز اُس درگہ میں کرنا ہے خطا

لم یلد لم یولد ست او از قدم ۔۔۔ نے پدر دارد نہ فرزند و نہ عم

لم یلد[1] ہے اور لم یولد[2] وہ ذات ۔۔۔ باپ بیٹے سے بری، عالی صفات

نازِ فرزنداں کجا خواہد کشید ۔۔۔ نازِ بابایاں کجا خواہد شنید

ناز بیٹوں کا اُٹھائے گا وہ کیا ۔۔۔ ناز باپوں کا ہے اُسنے کب سنا

نیستم مولود پیرا کم بناز ۔۔۔ نیستم والد جوانا کم گراز

ہوں[3] نہ بیٹا-ناز کر بابا نہ ہاں ۔۔۔ ہوں نہ والد-ناز کم کر اے جواں

نیستم شوہر نیم من شہوتی ۔۔۔ ناز را بگذار اینجا اے ستی

میں نہیں ہوں شہوتی شوہر مگر ۔۔۔ ناز مجھ سے اس قدر خادم! نہ کر

[1] اُسنے کسی کو نہیں جنا ۔ [2] وہ کسی سے نہیں جنا گیا ۔

[3] یہ اشعار گویا خدا کی زبانِ حال سے ہیں ۔

جز خضوع و بندگی و اضطرار | اندریں حضرت ندارد اعتبار

ماسوائے عاجزی و انکسار | کس کو اس درگاہ میں ہے اعتبار

گفت بابا سالہا ایں گفتۂ | باز میگوئی بجہل آشفتۂ

بولا بابا مدتوں کہتا رہا | پھر وہی باتیں جہالت سے بکا

چند ازینہا گفتۂ با ہر کسے | تا جواب سرد بشنودی بسے

تو نے کی یہ گفتگو ہر شخص سے | اور جواب سرد پایا۔ دیکھ لے

ایں دم سرد تو در گوشم نرفت | خاصہ اکنوں کہ شدم دانا و زفت

تیری سرد آہیں میں سن سکتا نہیں | اب میں دانشمند ہوں کر لے یقیں

گفت بابا چہ زیاں دارد اگر | بشنوی یکبار تو پند پدر

نوحؑ بولے ہو ترا نقصان کیا | مان لے اک بار کہنا باپ کا

ہمچنیں میگفت او پند لطیف | ہمچنیں میگفت او دفع عنیف

وہ نصیحت اس کو دیتے ہی رہے | اور جواب سخت لڑکے نے دیے

نے پدر از نصح کنعاں سیر شد | نے دمے در گوش آں ادبیر شد

باپ کو سیری نصیحت سے نہ تھی | اور نہ بیٹے نے سنی اک بات بھی

اندریں گفتن بدند و موج تیز | بر سر کنعاں زد و شد ریز ریز

تھیں یہ باتیں آئیں موجیں جوش پر | پرزے پرزے کر دیا کنعاں کا سر

نوحؑ گفت اے پادشاہ بردبار | مر مرا خر مرد و سیلت برد بار

نوحؑ بولے اے خدائے بردبار | خر مرا اور لے گئی موج اس کا بار

وعدہ کردی مر مرا تو بارہا | کہ بیابد اہلت از طوفاں رہا

وعدہ تو نے بارہا مجھ سے کیا | اہل تیرے ہوں گے طوفاں سے رہا

دل نہادم بر امید تو سلیم | پس چرا بربود سیل از من گلیم

مطمئن تھا میں تری امید پر | لے گئی موجیں مری کملی کدھر

گفت او از اہل خویشانت نبود ۔ خود ندیدی تو سفیدی او کبود

بولا ایک تھا خویش وہ گم کردہ راہ ۔ کچھ نہ سمجھا تو سفید اور یہ سیاہ

چونکہ دندان ترا کرم اوفتاد ۔ نیست دندان برکنش اے اوستاد

جب ترے دانتوں میں کیڑے لگ گئے ۔ اب اکھاڑ اُن کو وہ دنداں کب رہے

تاکہ باقی تن نگردد زار ازو ۔ گرچہ بود آن تو شو بیزار ازو

تاکہ باقی تن نہ اُن سے زار ہو ۔ خود تو اپنی ملک سے بیزار ہو

گفت بیزارم ز غیر ذات تو ۔ غیر نبود آنکہ او شد مات تو

بولے ہوں بیزار تیرے غیر سے ۔ غیر وہ کب ہے جو تجھ سے مات ہے

تو ہمے دانی کہ چونم با تو من ۔ بیست چندانم کہ با باران چمن

جانتا ہے تو نہیں کیا ہوں تیرے ساتھ ۔ اس سے بڑھ کر جو چمن باراں کیساتھ

زندہ از تو شاد از تو عائلے ۔ مغتذی بے واسطہ بے حائلے

تجھ سے ہے محتاج زندہ اور شاد ۔ رزق سے بے واسطہ ہے بامراد

متصل نے منفصل نے اے کمال ۔ بلکہ بیچون وچگونہ زاعتدال

متصل کب منفصل کب یہ کمال ۔ بلکہ بے چون و چرا ہے اعتدال

ماہیانیم و تو دریائے حیات ۔ زندہ ایم از لطفت اے نیکو صفات

مچھلیاں ہم تو ہے دریائے حیات ۔ زندہ تیرے لطف سے ہے کائنات

تو نگنجی در کنار فکرتے ۔ نے بہ معلولے قرین با علتے

فکر میں بھی تو سما سکتا نہیں ۔ علت و معلول سے کب ہے قریں

پیش ازیں طوفان و بعد ازیں مرا ۔ تو مخاطب بودۂ در ماجرا

پہلے اس طوفان کے اور بعد از آں ۔ تو مخاطب تھا ہر اک حالت میں ہاں

با تو میگفتم نہ با ایشاں سخن ۔ اے سخن بخش نو و آں کہن

اُن سے کیا میں تجھ سے ہوں گرم سخن ۔ سب کو تو ہی دے سخن نو یا کہن

نے کہ عاشق روز و شب گوید سخن ‏ گاہ با اطلال و گاہے با دمن

رات دن کرتا ہے عاشق گفتگو ‏ بستیوں سے اور کھنڈر سے مو بمو

روئے در اطلال کردہ دائما ‏ او کرا میگوید این مدحت کرا

وہ کھنڈر کی سمت کرکے رُخ سدا ‏ ہم سخن کس سے ہے اور مدحت سرا

شکر طوفاں را کنوں بگماشتی ‏ واسطہ اطلال را برداشتی

شکر ہے طوفاں کیا تو نے بپا ‏ ہو گیا فانی کھنڈر کا واسطا

زانکہ اطلال لئیم و بد بُدند ‏ نے ندائے نے صدائے میزدند

کیونکہ تھے منحوس یہ سارے کھنڈر ‏ تھی صدا اُن میں نہ نغموں کا گذر

من چناں اطلال خواہم در خطاب ‏ کز صدا چوں کوہ واگوید جواب

چاہتا ہوں وہ کھنڈر وقت خطاب ‏ دیں صدا کا کوہ کی صورت جواب

تا مثنّیٰ بشنوم من نام تو ‏ عاشقم بر نام جاں آرام تو

نام تیرا تا دوبارہ میں سُنوں ‏ نام پر تیرے میں عاشق دل سے ہوں

ہر نبی زاں دوست دارد کوہ را ‏ تا مثنّیٰ بشنود نام ترا

دوست رکھیں کوہ کو یوں انبیا ‏ تا دوبارہ نام وہ سُن لیں ترا

آں کہ پستیست مثال سنگلاخ ‏ موش را شاید نہ ما را در مناخ

پست وہ کہسار جو سنگیں ہو ‏ مجھ کو تو کیا ہے ضروری موش کو

من بگویم او نگردد یار من ‏ بے صدا ماند دم گفتار من

میں کہوں اور وہ نہ سُنے مجھ کو سکوں ‏ بے صدا رہ جائے جب میں کچھ کہوں

با زمیں آں بہ کہ ہموارش کنی ‏ نیست ہمدم با قدم یارش کنی

کر زمیں کے ساتھ تو ہموار اسے ‏ جب نہیں ہمدم تو پامالی ہی دے

گفت اے نوحؑ ار تو خواہی جملہ را ‏ حشر گردانم برآرم از ثری

دی ندا حق نے جو چاہے نوحؑ تو ‏ پھر جلا دوں سب کو تیرے روبرو

بہرِ کنعانے دلِ تو نشکنم ‌‌ ‌ لیکت از احوالِ او آگہ کنم

بہرِ کنعاں دل نہ توڑونگا ترا ‌ حال سے تجھ کو کروں واقف ذرا

گفت نے نے راضیم کہ تو مرا ‌ ہم کنی غرقہ اگر باید ترا

بولے - ہاں ہاں میں تو راضی ہوں تجھے ‌ غرق کردے گر ضرورت ہو تجھے

ہر زمانم غرقہ میکن من خوشم ‌ حکمِ تو جانست چوں جاں میکشم

خوش ہوں تجھ کو غرق کر دے جب کبھی ‌ حکم تیرا جان ہے تا زندگی

ننگرم کس را وگر ہم بنگرم ‌ او بہانہ باشد و تو منظرم

کس کو دیکھوں اور دیکھوں بھی اگر ‌ ہو وہ حیلہ اور تو مدِّ نظر

عاشقِ صنعِ توام در شکر و صبر ‌ عاشقِ مصنوع کے باشم چو گبر

عاشقِ صنعت ہوں شکر و صبر میں ‌ گبر ہی مصنوع سے اُلفت کریں

عاشقِ صنعِ خدا با فر بود ‌ عاشقِ مصنوعِ او کافر بود

عاشقِ صنعِ خدا ہے بہتریں ‌ عاشقِ مصنوع ، کافر بالیقیں

درمیانِ این دو فرقے بس خفیست ‌ خود شناسد آنکہ در رویت صفیست

درمیاں اِن دو ہے فرق خفی ‌ جانے وہ جس کو بصیرت ہے ملی

دو حدیثوں کی مطابقت

دی سوالے کرد سائل مر مرا ‌ زانکہ عاشق بود او بر ماجرا

مجھ سے سائل نے کیا کل یہ سوال ‌ کیونکہ وہ تھا بحث پر عاشق کمال

گفت نکتۂ الرّضا بالکفر کفر ‌ ایں پیمبر گفت و گفتِ اوست مہر

ہے جو نکتہ " الرّضا بالکفر کفر ‌ قولِ پیغمبر ہے ' قول اُن کا ہے مہر

لہ کفر پر راضی ہونا بھی کفر ہے ؀

باز فرمود او کہ اندر ہر قضا ۔ مر مسلماں را رضا باید رضا

پھر یہ فرمایا کہ ہو کوئی قضا ۔ چاہیے مومن ہو راضی بہ رضا

نے قضائے حق بود کفر و نفاق ۔ گر بدیں راضی شوم باشد شقاق

کیا قضائے حق نہیں کفر و نفاق ۔ کفر ہو کر لوں جو اس سے اتفاق

ور نیم راضی بود آں ہم زیاں ۔ پس چہ چارہ باشدم اندر میاں

اور نہ ہوں راضی تو اس میں ہے زیاں ۔ پس علاج اس کا ہے کیا کیجے بیاں

گفتمش ایں کفر مقضی نے قضاست ۔ ہست آثار قضا ایں کفر راست

بولا میں ہے کفر مقضی[1] کب قضا ۔ کفر کے آثار اس میں ہیں تو کیا

پس قضا را خواجہ از مقضی بداں ۔ تا شکالت حل شود اندر زماں

تو قضا کو مقضی سے تعبیر کر ۔ تاکہ مشکل تیری حل ہو اے پسر

راضیم بر کفر زاں رو کہ قضاست ۔ نے ازاں رو کہ نزاع کفر ماست

کفر پہ راضی ہوں گر وہ ہو قضا ۔ پر نہ ہو جھگڑا ہمارے کفر کا

کفر از روئے قضا خود کفر نیست ۔ حق را کافر مخواں اینجا مایست

کفر از روئے قضا ہے کفر کب ۔ حق کو کافر کہا ہے بے ادب

کفر جہلست و قضائے کفر علم ۔ ہر دو یک کے باشد آخر حلم و خلم

کفر ہے جہل اور قضائے کفر علم ۔ ایک ہو سکتے ہیں کیونکر حلم و خلم[2]

زشتی خط زشتی نقاش نیست ۔ بلکہ ازوے زشت را بنمودنیست

بدخطی زشتی نہیں نقاش کی ۔ بلکہ اس سے نقش کی زشتی کھلی

قوت نقاش باشد آنکہ او ۔ ہم تواند زشت کردن ہم نکو

قوتیں نقاش کی ہیں اسکے فنا ۔ اچھا بھی نقش یا بھی برا

---

[1] قضا والا ۔

[2] غصہ اور غضب ۔

گر کشائم بحث این را من بساز | تا سوال و تا جواب آید دراز
بحث کو چھیڑوں اگر اے دلنواز | ہو سوال اس کا جواب اسکا دراز

ذوقِ نکتہ عشق از من میرود | نقشِ خدمت نقشِ دیگر میشود
ذوقِ عشق اس طرح ہو جائے جدا | نقشِ خدمت کا ہو نقشہ دوسرا

حیرت بحث و فکر کی مانع ہے

آں یکے مرد دو مو آمد شتاب | پیشِ یک آئینہ دارِ مستطاب
آیا اک تل چاولی ڈاڑھی سے | مضطرب سا پاس اک حجام کے

گفت از ریشم سفیدی کن جدا | کہ عروسِ نو گزیدم اے فتیٰ
بولا ڈاڑھی سے سفیدی کر جدا | میں عروسِ نو ہوں لایا اے فتیٰ

ریشِ او ببرید و کل پیشش نہاد | گفت تو بگزین مرا کارے فتاد
اُسنے ڈاڑھی کاٹ کر آگے رکھی | اور کہا تو بال چن دے آ پڑی

این سوال و آن جواب است اے گزین | کہ سر اینہا ندارد دردِ دین
یہ سوال اور یہ جواب اے نکتہ چیں | کچھ خیال اس کا نہ رکھتے مردِ دیں

این یکے زد سیلیے[1] مر زید را | حملہ کرد او ہم برائے کید را
اک نے آکر زید کے تھپڑ دیا | زید نے بھی بدلے میں حملہ کیا

گفت سیلی زن سوالے میکنم | پس جوابم گوے وآنگہ میزنم
بولا سیلی زن ہے مجھ سے اک سوال | دے جواب اور پیٹ لینا پھر کمال

بر قفائے تو زدم آمد طراق | یک سوالے دارم اینجا در وفاق[2]
مارا گردن پہ صدا آئی تڑاق | پوچھتا ہوں تجھ سے از راہِ وفاق

[1] تھپڑ مارنے والا ۔
[2] محبت ۔

این سوال از تو بپرسم بگو
حل کن اشکال مرا اے نیکخو

پوچھتا ہوں تجھ سے دے اسکا جواب
حل مری مشکل کو کر اے کامیاب

این طراق از دست من بود آیا
از قفاگاہ تو اے فخر کیا

یہ تڑاقہ ہاتھ سے میرے ہوا
یا تری گدی سے آئی تھی صدا

گفت از درد این فراغت نیستم
کہ دریں فکر و تامل بیستم

بولا مجھ کو درد سے فرصت نہیں
تا کروں فکر و تامل بالیقیں

تو کہ بیدردی ہمے اندیش این
نیست صاحب درد را این فکر ہین

تو کہ ہے بیدرد اس کی فکر کر
فکر اہل درد کو کب ہے مگر

دردمنداں را نباشد فکر غیر
خواہ در مسجد برو خواہی بدیر

دردمندوں کو نہیں کچھ فکر غیر
خواہ تو مسجد میں جا یا سوئے دیر

غفلت و بیدردیت فکر آورد
در خیالات نکتہ بکر آورد

فکر اٹھتی ہے دل بیدرد سے
نکتے جو تخییل میں پیدا کرے

جز غم دین نیست صاحب درد را
مے شناسد مرد را و گرد را

ہے غم دیں صرف اہل درد کو
جانتا ہے مرد کو اور گرد کو

حکم حق را بر سر و دیدہ نہد
حفظ فکر خویش یکسو مے نہد

حکم حق کو وہ سر آنکھوں پر رکھے
کچھ نہ اپنی فکر کی پروا کرے

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں کوئی حافظ نہ تھا

در صحابہ کم بدے حافظ کسے
گرچہ شوقے بود جانشان را بسے

ہاں صحابہ میں کوئی حافظ نہ تھا
گرچہ اس کا شوق ان کو تھا بڑا

مغز علم افزود کم شد پوستش
زانکہ عاشق را بسوزد دوستش

بڑھ گیا علم اور رہا باقی نہ پوست
کیونکہ عاشق کو جلا دیتا ہے دوست

زانکہ چوں مغزش درآگند و رسید — پوستہا شد بس رقیق و واکفید
چونکہ ان کا مغز تھا بالکل بھرا — پوست نازک ہوتے ہوتے پھٹ گیا

قشر جوز و فستق و بادام ہم — مغز چوں آگندشاں شد پوست کم
پستہ بادام اور پوست اخروٹ کے — مغز جب بڑھنے لگا گھٹنے لگے

وصف مطلوبی چو ضد طالبی ست — وحی برق نور سوزان نبی ست
ضد طالب وصف ہے مطلوب کا — وحی برق نور سے قرآں جلا

چوں تجلی کرد اوصاف قدیم — پس بسوزد وصف حادث را گلیم
جب عیاں ہوتے ہیں اوصاف قدیم — جلتی ہے پھر وصف حادث کی گلیم

ربع قرآں ہر کرا محفوظ بود — جلّ فینا از صحابہ مے شنود
ربع قرآں حفظ جس کو یاد تھا — جلّ فینا کہتے اصحاب سے وفا

جمع صورت با چنیں معنی ژرف — نیست ممکن جز ز سلطانے شگرف
جمع صورت اسقدر معنی کے ساتھ — ہے فقط شاہنشہ عالی کے ہاتھ

درچنیں مستی مراعات ادب — خود نباشد ور بود باشد عجب
ایسی مستی میں مراعات ادب — خود نہیں رہتیں رہیں تو ہے عجب

اندر استغنا مراعات نیاز — جمع ضدین ست چوں گرد و دراز
ہو جو استغنا میں بھی پاس نیاز — ہے ضدوں کی جمع کیونکہ ہو دراز

جمع ضدین از نیاز [illegible] و ناز — باز در وقت تحیّر امتیاز
دو ضدوں کی وجہ ہیں ناز و نیاز — اور پھر وقت تحیّر امتیاز

چوں عصا معشوق عمیاں میشود — کور خود صندوق قرآں میشود
ہے عصا معشوق اندھوں کا بیاں — کور ہو قرآن کا صندوق ہاں

لہ ہم میں بزرگ ہے ؛

سلہ عارف کامل سے مراد ہے ؛

گفت کوراں خود صنادیقند پُر ‌ ‌ ‌ از حدیث و مصحف و ذکر و نذر

بیگماں اندھے ہیں خود صندوق ہی ‌ ‌ ‌ جن میں قرآں اور حدیثیں ہیں بھری

باز صندوقے پُر از قرآں بہ است ‌ ‌ ‌ زانکہ صندوقے بود خالی بدست

جس میں ہو قرآں وہ ہے صندوق خوب ‌ ‌ ‌ اُس سے جو خالی ہو اور ہو بے عیوب

باز صندوقے کہ خالی شد ز بار ‌ ‌ ‌ بہ ز صندوقے کہ پُر موش ست و مار

پھر ہے جو صندوق خالی بار سے ‌ ‌ ‌ بہتر اُس سے جو بھرا ہو مار سے

حاصل اندر وصل چوں افتاد مرد ‌ ‌ ‌ گشت دلالہ بہ پیش مرد سرد

مرد کو ہوتا ہے حاصل وصل جب ‌ ‌ ‌ پھیکا پڑتا ہے رُخ دلالہ تب

چوں بمطلوبت رسیدی اے ملیح ‌ ‌ ‌ شد طلبگاری علم اکنوں قبیح

پہنچا جب مطلوب تک تو اے فتا ‌ ‌ ‌ پھر طلب کرنا بُرا ہے علم کا

چوں شدی بر بامہائے آسماں ‌ ‌ ‌ سرد باشد جستجوئے نردباں

جبکہ تو ہو باریاب آسماں ‌ ‌ ‌ پھر ہے ناحق جستجوئے نردباں

جز برائے یاری و تعلیم غیر ‌ ‌ ‌ سرد باشد راہ خیر از بعد خیر

ماسوائے یاری و تعلیم غیر ‌ ‌ ‌ سرد راہ خیر ہے بس بعد خیر

آئنہ روشن کہ شد صاف و جلی ‌ ‌ ‌ جہل باشد بر نہادن صیقلے

آئنہ روشن ہو جب اور ہو صفا ‌ ‌ ‌ جہل ہے صیقل کا اس پہ پھیرنا

پیش سلطاں خوش نشستہ در قبول ‌ ‌ ‌ جہل باشد جستن نامہ رسول

پیش سلطاں جبکہ ہے تو خود قبول ‌ ‌ ‌ جہل ہے پھر ڈھونڈنا خط اور رسول

معشوق کے سامنے عاشق کا نامہ محبت پڑھنا

آں یکے را یار پیش خود نشاند ‌ ‌ ‌ نامہ بیروں کرد و پیش یار خواند

اک کو پاس اپنے بٹھایا دوست نے ‌ ‌ ‌ لے کے خط پڑھنے لگا وہ سامنے

بیتہا در نامۂ مدح و ثنا ‏ ‏ ‏ زاری و مسکینی و بس لابہا
نامہ کے وہ شعر وہ مدح و ثنا ‏ ‏ ‏ وہ خوشامد اور وہ رونا جھینکنا

گریہ و افغان و حزن و درد خویش ‏ ‏ ‏ خواری و بیزاریے با اہل خویش
وہ فغاں و رنج اور وہ زاریاں ‏ ‏ ‏ خواریاں اور اپنوں سے بیزاریاں

دوری و رنجوری از ہجران دوست ‏ ‏ ‏ ذکر پیغام و رسول از مغز و پوست
دوری و رنجوری و آلام وہ ‏ ‏ ‏ جھوٹے سچے نامہ و پیغام وہ

ہمچناں میخواند با معشوق خود ‏ ‏ ‏ تا کہ بیروں شد ز حد و از عدد
سامنے معشوق کے ایسے پڑھا ‏ ‏ ‏ حد و اندازہ سے آگے بڑھ گیا

گفت معشوق ایں اگر بہر منست ‏ ‏ ‏ گاہ وصل ایں عمر ضائع کردنست
دوست بولا یہ جو ہے میرے لئے ‏ ‏ ‏ پھر تو کیوں کھوتا ہے گھنٹے وصل کے

من بہ پیشت حاضر و تو نامہ خواں ‏ ‏ ‏ نیست ایں بارے نشانِ عاشقاں
میں ہوں تیرے پاس تو ہے نامہ خواں ‏ ‏ ‏ ہاں نہیں ہے عاشقوں کا یہ نشاں

گفت اینجا حاضری اما ولیک ‏ ‏ ‏ من نمی یابم نصیب خویش نیک
بولا عاشق تو تو حاضر ہے ولیک ‏ ‏ ‏ اپنی قسمت کو نہیں پاتا ہوں نیک

آنچہ میدیدم ز تو پارینہ سال ‏ ‏ ‏ نیست ایں دم گرچہ می بینم وصال
تجھ سے جو کچھ دیکھتا تھا پار سال ‏ ‏ ‏ وہ نہیں اب گرچہ حاصل ہے وصال

من ازیں چشمہ زلالے خوردہ ام ‏ ‏ ‏ دیدہ و دل ز آب تازہ کردہ ام
میں نے اس چشمے سے پانی ہے پیا ‏ ‏ ‏ دل کو اور آنکھوں کو ہے تازہ کیا

چشمہ مے بینم و لیکن آب نے ‏ ‏ ‏ راہِ آبم را مگر زد رہزنے
چشمہ ہے لیکن وہ پانی اب کہاں ‏ ‏ ‏ راہزن نے راہ ماری ہے گماں

گفت پس من نیستم معشوق تو ‏ ‏ ‏ من بہ بلغار و مرادت در قتو
بولا میں تیرا نہیں معشوق ۔ جا ‏ ‏ ‏ میں ہوں مشرق میں تو مغرب میں پڑا

عاشقی تو بر من و بر حالتے ۔۔۔ حالت اندر دست نبود اے فتے

مجھ پہ عاشق ہے کہ میرے حال پر ۔۔۔ کب ہوا قابو کسی کے حال پر؟

پس نیم کلی مطلوب تو من ۔۔۔ جزو مقصودم ترا اندر زمن

میں نہیں معشوق کلی اب ترا ۔۔۔ جزو ہوں میں اک ترے مقصود کا

خانۂ معشوقہ‌ام معشوق نے ۔۔۔ عشق بر نقد است بر صندوق نے

خانۂ معشوق ہوں معشوق نے ۔۔۔ نقد سے ہے عشق کب صندوق سے

ہست معشوق آنکہ او یکتو بود ۔۔۔ مبتدا و منتہایت او بود

ہے وہی معشوق جو یکتا رہا ۔۔۔ ہو جو تیری ابتدا و انتہا

چوں بیابی اش نباشی منتظر ۔۔۔ ہم ہویدا او بود ہم نیز سر

جب اسے پائے نہ ہو تو منتظر ۔۔۔ ظاہر و باطن میں ہو تیرا مقر

میر احوال است نے موقوف حال ۔۔۔ بندۂ ایں ماہ باشد ماہ و سال

حال کا حاکم۔ نہیں پابند حال ۔۔۔ ماہ کے بندے بنے ہیں ماہ و سال

چوں بگوید حال را فرماں کند ۔۔۔ چوں بخواہد جسمہا را جاں کند

جب وہ چاہے حال کو فرماں کرے ۔۔۔ اور جب وہ چاہے تن کو جاں کرے

منتہی نبود کہ موقوفست او ۔۔۔ منتظر بنشستہ باشد حال جو

وہ سدا یکساں ہے کب ہے منتہی ۔۔۔ منتظر کب حال کا ہے اے اخی

کیمیائے حال باشد دست او ۔۔۔ دست جنباند شود مے مست او

کیمیائے حال اس کا ہاتھ ہاں ۔۔۔ جب ہلائے مست مے ہو لے گماں

گر بخواہد مرگ ہم شیریں شود ۔۔۔ خار و نشتر نرگس و نسریں شود

وہ جو چاہے موت کو شیریں کرے ۔۔۔ خار و نشتر کو گل و نسریں کرے

او بود سلطان حال اندر روش ۔۔۔ نے چو تو محروم از حال و کشش

صورت سلطان حال اس کی روش ۔۔۔ کب ہے وہ محروم جذبات و کشش

آنکہ او موقوف حالست آدمیست — کہ گہے افزوں و گاہے در کمیست

حال کا پابند ہے یہ آدمی — گاہ اس میں ہے فزونی گہ کمی

لیک صافی فارغست از وقت و حال — صوفی ابن الوقت باشد در مثال

کچھ نہیں صوفی کو فکر وقت و حال — صوفی ابن الوقت ہے بہر مثال

حالہا موقوف فکر و رائے او — زندہ از نفخ مسیح آسائے او

حال ہیں پابند اس کی فکر کے — زندہ ہیں اس کے مسیحی نفس سے

عاشق حالی نہ عاشق بر منی — بر امید حال و بر من مے تنی

حال کا عاشق تو میرا کب مگر — میرا عاشق ہے امید حال پر

آنکہ گہ ناقص گہے کامل بود — نیست معبود خلیل آفل بود

جو کبھی ناقص کبھی کامل ہوا — وہ نہیں معبود اور نہ آفل ہوا

و آنکہ آفل باشد و گہ آن و این — نیست دلبر لا احب الآفلین

ہے جو فانی حال پر قائم نہیں — کب ہے دلبر لا احب الآفلین[1]

آنکہ او گاہے خوش و گہ ناخوشیست — یک زمانے آب و یکدم آتشست

جو کبھی خوش ہے کبھی ناخوش ہے یار — گاہ پانی ہے تو گہ مانند نار

برج مہ باشد و لیکن ماہ نے — نقش بت باشد ولے آگاہ نے

برج مہ ہو ماہ ہو سکتا نہیں — نقش بت آگاہ ہو سکتا نہیں

ہست صوفی صفا جو ابن وقت — وقت را ہمچوں پدر بگرفتہ سخت

صوفی صافی ہے گویا ابن وقت — وقت کو جوں باپ کے پکڑا ہے سخت

لیک صافی غرق عشق ذوالجلال — ابن کس نے فارغ از اوقات و حال

ہے جو صوفی غرق عشق ذوالجلال — کب کسی کا ہے پسر فارغ ز حال

[1] میں فنا ہو جانے والوں کو دوست نہیں رکھتا۔

فرق نوری کہ او لم یولد است ‏ — لم یلد لم یولد آن ایزد است

فرق ہے اس میں کہ لم یولد ہے وہ ‏ — لم یلد لم یولد اور ایزد ہے وہ

رو چنیں عشقے گزیں گر زندهٔ ‏ — ورنہ وقت مختلف را بندهٔ

عشق ایسا کر اگر تو زندہ ہے ‏ — مختلف وقتوں کا ورنہ بندہ ہے

منگر اندر نقش زشت و خوب خویش ‏ — بنگر اندر عشق و بر مطلوب خویش

نقش اپنے تو نہ دیکھ اچھے برے ‏ — عشق اور معشوق ہی کو دیکھ لے

منگر ایں را کہ حقیری یا ضعیف ‏ — بنگر اندر ہمت خود اے شریف

تو نہ دیکھ اس کو ہے دبلا یا ضعیف ‏ — اپنی ہمت پر نظر کر اے شریف

تو بہر حالے کہ باشی مے طلب ‏ — آب میجو دائما اے خشک لب

تو ہو جس حالت میں رکھ حسن طلب ‏ — ڈھونڈ دائم آب کو اے خشک لب

کاں لب خشکت گواہی میدہد ‏ — کو بآخر بر سر منبع رود

خشک لب تیرے ہیں خود اس کے گواہ ‏ — پہنچے گا سرچشمہ پر اے خوش نگاہ!

خشکی لب ہست پیغامے ز آب ‏ — کہ بمات آرد یقیں ایں اضطراب

خشکی لب کیا ہے اک پیغام آب ‏ — تجھ کو لے آئے گا اس تک اضطراب

کایں طلبگاری مبارک جنبشیست ‏ — ایں طلب در راہ حق مانع کشیست

اس طلب میں ہیں مبارک جنبشیں ‏ — راہ حق میں اس کو مانع کش کہیں

ایں طلب مفتاح مطلوبات تست ‏ — ایں سپاہ و نصرت رایات تست

یہ طلب کنجی ہے مطلوبات کی ‏ — فوج ہے یہ فتح اور رایات کی

ایں طلب ہمچوں خروسے در صیاح ‏ — میزند نعرہ کہ مے آید صباح

یہ طلب جوں مرغ دے بانگ ظفر ‏ — اور چلائے کہ آئی ہے سحر

گرچہ آلت نیستت تو مے طلب ‏ — نیست آلت حاجت اندر راہ رب

گو تو بے ساماں ہے پھر بھی کر طلب ‏ — راہ رب میں حاجت ساماں ہے کب

ہر کرا بینی طلبگار اے پسر! ‏ — یار او شو پیش او انداز سر

جس کو تو دیکھے طلبگار اے پسر! ‏ — ساتھ اس کے جھکا دے اپنا سر

گر بجوارِ طالباں طالب شوی — در ظلالِ غالباں غالب شوی

طالبوں کے سائے میں طالب ہو تو — غالبوں کے سائے میں غالب ہو تو

گر یکے مورے سلیمانی بجست — منگر اندر جستنِ او سست سست

چیونٹی گر عزمِ سلیمانی کرے — تو نہ دیکھ اس کو نگاہِ سست سے

ہر چہ داری تو ز مال و پیشہ — نے طلب بود اوّل و اندیشہ

مال اور پیشہ جو تو رکھتا ہے اب — اس کی پہلے تھی کہاں فکر و طلب

گر یکے گنجے بیابد نادرست — در بایستد از طلب ہم قاصر است

اک خزانہ پائے تو نادر ہے وہ — اور طلب سے گر رکے تو قاصر ہے وہ

ہر کہ چیزے جست بے شک یافت او — چوں بجد اندر طلب بشتافت او

جس نے جو ڈھونڈا اسے بے شک ملا — جب طلب کی راہ میں دوڑا گیا

چوں نہادی در طلب پا اے پسر — یافتی و شد میسر بے خطر

پاؤں جب رکھا طلب میں اے پسر — ہو گیا سب کچھ میسر بے خطر

ہیں مباش اے خواجہ یکدم بے طلب — تا بیابی ہر چہ خواہی اے عجب

ہاں نہ رہ اے خواجہ اک دم بے طلب — تا جو کچھ چاہے تیرے وہ تجھ کو سب

عاقبت جوئندہ یابندہ بود — چونکہ در خدمت شتابندہ بود

جو کوئی ڈھونڈے گا۔ آخر پائے گا — جبکہ وہ خدمت میں دوڑا جائے گا

در طلب چالاک شو زاں فتح باب[1] — مے طلب واللہ اعلم بالصواب

ہو طلب میں مستعد اور فتح باب — کر طلب۔ واللہ اعلم بالصواب

ایک سست آدمی کا قصہ

آں یکے در عہدِ داؤدِ نبی — نزدِ ہر دانا و پیشِ ہر غبی

عہدِ داؤدِ نبی میں تھا کوئی — سامنے نادان و دانا کے اخی!

[1] دروازے کا کھلنا۔ حصول مقصد۔

ایں دعا میکرد دائم کا یخدا! ثروتے بے رنج روزی کن مرا
یوں دعا کرتا تھا دائم - اے خدا! مال بے محنت مشقت کر عطا

چوں مرا تو آفریدی کاہلے زخم خوارے سست جنبے منبلے
تو نے جب کاہل مجھے پیدا کیا زخم خوردہ، سست بازو، مبتلا

بر خراں پشت ریش بیمراو بار اسپان و اشتران نتواں نہاد
جن گدھوں کی پیٹھ ہو جائے فگار اونٹ گھوڑوں کا لدے کیا اُن پہ بار

کاہلم چوں آفریدی اے ملی! روزیم دہ ہم ز راہ کاہلی
جب کیا پیدا ہے کاہل اے غنی! رزق دے مجھ کو برائے کاہلی

کاہلم من سایہ خسپم در وجود خفتم اندر سایۂ احسان وجود
سست ہوں میں اور کاہل جسم میں سائے میں احسان کے ہیں رہتیں

کاہلان و سایہ خسپاں را مگر روزیے بنہادۂ نوعے دگر
کاہلوں راحت پسندوں کو مگر رزق تو دیتا ہے با نوع دگر

ہر کرا پا ہست جوید روزیے ہر کرا پا نیست کن دلسوزیے
پاؤں جس کے ہیں۔ وہ روزی ڈھونڈ لے اور تو بے کس کی دلجوئی کرے

رزق را می راں بسوئے ایں حزیں ابر را باراں بسوئے ہر زمیں
بھیج میرا رزق میں بھی ہوں حزیں ابر کو برسا دے سوئے ہر زمیں

چوں زمیں را پا نباشد جود تو ابر را راند بسوئے اود و تو
ہے زمین بے دست و پا تیرا کرم ابر اُس کی سمت بھیجے دمبدم

طفل را چوں پا نباشد مادرش آید و ریزد وظیفہ بر سرش
بچہ جب بے پاؤں کا ہوتا ہے ماں دودھ اس کو ہے پلاتی بیگماں

روزیے خواہم بناگہ بے تعب کہ ندارم من ز کوشش جز طلب
مانگتا ہوں رزق بے فکر و تعب ہے مری کوشش فقط حسن طلب

مدتے بسیار میکرد ایں دعا | روز تا شب شب ہمہ شب تا ضحیٰ
مدتوں کرتا رہا وہ یہ دعا | صبح تک شب سے سحر سے تا مسا

خلق میخندید بر گفتار او | بر طمع خام و بر بیکار او
ہنستے تھے لوگ اس کی اس گفتار پر | طمع خام اور ناروا بیکار پر

کہ چہ میگوید عجب ایں سست ریش | یا کسے دادست بنگ بیہشیش
بک رہا ہے بے شعور احمق یہ کیا | بھنگ اسے شاید کسی نے دی پلا

راہ روزی کسب و رنج است و تعب | ہر گز ایں نادر نشد در رشد عجب
شرط ہر رزق ہے کسب و تعب | یہ نہیں نادر جو ہو تو ہے عجب

ہر کرا او پیشہ داد و طلب | از رہ کسب و تعب با رنج و تب
جس کسی کو دے وہ پیشہ یا طلب | ہے ضروری رنج اور کسب و تعب

اطلبوا الارزاق من اسبابها | ادخلوا الاوطان من ابوابها
رزق کو ڈھونڈو مگر اسباب سے | ہو وطن میں داخل ابواب سے

شاہ و سلطان و رسول حق کنوں | ہست داؤد نبی ذو فنوں
شاہ و سلطان اور رسول ذوالمنن | ہیں جو داؤد نبی ممتاز فن

ہست فرمان او ز وحش و طیر | در ہمہ روئے زمیں او راست سیر
حکم میں آج انکے سب ہیں وحش و طیر | وہ زمیں پر ہر جگہ کرتے ہیں سیر

با چنیں عزے و نازے کاندر ست | کہ گزیدش عنایتہائے دوست
کیسے باعزت ہیں اہل ناز ہیں | لطف سے خالق کے وہ ممتاز ہیں

معجزاتش بے شمار و بے عدد | موج بخششہایش مدد اندر مدد
معجزے ہیں بے شمار اور بے عدد | موج بخشش سے انہیں حاصل مدد

ہیچکس را خود ز آدم تا کنوں | کے بدست آواز ہمچوں ارغنوں
آج تک آدم سے لے کر کون تھا | جس نے پائی ارغنوں کی سی صدا

کو بہر وعظے بمیراند دویست | آدمی از صوت خوش کرد نیست

آدمی ہر وعظ میں دو سو مریں | اپنی خوش لحنی سے وہ بیجاں کریں

شیر و آہو جمع گردد آں زماں | سوئے تذکیرش مغفّل ایں ازاں

شیر و آہو جمع ہوتے ہیں وہاں | ذکر سے بے ہوش ہو کر بیگماں

کوہ و مرغاں ہم رسائل با دمش | ہر دو اندر وقت دعوت محرمش

کوہ و مرغ ان کے ہوں سارے ہم زباں | وقتِ دعوت وہ ہوں محرم بیگماں

ایں و صد چنداں مر او را معجزات | نور رویش بے جہات و در جہات

یہ اور ایسے سیکڑوں ہیں معجزے | نور ان کا بے جہت ہر جا رہے

با ہمہ تمکیں خدا روزی او | کردہ باشد بستہ اندر جستجو

باوجود اس کے بھی وہ اپنی معاش | کرتے رہتے ہیں بصد محنت تلاش

بے زرہ بافی و رنجے روزیش | مے نیاید با ہمہ بہروزیش

بے زرہ بافی و بے محنت کہاں | روزی انکی، گو وہ ہیں خود کامراں

ایں چنیں مخذول واپس ماندۂ | خانہ کندہ دوں و گردوں راندۂ

یہ ہے گمرہ اور پھر ناکامیاب | گردشوں میں وقف اور خانہ خراب

ایں چنیں مدبر ہمی خواہد کہ او | گنج یابد تا رود پایش فرو

ایسا ہے بدبخت اور یہ چاہتا | گنج پائے بے حد و بے انتہا

ز احمقی خواہد کہ بے تجشم ز دو | بے تجارت پر کند دامن ز سود

فکر احمق ہے کہ بے محنت کئے | بے تجارت نفع سے دامن بھرے

ایں چنیں گنجے نیابد در جہاں | کہ بر آید بر فلک بے نردباں

گنج یوں بے رنج ملتا ہے کہاں | کون جائے چرخ پر بے نردباں

ایں ہمے گفتش بہ تسخر زیرگیر | کہ رسیدت روزی و آمد بشیر

دل لگی کرتا تھا کوئی اسے یہ زرد | تیری روزی آ گئی اے خوش خبر!

واں ہمے خندید ما را ہم بدہ | زانچہ یابی ہدیہ اے سالار دہ
کوئی کہتا تھا ہمیں بھی کچھ ملے | اس میں سے جو ہدیئے آئے تجھے

او ازیں تشنیع مردم در فسوس | کم نمیکرد از دعا و چاپلوس
طعن اور تشنیع سنتے لیکن کبھی | کم نہ کرتا تھا دعائیں رزق کی

تا کہ شد معروف در شہر و شہیر | کوزۂ انبان تہی جوید پنیر
ہو گیا مشہور شہروں میں حقیر | ڈھونڈتا ہے خالی تھیلے سے پنیر

شد مثل در خام طمعی آں گدا | او ازیں خواہش نمے آمد جدا
طمع میں ضرب المثل تھا وہ گدا | اپنی خواہش سے نہ ہوتا لیکن جدا

کم نمیکرد از دعا و ابتہال | کرد اجابت مستعان ذو الجلال
کم نہ کرتا تھا دعائیں وہ ملول | کی خدا نے ہر دعا آخر قبول

گر گراں و گر شتابندہ بود | عاقبت جوئندہ یابندہ بود
سست ہو یا دوڑنے والا کوئی | سچ ہے جو ڈھونڈے گا پائیگا وہی

اس گدا کے گھر میں گائے کا گھس آنا

تا کہ روزے ناگہاں در چاشتگاہ | ایں دعا میکرد با زاری و آہ
ایک دن وہ صبح کو بے اشتباہ | یہ دعا کرتا تھا با زاری و آہ

ناگہاں در خانہ اش گاوے دوید | شاخ زد بشکست دربند و کلید
گائے اس کے گھر میں آئی دوڑ کے | تالا کنجی در کا توڑا سینگ سے

گاو گستاخ اندر آں خانہ بجست | مرد برجست و قوائمہاش بست
گائے گستاخ اس کے گھر میں گھس گئی | مرد نے وہ گائے اٹھ کر باندھ لی

پس گلوئے گاو ببرید آں زماں | بے توقف بے تأمل بے اماں

کاٹ ڈالا گائے کا اس نے گلا | بے توقف بے تأمل بے ملا

چوں سرش ببرید شد سوئے قصاب | تا اہابش برکند در دم شتاب

کاٹ کر سر لے گیا سوئے قصاب | کھال اس کی وہ اتارے تا شتاب

اے تقاضا گر درون ہمچون جنیں | چوں تقاضا میکنی اتمام دیں

اے تقاضا کرنے والے جوں جنیں | کرتا ہے کیوں خواہش اتمام دیں

سہل گرداں رہ نما توفیق دہ | یا تقاضا را بہل بر ما منہ

سہل کر رستہ بتا توفیق دے | یا بری کر دے۔ تقاضا چھوڑ کے

چوں ز مفلس زر تقاضا می کنی | زر ببخشش در سرائے شاہ غنی!

گر تقاضا زر کا مفلس سے کرے | اے غنی! چھپ کر اسے زر بخش دے

بے تو نظم و قافیہ شام و سحر | زہرہ کے دارد کہ آید در نظر

قافیے اور شعر صبح و شام کے | بے تری توفیق ہیں کس کام کے

نظم و تجنیس و قوافی اے علیم | بندۂ امر تو اند از ترس و بیم

نظم و تجنیس و قوافی اے علیم | تابع فرماں ہیں اور رکھتے ہیں بیم

چوں مسبح کردۂ ہر چیز را | ذات بے تمیز و با تمیز را

کر دیا ہر چیز کو تسبیح خواں | بے تمیز اور با تمیز اب ہیں جہاں

ہر یکے تسبیح بر نوع دگر | گوید و از حال آں ایں بیخبر

ہر کوئی تسبیح با نوع دگر | کر رہا ہے دوسرے سے بے خبر

آدمی منکر ز تسبیح جماد | واں جماد اندر عبادت اوستاد

جانے کیا انسان تسبیح جماد | وہ عبادت میں مگر ہیں اوستاد

بلکہ ہفتاد و دو ملت ہر یکے | بیخبر از یکدگر و اندر شکے

بلکہ یہ جو ہیں بہتر ملتیں | بے خبر باہمدگر ہیں وہم میں

چوں تو ناطق را ز حالِ ہمدگر | نیست آگہ چوں بود دیوار و در

حال ناطق سے ہے ناطق بے خبر | کس طرح ہو واقف دیوار و در

چوں من از تسبیح ناطق غافلم | چوں بداند سبحۂ صامت دلم

جب نہیں تسبیح ناطق کا پتا | پھر جمادی کی سنوں تسبیح کیا

ہست سنی را یکے تسبیح خاص | ہست جبری را ضدِ آں در مناص

خاص اک تسبیح سنی کی ہوئی | پائی ضد جبری نے اس تسبیح کی

سنی از تسبیح جبری بے خبر | جبری از تسبیح سنی بے اثر

ذکر سے جبری کے سنی بے خبر | سنی کی طاعت سے جبری بے اثر

ایں ہمے گوید کہ آں ضالست و گم | بے خبر از حال او و ز امرِ قم

یہ ہے کہتا راہ گم کردہ ہے | بے خبر حال اور قم کے حکم سے

واں ہمے گوید کہ ایں را چہ خبر | جنگشاں افگند یزداں از قدر

وہ یہ کہتا ہے کہ اِس کو کیا خبر | جنگ میں رکھا ہے حق نے سربسر

گوہرِ ہر یک ہوا پیدا میکند | جنس از ناجنس پیدا میکند

کرتا ہے جوہر وہ ہر اک کا عیاں | جنس کو ناجنس سے پیدا یہاں

قہر را از لطف داند ہر کسے | خواہ ناداں خواہ دانا یا خسے

قہر کو سب لطف سے ہیں جانتے | اس میں ناداں ہوں کہ دانا [illegible]

لیک لطفے قہر در پنہاں شدہ | یا کہ قہرے در دلِ لطف آمدہ

قہر میں ہے لطف پنہاں ہو گیا | لطف میں یا قہر ہے جلوہ نما

کم کسے داند مگر ربانیے | کش بود در دل محک جانیے

کون اسے جانے مگر حق کا ولی | جسکے دل میں ہے کسوٹی کشف کی

باقیاں زیں دو گمانے میبرند | سوئے لانہ خود بیک پر مے پرند

باقیوں کو دونوں ہی پر ہے گماں | اڑتے ہیں اک پر سے سوئے آشیاں

علم را دو پر گمان را یک پر است ۔۔۔ ناقص آمد ظن بپرواز ابتر است

علم کے دو پر گماں کا ایک پر ۔۔۔ ظن ہے ناقص اور اڑنے میں بتر

علم اور گمان

مرغ یک پر زود افتد سرنگوں ۔۔۔ باز بر پرد دو گامے یا فزوں

مرغ اک پر سے اڑے ہو سرنگوں ۔۔۔ پھر اڑے دو اک قدم یا کچھ فزوں

میفتد میخیزد آں مرغ گماں ۔۔۔ با یکے پر بر امید آشیاں

اٹھتا ہے گرتا ہے وہ مرغ گماں ۔۔۔ ایک پر سے با امید آشیاں

چوں ز ظن وا رست علمش رو نمود ۔۔۔ شد دو پر آں مرغ و پرہا واکشود

جب گماں سے چھوٹا علم اسکو ملا ۔۔۔ مرغ کو دو پر ملے ۔ اڑنے لگا

بعد ازاں یمشی سویاً مستقیم[1] ۔۔۔ نے علی وجہہ مکباً او سقیم

بعد از آں چلتا ہے سیدھا راستا ۔۔۔ منہ کے بل گرتا نہیں اوندھا ذرا

با دو پر بر میپرد چوں جبرئیل ۔۔۔ بیگمان و بے مگر بے قال و قیل

اڑتا ہے دو پر سے مثل جبرئیل ۔۔۔ بے گماں بے شبہ اور بے قال و قیل

گر ہمہ عالم بگویندش توی ۔۔۔ بر رہ یزدان و دین مستوی

ساری دنیا گر کہے ہاں ہے تو ہی ۔۔۔ رہرو راہ حق و دین نبی

او نگردد گرم تر از گفتشاں ۔۔۔ جان طاق او نگردد جفتشاں

گرم وہ ہوتا نہیں اس قول سے ۔۔۔ جان یکتا اس کی ان سے کیوں ملے

ور ہمہ گویند او را گمرہی ۔۔۔ کوہ پنداری و تو برگ کہی

اور اگر گمراہ سب اس کو کہیں ۔۔۔ کاہ ہے تو ۔ کوہ اپنے زعم میں

[1] قولہ تعالیٰ: افمن یمشی مکباً علی وجہہ اہدیٰ من یمشی سویاً علی صراط مستقیم یعنی جو منہ کے بل گر گر کر چلتا ہے وہ زیادہ راستہ پانے والا ہے یا وہ جو کھڑے کھڑے سیدھا راستہ چل رہا ہے ÷

اوفتند در گماں از طعنشاں ‏ او نگردد دردمند از طعنشاں

اُن کے طعنوں سے نہ ہو وہ بدگماں ‏ طعنے اس کو دیں نہ کچھ تکلیف جاں

بلکہ گر دریا و کوہ آید بگفت ‏ گویدش با گمرہی یاری و جفت

کوہ و دریا بھی اگر اس سے کہیں ‏ رنگ گمراہی ہے تیرے حال میں

ہیچ یک ذرہ نیفتد در خیال ‏ مطمئن و موقن و بے احتمال

ایک ذرہ بھر نہ ہو اسکو خیال ‏ مطمئن ہو اور یقیں میں باکمال

مدرسے کے لڑکے اور استاد

کودکان مکتبے از اوستاد ‏ رنج دیدند و ملال و اجتہاد

بچوں نے مکتب میں اک استاد سے ‏ رنج اٹھائے اور ملال اکثر ہوئے

مشورت کردند در تعویق کار ‏ تا معلم در فتد در اضطرار

مشورہ ٹھہرا کہ تاخیر کار ہو ‏ تا معلم کچھ دنوں ہو بیقرار

چوں نمی آید ورا رنجوریے ‏ کہ بگیرد چند روز او دوریے

کیوں نہیں آتا مرض کوئی اسے ‏ دور وہ کچھ روز تو ہم سے رہے

تا رہیم از حبس و از تنگی کار ‏ ہست او چوں سنگ خارا برقرار

قید اور تنگی سے تا ہم ہوں رہا ‏ کوہ کے مانند ہے وہ ایک جا

آں یکے زیرک تریں تدبیر کرد ‏ کہ بگوید اوستا چونی تو زرد

ایک نے سوچا جو تھا اُن سب میں فرد ‏ یوں کہو استاد چہرہ کیوں ہے زرد

خیر باشد رنگ تو بر جائے نیست ‏ ایں اثر یا از ہوا یا از تپیست

خیر باشد کیوں اڑا رنگت آپ کا ‏ تپ ہے یا ہے یہ خرابی ہوا؟

اندکے اندر خیال افتد ازیں ‏ تو برادر ہم مدد کن اینچنیں

کچھ خیال اس سے ہو پیدا واقعی ‏ بھائی! تو بھی پھر مدد کرنا یونہی

چوں درآئی از درِ مکتب بگو ‏— خیر باشد اوستا احوالِ تو

جب درِ مکتب سے آئے چھیڑنا ‏— خیر باشد - آپ کا ہے حال کیا

آں خیالش اندکے افزوں شود ‏— کز خیالے عاقلے مجنوں شود

کچھ بڑھے گا اور ان کا احتمال ‏— کرتا ہے دیوانہ عاقل کو خیال

آں سوم واں چارم و پنجم چنیں ‏— در پئے ما غم نمایند و حنیں

تیسرا چوتھا یونہی پھر پانچواں ‏— نالہ و غم کا کریں اظہار ہاں

تا چو سی کودک تواتر ایں خبر ‏— متفق گویند یابد مستقر

تیس لڑکے جب یونہی دینگے خبر ‏— اس کے دل پہ مستقل ہوگا اثر

ہر یکے گفتش کہ شاباش اے ذکی ‏— باد بختت بر عنایت متکی

سب یہ بولے اس سے - شاباش اے ذکی ‏— بخت ہو بیدار تیرا اے اخی

متفق گشتند در عہدِ وثیق ‏— کہ نگرداند سخن را یک رفیق

متفق ہو کر یہ پیماں کر لیا ‏— کوئی برگشتہ نہ ہوگا برملا

بعد ازاں سوگند داد او جملہ را ‏— تا کہ غمازے نگوید ماجرا

بعد ازآں اس نے قسم ان سب کو دی ‏— تا نہ چغلی کھائے اُن میں سے کوئی

لوگوں کی عقل میں اختلاف

رائے آں کودک بچربید از ہمہ ‏— عقلِ او در پیش میرفت از رمہ

رائے اس لڑکے کی یوں غالب ہوئی ‏— عقل اس کی سب پہ سبقت لے گئی

آں تفاوت ہست در عقلِ بشر ‏— کہ میانِ شاہداں اندر صور

عقل انساں میں ہے فرق برملا ‏— جیسے معشوقوں کی شکلیں ہیں جدا

زیں قبل فرمود احمد در مقال ‏— در زباں پنہاں بود حسنِ رجال

ہے اسی مبحث میں قولِ مصطفےٰ ‏— حسن انساں کا زباں میں ہے چھپا

اختلاف عقلہا در اصل بود ‎ ‎ بر وفاق سنیاں باید شنود

اصل میں ہے ساری عقلوں کا نفاق ‎ ‎ سنیوں کا ہے اسی پر اتفاق

برخلاف قول اہل اعتزال ‎ ‎ کہ عقول از اصل دارند اعتدال

اور یہ کہتے ہیں اہل اعتزال ‎ ‎ اصل میں عقلوں کو ہے اک اعتدال

تجربہ و تعلیم بیش و کم کند ‎ ‎ تا یکے را از یکے اعلم کند

تجربہ تعلیم بیش و کم کرے ‎ ‎ دوسرے کو ایک سے اعلم کرے

باطلست ایں زانکہ رائے کودکے ‎ ‎ کہ ندارد تجربہ در مسلکے

یہ ہے باطل، کیونکہ اک لڑکے کی رائے ‎ ‎ تجربہ سے جو نہ کچھ ادراک پائے

بگذرد ز اندیشۂ مردان کار ‎ ‎ عاجز آید کار ایشاں در اضطرار

تجربہ کاروں کی گذرے فکر سے ‎ ‎ کام اُن کا فکر سے ابتر رہے

بر دمید اندیشۂ زاں طفل خرد ‎ ‎ پیر با صد تجربہ بوئے نبرد

چھوٹے بچے نے جو اندیشہ کیا ‎ ‎ بوڑھے دانا کو نہیں اُسکا پتا

خود فزوں آں بہ کہ آں از فطرتست ‎ ‎ تا ز افزونی کہ جہد و فکرتست

بہتر ہی بہتر، جو ہو پیدائشی ‎ ‎ اس فزونی سے جو ہو تحصیل کی

تو بگو دادہ خدا بہتر بود ‎ ‎ یا کہ لنگے راہوارانہ رود

تو ہی کہہ۔ وہ چال اچھی حق جو دے ‎ ‎ چال یا لنگڑے کی جو اچھا چلے

لڑکوں کا مکر سے استاد کو وہم میں ڈالنا

روز گشت و آمدند آں کودکاں ‎ ‎ بر ہمیں فکرت بمکتب شادماں

دن چڑھا اور آئے لڑکے بیگماں ‎ ‎ سوئے مکتب اپنی دھن میں شادماں

جملہ استادند بیروں منتظر ‎ ‎ تا درآید اندر آں یار مصر

لڑکے سب باہر کھڑے تھے منتظر ‎ ‎ تاکہ اندر آئے وہ یار مصر

زانکہ منبع او بُدست ایں رائے را | سر امام آمد ہمیشہ پائے را
کیونکہ تھا مرکز وہی اس رائے کا | اور تھا سردار سب کا برملا

اے مقلد تو مجو بیشی براں | کو بود منبع ز نورِ آسماں
اے مقلد اس پہ تو سبقت نہ کر | نور کا منبع ہے تیرا راہبر

او درآمد گفت استا را سلام | خیر باشد رنگِ رویت زرد فام
آیا وہ لڑکا - کیا جھک کر سلام | اور کہا چہرہ یہ کیوں ہے زرد فام

گفت استا نیست رنجے مر مرا | تو برو بنشیں مگو یاوہ ہلا
بولا یوں استاد ہوں اچھا بھلا | کیوں یونہی بک بک کر رہا ہے بیٹھ جا

نفی کرد اما غبارِ وہمِ بد | اندکے اندر دلش ناگاہ زد
نفی کی لیکن غبارِ وہم تھا | دل میں کچھ تھوڑا سا میل آ ہی گیا

اندر آمد دیگرے گفت ایں چنیں | اندکے آں وہم افزوں شد بریں
دوسرا آیا یہی کہتا ہوا | بڑھ گیا کچھ اور وہم استاد کا

ہمچنیں تا وہم او قوت گرفت | ماند اندر حالِ خود بس در شگفت
ایسے ہی جب وہم کو قوت ملی | حیرت اپنے حال پہ اس کو ہوئی

فرعون کا وہم سے پریشان ہونا

سجدۂ خلق از زن و از طفل و مرد | زد دلِ فرعون را رنجور کرد
عورتوں مردوں نے سب سجدے کئے | بڑھ گئے صدمے دلِ فرعون کے

گفتنِ ہر یک خداوند و ملک | آنچناں کردش ز وہمے منتہک
جب کہا سب نے شہنشہ اور خدا | ایسا اس کو وہم نے رسوا کیا

کہ بدعوائے الٰہی شد دلیر | اژدہا گشت و نمے شد ہیچ سیر
ہو گیا زعمِ خدائی پہ دلیر | اژدہا تھا پھر نہیں ہوتا تھا سیر

عقل جزوی آفتش وہم است و ظن ۔ زانکہ در ظلمات شد او را وطن

عقل جزوی اس کی کمی وہم اور ظن ۔ کیونکہ ہے ظلمات میں اس کا وطن

بر زمین گر نیم گز راہے بود ۔ آدمی بے وہم ایمن میرود

نصف گز رستہ زمیں پر ہو اگر ۔ آدمی چلتا ہے اس پر بے خطر

بر سر دیوار عالی گر روی ۔ گر دو گز عرضش بود کژ میشوی

اونچی اک دیوار پر گر تو چلے ۔ عرض دو گز بھی ہو تو جھک کر چلے

بلکہ می افتی ز لرز دل بوہم ۔ ترس وہم را نکو بنگر بفہم

بلکہ دل کی لرزشوں سے وہم ہو ۔ ہاں سمجھ اس بات خوف و وہم کو

استاد کا وہم وخیال سے بیمار ہو جانا

گشت استا سست از وہم و ز بیم ۔ بر جہید و میکشانید او گلیم

سست وہم وبیم سے استاد تھا ۔ اوڑھا کمبل اور وہاں سے اٹھ چلا

خشمگین با زن کہ مہر اوست سست ۔ من بدین حالم نپرسید و نجست

بیوی پر غصہ کیا ہے بے وفا ۔ میرا یہ حال اور نہ آئے پوچھا

خود مرا آگہ نکرد از رنگ من ۔ قصد دارد تا رہد از ننگ من

رنگ سے میرے نہ دی مجھ کو خبر ۔ چاہتی ہے چھوٹنا مجھ سے مگر

او بحسن و جلوہ خود مست گشت ۔ بیخبر کز بام من افتاد طشت

مست ہے جلوہ گری میں حسن کی ۔ بے خبر ہے جیسے دن ہیں آخری

آمد و در را بتندی بر گشاد ۔ کودکان اندر پئے آن اوستاد

آیا کھولا در نہایت زور سے ۔ بچے پیچھے پیچھے تھے استاد کے

گفت زن خیر است چون زود آمدی ۔ کہ مبادا ذات نیکت را بدی

بیوی بولی خیر ہے کیوں آ گئے ۔ دشمنوں کے کیا مزاج اچھے نہ تھے

فالِ بد رنجور گرداند ہمے — آدمی را کہ نبودستش غمے
فال بد بیمار کر دیتی ہے ہاں — آدمی کو گو نہ ہو غم بے گماں

قولِ پیغمبر قبولہ یفرضوا — اِن تمارضتم لدینا تمرضوا[1]
قول پیغمبر ہے - اس کو مان لو — خود مرض سر پہ جو لو - بیمار ہو

گر بگویم او خیالے بر زند — فعل دارد زن کہ خلوت میکند
اب کہوں کچھ میں - تو سمجھے گا یہی — کچھ تو ہے ، جو ہے وہ خلوت چاہتی

مر مرا از خانہ بیروں میکند — بہرِ فتنے فعل و افسوں میکند
گھر سے وہ دیگا مجھے باہر نکال — ہوگا جادو اور ٹونے کا خیال

جامہ خواب افگند استاد و فتاد — آہ آہ و نالہ از وے مے بزاد
بچھ گیا بستر - معلم سو گیا — آہ آہ اور نالہ وہ کرنے لگا

کودکاں آنجا نشستند و نہاں — درس میخوانند با صد اندہاں
تھے وہاں لڑکے وہ سب بیٹھے ہوئے — چپکے چپکے پڑھتے تھے - مغموم تھے

کایں ہمہ کردیم و ما زندانییم — بد بنائے بود و ما بد بانییم
ہم نے سب کچھ تو کیا - پھر ہیں اسیر — یہ بری ڈالی بنا ہے نا گزیر

ہیں دگر اندیشہ باید نمود — تا ازیں محنت فرح یابیم زود
فکر کوئی اور کرنی چاہیئے — تا رہائی اس مشقت سے ملے

استاد کو پھر وہم میں ڈالنا

گفت آں کودک کہ اے قوم پسند — درس خوانید و کنید آوا بلند
بولا وہ لڑکا کہ اے ہمدرد ہو — شور کر کے تم سبق اپنا پڑھو

[1] اگر تم مرض کو اپنے اوپر فرض کر لو گے تو مریض ہو جاؤ گے ؎

چوں ہمی خواندند گفت آں کودکاں ‌ ‌ بانگ ما استاد را دارد زیاں

جب پڑھا کہنے لگا وہ نادان ‌ ‌ یہ صدا استاد کو دیگی زیاں

درد سر افزاید استا را ز بانگ ‌ ‌ ارزد ایں کو درد یابد بہر دانگ

درد سر آواز سے بڑھ جائیگا ‌ ‌ درد وہ کیوں مول تھا لینے لگا

گفت استا راست میگوید روید ‌ ‌ درد سر افزوں شدم بیروں شوید

بولا استاد - اب یہ تم نے سچ کہا ‌ ‌ جاؤ رخصت درد سر بڑھنے لگا

سجدہ کردند و بگفتند اے کریم ‌ ‌ دور بادا از تو رنجوری و بیم

سجدہ کر کے سب وہ بولے اے کریم ‌ ‌ دور ہو تجھ سے یہ رنجوری و بیم

پس بروں جستند سوئے خانہا ‌ ‌ ہمچو مرغاں در ہوائے دانہا

اپنے اپنے گھر وہ لڑکے چل دیئے ‌ ‌ مرغ دانے کے لئے جیسے اڑے

لڑکوں کا جانا اور ماؤں کا پوچھنا

مادرانشاں خشمگیں گشتند و گفت ‌ ‌ روز کتاب و شما با لہو جفت

ان کی مائیں غصے سے کہنے لگیں ‌ ‌ وقت مکتب کا ہے کھیل اچھا نہیں

وقت تحصیل است اکنوں شما ‌ ‌ میگریزید از کتاب و اوستا

وقت یہ پڑھنے کا ہے پھر کس لئے ‌ ‌ بھاگتے ہو مکتب و استاد سے

عذر آوردند کاے مادر تو بیست ‌ ‌ ایں گناہ از ما و از تقصیر نیست

عذر کر کے سب نے ماؤں سے کہا ‌ ‌ یہ ہماری تو نہیں کچھ بھی خطا

از قضائے آسماں استاد ما ‌ ‌ گشت رنجور و سقیم و مبتلا

قضا ہی استاد کو حکم قضا ‌ ‌ ہو گیا بیمار دکھ میں مبتلا

مادراں گفتند مکر است و دروغ ‌ ‌ صد دروغ آرید بہر طمع دوغ

بولیں مائیں کہہ رہے ہو مکر سے ‌ ‌ حیلے سو ہیں اک دہی کے واسطے

ما صباح آییم پیش اوستا | تا ببینیم اصل ایں مکر شما
صبح ہم جائیں گے پاس استاد کے | جھوٹ اور سچ کو تمہارے جانچنے

کودکاں گفتند بسم اللہ روید | بر دروغ و صدق ما واقف شوید
بولے لڑکے - جاؤ بسم اللہ تم | جھوٹ اور سچ سے بنو آگاہ تم

ماؤں کا استاد کی بیمار پرسی کو جانا

بامداداں آمدند آں مادراں | خفتہ استا ہمچو بیمار گراں
صبحدم مائیں چلی آئیں وہاں | تھا جہاں استاد سوتا ناتواں

ہم عرق کردہ ز بسیارے لحاف | سر ببستہ رو کشیدہ در سجاف
بہت لحافوں سے پسینہ تھا رواں | سر بندھا تھا منہ تھا پوشیدہ نہاں

آہ آہے میکند آہستہ او | جملگاں گشتند ہم لاحول گو
آہ کی آہستہ اس نے بالیقیں | عورتیں لاحول سب پڑھنے لگیں

خیر باشد اوستاد ایں دردِ سر | جانِ تو مارا نبودہ زیں خبر
خیر باشد کب سے ہے یہ دردِ سر | بے قسم ہم کو نہ تھی اس کی خبر

گفت من ہم بے خبر بودم ازاں | آگہم کردند ایں مادر غراں
بولا میں بھی بے خبر خود اس سے تھا | ان شریروں نے مجھے آگہ کیا

من بُدم غافل بشغلِ قال و قیل | بود در باطن چنیں رنجے ثقیل
تھا میں غافل کر رہا تھا قال و قیل | اندر اندر پڑ گیا رنجِ ثقیل

چوں بجد مشغول باشد آدمی | او ز دید رنج خود باشد عمی
جبکہ ہو سرگرمِ شغلے میں آدمی | رنج سے ہوتی نہیں بینا آنکھ

از زنانِ مصر یوسف شد سمر | جملہ از مشغولی خود بے خبر
حضرتِ یوسف ہوئے جب جلوہ گر | ہاتھ کی کاٹی زنانِ مصر نے

پارہ پارہ کرد ساعد ہائے خویش — روح والہ کہ نہ پس دانَد نہ پیش
ٹکڑے ٹکڑے اپنے ہاتھوں کو کیا — پیش و پس کیا جانے رُوح مبتلا

اے بسا مرد شجاع اندر حراب — کہ بُرَد دست یا پایش ضراب
جنگ میں ہوتے ہیں ایسے سُورما — ضرب سے کٹتے ہیں جنکے دست و پا

او ہماں دست آورد در گیر و دار — بر گمان آنکہ ہست او برقرار
وہ اسی ہمت سے پھر کرتے ہیں وار — جانتے ہیں ۔ ہیں ابھی تک برقرار

خود نہ بیند دست رفتہ در ضرر — خون از و بسیار رفتہ بے خبر
ہاتھ کا کٹنا نہیں آتا نظر — خون بہتا ہے مگر ہیں بے خبر

جسم روح کا لباس ہے

تا بدانی کہ تن آمد چوں لبیس — رو بجو لابس لباسے را ملیس
جسم ہے ملبوس ۔ اگر معلوم ہو — ڈھونڈ تو کپڑے پہننے والے کو

روح را توحید اللہ خوشتر است — غیر ظاہر دست و پائے دیگر است
روح کو خوشتر ہے توحید خدا — اور باطن میں ہیں اسکے دست و پا

دست و پا در خواب بینی ایتلاف — آں حقیقت داں مداں آں را گزاف
دست و پا گر خواب میں دیکھے ملے — وہ حقیقت ہے نہ سمجھنا جان اسے

آں توئی کہ بے بدن داری بدن — پس مترس از جسم جاں بیروں شدن
تو وہ ہے بے جسم رکھتا ہے بدن — جان جائے تو نہ ڈر اے جان من

روح دارد بے بدن بس کار و بار — مرغ باشد در قفس بس بیقرار
بے بدن بھی رُوح کو ہے کاروبار — مرغ رہتا ہے قفس میں بیقرار

باش تا مرغ از قفس آید بروں — تا بہ بینی ہفت چرخ او را زبوں
مرغ کو باہر قفس سے آنے دے — پھر ہوں ہفت افلاک زیر اس کے لئے

یک حکایت گوش کن گر بشنوی | در حقیقت بر حقیقت بگروی

اک حکایت میں کہوں گر تو سنے | تا حقیقت کا تو گرویدہ رہے

ایک خلوت نشین درویش کا قصہ

بود درویشے بکہسارے مقیم | خلوت او را بود ہمخوابے ندیم

ایک درویش اک پہاڑی پر مقیم | تھا۔ فقط تنہائی تھی اسکی ندیم

چوں ز خالق میرسید اورا شمول | بود از انفاس مرد و زن ملول

چونکہ تھا اللہ سے اس کا وصال | مرد و عورت سے پہنچتا تھا ملال

ہمچنانکہ سہل شد ما را حضر | سہل شد ہم قوم دیگر را سفر

ہم کو رہنا ہے وطن میں سہل تر | دوسروں کو ہے یونہی آساں سفر

آنچنانکہ عاشقی بر سروری | عاشق ست آں خواجہ بر آہنگری

جس طرح تو سروری پہ ہے فدا | خواجہ ہے آہنگری پر مبتلا

ہر کسے را بہر کارے ساختند | میل آں را در دلش انداختند

ہے بنا اک کام کو یاں ہر کوئی | رغبت اس کی اسکے دل میں ڈالدی

دست و پا بے میل جنباں کے شود | خار و خس بے آب و بادے کے رود

دست و پا بے شوق کب جنبش کریں | خار و خس پانی ہوا بن کب چلیں

گر ببینی میل خود سوئے سما | پر دولت بر کشا ہمچوں ہما

ہو اگر رغبت تری سوئے سما | کھول دے دولت کے پر مثل ہما

ور ببینی میل خود سوئے زمیں | نوحہ میکن ہیچ منشیں از حنیں

ہو اگر رغبت تری سوئے زمیں | نوحہ کر اور بیٹھ مت رہ ہمنشیں

عاقلاں خود نوحہا پیشیں کنند | جاہلاں آخر بسر برمی زنند

عاقل ہے وہ نالہ وہ پہلے کرے | جاہل آخر میں ہیں سر کو پیٹتے

ز ابتدای کار آخر را ببین | تا نباشی تو پشیمان یوم دین
ابتدا میں کام کا انجام دیکھ | حشر میں تا ہو نہ تو بدنام دیکھ

ایک شخص اور ایک سنار

آن یکی آمد به پیش زرگری | که ترازو ده که بر سنجم زری
پاس زرگر کے گیا اک آدمی | دے ترازو تاکہ زر تولوں ابھی

گفت خواجه رو مرا غربال نیست | گفت میزان ده بدین تسخر مایست
بولا - اے خواجہ یہاں چھلنی کہاں | دق نہ کر - بولا - ترازو لا یہاں

گفت جاروبی ندارم در دکان | گفت بس بس این مضاحک را بمان
بولا - جھاڑو بھی نہیں دکان میں | بولا - بس بس چھوڑ دے یہ چٹکلیں

من ترازویی که می‌خواهم بده | خویشتن را کر مکن هر سو مجه
میں ترازو مانگتا ہوں مجھ کو دے | یوں نہ بہرہ بن - نہ کر چہلے نئے

گفت بشنیدم سخن کر نیستم | تا نپنداری که بی‌معنیستم
بولا سب سنتا ہوں میں بہرا نہیں | کر یقین اسکا میں بے معنی نہیں

این شنیدم لیک پیری مرتعش | دست لرزان جسم تو نامنتعش
پر سنا - ہے جسم تیرا کانپتا | تو ہے بوڑھا - جسم لاغر ہے تیرا

فهم کردم لیک پیری ناتوان | پس ضعیفت دست لرزان بی‌زبان
جانتا ہوں تو ہے بیحد ناتواں | ہاتھ لرزاں ضعف سے ہیں بےگماں

وان زر تو هم قراضهٔ خرد و مرد | دست لرزد پس بریزد زر خرد
اور ہے سونا ریزہ ریزہ سب تیرا | ہاتھ کانپیں گے گرے گا سب طلا

پس بگویی خواجه جاروبی بیار | تا بجویم زر خود را از غبار
پس کہے تو مجھ سے لا جھاڑو ذرا | ڈھونڈ لوں اپنا سونا جو کوڑے میں گرا

چوں بروبی خاک را جمع آوری   گو بیم غربال خواہم اے جری
خاک کو جب جمع کر لے جھاڑ کے   پھر کہے مجھ سے کہ چھلنی مجھکو دے
ہست زاول دیدہ ام آخر را تمام   جائے دیگر رو و از اینجا والسلام
دیکھا ہے اول سے آخر تک تمام   جا کہیں اور اس جگہ سے۔ والسلام
ہر کہ اول بیں بود اعمیٰ بود   ہر کہ آخر بیں چہ با معنیٰ بود
جو کہ اول بیں ہو ہے اندھا وہی   جو ہو آخر بیں۔ ہے با معنیٰ وہی
ہر کہ اول بنگرد پایان کار   اندر آخر او نگردد شرمسار
جو کہ پہلے سوچ لے انجام کار   وہ نہ آخر میں کبھی ہو شرمسار
حکم چوں بر عاقبت اندیشی است   بادشاہی بندۂ درویشی است
عاقبت بینی پہ ہے حکم اے ہمام   بادشاہی ہے فقیری کی غلام
عاقبت بیناں بوند اہل رشاد   در نگر واللہ اعلم بالسداد
جو ہیں آخر بیں۔ وہی ہیں کامیاب   غور کر، واللہ اعلم بالصواب
ایں سخن پایاں ندارد راز گوے   قصۂ آں مرد زاہد باز گوے
راز گو، قصہ بہت ہے یہ بڑا   مرد زاہد کی حکایت پھر سنا
کن تمام اکنوں حدیث شیخ فرد   کاندراں کہسار بودش خواب و خورد
شیخ کا قصہ ذرا اب ختم کر   ہاں۔ پہاڑوں میں وہ کرتا تھا بسر

پہاڑی زاہد کا قصہ

اندراں کہ بود اشجار و ثمار   سیب و امرود و انار بے شمار
کوہ پہ تھے پیڑ اور میوے لگے   سیب، امرود اور انار اچھے بھلے
قوت آں درویش بود آں میوہا   غیر آں چیزے نخوردے دائما
میوے اس درویش کی تھے بس غذا   اور کچھ کھاتا نہ تھا اُن کے سوا

گفت آں درویش یا رب با تو من ۔۔۔ عہد کردم کہ نچینم در زمن

بولا وہ درویش۔ تجھ سے اے خدا ۔۔۔ ہے کیا عہد اب نہ میوہ توڑونگا

خود نچینم میوہ را در کل حین ۔۔۔ نیز غیرے را نگویم کہ بچین

میں نہ خود توڑونگا میوے پیڑ کے ۔۔۔ اور نہ تڑواونگا میوہ غیر سے

جز ازاں میوہ کہ باد اندازدش ۔۔۔ من نچینم از درخت منتعش

ماسوا اسکے ہوا سے جو گرے ۔۔۔ میں نہ کچھ توڑونگا اونچے پیڑ سے

مدتے بر نذرِ خود بودش وفا ۔۔۔ تا درآمد امتحانات خدا

مدتوں وہ عہد پہ قائم رہا ۔۔۔ امتحانِ عہد کا وقت آ گیا

زیں سبب فرمود استثنا کنید ۔۔۔ گر خدا خواہد بہ پیماں برزنید

اس لئے ہے حکم[1] استثنا کرے ۔۔۔ عہد اگر چاہے خدا پورا کرے

زانکہ حکمِ کار در دستِ من است ۔۔۔ اختیارِ جملگاں پیشِ من ہست

کیونکہ میرے ہاتھ میں ہے حکمِ کار ۔۔۔ پست تر ہے مجھ سے سب کا اختیار

ہر زماں دل را دہم میلے دگر ۔۔۔ ہر زماں بر دل نہم داغِ جگر

ہر گھڑی دل کو نیا اک ذوق دوں ۔۔۔ ہر گھڑی داغِ جگر پر دل پہ رکھوں

کل اصباح لنا شانٌ جدید ۔۔۔ کل شیٔ عن مرادی لا یحید

ہر سحر میری جدا ہی شان ہے ۔۔۔ کب جدا مقصد سے میرے کوئی شے

در حدیث آمد کہ دل ہمچوں پریست ۔۔۔ در بیابانے اسیرِ صرصریست

قولِ پیغمبر ہے۔ دل ہے مثلِ پر ۔۔۔ دشت کی آندھی میں جو ہے منتشر

باد پر را ہر طرف راند گزاف ۔۔۔ گہ چپ و گہ راست با صد اختلاف

پھینکتی ہے پر کو ہر جانب ہوا ۔۔۔ دائیں بائیں آگے پیچھے بے ملا

[1] یعنی حکم ہے۔ کہ جب تم کوئی عہد کیا کرو۔ تو "انشاء اللہ تعالیٰ" کہہ لیا کرو۔

در حدیث دیگر این دل داں چناں ۔ کآب جوشاں ز آتش اندر قازغاں
ہے حدیث اک یہ کہ دل ہے بے سخن ۔ دیگ میں جیسے ہو پانی جوش زن

در حدیث دیگر آمد اے شریف ۔ ہست دل مانندِ کنجشکِ ضعیف
ہے حدیث اک یہ ذرا سن اے شریف ۔ جسم میں یہ دل ہے اک چڑیا ضعیف

کہ قرارے نبودش بر یک مکاں ۔ مے جہد دائم ازینجا تا بداں
اک جگہ جس کو نہیں ملتا قرار ۔ ہر طرف وہ ہے پھدکتی بار بار

ہر زماں دل را دگر رائے بود ۔ آں نہ از وے لیک از جائے بود
رائے دل کی ہر گھڑی ہے دوسری ۔ رائے وہ اس کی نہیں۔ ہے اور کی

پس چرا ایمن شوی بر رائے دل ۔ عہد بندی تا شوی آخر خجل
کیوں تو بے پروا ہو سن کر رائے دل ۔ عہد کرکے ہو پشیماں اور خجل

ایں ہم از تاثیر حکمست و قدر ۔ چاہ مے بینی و نتوانی حذر
یہ بھی ہے تاثیر حکم کبریا ۔ ہے کنواں ظاہر، نہیں بچنے کی جا

نیست خود از مرغ پراں ایں عجب ۔ کو نہ بیند دام و افتد در عطب
مرغ پراں سے تعجب یہ نہیں ۔ جو نہ دیکھے دام اور ہو غم نشیں

ایں عجب کہ دام بیند ہم وتد ۔ گر بخواہد ور نخواہد مے فتد
ہاں تعجب یہ ہے کہ پھندا دیکھ کے ۔ اس میں وہ خواہی نخواہی گر پڑے

چشم باز و گوش باز و دام پیش ۔ سوئے دامے مے پرد با پرِ خویش
وا ہوں گوش و چشم، پھندا سامنے ۔ خود پروں سے آکے پھندے میں پھنسے

بندِ دام کی تشبیہ قضا سے

بنگر اندر دلق مہتر زادہ ۔ سر برہنہ در بلا افتادہ
دیکھ تو گدڑی میں مہتر زادہ کو ۔ سر برہنہ اور بلا افتادہ کو

در ہوائے نابکاری سوختہ | امتعہ و املاک خود بفروختہ

نابکاری کی ہوا میں ہے جلا | مال و اسباب اس نے بیچا ہے ملا

خوار گشتہ درمیانِ قومِ خویش | مرہمش نایاب اندر ریشِ ریش

اور اپنی قوم میں بدنام و خوار | ملتا نہیں مرہم نہیں۔ دل ہے فگار

خانماں رفتہ شدہ بدنام و خوار | کامِ دشمن بر شد و ادبار دار

خانماں برباد اور رسوا و خوار | ہو چکا وہ خستہ ہے۔ دشمن کامگار

زاہدے بنگرید گوید اے کیا | ہمتے میدار از پیرِ خدا

دیکھ کر زاہد کو اس سے یوں کہا | کہ مدد پیری خدا کے [illegible] سے

کاندریں ادبار زشتے فتادہ ام | مال و زر و نعمت از کف دادہ ام

ہو گیا ادبار میں میں مبتلا | مال و زر سب ہاتھ سے جاتا رہا

ہمتے تا بو کہ من زیں وارہم | زیں گلِ تیرہ بود کہ بر جہم

کر دعا ایسی کہ ہو جاؤں رہا | خاکِ تیرہ سے کروں خود کو جدا

ایں دعا میخواہد او از عام و خاص | کالخلاص و الخلاص و الخلاص

ہر کس و ناکس سے تھی یہ التجا | کر رہا ہاں کر رہا ہاں کر رہا

دست باز و پائے باز و بند نے | نے موکّل بر سرش نے آہنے

دست و پا آزاد قید و بند سے | سر پہ تھا جن اور نہ لوہے کے کڑے

از کدامیں بند میجوئی خلاص | وز کدامیں قید میخواہی مناص

تو رہائی خواہ ہے کس قید سے | ہے ضروری بھاگنا کس سے تجھے

بندِ تقدیر و قضائے مختفی | کاں نبیند آں بجز ذاتِ حق

قید تقدیر اور پوشیدہ قضا | کون دیکھے اس کو بجز مردِ خدا

گرچہ پیدا نیست آں در مکمنست | بدتر از زندان و بندِ آہنست

گرچہ وہ ظاہر نہیں پنہاں تو ہے | بدتر از زنجیر و بند و زنداں تو ہے

زانکہ آہنگر مر آنرا بشکند ۔ حفرہ گر ہم خشت زنداں بر کند

بند ہو تو توڑ دے آہن گر اسے ۔ اینٹ زنداں کی نقب زن توڑ دے

ایں عجب ایں بند پنہان گراں ۔ عاجز از تکسیر آں آہنگراں

ہے عجب اک بند ہے سخت و نہاں ۔ توڑنے سے عاجز آہن گر یہاں

دیدن آں بند احمدؐ را رسد ۔ بر گلوئے بستہ حبل من مسد

آنکھ احمدؐ کو ہے اس بند کی ۔ رسی خرما کی گلے[۱] میں دیکھ لی

دید بر پشت عیال بولہب ۔ تنگ ہیزم گفت حمال الحطب

لکڑیاں لاوے تھی زوجہ بولہب ۔ آپ نے فرمایا حمال الحطب[۲]

حبل و ہیزم را جز او چشمے ندید ۔ کہ پدید آید برو ہر ناپدید

رسی لکڑی کون آن بن دیکھتا ۔ آن پہ تھا ہر ظاہر و باطن کھلا

باقیانش جملہ تاویلے کنند ۔ کایں ز بیہوشیست ایشاں ہوشمند

باقی سب تاویلیں ہی کرتے ہیں بھلا ۔ یہ ہے بیہوشی اور وہ ہیں ہوشیار

یک ز تاثیر آں پشتش دو تو ۔ کشتہ و نالاں شدہ او پیش او

بیٹھے جس کی خم تھی اس تاثیر سے ۔ آیا وہ نالاں ہی اسکے سامنے

کہ دعا و ہمتے تا وارہم ۔ تا ازیں بند نہاں بیروں جہم

کر تو ہمت اور دعا تا ہووے رہا ۔ قید سے باہر میں آ جاؤں ذرا

آنکہ اندر ایں علامتہا پدید ۔ چوں نداند او شقی را از سعید

جو کہ دیکھے اس علامت کو عیاں ۔ کیوں نہ پہچانے وہ نیک و بد کہاں

داند و پوشد بامر ذوالجلال ۔ کہ نباشد کشف راز حق حلال

دکھتا ہے پنہاں بحکم کبریا ۔ جانے کشف راز کو وہ ناروا

[۱] یعنی زوجۂ بولہب کے گلے میں ۔

[۲] لکڑیوں کی اٹھانے والی ۔

این سخن پایاں ندارد آں فقیر ۔۔۔ از مجاعت شد زبوں تن اسیر

بات طولانی ہے یہ اور وہ فقیر ۔۔۔ بھوک سے لاغر ہے آفت میں اسیر

فقیر کا درخت سے امرود توڑنا

پنج روزاں باد امرودے نریخت ۔۔۔ زآتش جوعش صبوری میگریخت

پانچ دن تک جب نہ امرود اک گرا ۔۔۔ بھوک سے بے صبر آخر ہو گیا

بر سر شاخ مرودے چند دید ۔۔۔ باز صبرے کرد و خود را واکشید

دیکھے امرود اس نے کچھ اک شاخ پہ ۔۔۔ صبر کرکے پھر چلا آیا ادھر

باد آمد شاخ را سر زیر کرد ۔۔۔ طبع را بر خوردن وچیر کرد

جب ہوا سے شاخ نیچے کو جھکی ۔۔۔ پھر طبیعت کھانے پر راغب ہوئی

جوع و ضعف و قوت جذب قضا ۔۔۔ کرد زاہد را ز نذرش بیوفا

بھوک اور ضعف اور پھر جذب قضا ۔۔۔ عہد زاہد کا نہ قائم رہ سکا

چونکہ از امرود بن میوہ شکست ۔۔۔ گشت اندر عہد و نذر خویش سست

پیڑ سے امرود کے میوہ لیا ۔۔۔ سست اپنے عہد میں وہ ہو گیا

ہم در آندم گوشمال حق رسید ۔۔۔ چشم او بکشاد و گوش او کشید

گوشمالی حق سے آئی بے گماں ۔۔۔ کھولیں آنکھیں اور کھینچے اسکے کان

مخلصاں ہستند دائم در خطر ۔۔۔ امتحانہا ہست در راہ اے پسر

جو ہیں مخلص ہے سدا ان کو خطر ۔۔۔ امتحاں ہیں راستے میں اے پسر

یا مکن نذرے کہ نتوانی وفا ۔۔۔ پر خطر گشتی نہ بیروں جہ بلا

عہد مت کر جب نہ ہو ممکن وفا ۔۔۔ پھر نہ محفوظ ہیں بلا سے باہر آ

باز گشتم سوئے قصہ کان فقیر ۔۔۔ عہد چوں بشکست در دم شد اسیر

پھر وہی قصہ سناؤں ۔ وہ فقیر ۔۔۔ توڑ کر یوں عہد ہو بیٹھا اسیر

غیرتِ حق گوشمالش داد زود — زانکہ فرمود است اوفوا بالعہود
غیرتِ حق نے سزا دی اسکو زود — کیونکہ فرمایا ہے اوفوا[1] بالعہود

درویش کا ہاتھ کاٹا جانا

اتفاقاً دزد چندے تاختند — واندر آں کہسار منزل ساختند
اتفاقاً چند چور آئے وہیں — اس پہاڑی میں ہوئے مسکن گزیں

بیست دزداں بُدند آنجا و بیش — بخش میکردند مسروقاتِ خویش
بیس تھے وہ بلکہ زائد بیس سے — مال تھے چوری کا باہم بانٹتے

شحنہ را غماز آگہ کردہ بود — مردمِ شحنہ درافتادند زود
شحنہ کو جاسوس نے دی تھی خبر — آگئے اس کے سپاہی جلد تر

ہم بد انجا پائے چپ و دستِ راست — جملہ ببریدند و غوغائے بخاست
کاٹے بائیں پاؤں سیدھے ہاتھ بھی — شور و غل سے ایک ہلچل مچ گئی

دستِ زاہد ہم بریدہ شد غلط — پاش را میخواست ہم کردن سقط
ہاتھ زاہد کا بھی سہواً کٹ گیا — چاہتے تھے پاؤں بھی وہ کاٹنا

در زماں آمد سوارے بس گزیں — بانگ زد بر عواں کاے سگ ببیں
آگیا ناگاہ اتنے میں اک سوار — ہر سپاہی سے کہا۔ اے نابکار

ایں فلاں شیخ ست و ابدالِ خدا — دستِ او را تو چرا کردی جدا
ہے فلاں یہ شخص ابدالِ خدا — ہاتھ اس کا کیوں کیا تم نے جدا

آں عواں بدرید جامہ تیز رفت — پیشِ شحنہ داد آگاہیش تفت
وہ سپاہی پھاڑ کر کپڑے چلے — واقعے سب جا کے شحنہ سے کہے

[1] اپنے عہد وفا کرو۔

گر تو نام اوش خواهی روان　　هین بو الخیر تیناتی خوان

پہلا نام اُن کا جو چاہے جاننا　　کہہ انہیں بو الخیر تیناتی تھا

شیخ اقطع کی کرامت

در عریش او را یکے زائر بیافت　　کو بہر دو دست خود زنبیل بافت

دیکھا اک زائر نے چھپر میں انہیں　　بنتے تھے زنبیل جو تھی ہاتھ میں

گفت او را اے عدوئے جان خویش　　در عریشم آمدی سر کردہ پیش

بولے - اپنی جان کا تو ہے عدو　　آ گیا کیونکر مرے چھپر میں تو

ہیں چرا کردی شتاب اندر سباق　　گفت از افراط مہر و اشتیاق

تو نے سبقت مجھ سے کی بے نفاق!　　بولا مجھ کو تھا بڑا ہی اشتیاق

پس تبسم کرد و گفت اکنوں بیا　　لیک مخفی دار این را اے کیا

مسکرا کے پھر کہا اس سے کہ آ　　ہاں مگر سب سے چھپاتا ماجرا

تا نمیرم من مگو این با کسے　　نے قرینے نے حبیبے نے خسے

رکھنا میری زیست تک اسکو نہاں　　اپنے بیگانوں سے کہہ دینا نہ ہاں

بعد ازاں قومی دگر از روزنش　　مطلع گشتند بر بافیدنش

بعد ازاں روزن سے قوم اک دوسری　　اُن کے یوں بننے سے واقف ہو گئی

گفت حکمت را تو دانی کردگار　　من کنم پنہاں تو کردی آشکار

بولے حکمت تو جانے کردگار　　میں چھپاتا ہوں کرے تو آشکار

آمد الہامش کہ یکچندے بدند　　کہ دریں غم بر تو منکر میشدند

یوں ہوا الہام تھے کچھ آدمی　　جو کبھی تکذیب کرتے تھے تری

کہ مگر سالوس بود او در طریق　　کہ خدا رسواش کرد اندر فریق

ہاں طریقت میں وہ اک مکار تھا　　اس لئے رسوا خدا نے کر دیا

من نخواهم کان رمه کافر شوند — در ضلالت در گمان بد روند
میں نے یہ چاہا کہ وہ کافر نہ ہوں — ہوں نہ گمرہ، بدگمانی کر کے یوں

این کرامت بهر دیم آشکار — که بپیچید دست اندر وقت کار
یہ کرامت ہم نے کر دی آشکار — تا مدد تجھ کو پہنچے وقت کار

تا که این بیچارگان بدگمان — رد نگردند از جناب آسمان
یہ جو بیچارے نہ ہوویں بدگمان — رد نہ کر دیں فیض آسمان

من ز تنهایی کرامت را ز پیش — خود تسلی دادمے از ذات خویش
اس کرامت سے بھی پہلے میں مجھے — خود تسلی دیتا اپنی ذات سے

این کرامت بهر ایشان ادمست — واین چراغ از بهر این ظلمت
یہ کرامت دکھائی ان کے لیے — یہ چراغ اب ہیں جلے انکے لیے

تو ازان بگذشتهٔ کز مرگ تن — ترسی از تفریق اجزائے بدن
تو ہے بالاتر، کہ مرگ جسم سے — عضو کی تفریق ہونے سے ڈرے

وهم تفریق از سرایت رفت — دفع وهم از بهر رشید نیک بخت
وہم تجھ میں ہے کہاں تفریق کا — دفع وہم اب تجھ کو باطن سے ملا

فرعون کے جادوگر

ساحران را گفت فرعون لعین — کرد تهدید و سیاست بر زمین
ساحروں سے یوں کہا فرعون نے — ہیں سزا دونگا سیاست کے لیے

که ببرم دست و پاتان از خلاف — پس برآرمتان ندارمتان معاف
دست و پا کاٹوں پہنچے ہو تم خلاف — اور لٹکا دوں۔ کروں میں کیوں معاف

او چنان پنداشت کایشان در همان — وهم و تخویف و وساوس و گمان
وہ یہ سمجھا سب یونہی ڈرتے رہیں — وہم و وسواس و گمان و خوف ہیں

که بود شان لرزه تخویف و ترس	از تو ترسیها و تهدیدات نفس
خوف سے لرزاں بدن انکے رہیں	نفس کی دھمکی سے وہ ڈرتے رہیں
او همی دانست کایشان بسته اند	بر دریچهٔ نور دل بنشسته اند
وہ نہ سمجھا تھا کہ یہ آزاد ہیں	نور دل کے در پہ سب آباد ہیں
سایهٔ خود را ز خود دانسته اند	چابک و چست و گش و برجسته اند
اپنا سایہ جسم کو ہیں جانتے	شاد ہیں چالاک چستی ہیں بھرے
هاون گردون اگر صد بارشان	خرد کوبد اندریں گلزارشاں
گر فلک کی اوکھلی سو بار بھی	ریزہ ریزہ انکو کردے دائمی
اصل آن ترکیب را چون دیده اند	از فروع وهم کم ترسیده اند
اصل ہیں ترکیب کی دیکھے ہوئے	وہ نہیں ڈرتے فروع وہم سے
این جهان وهم است اندر ظن مایست	گر رود در خواب دستی باک نیست
یہ جہاں ہے وہم ظن سے ہاں گذر	خواب میں گر ہاتھ کٹ جائے نہ ڈر
گر بخواب اندر سرت ببرید گاز	هم سرت بر جاست هم عمرت دراز
خواب میں گر سر چھری سے کٹ گیا	عمر تیری بڑھ گئی ۔ سر ہے بچا
گر ببینی خواب خود را دو نیم	تندرستی چون بخیزی نیست بیم
خواب میں دو ٹکڑے گر آئیں نظر	جب اٹھے ہو تندرستی [illegible]
حاصل اندر خواب نقصان بدن	نیست باک از دو صد پاره شدن
الغرض نقصان بدن کا خواب سے	کچھ نہیں ہے گو سیکڑوں ٹکڑے کرے
این جهان را که بصورت قائم است	گفت پیغمبر که حلم نائم است
اس جہاں کا ہے جو صورت پر قیام	خواب کی صورت کہیں خیر الانام
از ره تقلید تو کردی قبول	سالکان این دیده پیدا بی رسول
کر لیا تقلید سے تونے قبول	سالکوں نے اسکو دیکھا بے رسول

روز در خوابی مگو کاین خواب نیست | سایہ فرع است اصل جز مہتاب نیست

تو ہے سوتا یہ نہ کہہ کب خواب ہے | سایہ ہے شاخ، اصل بس مہتاب ہے

خوابت ار بیداریست آں داں اے عضد | کو بہ بیند خفتہ کو در خواب شد

خواب بیداری ہے گویا اے جواں | خفتہ کیا سمجھے کہ ہے خواب گراں

او گماں بردہ کہ ایں دم خفتہ ام | بے خبر زاں کوست در خواب دوم

وہ تو یہ جانے کہ ہوں سویا ہوا | اصل میں یہ خواب ہے وہ دوسرا

کوزہ گر گر کوزہ را بشکند | چوں بخواہد باز خود قائم کند

کوزہ گر، کوزہ کوئی توڑے اگر | پھر وہ جب چاہے بنا دے جوڑ کر

کور را ہر گام باشد ترس چاہ | با ہزاراں ترس مے آید براہ

اندھے کو ہے ہر قدم پر خوفِ چاہ | سیکڑوں خطروں میں چلتا ہے وہ راہ

مردِ بینا دید عرض راہ را | پس بداند او مغاک و چاہ را

مردِ بینا دیکھتا ہے راہ کو | جانتا ہے ہر گڑھے اور چاہ کو

پا و زانویش نلرزد ہر دمے | رو ترش کے آرد او از ہر غمے

پاؤں اور زانو لرزتے ہی نہیں | ترش رُو وہ کب ہو اور اندوہگیں

خیز فرعونا کہ ما آں نیستیم | کہ بہر بانگے ز غولے بیستیم

دیکھ اسے فرعون ایسے ہم نہیں | بانگ غولی پر ٹھہرتے ہیں کہیں

خرقہ ما را بدرد دوزندہ ہست | ورنہ خود ما را برہنہ تن بہست

پھاڑ خرقہ، سینے والا ہے خدا | یوں بھی ہم خوش ہیں نہ گر اس نے سیا

بے لباس ایں خواب اندر کنار | خوش بگیریم اے عدوئے نابکار

بے لباس اس خواب سے ہوں ہمکنار | خوش ہوں اس سے اے عدوئے نابکار

خوشتر از تجرید از تن و مزیج | نیست اے فرعون بے الہام گیج

سب سے بہتر ہے جدائی جسم سے | سمجھ تو اے فرعون بے الہام اٹھ

ایک خچّر اور ایک اونٹ

گفت استر با شتر اے خوش رفیق ۔ در فراز و شیب و در راہ عمیق

بولا خچّر اونٹ سے یوں اے رفیق ۔ اونچا نیچا جب ہو رستہ یا عمیق

تو نیائی در سر و خوش میروی ۔ من ہمے آیم بسر در چوں غوی

سر کے بل گرتا نہیں تو بے گماں ۔ اور میں گرتا ہوں اکثر ناگہاں

من ہمے افتم برو در ہر دمے ۔ خواہ در خشکی و خواہ اندر نمے

منہ کے بل گرتا ہوں میں تو ہر گھڑی ۔ خواہ وہ خشکی ہو کوئی یا تری

ایں سبب را باز گو با من کہ چیست ۔ تا بدانم من کہ چوں باید زیست

کچھ سبب اس کا بتا آخر مجھے ۔ تا کہ رستہ مجھ کو جینے کا ملے

گفت از چشم تو چشم من یقیں ۔ بیگماں روشن تر است و دوربیں

بولا تیری آنکھوں سے آنکھیں مری ۔ دور بیں ہیں اور بہت ہے روشنی

بعد ازاں ہم از بلندی ناظرم ۔ زیں سبب در رہ بچشمم حاضرم

میں بلندی سے ہوں سب کچھ دیکھتا ۔ منہ کے بل گرتا نہیں یوں برملا

خوش برآیم بر سر کوہ بلند ۔ آخر عقبہ ببینم ہوشمند

خوش خوش آتا ہوں سر کوہ بلند ۔ گھاٹی کو میں دیکھتا ہوں ہوشمند

پس ہمہ پستی و بالائی راہ ۔ دیدہ ام را وا نماید ہم الٰہ

یہ بلندی راہ کی یہ پستیاں ۔ کرتا رہتا ہے خدا مجھ پہ عیاں

ہر قدم من از سر بینش نہم ۔ از عثار و اوفتادن وا رہم

ہر قدم رکھتا ہوں میں دانائی سے ۔ لغزش اور گرنے سے بچنے کے لئے

تو نبینی پیش خود یک دو سہ گام ۔ دانہ بینی و نبینی رنج دام

دیکھتا ہے تو فقط دو تین گام ۔ دانہ کو دیکھے نہ دیکھے رنج دام

یستوی الاعمیٰ لدیکم والبصیر — فی المقام والنزول والمسیر
ہے برابر کور اور بینا تمہیں — ہر جگہ ہر منزل اور ہر سیر میں

چوں جنین اور رحم حق جاں دہد — جذب اجزا در مزاج او نہد
جب رحم میں بچے کو حق جان دے — جذب اجزا کا طبیعت میں رکھے

از خورش او جذب اجزا میکند — تار و پود جسم خود را می تند
کھانے سے وہ جذب اجزا کو کرے — تانا بانا جسم کا اپنے تنے

تا چہل سالش بجذب جزو ہا — حق حریصش کردہ باشد در نما
جذب اجزا کے لیے چالیس سال — ہے حریص اس کو بناتا ذوالجلال

جذب اجزا روح را تعلیم کرد — چوں نداند جذب اجزا شاہ فرد
جب سبق وہ روح کو دے جذب کا — جذب اجزا کیوں نہ جانے کبریا

جامع ایں ذرہ ہا خورشید بود — بے غذا اجزات را داند ربود
جمع ان ذروں کو سورج نے کیا — تیرے اجزا کو چلائے بے غذا

آں زمانے کہ در آئی تو ز خواب — ہوش و حس رفتہ را خواہد شتاب
جس گھڑی بیدار ہو تو خواب سے — ہوش و حس رفتہ کو پھر دیکھ لے

تا بدانی کاں ازو غائب نشد — باز آید چونکہ فرماید کہ عُد
ہو یقیں تجھ کو نہ تھے وہ منتشر — لوٹ آئیں جب وہ فرمائے کہ پھر

حضرت عزیرؑ کا گدھا

ہیں عزیرا در نگر اندر خرت — کہ بپوسیدہ است و ریزیدہ برت
اے عزیرا! اپنے گدھے پر غور کر — سڑ گیا اور گل گیا پیش نظر

پیش تو گرد آوریم اجزاش را — آں سر و دُم و دو گوش و پاش را
کردیں اجزا جمع تیرے سامنے — کان، دُم، سر، پاؤں ہوں باہم ملے

دست نے تا جزو برہم مے نہم ۔ پارہا را اجتماعے میدہم
ہاتھ پاؤں اور کریں اجزا بہم ۔ جمع کر کے جوڑ دیں ٹکڑوں کو ہم

درنگر در صنعت پارہ زنے ۔ کو ہمے دوزد کہن بے سوزنے
دیکھ پارہ دوز کی صنعت ذرا ۔ بے سوئی سیتا ہے ٹکڑے پر ملا

ریسمان و سوزنے نے وقت خرز ۔ آنچنان دوزد کہ پیدا نیست درز
وقت سینے کے نہیں ڈورا سوئی ۔ یوں سئے ۔ باقی نہ چھوڑے درز بھی

چشم بکشا حشر را پیدا ببیں ۔ تا نماند شبہات در یوم دیں
آنکھ کھول اور دیکھ ظاہر حشر کو ۔ تا قیامت میں تجھے پھر شک نہ ہو

تا ببینی جامعیتم را تمام ۔ تا نلرزی وقت مردن ز اہتمام
جمع کرنا تو مرا دیکھے تمام ۔ وقت مرنے کے نہ گھبرائے بہام

ہمچنانکہ وقت خفتن ایمنی ۔ از فوات جملہ حسہائے تنی
جس طرح سوتے میں ہے اے میکچو ۔ اپنی حس کے فوت سے بیخوف تو

بر حواس خود نلرزی وقت خواب ۔ گرچہ میگردد پریشان و خراب
اور حسوں کا ڈر نہیں کچھ وقت خواب ۔ گو وہ ہوتی ہیں پریشان اور خراب

ایک شیخ کا اپنے بچوں کی موت پر نہ رونا

بود شیخے رہنمائے پیش ازیں ۔ آسمانی شمع بر روئے زمیں
تھا کبھی کوئی بزرگ رہنما ۔ جو زمیں پہ آسمانی شمع تھا

چون نبی در میان امتاں ۔ در کشائے روضۂ دار الجناں
جیسے مرسل امتوں کے درمیاں ۔ کھول دیتا ہے در باغ جناں

گفت پیغمبر کہ شیخ رفتہ پیش ۔ چون نبی باشد میان قوم خویش
ہے نبی کا قول ۔ شیخ پیشوا ۔ قوم میں اپنی ہے مثل انبیا

یک صباحی گفتش اہل بیت او	سخت دل چونی بگو اے نیکخو
اس سے یوں اک روز بیوی نے کہا	سخت دل تو کیوں ہے اے مرد خدا
ما ز ہجر و مرگ فرزندان تو	نوحہ میداریم باپشت دو تو
ہم ترے بچوں کے ہجر و مرگ سے	نوحہ خواں ہیں اور جاتے ہیں جھکے
تو نے گریی نے زاری چرا	یا کہ رحمت نیست در دل اے کیا
تو نہیں روتا نہ ہے نالہ سرا	رحم کیا دل میں نہیں تیرے ذرا
چوں ترا رحمے نباشد در دل	پس چہ امیدست ما را زتو کنوں
رحم جب بالکل نہیں دل میں ترے	تجھ سے کیا امید پھر کوئی رکھے
ما بامید تو ایم اے پیشوا	گر نہ بگذاری تو ما را در فنا
ہم تری امید پہ ہیں پیشوا	رنج سے تو ہم کو کر دیگا رہا
چوں بیارایند بہر حشر تخت	خود شفیع ما توئی آں روز سخت
تخت جب محشر میں داور کا بچھے	تو شفاعت اس مصیبت میں کرے
در چناں روز و شب بے زینہار	ما باکرام تو ہم امیدوار
جبکہ ہوں اپنے لیے اماں لیل و نہار	ہم ہیں تیرے لطف کے امیدوار
دست ما و دامن تست آں زماں	کہ نماند ہیچ مجرم را اماں
جو ہمارا ہاتھ اور دامن ترا	جبکہ اماں پائیں نہ اہل خطا
گفت پیغمبر کہ روز رستخیز	کے گذارم مجرماں را اشک ریز
تو [illegible] روز جزا	مجرموں کو کب رکھوں نالہ سرا
من شفیع عاصیاں باشم بجاں	تا رہانم شاں ز اشکنجہ گراں
میں شفیع عاصیاں ہوں گا بلا	تا کروں آن کو مصیبت سے رہا
عاصیان و اہل کبائر را بجہد	وا رہانم از عتاب نقض عہد
وہ گنہگار سب اہل کبیرہ کو بچا	تا نہ نقض عہد کی پائیں سزا

دیکھو صفحہ ۱۹۰

صالحانِ امتم خود فارغند ۔ از شفاعتہائے من روزِ گزند
صالح امت ہیں فارغ برملا ۔ ہاں شفاعت سے مری روزِ جزا

بلکہ ایشاں را شفاعتہا بود ۔ گفتِ شاں چوں حکمِ نافذ میرود
خود شفاعت وہ کریں گے نیک ذات ۔ حکم بن کر ہو گی جاری ان کی بات

ہیچ وازر وزرِ غیرے بر نداشت ۔ من نیم وازر خدایم بر فراشت
بار اٹھاتا ہے کسی کا کوئی کب ۔ بوجھ اُٹھواتا ہے مجھ سے کبریا رب

آنکہ بے وزرست شیخست اے جواں ۔ در قبولِ حق چو اندر کف کماں
جو کہ ہے بے بوجھ ہے شیخ اے جواں ۔ تابعِ حق جیسے ہاتھوں میں کماں

شیخ کہ بود پیر یعنی مو سپید ۔ معنیِ ایں مو بداں اے نا امید
شیخ بوڑھا بال ہوں جس کے سفید ۔ اس کے تو معنی سمجھ ۔ اے نا امید

ہست آں موئے سیہ ہستیِ او ۔ تا ز ہستیش نماند تارِ مو
بال کالے اس کی ہستی ہیں پسر ۔ تار ہے باقی نہ ہستی بال بھر

چونکہ ہستیش نماند پیر اوست ۔ گر سیہ مو باشد او خود یا دو موست
پیر وہ ہے جس کی ہستی خود ہٹے ۔ بال کالے ہوں کہ ہوں تل چاولے

ہست آں موئے سیہ وصفِ بشر ۔ نیست آں مو موئے ریش و موئے سر
بال کالے کیا ہیں؟ اوصافِ بشر ۔ کب وہ موئے ریش ہیں یا موئے سر

عہد در عیسیٰ بر آرد صد نفیر ۔ کہ جواں ناگشتہ ما شیخیم و پیر
تھا یہ گہوارے میں عیسیٰ کا بیان ۔ ہم ہیں شیخ و پیر اور کب ہیں جواں

گر رہید از بعضِ اوصافِ بشر ۔ شیخ نبود کہل باشد اے پسر
گر نہیں بعض اس میں اوصافِ بشر ۔ پیر کامل وہ کہاں ہے اے پسر

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) کبیرہ گناہ کرنے والے لوگ ۔

در یکے موئے سیہ کاں صفت ماست ۔ نیست بر او شیخ و مقبول خداست

گر نہیں چہرے پہ اک موئے سیاہ ۔ شیخ ہے وہ اور ہے مقبول الٰہ

چوں بود موئیش سپید ار با خود است ۔ او نہ پیر است و نہ خاص ایزد است

بال جس کے ہوں سپید اور ہو خودی ۔ وہ نہیں پیر اور خاص ایزدی

در سر موئے ز وصفش باقیست ۔ او نہ از عرش خدا آفاقیست

بال بھر جو وصف باقی ہو کہیں ۔ وہ ہے دُنیا دار - مرد حق نہیں

ما ہمہ امیدواران تو ہیم ۔ ریزہ چین خوان احسان تو ہیم

ہم تو ہیں امیدوار اب سب ترے ۔ ریزہ چیں ہیں ہاں ترے احسان کے

لیک با ایں جملہ چوں بے شفقتی ۔ بہر فرزنداں چرا بے رافتی

باوجود اس کے بھی بے شفقت ہے تو ۔ اپنے فرزندوں سے بے اُلفت ہے تو

یا مگر خود دل نمے سوزد ترا ۔ باز گو اے شیخ مارا ماجرا

یا پگھلتا خود نہیں ہے دل ترا ۔ کچھ تو کہہ اے شیخ ہم سے ماجرا

شیخ کا نہ رونے کے واسطے عذر کرنا

شیخ گفت او را مپندار اے رفیق ۔ کہ ندارم رحم و مہر دل شفیق

شیخ بولا یہ نہ تو جان اے رفیق ۔ رحم سے میرا نہیں ہے دل شفیق

بر ہمہ کفار مارا رحمت است ۔ گرچہ جان جملہ کافر نعمت است

رحم مجھ کو کافروں پر بھی ہے اب ۔ کافر نعمت ہیں گو وہ سب کے سب

بر سگانم رحمت و بخشایش است ۔ کہ چرا از سنگہاشاں مالش است

رحم کتوں پر بھی آتا ہے مجھے ۔ کیوں انہیں پتھر سے سب ہیں مارتے

[1] یہاں سے اس بزرگ کی بیوی کا قول پھر شروع ہوا۔

آں سگے کہ میگزد گویم دعا — کہ ازیں خو وارہانش اے خدا

کتا جب کاٹے میں کرتا ہوں دعا — تو چھڑا دے اس کی یہ عادت خدا

ایں سگاں را ہم دریں اندیشہ دار — کہ نباشند از خلائق سنگسار

فکر کتوں کی یہ رہتی ہے مجھے — سنگسار اب ہوں نہ یہ مخلوق سے

زاں بیاورد اولیا را بر زمین — تا کندشاں رحمۃ للعالمین

اولیا کو لائے وہ سوئے زمیں — تا بنا دے رحمۃ للعالمین

خلق را خواند سوی درگاہ خاص — حق را خواند کہ وافر کن خلاص

وہ سوئے درگاہ حق سب کو بلائیں — صدق وافر ہونے کی مانگیں دعائیں

جہد بنماید ازیں سو بہر پند — چوں نشد گوید خدایا در مبند

زور دیتے ہیں نصیحت میں بڑا — کچھ نہ ہو تو بولیں در کھول اے خدا

رحمت جزوی بود مر عام را — رحمت کلی بود ہمام[۱] را

رحمت جزوی ہے بہر خلق عام — رحمت کلی ہے بہر ہر ہمام

رحمت جزوش قرین گشتہ بکل — رحمت دریاست ہادی سبل

رحمت جزوی ہے کل سے بس قریب — رحمت دریا ہے ہادی بالیقیں

رحمت جزوی بکل پیوستہ شد — رحمت کل را تو ہادی بیں بود

رحمت جزوی ہے کل سے مل گئی — رحمت کل کو تو ہادی جان اُٹھی

تا کہ جزو است و نداند راہ بحر — ہر غدیرے را کند اشباہ بحر

جز ہے جبتک راہ دریا جانے کیا — ہوتا ہے تالاب پر شک بحر کا

چوں نداند راہ یم[۲] کے رہ برد — سوئے دریا خلق را چوں آورد

کیا کرے جب یاد راہ یم نہ ہو — لائے کیونکر سوئے دریا خلق کو

---

۱ مقبول خدا ۔

۲ دریا ۔

متصل گردد بہ بحر آنگاہ او | رہ برد تا بحر ہمچون سیل جو

بحر سے مل جائے - تو بے شبہ و شک | لے کے جاتے سیل بن کر بحر تک

ور کند دعوت بہ تقلیدے بود | نز عیان و وحی و تائیدے بود

گر کرے تبلیغ تقلیدی ہے | کب عیاں با وحی تائیدی ہے

گفت پس چون رحم داری بر ہمہ | ہمچو چوپانے بگرد این رمہ

بولی بیوی - تو ہے سب پر مہربان | جیسے گلّہ کے لئے ہو گلّہ بان

چون نداری نوحۂ فرزند خویش | چونکہ فصادِ اجل شان زد بہ نیش

کیوں نہیں پھر نوحہ خواں فرزندوں کا | جن پہ نشتر ہے اجل کا لگ چکا

چون گواہ رحم اشک دیدہ ہاست | دیدۂ تو بے نم و گریہ چراست

ہیں گواہ رحم آنسو آنکھ کے | تیری آنکھیں کیوں ہیں خالی اشک سے

شیخ دانا زین عتابش گرم شد | ور سخن یکبارہ بے آزرم شد

شیخ کی غصے سے تیوری چڑھ گئی | بے مروت ہو گیا یکبارگی

رو بزن کرد و گفتش کاے عجوز | خود نباشد فصل دے ہمچون تموز

بولا عورت سے کہ سن اے پیرزاں | فصل گل ہوتی ہے کب فصل خزاں

جملہ گر فرزند ایشان مردہ اند | غائب و پنہان ز چشم دل کہ اند

مر گئے ہیں جو - ہیں زندہ سب کے سب | چشم دل سے ہیں بھلا پوشیدہ کب

من چو بینم شان معین پیش خویش | از چہ رو رو را کنم ہمچون تو ریش

دیکھتا ہوں ان کو اپنے سامنے | منہ کو تیری طرح پیٹوں کس لئے

گرچہ بیرون شد از دورِ زمان | با منند و گرد من بازی کنان

گو نہیں دنیا میں اب وہ ذی شرف | کھیلا کرتے ہیں مرے چاروں طرف

گریہ از ہجران بود یا از فراق | با عزیزانم وصالست و عناق

ہجر سے روتی ہے جان بے قرار | اور فرزندوں سے ہوں میں ہمکنار

خلق اندر خواب مے بینند شاں — من بہ بیداری ہمے بینم عیاں

خلق انکو دیکھتی ہے خواب میں — جاگتے میں دیکھتا ہوں میں انہیں

ز نہاں خود را ہمے پنہاں کنم — برگ حس را از درخت افشاں کنم

ہر سے خود کو چھپا لیتا ہوں میں — حس کے پتوں کو گرا دیتا ہوں میں

حس اسیر عقل باشد اے فلاں — عقل اسیر روح باشد ہم بداں

حس اسیر عقل ہے سن اے اخی — عقل ہوتی ہے اسیر روح ہی

دست بستہ عقل را جاں باز کرد — کارہائے بستہ را ہم ساز کرد

عقل کے عقدے کو کھولا جان نے — اور بگڑے جو کام۔ جاری ہو گئے

حسہا و اندیشہ بر آب صفا — ہمچو خس بگرفتہ روئے آب را

حس اور اندیشہ ہے آب صفا پہ — ہو خس و خاشاک جیسے اس پہ سیر

دست عقل آں خس بیکسو میبرد — آب پیدا میشود پیش خرد

دست عقل اس حس کو جب یکسو کرے — آب پیدا ہو خرد کے سامنے

خس بس انبوہ بود بر جو چو حباب — خس چو یکسو رفت پیدا گشت آب

تھی بہت خس نہر پر مثل حباب — خس ہٹی تو ہو گیا ظاہر پھر آب

چونکہ دست عقل نکشاید خدا — خس فزاید از ہوا بر آب ما

گر نہ خالق ہاتھ کھولے عقل کے — خس ہمارے پانی پہ بڑھتی رہے

آب را ہر دم کند پوشیدہ او — از ہوا خنداں و گریاں عقل تو

پانی کو ہر لحظہ وہ کر دے نہاں — ہنستی روتی ہے ہوا سے عقل ہاں

چونکہ تقوی بست دو دست ہوا — حق کشاید ہر دو دست عقل را

بندش تقوی سے جب ہو بستہ دست ہوا — عقل کے ہاتھوں کو کھولے گا خدا

پس حواس چیرہ محکوم تو شد — چوں خرد سالار و مخدوم تو شد

ہو گئے محکوم وہ غالب حواس — جب ہوئی سردار عقل حق شناس

حس را بیخواب خواب اندر کند — تا کہ غیبتہا ز جاں سر بر زند

جس کو بیداری میں دیتی ہے سُلا — غیب سے ہو رُوح تیری آشنا

ہم بہ بیداری بہ بیند خوابہا — ہم ز گردوں بر گشاید بابہا

خواب دیکھے عالمِ بیدار میں — آسماں سے تجھ پہ دروازے کھلیں

ایک شیخ نابینا کا قرآن پڑھنا

دید در ایام آں شیخ فقیر — مصحفے در خانۂ پیرِ ضریر

دیکھا اُن روزوں میں اک درویش نے — ایک قرآں گھر میں اندھے پیر کے

پیش او مہماں شد او وقتِ تموز — ہر دو زاہد جمع گشتہ چند روز

اس کا وہ مہمان گرما میں ہوا — دونوں زاہد مل کے بیٹھے ایک جا

گفت اینجا اے عجب مصحف چراست — چونکہ نابیناست ایں درویش راست

سوچا یہ قرآں کا اس جا کام کیا — جبکہ نابینا ہے یہ پیر باصفا

اندریں اندیشہ تشویشش فزود — کہ جز او را نیست اینجا باش و بود

فکر اس اندیشے میں اسکی بڑھ گئی — یاں سوا اس کے نہیں رہتا کوئی

اوست تنہا مصحفے آویختہ — من نیم گستاخ یا آمیختہ

وہ ہے تنہا اور قرآں ہے یہاں — میں نہیں گستاخ اور بے باک ہاں

تا بپرسم نے خمش صبرے کنم — تا بہ صبرے بر مرادے بر زنم

تا کہ پوچھوں، صبر کرلوں، چپ رہوں — صبر سے مقصود میں تا حاصل کروں

صبر کرد و بود چندے در حرج — کشف شد کالصبر مفتاح الفرج

صبر سے تھا کچھ دنوں تک حرج — کھل گیا ہے صبر مفتاح الفرج

صبر گنج است اے برادر صبر کن — تا شفا یابی تو زیں رنج کہن

صبر ہے گنج اسکے برادر صبر کر — تجھ کو غم سے ہو شفا حاصل مگر

صبر سوئے کشفِ ہر سر رہبرست	صبر تلخ آمد برِ او شکرست
صبر کشفِ راز میں ہے رہنما	صبر کڑوا۔ پھل ہے میٹھا برملا

حضرتِ لقمانؑ کا صبر کرنا

رفت لقمان سوئے داؤدؑ از صفا	دید کو میکرد ز آہن حلقہا
خدمتِ داؤدؑ میں لقمانؑ گئے	دیکھا حلقے ہیں بنائے لوہے کے
جملہ را با ہمدگر درمے فگند	ز آہن و پولاد آں شاہِ بلند
ایک کو ڈالتے دوسرے میں ڈالتے	وہ بنا کر آہن و فولاد سے
صنعتِ زرّاد او کم دیدہ بود	در عجب میماند و وسواسش فزود
صنعت ایسی پہلے کی دیکھی نہ تھی	بڑھ گیا وسواس اور حیرت ہوئی
کایں چہ شاید بود واپرسم ازو	کہ چہ مے سازی ز حلقہ تو بتو
ان سے آخر پوچھنا تو چاہیئے	حلقے کیوں رکھتے ہیں یہ اوپر تلے
باز با خود گفت صبر اولیٰ ترست	صبر با مقصود زوتر رہبرست
پھر کہا ہے صبر ہی لازم مجھے	صبر ہی مقصود کا رہبر ہے
چوں نپرسی زودتر کشفت شود	مرغِ صبر از جملہ پرّاں تر بود
گر نہ پوچھے بھید کھل جائے یہ	صبر کا ہے مرغ سب سے تیز پر
ور بپرسی دیرتر حاصل شود	سہل از بے صبریت مشکل شود
اور جو پوچھے ہو بدیر اسکا اثر	سہل ہے صبری سے ہو دشوار تر
چونکہ لقمانؑ تن بزد اندر زماں	شد تمام از صنعتِ داؤدؑ آں
جبکہ لقمانؑ نے کیا صبر اس گھڑی	صنعتِ داؤدؑ پوری ہو گئی
پس زرہ سازید و در پوشید او	پیش لقمان حکیم صبر خو
بن چکا جب حلقہ۔ پھر پہنا اسے	سامنے لقمانؑ صبر انگیز کے

گفت ایں نیکو لباسست اے فتی ——— در مصاف و جنگ دفعِ زخم را
بولے یہ پوشش ہے اچھی۔ دیکھ لے ——— جنگ میں دفعِ جراحت کے لیے

گفت لقمانؑ صبر نیکو ہمدمیست ——— کو پناہ و دافعِ ہر جا غمیست
بولے لقمانؑ صبر بھی ہے ہمدمِ ——— دافعِ فکر و پناہِ رنج و غم

صبر را با حق قریں کرد اے فلاں ——— آخرِ والعصر را آگہ بخواں
صبر ہے نزدیک حق سے اے پسر ——— آخرِ[1] والعصر پڑھ اور غور کر

صد ہزاراں کیمیا حق آفرید ——— کیمیائے ہمچو صبر آدم ندید
گرچہ لاکھوں قسم کی ہیں کیمیا ——— کیمیائے صبر ہے سب سے سوا

شیخ نابینا کا باقی قصہ

مردِ مہماں صبر کرد و ناگہاں ——— کشف گشتش حالِ مشکل در زماں
صبر مہماں نے کیا اور ناگہاں ——— حالِ مشکل ہو گیا اس پہ عیاں

نیم شب آوازِ قرآں را شنید ——— جست از خواب آں عجائب را بدید
نصف شب آوازِ قرآں کی سنی ——— نیند سے چونکا تو حیرت ہو گئی

کز مصحف کور میخواند درست ——— گشت بے صبر و ز کور آں حال جست
کور تھا قرآن فرفر پڑھ رہا ——— ہو گیا بے صبر۔ پوچھا ماجرا

گفت چوں در چشمہایت نیست نور ——— چوں ہمے بینی ہمے خوانی سطور
پوچھا۔ آنکھوں میں نہیں جب روشنی ——— سطریں آتی ہیں نظر کیونکر ابھی

آنچہ میخوانی بر آں افتادۂ ——— دست را بر حرفِ آں بنہادۂ
تو جو کچھ پڑھتا ہے اُس پر ہے نظر ——— انگلی سے رکھے ہوئے ہر حرف پر

[1] یعنی وتواصوا بالحق وتواصوا بالصبر۔ حق کے اور صبر کے ساتھ وصیت کرتے ہیں۔

صنعت در سیر پیدا میکند ۔ کہ نظر بر حرف داری مستند

انگلی کی حرکت سے ظاہر ہے مگر ۔ ٹھیک پڑتی ہے نظر ہر حرف پر

گفت اے گشتہ ز جہل تن جدا ۔ ایں عجب میداری از صنع خدا

بولا جہل تن سے ہے تو جدا ۔ ہے تعجب صنعت خالق میں کیا

من ز حق درخواستم کاے مستعان ۔ بر قرائت من حریصم ہمچو جان

میں نے اپنے حق سے کی تھی التجا ۔ شوق ہے قرآن پڑھنے کا بڑا

نیستم حافظ مرا نورے بدہ ۔ در دو دیدہ وقت خواندن بے گرہ

میں نہیں حافظ مجھے دے روشنی ۔ پڑھتے وقت آنکھیں یہ کھل جائیں مری

باز دہ دو دیدہ ام را آں زماں ۔ کہ بگیرم مصحف و خوانم عیاں

میری آنکھیں پھر مجھے مقسوم کر ۔ تا پڑھوں قرآن میں اسے دادگر

آمد از حضرت ندا کاے مرد کار ۔ اے بہر رنجے بما امیدوار

آئی خالق کی ندا اے مرد کار ۔ ہم سے تو ہر غم میں ہے امیدوار

حسن ظن است و امیدے خوش ترا ۔ کہ ترا گویم بہر دم بر تر آ

حسن ظن ہے اور امید ہے بھلا ۔ تجھ سے کہتا ہوں کہ آگے بڑھ کر آ

ہر زماں کہ قصد خواندن باشدت ۔ یا ز مصحفہا قرائت بایدت

قصد جب قرآن پڑھنے کا کرے ۔ یا کہ قرأت مصحف اللہ سے

من در آندم وادہم چشم ترا ۔ تا فروخوانی معظم جوہرا

میں تجھے اس وقت دوں آنکھیں ترا ۔ جو ہر اعظم پڑھے تو با خوشی

ہمچناں کرد و ہر آنگاہے کہ من ۔ وا کشایم مصحف اندر خواندن

اس نے ایسا ہی کیا، میں جس گھڑی ۔ کھول کر قرآن پڑھتا ہوں کبھی

آں خبیرے کہ نشد غافل ز کار ۔ آں گرامی بادشاہ کردگار

جو نہیں ہے دل سے غافل وہ خبیر ۔ ہاں وہ سلطان گرامی و بصیر

باز بخشد بینشے آں شاہِ فرد | در زماں ہمچو چراغِ شب نورد
بخشتا ہے نور آنکھوں کا تجھے | اس گھڑی جوں شمع شب افروز کے

زیں سبب نبود ولی را اعتراض | ہرچہ بستانند فرستد اعتیاض
معترض کب اولیا ہیں اس سے | وہ جو کچھ لے اسکا بدلہ خوب دے

گر بسوزد باغت انگورے دہد | در میانِ ماتمت سورے دہد
گر جلا دے باغ تو انگور دے | اور ماتم میں دل مسرور دے

آں شل بے دست را دستے دہد | کانِ غمہا را دلِ مستے دہد
ہاتھ بخشے وہ جو اک بے دست کو | مست اس کے رحم سے مغموم ہو

لا نسلّم و اعتراض از ما برفت | چوں عوض مے آید از مفقود زفت
دود مے بینیم و آتش از کراں | حملہ مے آرد بسوئے منکراں

دیکھتے ہیں ہم کہ آتش اور دھواں | حملہ در ہیں منکروں پہ بے گماں

تو ہمے گوئی خمش کن زیں مقال | کہ زیان ماست قال شوم فال

تم یہ کہتے ہو کہ چھوڑو یہ مقال | اس سے ہے نقصان یہ ہے شوم فال

ایکہ نصح ناصحاں را نشنوی | فال بد با تست ہر جا میروی

تو نہیں سنتا ہے پند ناصحاں | فال بد ہے ساتھ جائیگا جہاں

افعیے بر پشت تو بر میرود | او ز بالائے بلندت آگہ کند

اژدہا چلتا ہے تیری پیٹھ پہ | وہ تجھے کوٹھے سے دیتا ہے خبر

گوئیش خاموش غمگینم مکن | گوید او خوش باش تو در فای سخن

تو کہے خاموش رہ غمگیں نہ کر | وہ کہے تیری خوشی اے بے خبر

چوں زند افعی دہاں بر گردنت | تلخ گردد جملہ شادی کردنت

منہ کو جب گردن پہ مارے اژدہا | تلخ ہوں سب تیری خوشیاں برملا

پس بگوئی بہانہ دا اے فلاں / چوں نبد پیدی گریبان و دہاں
تو کہے اُس سے۔ جو تھا یہ واقعہ / کیوں نہ تو نے مجھ سے چلا کر کہا

یا ز بالایم تو سنگے میزدی / تا مرا از جد بجوے آں بدی
تو مجھے اوپر سے پتھر مارتا / تا کہ میں پہچان جاتا وہ بلا

او بگوید نے کہ مے آزردہ / تو بگوئی نے کہ شادم کردہ
وہ کہے۔ آزردہ تھا تو ہو گیا / تو کہے۔ تو نے ہی مجھ کو خوش کیا

گفت من کردم جوانمردی و پند / تا رہانم من ترا زیں جنگ بند
وہ کہے۔ کی تھی جوانمردی و پند / تا کہ توڑوں میں یہ تیرا جنگ بند

از لئیمی حق آں نشناختی / مایہ ایذا و طغیاں ساختی
حق لئیمی سے نہ پہچانا مگر / اور رکھا الزام ایذا بے خبر

ایں بود خوئے لئیمان دنی / بد کند با تو چو نیکوئی کنی
ہے لئیموں کی یہاں عادت یہی / تو کرے نیکی۔ تو وہ تجھ سے بدی

نفس را ازیں جبر میکن منحنش / کہ لئیم است و نسازد نیکوئیش
جب ہے کمزور کر نفس اے اخی / نیکی کب اس کے موافق آئے گی

با کریمے گر کنی احسان سزد / ہر یکے را او عوض ہفصد دہد
ہو بھلوں پہ گر کچھ احسان ہے بھلا / سات سو ہوں ایک کے بدلے عطا

با لئیمے چوں کنی قہر و جفا / بندہ گردد ترا بس با وفا
جب لئیموں پہ کرے قہر و جفا / بندے بن جائیں ترے اور با وفا

کافراں کارند در نعمت جفا / باز در دوزخ ندا شاں ربنا
کرتے ہیں کفار نعمت میں جفا / پھر کہیں دوزخ میں جا کر ربنا

کہ لئیماں در جفا صافی شوند / چوں وفا بینند خود جافی شوند
پاک ہوں۔ بدکاروں پہ جب ہو جفا / ظلم کرتے ہیں وہ جب دیکھیں وفا

عقبیٰ کی دوزخ اور دنیا کا زندان

مسجدِ طاعاتِ شاں خود دوزخ است ٭ پلّے بند مرغِ بیگانہ فخ است
ان کی مسجد ہے سقر اے خوش خصال ٭ ہے وہی اس مرغِ بیگانہ کو جال

ہست زنداں صومعۂ دزدِ لئیم ٭ کاندراں ذاکر شود حق را مقیم
ہے عبادت گاہ زنداں چور کی ٭ تا کرے خالق کی اس میں بندگی

چوں عبادت بود مقصود از بشر ٭ شد عبادتگاہِ گردنکش سقر
بندگی تھی چونکہ مقصودِ بشر ٭ ہے عبادت گاہ کافر کی سقر

آدمی را ہست در ہر کار دست ٭ لیک از مقصود ایں خدمت بدست
یوں تو ہر اک کام کا تھا آدمی ٭ خدمت اس میں یہ مگر مقصود تھی

ما خلقت الجن و الانس ایں بخواں ٭ جز عبادت نیست مقصود از جہاں
ما خلقت[51] الجن والانس " پڑھو ٭ مقصدِ خلقت عبادت جان لو

گرچہ مقصود از کتاب آں فن بود ٭ گر تو اش بالش کنی ہم میشود
گرچہ[52] صرف اک فن ہو مقصودِ کتاب ٭ اس پہ گر تکیہ کرے ہو کامیاب

لیک از مقصود ایں بالش نبود ٭ علم بود و دانش و ارشاد سود
تکیہ کرنا گو نہ تھا مقصد فنا ٭ علم تھا، دانائی تھی ارشاد تھا

گر تو میخے ساختی شمشیر را ٭ برگزیدی بر ظفر ادبیر را
میخ اگر تو نے کیا تلوار کو ٭ فتح پر غالب کیا ادبار کو

[51] قولہ تعالیٰ عزّ وجلّ ا۔ ما خلقت الجن والانس الا لیعبدون یعنی میں نے جن و انسان کو صرف عبادت کرنے کے لئے پیدا کیا ہے ٭

[52] یعنی ہر کتاب کا مقصد تو ایک فن یا علم کا سکھانا ہے۔ لیکن اگر تو کتاب سے صرف تکیہ لگا کر بھی بیٹھ جائے۔ تو وہ یہ کام بھی دیدیگی۔ حالانکہ کتاب کا مقصود بالذات یہ نہیں ٭

گرچہ مقصود از بشر علم و ہدیست ... لیک ہر یک آدمی را معبدیست

گو ہے مقصود بشر علم و ہدیٰ ... ہے مگر ہر شخص کا معبد جدا

معبدِ مرد کریم اکرمتہ ... معبدِ مرد لئیم اسقمتہ

ہے سعادت معبدِ مرد کریم ... ہے شقاوت معبدِ مردِ لئیم

مر لئیماں را بزن تا سر نہند ... مر کریماں را بدہ تا بر دہند

دے لئیموں کو سزا عاجز رہیں ... کر کریموں پر عطا تا نفع دیں

لاجرم حق ہر دو مسجد آفرید ... دوزخ آنہا را و اینہا را مزید

اس لئے خالق نے دیں دو مسجدیں ... دوزخیں ان کو، اور انکو جنتیں

حق تعالیٰ کا سرکشوں کو مطیع کرنا

ساخت موسیٰ قدس در بابِ صغیر[1] ... تا فرود آرند سر قوم زحیر

چھوٹا موسیٰ نے کیا در قدس[1] کا ... سر جھکائے تا کہ قوم بے وفا

زانکہ جباراں بدند و سرفراز ... دوزخ آں بابِ صغیرست و نیاز

کیونکہ وہ تھے پُر جفا اور سرفراز ... تھا وہ چھوٹا در انہیں دوزخ طراز

آنچنانکہ حق ز لحم و استخواں ... از شہاں بابِ صغیرے ساخت ہاں

اس طرح خالق نے ہڈی گوشت سے ... چھوٹے دروازے بنائے شاہوں[2] سے

اہلِ دنیا سجدۂ ایشاں کنند ... چونکہ سجدہ کبریا را دشمن اند

اہل دنیا اُن کے سجدوں میں گرے ... سجدۂ خالق کے وہ دشمن جو تھے

ساخت سرگیں دانکے محرابِ شاں ... نام آں محراب میر و پہلواں

مثل سرگیں دیں یہ محرابیں بنا ... نام اُن کا شاہ و سلطاں رکھ دیا

[1] یعنی بیت المقدس +

[2] یعنی بادشاہوں کو ہڈی اور گوشت کے چھوٹے دروازے کی طرح پیدا کیا +

ہست طاغی بگلہ زریں قبا	ہست شاکر خستہ صاحب عبا
ہیں یہ باغی سروپہ زریں قبا	اور شاکر خستہ دل کہنہ عبا
شکر کے روید از املاک و نعم	شکر میروید ز بلوا و سقم
شکر کب پیدا ہو ملک و مال سے	شکر ہے پیدا دکھوں میں رنج و درد سے

خالی دستر خوان و صوفی

صوفیے بر میخ روزے سفرہ دید	چرخ میزد جامہا را میدرید
خوان اک صوفی نے دیکھا میخ پر	رقص میں اور وجد میں کھتا سربسر
بانگ میزد نک نوائے بے نوا	قحطہا و دردہا را نک دوا
کہتا تھا سامان بے ساماں ہے یہ	قحط کا اور درد کا درماں ہے یہ
چونکہ دود و سوز او بسیار شد	ہر کہ صوفی بود با او یار شد
جبکہ اس کا درد و غم افزوں ہوا	تھا جو صوفی غمگسار اس کا بنا
نعرہ ہا و ہوے میزدند	تا کہ چندیں مست و بیخود میشدند
نعرے اور ہا ہو کرتے تھے وہ	مست و بیخود اس طریقے سے ہوئے
بوالفضولے گفت صوفی را کہ چیست	سفرۂ آویختہ از ناں تہیست
ایک ناداں نے یہ صوفی سے کہا	خوان ہے بے نان کے لٹکا ہوا
گفت رو رو نقش بے معنیستی	بیخبر از خمش و عاشق نیستی
جا نا جا جا نقش بے معنی ہے تو	کب ہے بیخود اور کب شیدا ہے تو
عشق ناں بے ناں غذائے عاشق است	بند ہستی نیست ہر کو صادق است
عشق ناں بے ناں کرے عاشق سیر وہ	قید ہستی میں نہیں صادق ہے وہ
عاشقاں را کار نبود با وجود	عاشقاں را ہست بے سرمایہ سود
عاشقوں کو کام کیا ہے جسم سے	نفع ہے ان کو تو بے سرمایہ کے

بال نے و گرد عالم مے پرند	دست نے و گوز میدان مے برند
پر نہیں اڑتے ہیں وہ گرد جہان	گیند لے جاتے ہیں بے ہاتھوں کے ہاں
آں فقیرے کو ز معنی بوئے یافت	دست ببریدہ ہمے زنبیل بافت
بوئے معنی پائی جب درویش نے	بنتا تھا زنبیل وہ بے ہاتھ کے
عاشقاں اندر عدم خیمہ زدند	چوں عدم یکرنگ و نفس واحداند
ہیں عدم میں سب یہ عاشق خیمہ زن	اور ہیں مثل عدم سب ایک تن
شیرخوارہ کے شناسد ذوق لوت	مر پری را بوئے باشد لوت پوت
کھانے کی لذت نہ جانے شیر خوار	اور خوشبو ہے غذا پریوں کی یار
آدمی کے بو برد از بوئے او	چونکہ خوئے اوست ضد خوئے او
اس کی بو پائے بھلا کب آدمی	اس کی خو ہے اس کی خو کی ضد ہوئی
پیش قبطی خوں بود آں آب نیل	آب باشد پیش سبطی جمیل
قبطیوں کے حق میں ہے خوں آب نیل	سبطیوں کے سامنے آب جمیل
جادہ باشد بحر ز اسرائیلیاں	غرق گہ باشد ز فرعون عوان
بحر دے اسرائیلیوں کو راہ دے	غرق پھر فرعونیوں کو وہ کرے
باد بر عادیاں گرز و تبر	لیک ہود و بر قومش ظفر
عادیوں کو ہو ہوا گرز و تبر	اور قوم ہود کو فتح و ظفر
گلستاں باشد برائے ابراہیم نار	لیک بر نمرود باشد زہر مار
گلستاں ہو نار ابراہیم پر	اور ہو نمرود پر زہر سے لبریز
بر سمندر باشد آتش خانداں	لیک باشد بر دگر مرغاں زیاں
آگ مسکن ہو سمندر کے لئے	دوسری چڑیوں کو وہ نقصان کی

سلہ ایک کیڑے کا نام ہے جو آگ میں رہتا ہے ۔

نزدِ عاشق درد و غم حلوا بود ۔ لیک حلوا بر خساں بلوا بود

درد و غم حلوا ہے عاشق کے لئے ۔ تلخ ہے لیکن یہ فاسق کے لئے

حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ کا عشق

آنچہ یعقوبؑ از رخِ یوسفؑ بدید ۔ وانچہ او از بوئے او اندر کشید

دیکھا یوسفؑ میں جو کچھ یعقوبؑ نے ۔ اور جو بوؑ اُن کو آئی دور سے

وانچہ در رشک بود و اندر ریشہ پدید ۔ خاص او بُد آں باخواں کے رسید

وہ انہی کے واسطے مخصوص تھی ۔ بھائیوں کو ان سے کب حاصل ہوئی

این ز عشقش خویش در چہ میکند ۔ واں بکیں از بہرِ او چہ میکند

چاہ میں اُن کی کنوئیں میں یہ گرے ۔ اور وہ کینے سے کنواں تھے کھودتے

سفرۂ او پیش ایں از ناں تہیست ۔ پیش یعقوبست پُر کو مشتہیست

خوان ان کا ان کے آگے تھا تہی ۔ سامنے یعقوبؑ کے پُر تھا بھی

روئے ناشستہ نبیند روئے حور ۔ لا صلوٰۃ گفت الا بالحضور

زشت رو کس طرح دیکھے روئے حور ۔ ہے نماز اس کی پڑھے جو با حضور

عشق باشد لوت و پوت جانہا ۔ جوع ازیں روئیست قوتِ جانہا

عشق ہی قوت و غذا ہے روح کی ۔ قوتِ جاں اس واسطے ہے بھوک ہی

جوعِ یوسفؑ بود بہرِ یعقوبؑ را ۔ بوئے نانش میرسید از دور جا

بھوک یوسفؑ کی تھی جو تھی یعقوبؑ کو ۔ دور سے پہنچی تھی ان کو ان کی بو

آنکہ بستد پیرہن را میشتافت ۔ بوئے پیراہانِ یوسفؑ می نیافت

تھا جو اُن کا پیرہن لے کر چلا ۔ بوئے یوسفؑ کا نہ تھا اسکو پتا

حاشیہ: حدیث لا صلوٰۃ الا بحضور القلب یعنی نماز صرف حضورِ قلب سے ہوتی ہے ۞

وآنکه صد فرسنگ زآنسو بد او ۔۔۔ چونکہ بد یعقوبؑ مے بوئید بو

اور جو یوسفؑ سے کوسوں دور تھے ۔۔۔ یعنی یعقوبؑ اس کی بو سونگھا کیے

اے بسا عالم ز دانش بے نصیب ۔۔۔ حافظ علم ست آنکس بے حبیب

ہیں جو عالم عقل میں ناکامیاب ۔۔۔ علم کے حافظ ہیں وہ بھی بے حساب

مستمع از وے ہمے یابد مشام ۔۔۔ گرچہ باشد مستمع از جنس عام

سننے والا انکی بو سے سونگھتا ۔۔۔ عام کوئی سننے والا ہو تو کیا

زانکہ پیراہن بدستش عاریہ ست ۔۔۔ چوں بدست آں نخاسے جاریہ ست

ہاتھ میں اسکے ہے کرتا عارضی ۔۔۔ جیسے لونڈی دست بائع میں اچھی

جاریہ پیش نخاسے سرسری ست ۔۔۔ در کف او از برائے مشتری ست

عارضی لونڈی سی ہے بائع کے لیے ۔۔۔ کیونکہ وہ ہے مشتری کے واسطے

قسمت حق ست روزی خواہ نے ۔۔۔ ہر یکے را سوئے دیگر راہ نے

قسمت حق ہے نہ روزی خواہ کی ۔۔۔ ایک کو کب دوسرے کی رہ ملی

یک خیالے نیک باغ آں شدہ ۔۔۔ یک خیالے زشت راہ ایں زدہ

ہے خیال نیک باغ اس کے لیے ۔۔۔ بدخیالی راہ اس کی مار دے

آں خیالے از اثر باغے شدہ ۔۔۔ واں خیالے ہالکے پرہم زدہ

اک خیال اپنے اثر سے باغ تھا ۔۔۔ ایک نے بنا ہی کو برہم کر گیا

آں خدائے کز خیالے باغ ساخت ۔۔۔ وز خیالے دوزخ و جائے گداخت

وہ ہے گلشن بنا لے جو خدا ۔۔۔ اور دوزخ لے خیالوں سے بنا

پس کہ داند راہ گلشنہائے او ۔۔۔ پس کہ داند جائے گلخنہائے او

کون جانے راہ اس کے باغ کی ۔۔۔ راہ کس کو اس کے گلخن کی ملی

دیدہ بان دل نہ بیند در مجال ۔۔۔ کز کدامیں کنج جاں آید خیال

پاسبان دل ہے مجبور مجال ۔۔۔ کون سی ترکیب سے آئے خیال

جز مگر آن دل که دارد عون حق ‌‌‌ — ‌‌‌ کون ورا نیست کرده کون حق
ہاں وہ دل جسکو مدد حق سے ملے — جس کی ہستی نیست کی اللہ نے

گر بدید مطلعش را از احتیال — بند کرده راه هر ناخوش خیال
دیکھتا جو مطلع کو حیلے سے — بند کرتا رستے بد تخییل کے

کے رسد جاسوس را آنجا قدم — که بود مرصاد و در بند قدم
دل کا جاسوس اس جگہ کب جا سکے — جس کی رہ قید قدم ہی میں ہے

دامن فضلش بکف کن کوروار — قبض اعمیٰ این بود اے شہریار
دامن اس کے فضل کا کورانہ لے — یہ گرفت اندھے کی ہے پہچان اسے

دامن او امر و فرمان وی است — نیک بختے که تقی جان وی است
دامن اس کا حکم اور فرمان ہے — نیک وہ ہے پاک جس کی جان ہے

آن یکے در مرغزار و جوئے آب — وان یکے پہلوے او اندر عذاب
ایک وہ جو سبزہ زار و نہر پہ — ایک وہ پہلو ہے جس کا قہر پہ

او عجب مانده که ذوق آن ز چیست — وین عجب مانده که این در حبس چیست
وہ تعجب میں کہ ذوق اسکا ہے کیا — یہ ہے حیران، قید میں کیوں ہے پھنسا

هین چرا خشکی که اینجا چشمہاست — هین چرا زردی که اینجا صد دواست
خشک لب کیوں ہے یہاں چشمے رواں — زرد رو کیوں ہے۔ دوائیں ہیں یہاں

هین بیا اے همنشین در انجمن — گوید اے جان من نیارم آمدن
آ یہاں اس بزم میں اے ہم نشیں — وہ کہے۔ آنے کی طاقت ہی نہیں

هین بیا جانا که پایت بسته نیست — گویدش نے نے نتانم تو بایست
یہ کہے آ پاؤں ہیں تیرے کھلے — تاب آنے کی نہیں ہے۔ وہ کہے

یک مثل آمد درین معنی بگفت — بو که یابی زین بیان سر نہفت
اک مثل اس بات پہ یاد آ گئی — شاید اس سے کچھ کھلے راز خفی

اندریں معنی بگویم قصۂ — گوش بکشا تا بری زاں حصۂ
ایک قصہ میں سناتا ہوں سنیے — کان کھول اور اپنا حصہ اس سے لے

ایک امیر اور اسکے غلام کی حکایت

در زمانے بود امیرے از کرام — بود سنقر نام اور ایک غلام
تھا جہاں میں اک امیر نیک نام — اور سنقر نامی اس کا تھا غلام

میر شد محتاج گرمابہ سحر — بانگ زد سنقر ہلا بردار سر
صبحدم حاجت تھی اس کو غسل کی — بولا اے سنقر تو جلدی اٹھ ابھی

طاس و مندیل و گل از التون بگیر — تا بگرمابہ رویم اے ناگزیر
لنگی اور مٹی اور لگن لونڈی سے لو — تا چلیں ہم جلد تر حمام کو

سنقر آمد طاس و مندیل نکو — برگرفت و رفت با او دو بدو
سنقر اٹھا لے کے لنگی اور لگن — ساتھ اس کے وہ چلا پھر بے سخن

مسجدے بر رہ بُد و بانگ صلا — آمد اندر گوش سنقر بر ملا
مسجد اک رستے میں تھی بانگ اذاں — گوش سنقر میں وہ آئی بیگماں

بود سنقر سخت مولع در نماز — گفت اے میر من اے بندہ نواز
تھا جو سنقر کو بہت شوق نماز — بولا اے سردار اے بندہ نواز

تو بدیں دکاں زمانے صبر کن — تا گزارم فرض و خوانم لم یکن
تو ذرا کر صبر اس دکاں پہ — میں نماز فرض پڑھ لوں دوڑ کر

رفت سنقر میر بر دکاں نشست — منتظر از بادۂ پندار مست
بیٹھا وہ دکاں پہ سنقر گیا — منتظر وہ پُر غرور اس کا رہا

میر او بہر دل آں زندہ جاں — کرد یکساعت توقف بر دکاں
خواجہ نے سنقر کی خاطر بر ملا — اک گھڑی تک صبر دکاں پہ کیا

چون امام و قوم بیرون آمدند | از نماز و وردها فارغ شدند

جب امام و قوم سب باہر ہوئے | ہو چکے فارغ اس نماز و ورد سے

سنقر آنجا ماند تا نزدیک چاشت | میر سنقر را زمانے چشم داشت

جا چاشت تک سنقر وہیں ٹھہرا رہا | اک گھڑی تک خواجہ کی نظروں میں تھا

گفت اے سنقر چرا نائی بروں | گفت مے نگذاردم آن ذوفنون

بولا اے سنقر! تو آتا کیوں نہیں | بولا ہاں یہ چھوڑ سکتا ہے کہیں

صبر کن نک آمدم اے روشنی | نیستم غافل کہ در گوشِ منی

صبر کر خواجہ ابھی آتا ہوں ابھی | میں نہیں غافل ضرورت سے تری

ہفت نوبت صبر کرد و بانگ کرد | تا کہ عاجز گشت از تیباش مرد

سات بار اس نے یونہی آواز دی | جان اس غم سے عاجز آ گئی

پاسخش این بود مے نگذاردم | تا بروں آیم ہنوز اے محترم

تھا جواب اس کا نہیں یہ چھوڑتا | تا ابھی میں باہر آؤں اے فتا

گفت آخر مسجد اندر کس نماند | کیست وا میدارد آنجات کہ نشاند

بولا مسجد میں نہیں کوئی رہا | کون ہے جس نے وہاں تجھ کو رکھا

گفت آنکہ بستہ استت از بروں | بستہ است او ہم مرا از اندروں

بولا باہر جس نے روکا ہے تجھے | روکتا ہے وہ مجھی اندر مجھے

آنکہ نگذارد ترا کائی دروں | مے نگذارد مرا کایم بروں

تجھ کو آنے دیتا جو اندر نہیں | مجھ کو جانے دیتا وہ باہر نہیں

آنکہ نگذارد کزیں سو پا نہی | او بدیں سو بست پائے ایں رہی

جو تجھے چلنے نہیں دیتا وہاں | میرے پاؤں باندھتے ہیں اس نے یہاں

ماہیاں را بحر نگذارد بروں | خاکیاں را بحر نگذارد دروں

مچھلیوں کو باہر آنے دے نہ بحر | خاکیوں کو اندر آنے دے نہ بحر

اصل ماہی ز آب و حیوان از گلست — حیلہ و تدبیر اینجا باطلست

مچھلی پانی سے ہے حیواں خاک سے — حیلہ و تدبیر اس جا کیا چلے

قفل زفتست و گشایندہ خدا — دست در تسلیم زن اندر رضا

تالا محکم کھولنے والا خدا — اختیار اے دوست کر صبر و رضا

ذرہ ذرہ گر شود مفتاحہا — این گشایش نیست جز از کبریا

ذرے ذرے سے اگر کنجی بنے — قفل بے [illegible] خدا کب کھل سکے

چون فراموشت شود تدبیر خویش — یابی آن بخت جوان از پیر خویش

بھول جائے اپنی جب تدبیر تو — پیر سے پھر پائے اپنی آبرو

چون فراموش خودی یادت کنند — بندہ گشتی آنگہ آزادت کنند

وہ دلائیں یاد اگر بھولا ہے تو — اور کریں آزاد اگر بندہ ہے تو

گر تو خواہی حری و دل زندگی — بندگی کن بندگی کن بندگی

چاہیے آزادی اگر اور زندگی — بندگی کر بندگی کر بندگی

از خودی بگذر کہ تا یابی خدا — فانی حق شو کہ تا یابی بقا

تو خودی کو چھوڑ تا پاسکے خدا — اس میں فانی ہو تو مل جائے بقا

گر ترا باید وصال راستین — محو شو واللہ اعلم بالیقین

آرزو گر ہے حقیقی وصل کی — محو ہو واللہ اعلم اے اخی

انبیا کا کافروں سے ناامید ہونا

انبیا گفتند با خاطر کہ چند — میدہیم این او آنرا وعظ و پند

انبیا سب دل میں یوں کہنے لگے — پند کرتے ہیں اسے ہم اور اسے

چند کوبیم آہن سرد ز غے — در دمی آن در قفس ہین تا بکے

ٹھنڈا لوہا کوٹتے کب تک رہیں — دم دیں جان اس پنجرے میں ہم کیوں بھلا

جنبش خلق از قضا و عدہ است — تیزی دنداں ز سوز معدہ است
ہوتی ہے حرکت قضا و وعدہ سے — تیزی دنداں ہے سوز معدہ سے

عقل اوّل راند بر عقل دوم — ماہی از سر گندہ گردد نے ز دم
عقل ثانی پر ہے عقل اوّلیں — مچھلی سر سے گلتی ہے دم سے نہیں

لیک ہم میدان خر میراں چو تیر — چونکہ بلّغ[1] گفت حق شد ناگزیر
تو گدھا اپنا بھگا مانند تیر — حق نے بلّغ جب کہا ہے ناگزیر

تو نمیدانی کہ آخر چیستی — جہد کن چندانکہ دانی کیستی
کون ہے آخر نہیں تو جانتا — سعی کر اور پھر سمجھ تو خود ہے کیا

چون نہی بر پشت کشتی بار را — بر توکل میکنی آں کار را
بار جب تو پشت کشتی پہ رکھے — تو توکل اپنے مولا پہ کرے

تو نمی دانی کہ از ہر دو کیی[2] — غرقہ اندر سفر یا ناجیی
یہ نہیں معلوم ہو انجام کیا — غرق ہو یا پار ہو بیڑا ترا

گر بگوئی تا ندانم من کیم — در نخواہم تاخت بر کشتی و یم
گر کہے جب تک نہ جانوں کون ہوں — جانب کشتی و دریا کیوں چلوں

من درین رہ ناجیم یا غرقہ ام — کشف گرداں کز کدامین فرقہ ام
مجھ کو اب بچنا ہے یا ہے ڈوبنا — کھول دے مجھ پہ کہ اب ہونا ہے کیا

من نخواہم رفت این رہ با گماں — بر امید خشک ہمچوں دیگراں
ہیں گماں پر راہ چل سکتا نہیں — خشک سا کر کے مثل اوروں کے یقیں

ہیچ بازرگانی ناید ز تو — زانکہ در غیب است سرّ این دو رو
تو تجارت کچھ نہ تجھ سے ہو سکے — غیب میں یہ راز دونوں ہیں چھپے

سلہ[1] تبلیغ کر۔ پیغام پہنچا ۔

سلہ[2] یعنی ڈوبنے والا ہوں یا نجات پانے والا ۔

تاجر ترسندہ طبع شیشہ جاں — در طلب نے سود دارد نے زیاں
تاجر خائف جو ہے اور شیشہ جاں — ہے طلب میں تارکِ سود و زیاں

بل زیاں دارد کہ محروم است و خوار — نور او یابد کہ باشد شعلہ خوار
بلکہ وہ نقصان اٹھائے خوار ہو — نور وہ پائے جو شعلہ خوار ہو

چونکہ بر بوکست جملہ کارہا — کار دیں اولیٰ کزاں یابی رہا
حصر امیدوں پہ ہے جب ہر کام کا — کار دیں بہتر ہے، تا ہو تو رہا

نیست دستورے درینجا قرع باب — جز امید اللہ اعلم بالصواب
کوئی ہوتا ہی نہیں یاں کامیاب — بے امید، اللہ اعلم بالصواب

مقلد کا ایمان خوف و رجا ہے

در ہمی ہر پیشہ امید است و بوک — گرچہ گردنشاں ز کوشش شد چو دوک
ہے ہر اک پیشہ یہاں امید سے — گرچہ گردن سعی سے تکلہ بنے

بامداداں چوں سوئے دکاں رود — بر امید و بوک روزی می رود
ہو روانہ صبحدم سوئے دکاں — اور روزی کی توقع پر رواں

بوک روزی نبودت چوں می روی — خوف حرماں ہست تو چونی قوی
جانئے کیوں شاید نہ ہو روزی تری — خوفِ حرماں ہے تو پھر کیوں ہے قوی

خوف حرمان ازل در کسب لوت — چوں نکردت سست اندر جستجوت
کسب میں ہے خوفِ حرمانِ ازل — ہو نہ جائے سست کیوں تیرا عمل

گوئی ارچہ خوف حرماں ہست پیش — ہست اندر کاہلی ایں خوف بیش
تو کہے گو خوف حرماں ہے سوا — کاہلی میں اور بھی ہے بڑھ گیا

ہست در کوشش امیدم بیشتر — دارم اندر کاہلی افزوں خطر
کوششوں میں ہیں امیدیں بیشتر — کاہلی میں ہے زیادہ کچھ خطر

سے نامرد پن

پس چرا در کار دیں اے بدگماں — دامنت میگیرد ایں خوف زیاں

کار دیں میں پھر یہ کیوں اے بدگماں — تیرا دامنگیر ہے خوف زیاں

یا ندیدی کاہل ایں بازار را — در چہ سود اند انبیاء و اولیاء

یا نہ دیکھا حال اس بازار کا — سود میں ہیں انبیاء و اولیاء

زیں دکان رفتن چہ کان شان و نمود — اندریں بازار چہ بستند سود

کیا ملی شان اُن کو اس دکان سے — کیا اُٹھائے فائدے بازار کے

آتش آں را رام چوں خلخال شد — بحر ایں را رام چوں حمال شد

آگ جوں پازیب ہے بس انکی رام — بحر ہے حمال کی صورت غلام

از دم آں مردہ زندہ شدہ — ابر آں را سایہ بان آمدہ

مردے اُن کے دم سے زندہ ہوگئے — اُن کے سر پہ ابر بنے سائے گئے

آہن آں را رام ہمچوں موم شد — باد آں را بندہ و محکوم شد

لوہا موم اُن کے کیے سے ہو گیا — ہو گئی محکوم پھر ان کی ہوا

شد ورا در دفع دشمن چوب مار — عنکبوتے شد مرایں را پردہ دار

تھا عصا دفع عدو کو مثل مار — مکڑی اُنکے واسطے تھی پردہ دار

اولیاء اللہ پوشیدہ ہیں

قوم دیگر سخت پنہاں میروند — شہرۂ خلقان ظاہر کے شوند

رہتی ہے پوشیدہ قوم اک دوسری — صاحبِ خلقت کے ظاہر کب ہوئی

اینہمہ دارند و چشم ہیچکس — بر نیفتد بر کیا شاں یک نفس

ان میں سب کچھ ہے مگر پھر بھی نظر — ان کی عظمت پہ نہیں پڑتی بشر

ہم کرامت شاں ہم ایشاں در حرم — نام شاں را نشنوند ابدال ہم

ہیں حرم میں وہ بھی اُنکے بخشش بھی — کب انہیں ابدال تک جانے کوئی

یا نمیدانی کرمہائے خدا | کو ترا میخواند اینسو کہ بیا
کیا نہیں تو جانتا لطفِ خدا | جو بلاتا ہے تجھے اس سمت آ

شش جہت عالم ہمہ اکرامِ اوست | ہر طرف کہ بنگری اعلامِ اوست
شش جہت میں اسکے اکرام اور نور | جس طرف دیکھے اُسی کا ہے ظہور

گر کہ پیشہ گویدت آتش در آ | اندر آ زود و مگو سوزد مرا
گر کہے تجھ سے کریم، آتش میں آ | جلد جا اور یہ نہ کہہ۔ جل جاؤنگا

کو ز آتش نرگس و نسریں کند | وز میانش غنچہا سر بر زند
آگ کو وہ نرگس و نسریں کرے | اس میں سے غنچے اُگائے پھول کے

در حقیقت آتش از ہیبت چو ما | گاہ زر و ستارخوانِ انبیاست
خوف سے ہے آگ پانی اے فتا | دھوتی ہے اگر وہ خوانِ انبیا

حضرت انس رض بن مالک کا دسترخوان

از انس فرزند مالک آمدہ است | کہ بمہمانیِ او شخصے شدہ است
ہے انس رض فرزند مالک کا بیاں | اُن کے گھر میں آیا تھا اک میہماں

او حکایت کرد کز بعد طعام | دید انس دستارخوانرا زرد فام
کہتا ہے وہ۔ کھا چکے جب ہم طعام | دیکھا دسترخواں انس رض نے زرد فام

چرکن و آلودہ گفت اے خادمہ | اندر افکن در تنورش یکدمہ
دیکھ کر میلا یہ لونڈی سے کہا | ڈال اسے تنور میں تو یہ ملا

در تنورِ پر ز آتش در فگند | آن زمان دستارخوان را ہوشمند
آگ کے تنور میں ڈالا دیا | اس نے دسترخواں کو لے مرد نیک

جملہ مہمانان در آن حیران شدند | انتظارِ دود و کندوری بدند
بیٹھے مہمان حیراں رہ گئے | کہتے دھوئیں کے منتظر بیٹھے ہوئے

اندر افتم از کمال اعتقید — نیستم زاکرام ایشاں نا امید
اعتقاد آ کود پڑتی ہیں وہیں — نا امیدی ان کی عظمت سے نہیں

سر در اندازم نہ ایں ستار خواں — زاعتماد ہر کریم راز داں
ڈال دوں میں سر بھی۔ دستر خواں کیا — اہل باطن پر بھروسا ہے بڑا

اے برادر خود بریں اکسیر زن — کم نباید صدق مرد از صدق زن
اے برادر! تو بھی رکھ اسپر قدم — کیوں ہو صدق مرد اک عورت سے کم

آں دل مردے کہ از زن کم بود — آں دلے باشد کہ کم زاشکم بود
مرد کا دل ہو اگر عورت سے کم — پیٹ سے بھی کم اسے کہتے ہیں ہم

آنحضرت کا قافلہ عرب کی فریاد رسی کرنا

اندراں وادی گروہے از عرب — خشک شد از قحط باراں شاں قرب
ایک وادی میں عرب کی قوم تھی — قحط سے تھی مشک بھی سوکھی پڑی

در میان آں بیاباں ماندہ — کاروانے مرگ بر خود خواندہ
وہ بیاباں میں تھے واماندہ پڑے — اور سب طالب تھے اپنی موت کے

ناگہانے آں مغیث ہر دو کون — مصطفیٰ پیدا شد از رہ بہر عون
ناگہاں کونین کے فریاد رس — مصطفیٰ پہنچے وہاں اک روز بس

دید کانجا کاروانے بس بزرگ — بر تف ریگ و رہے صعب سترگ
دیکھا اس جا اک بڑا سا قافلہ — گرم ریتی پہ پڑا ہے بے نوا

اشتراں شاں را زباں آویختہ — خلق اندر ریگ ہر سو ریختہ
سب زباں پر اونٹ کی سوکھی ہوئی — ریت پہ مخلوق ہے لیٹی ہوئی

رحمش آمد گفت ہیں زوتر روید — چند یارے سوئے آں کثباں دوید
رحم آیا اور فرمایا کہ ہاں — جاؤ اس ٹیلے کی جانب بیگماں

اکر سیاہے بر شتر مشک آورد | سوئے میر خود بزودی میبرد
ایک زنگی مشک پر لاتا ہے آب | جاتا ہے آقا کی جانب وہ شتاب

آں شتربان سیہ را با شتر | سوئے من آرید با فرمان مُر
ساربان کو ساتھ اس کے اونٹ کے | لاؤ میرے پاس میرے حکم سے

سوئے کفتاں آمدند آں طالباں | بعد یکساعت بدیدند آنچناں
آئے اس ٹیلے کی جانب کچھ جواں | بعد اک ساعت کے دیکھا بیکماں

بندۂ شد سیہ با اشترے | راویہ پُر آب چوں ہدیہ برے
ایک زنگی اونٹ پر تھا جا رہا | بھر کے مشک بھر کر بڑھا

پس بدو گفتند مے خواند ترا | ایں طرف فخر البشر خیر الوریٰ
پس کہا اس سے بلاتے ہیں تجھے | اس طرف سردار وہ کونین کے

گفت من نشناسم او را کیست او | گفت او آں ماہ روئے قند خو
بولا میں ان کو نہیں پہچانتا | بولے وہ ہیں ماہرو شیریں لقا

سید و سرور محمد نور جاں | مہتر و بہتر شفیع مجرماں
سید سرور محمد نور جاں | بہتر و افضل شفیع عاصیاں

نوعہا تعریف کردندش کہ ہست | گفت مانا او مگر آں ساحر است
مختلف کیں ان کی تعریفیں بڑی | بولا ہے شاید وہ جادوگر کوئی

کہ گروہے را زبوں کرد او بسحر | من نیایم جانب او نیم شبر
سحر سے اسنے کیا لوگوں کو خوار | اس کی جانب میں نہ جاؤں زینہار

کشکشانش آوریدند آں طرف | او فغاں داشت با تشنیع و تف
اس کو لے آئے وہاں وہ کھینچتے | شور و غل کرتا تھا وہ تشنیع سے

چوں کشیدندش بپیش آں عزیز | گفت نوشید آب و بردارید نیز
سامنے لائے جو حضرت کے شتاب | بولے پھر لو اور پی لو خوب آب

چاره‌ای از آن مشک او سیراب کرد | اشتران و هر کسی زان آب خورد

سب کو پانی دے دیا اس مشک سے | اونٹ اور سب سیر اس سے ہو گئے

راویه پر کرد از مشک او | ابر گردون خیره ماند از رشک او

مشک مشکیزے بھرے اس مشک سے | ابر کو حیرانیاں تھیں رشک سے

این کسی دیده است کز یک راویه | سرد گردد سوز چندین هاویه

یہ بھی دیکھا ہے کہیں اک مشک سے | پیاس اتنی دوزخوں کی بجھ سکے

این کسی دیده است کز یک مشک آب | گشت چندین مشک پر بے اضطراب

یہ کہیں دیکھا کہ صرف اک مشک آب | اتنی مشکوں کو بھرے بے اضطراب

مشک خود روپوش بود و موج فضل | می‌رسید از امر او از بحر اصل

مشک کی صورت میں موج فضل تھی | حکم رب سے بحر سے جو تھی ملی

آب از جوشش همی گردد هوا | وان هوا گردد ز سردی آب‌ها

جوش سے ہو جاتا ہے پانی ہوا | اور ہوا سردی سے پانی بن رہا

بلکه بے اسباب بیرون زین حکم | آب رویانید تکوین از عدم

بلکہ بے اسباب ــ بے تدبیر کے | پانی کو ہستی میں لایا نیست سے

تو ز طفلی چون سبب‌ها دیده‌ای | در سبب از جهل بر چفسیده‌ای

تو نے دیکھے ہیں لڑکپن سے سبب | اس لئے تجھ کو سبب کی ہے طلب

با سبب‌ها از مسبب غافلی | سوی این روپوش‌ها زان مایلی

یہ سبب روکیں مسبب سے تجھے | مائل اس روپوش پہ ہے اس لئے

چون سبب‌ها رفت بر سر می‌زنی | ربنا و ربنا‌ها می‌کنی

جب گئے اسباب پیٹے گا سر | ربنا آئے گا لب پہ بے خطر

رب همی‌گوید برو سوی سبب | چون ز صنعم یاد کردی ای عجب

رب کہے گا۔ جا سوئے اسباب جا | یاد کیوں صنعت سے تھا مجھ کو کیا

گفت زین پس من ترا بینم همه | ننگرم سوی سبب وان دمدمه

تو کہے چھوڑوں گا سب کو بعد ازیں | اب سبب پہ میں نہ لاؤں گا یقیں

گر بدیش رُدّوا لعادوا کار تست	اے تو اندر توبہ و میثاق سست
وہ کہے "رُدّوا لعادوا" تیرا کام	عہد اور توبہ میں تو ہے سست و خام
لیک من آں ننگرم رحمت کنم	رحمتم پرست بر رحمت تنم
میں نہ کچھ دیکھوں مگر رحمت کروں	ہوں میں راحم میری رحمت ہے فزوں
ننگرم عہدِ بدت بدہم عطا	از کرم اینِ دم چو میخواہی مرا
عہدِ بد کو میں نہ دیکھوں دوں عطا	کیا ہے تو مجھ سے کرم سے مانگتا
از من آید جملہ احسان و وفا	وز تو بدعہدی و نسیان و خطا
مجھ سے ہیں یہ سارے احسان و وفا	تجھ سے ہے بدعہدی ہے نسیاں اور خطا
حاصل آنکہ در سبب پیچیدۂ	لیک معذوری نہ ہیں اے ادبدۂ
مختصر یہ ہے سبب میں مبتلا	ہے مگر معذور دیکھا جو خطا
قافلہ حیراں شد از کار او	یا محمد چیست ایں اے بحر خو
قافلہ اس بات سے حیراں ہوا	یا محمد ہے عجب یہ ماجرا
کردۂ روپوش مشک خُرد را	غرقہ کردی ہم عرب ہم کُرد را
کر دیا پنہاں ایک مشک خُرد کو	غرق کر ڈالا عرب اور کُرد کو

رسول خدا کا معجزہ

اے غلام اکنوں تو پُر بیں مشک خود	تا نگوئی در شکایت نیک و بد
اے غلام اب اپنا مشکیزہ بھی دیکھ	تا نہ ہو شکوہ تجھے اس بات پر
آں سیہ حیراں شد از برہان او	می دمید از لامکاں ایمان او
زنگی اس برہان سے حیرت میں تھا	لامکاں سے اس کو ایماں مل گیا

لہ اگر تمہیں دنیا میں لوٹا دیں تو تم انہی منہیات کی طرف پھر لوٹ جاؤ ۔

سلہ دلیل - معجزہ ۔

چشمۂ پیدا ز ہوا پنہاں شدہ
منکشف رو پوش فیض آں شدہ

دیکھا اک چشمہ ہوا سے ہے رواں
منکشف ہے فیض اس سے بے نشاں

آں نظر روپوشہا ہم بر درید
تا معین چشمۂ غیبی رسید

پھاڑتی ہے وہ نظر سارے حجاب
غیب کے چشمے تلک ہے کامیاب

چشمہا پر آب کرد آں مرد غلام
شد فراموشش ز خواجہ وز مقام

رو دیا پر چشم ہو کر وہ غلام
بھولا وہ خواجہ کو اور اپنا مقام

دست و پایش ماند از رفتن براہ
زلزلہ افگند در جانش اِلٰہ

راستہ چلنے سے عاجز ہو گیا
زلزلہ سا جان میں اسکی پڑا

باز بہرِ مصلحت بازش کشید
کہ بخویش آ باز رو اے مستفید

مصلحت سے ہوش میں اسکو کیا
اور کہا آ اپنے میں آ منزل کو جا

وقت حیرت نیست حیرت پیش تست
ایں زماں در رہ در آ چالاک و چست

ہوش میں حیراں ہے یہ حیرت سامنے
مستعد ہو اور اپنی راہ لے

دستہائے مصطفیٰؐ بر رو نہاد
بوسہائے عاشقانہ بس بداد

ہاتھ منہ پر شاہ والا کے رکھے
عاشقوں کی طرح کچھ بوسے دیئے

مصطفیٰؐ دستِ مبارک بر رخش
آں زماں مالید کرد او فرخش

مصطفیٰؐ نے ہاتھ چہرے پر ملے
شادماں اس کو کیا الطاف سے

شد سپید آں زنگی زادہ حبش
ہمچو بدر و روز روشن شد شبش

رنگ اس زنگی کا گورا ہو گیا
اور اس کی شب سے ہالا چاند کا

یوسفے شد در جمال و در دلال
گفتمش اکنوں بروبہ وا گوے حال

مثلِ یوسف حسن اس کا بڑھ گیا
بولے اب جا اور بیاں کر ماجرا

او ہمے شد بیخبر بے پا و دست
پائے می نشناخت در رفتن ز دست

ہو رہا تھا بے سر و پا مست سا
پاؤں کو وہ پھر تھا چلتا راستہ

پس بیامد با دو مشک پُر رواں ‎ ‎ سوئے خواجہ از نواحی کارواں
دو بھری مشکیں وہ زنگی لے چلا ‎ ‎ جانب خواجہ جو چھوڑا تھا قافلا
خواجہ بر رہ منتظر بنشستہ بود ‎ ‎ کاں غلامش دیر مے آمد ز ورد
منتظر بیٹھا تھا رہ میں خواجہ بھی ‎ ‎ وہ غلام آیا نہ اب تک دیر کی

خواجہ کا غلام کو نہ پہچاننا

خواجہ از دورش بدید و خیرہ ماند ‎ ‎ از تحیر اہل آں دہ را بخواند
خواجہ نے دیکھا تو حیراں ہو گیا ‎ ‎ اور لیا سب گاؤں والوں کو بلا
راویہ ما اشتر ما ہست ایں ‎ ‎ پس کجا شد بندۂ زنگی جبیں
ہے ہماری مشک بھی اور اونٹ بھی ‎ ‎ بندۂ زنگی نہیں ہے اور ہی
آں یکے بدر است مے آید ز دور ‎ ‎ مے زند بر نور روز از روش نور
چاند ہے اک دور سے آتا نظر ‎ ‎ غالب اس کا نور نور روز پر
کو غلام ما مگر سرگشتہ شد ‎ ‎ یا بدو گرگے رسید و کشتہ شد
ہو گیا بے راہ شاید وہ غلام ‎ ‎ گرگ نے یا کام کر ڈالا تمام
یا مگر او را بکشت ایں بد گہر ‎ ‎ اشترش آورد اینجا از قدر
یا کیا قتل اسکو اس بدذات نے ‎ ‎ اونٹ اس کا لایا ہے [illegible]
چوں بیامد پیش گفتش کیستی ‎ ‎ از یمن زادے یا ترکیستی
جب وہ آیا کی یہ اس سے گفتگو ‎ ‎ ترک ہے تو یا یمن زادہ ہے تو
کو غلامم را چہ کردی است گو ‎ ‎ گر بکشتی وا نما حیلت مجو
کیا ہوا میرا غلام اب سچ بتا ‎ ‎ صاف کہہ دے قتل اگر اس کو کیا
گفت گر کشتم بتو چوں آمدم ‎ ‎ چوں بپائے خود دریں خوں آمدم
بولا کیوں آتا یہاں گر مارتا ‎ ‎ پاؤں سے اپنے میں ہوتا مبتلا

گفت نے نے در نگیرد با منست ‏ ‏ ‏ راست باید گفت سرّ این ست

بولا۔ یوں اب مخلصی پائیگا تو ‏ ‏ ‏ سچ بتا جو بات ہو اے حیلہ جو

گو غلام من بگفت اینک منم ‏ ‏ ‏ کرد است افضال یزداں روشنم

میرا بندہ ہے کہاں، میں ہوں کہا ‏ ‏ ‏ فضل خالق نے مجھے روشن کیا

دیدہ ام صدرے و بدرے گشتہ ام ‏ ‏ ‏ صاحب فضلے و قدرے گشتہ ام

بدر ہوں اک صدر کو میں دیکھ کر ‏ ‏ ‏ ہوں میں اہل فضل و قدر اے خوش سیر

ہی چہ میگوئی غلام من کجاست ‏ ‏ ‏ ہیں بگو راہی ست از من جستہ راست

ہے کہاں بندہ مرا۔ اس نے کہا ‏ ‏ ‏ میں نہ چھوڑوں گا تجھے۔ سچ سچ بتا

گفت اسرار ترا با آں غلام ‏ ‏ ‏ جملہ واگویم یکایک من تمام

بولا تیرے بھید اور حال غلام ‏ ‏ ‏ میں بیاں اب تجھ سے کرتا ہوں تمام

زاں زمانے کہ خریدی تو مرا ‏ ‏ ‏ تا باکنوں باز گویم ماجرا

جس گھڑی تو نے خریدا تھا مجھے ‏ ‏ ‏ میں سناؤں حال اب تک کے تجھے

تا بدانی کہ ہمانم در وجود ‏ ‏ ‏ گرچہ از شبدیز من صبحے گشود

تا یقیں آئے کہ ہوں تو میں وہی ‏ ‏ ‏ بن گئی ہے صبح رنگت رات کی

رنگ دیگر شد ولیکن جان پاک ‏ ‏ ‏ فارغ از رنگست و از ارکان خاک

رنگ کو بدلا۔ وہی ہے جان پاک ‏ ‏ ‏ دور اس سے رنگ اور ارکان خاک

تن شناساں زود ما را گم کنند ‏ ‏ ‏ آب نوشاں ترک مشک و خم کنند

مجھ کو کھو بیٹھے ہیں جو ہیں تن شناس ‏ ‏ ‏ مشک چھوڑیں، تن کی بجھ جاتی ہے پیاس

جاں شناساں از عددہا فارغند ‏ ‏ ‏ غرقۂ دریائے بیچونند و چند

جاں شناس اعداد سے فارغ رہیں ‏ ‏ ‏ غرق خود کو بحر بیچوں میں کریں

لہ یعنی غلام نے کہا ؎

جاں شو و از راہ جاں جاں را شناس | یار بینش شو نہ فرزند قیاس
جان ہو اور راہِ جاں سے جاں شناس | یارِ بینش بن نہ فرزندِ قیاس

چوں ملک با عقل یک سر رشتہ اند | بہر حکمت بر دو صورت گشتہ اند
ایک ہے منبع ملک اور عقل کا | حکمتاً دو صورتیں ہیں برملا

آں ملک با عقل از یک گوہرند | در پئے ہم ہمچو دنبال و سرند
ہیں ملک اور عقل دونوں ہم گہر | آسکے پیچھے ہیں مثالِ دُم و سر

آں ملک چوں مرغ بال و پر گرفت | ویں خرد بگذاشت پر و فر گرفت
بال اور پر اُن فرشتوں کو ملے | عقل نے پر چھوڑے فر کے واسطے

لاجرم ہر دو مناصر آمدند | ہر دو خوش رو پشتِ ہمدیگر شدند
اس لئے دونوں معاون بن گئے | کر کے آپس میں مدد شاداں ہوئے

ہم ملک ہم عقل حق را واجدے | ہر دو آدم را معین و ساجدے
یہ ملک اور عقل کو حق کا یقیں | دونوں ہیں آدم کے ساجد اور معین

نفس و شیطاں بودہ ز اوّل واحدے | بودہ آدم را عدو و حاسدے
نفس و شیطاں بھی ازل سے ایک تھے | دشمن و حاسد جو آدم کے تھے

آنکہ آدم را بدن دید او رمید | و آنکہ نورِ مؤتمن دید او خمید
جس نے آدم کو بدن سمجھا پھرا | نور کا جس نے امیں دیکھا جھکا

آں دو دیدہ روشناں بودہ ازیں | ویں دو را دیدہ ندیدہ غیرِ طیں
وہ دو آنکھیں اس سے روشن ہو گئیں | ان کو خاک آئی نظر اور کچھ نہیں

ایں بیاں اکنوں چو خر بر یخ بماند | چوں نشاید بر جہود انجیل خواند
برف میں یہ قصہ مثلِ خر پھنسا | قولِ انجیل اب یہودی کو سنا

سلہ غفلت اور دہ ہے

کے تواں با شیعہ گفتن از عمرؓ — کے تواں بربط زدن در پیش کر

کیا عمرؓ کا حال کہئے شیعوں سے — سامنے بہرے کے بربط کیا بجے

لیک گر در دہ بگوشہ یک کس است — ہاے وہوئے کہ بر آوردم بس است

یہ جو گاؤں کے ہے گوشے میں کوئی — ہاو ہو کافی ہے یہ میں نے جو کی

مستحقِ شرح را سنگ و کلوخ — ناطقے گردد مشرح با رسوخ

مستحق شرح کو سنگ و کلوخ — ناطق و شارح ہیں گویا با رسوخ

این نیاز مریمیؑ بود است و درد — کہ چناں طفلے سخن آغاز کرد

یہ نیاز و درد مریمؑ ہے اچھی — دی شہادت بچےؑ نے اور بات کی

جزو او بے او برائے او بگفت — جزو جزوت گفت دارد در نہفت

اس کے جزو نے اس کی خاطر کچھ کہا — نطق اک پنہاں رکھے جزو جزو ترا

دست و پا شاہد شوندت اے رہی — منکری را چند دست و پا نہی

ہاتھ اور پاؤں گواہی دیں ترے — منکری آخر کہاں تک تو کرے

ور نباشی مستحق شرح و گفت — ناطقہ ناطق ترا دید و بخفت

مستحق اس شرح کا گر تو نہیں — تیرا گویا ناطقہ چپ ہو وہیں

خدا نے سب کچھ مطابق حاجت[۱] پیدا کیا

ہر چہ روئید از پئے محتاج رست — تا بیابد طالبے چیزے کہ جست

جو اُگا محتاج کی خاطر اُگا — تا ملے طالب کو جو ہے ڈھونڈتا

حق تعالیٰ گر سماوات آفرید — از برائے رفع حاجات آفرید

حق تعالیٰ نے فلک پیدا کئے — خلق کی حاجت برآری کے لئے

۱؎ مضبوطی سے ش

هر که جویا شد بیابد عاقبت | مایهٔ درد است اصل مرحمت

جس نے ڈھونڈا۔ اُس نے پایا عاقبت | درد ہی گویا ہے وجہ مرحمت

هر کجا دردے دوا آنجا رود | هر کجا فقرے نوا آنجا رود

درد ہو جس جا۔ دوا جائے وہاں | بھوک ہو جس جا۔ غذا جائے وہاں

هر کجا مشکل جواب آنجا رود | هر کجا پستی ست آب آنجا رود

ہو جہاں مشکل جواب اُس جا عیاں | ہے جہاں پستی، وہاں پانی رواں

آب کم جو تشنگی آور بدست | تا بجوشد آبت از بالا و پست

پانی کم پی، کر لے پیدا تشنگی | تا کہ جوش آب رحمت ہو اٹھی

تا نزاید طفلک نازک گلو | کے روان گردد ز پستان شیر او

ہو نہ پیدا بچہ جب تک بیگماں | چھاتیوں سے دودھ کیونکر ہو رواں

رو بدین بالا و پستیها بدو | تا شوی تشنه و حرارت را گرو

پیچھے اُوپر دوڑ کر تو ڈھونڈ آتے | تا ہو تشنہ اور تیری گرمی بڑھے

بعد ازاں از بانگ زنبور ہوا | بانگ آب جو بنوشی اے کیا

بعد ازاں تو ہر ہوا کے ساز سے | نہر کی آواز بے پردہ سنے

حاجت تو کم نباشد از حشیش | آب اگیری سوے او کشیش

تیری حاجت کم نہ ہو گی گھاس سے | پانی کو لے آئے گا تو کھینچ کے

گوش گیری آب او مے کشی | سوئے زرع خشک تا یابد خوشی

کان پکڑے، کھینچ کر پانی کو لائے | خشک کھیتی کی طرف اور چین پائے

زرع جان را کش جواهر مضمرست | ابر رحمت پر ز آب کوثرست

جان کی کھیتی میں جو ہر ہیں نہاں | آب کوثر ابر رحمت میں نہاں

تا سقاهم ربهم آید خطاب[1] | تشنه باش الله اعلم بالصواب

تا سقاهم ربہم آئے خطاب | تشنہ رہ واللہ اعلم بالصواب

[1] قولہ تعالیٰ و سقاهم ربهم شراباً طهوراً یعنی اُنکا رب انہیں شراب طہور پلائیگا

ایک کافرہ کا حضورؐ کی خدمت میں آنا

ہم ازاں دہ یک زنے از کافراں	سوئے پیغمبر دواں شد زامتحاں
کافرہ عورت تھی ایک اس گاؤں کی	امتحاناً آئی نزدیک نبیؐ
پیش پیغمبر در آمد با خمار	کودکے دو ماہہ زن را در کنار
چادر اوڑھے آئی تھی وہ کافرہ	گود میں بچہ تھا اک دو ماہ کا
گفت کودک سلم اللہ علیک	یا رسول اللہ قد جئنا الیک[1]
بولا بچہ - آپ پہ حق کا سلام	یا رسولؐ اللہ حاضر ہے غلام
مادرش از خشم گفتش ہیں خموش	کیت افگند ایں شہادت اندر گوش
ماں نے خاموش اس کو غصے سے کیا	جب گواہی اس کو یوں دیتے سنا
ایں کیت آموخت اے طفل صغیر	کز زبانت گشت در طفلی جہیر
یہ سکھایا کس نے اے طفل صغیر	جو زباں طفلی میں ہے یوں نطق گیر
گفت حق آموخت وانگہ جبرئیل	در بیاں با جبرئیلم من رسیل
بولا حق نے معرفت جبریلؑ کی	ہم سخن جبریلؑ مجھ سے ہے ابھی
گفت کو گفتا کہ بالائے سرت	مے نہ بینی کن بیالا منظرت
بولی کس جا ہے - کہا سر پہ ترے	گو نظر آئیں نہ وہ سر پہ کھڑے
ایستادہ بر سر تو جبرئیل	مر مرا گشتہ بصد گونہ دلیل
سر پہ ہیں جبریلؑ وہ تیرے کھڑے	سیکڑوں راہیں بتاتے ہیں مجھے
گفت مے بینی تو گفتا کہ بلے	بر سرت تاباں چو بدرے کاملے
بولی آتا ہے نظر؟ بولا کہ ہاں	تیرے سر پر چاند بن کر ہیں عیاں

[1] اے اللہ کے رسولؐ تم پر اللہ کا سلام ہو۔ بے شک میں تمہارے پاس آیا ہوں۔

ہے بیاموزد مرا وصفِ رسول	پر علوم ہے رسانَد زین نزول
ہیں سکھاتے مجھ کو وصفِ مصطفیٰ	لا کے اسفل سے مجھے سوئے علا
پس رسولش گفت اے طفلِ رضیع	چیست نامت باز گو و شو مطیع
مصطفیٰ بولے کہ طفلِ شیر خوار!	کیا ہے تیرا نام کر دے آشکار
گفت نامم پیشِ حق عبد العزیز	عبدِ عزّیٰ پیشِ ایں یک مشتِ حیز
بولا میرا نام ہے عبد العزیز	"عبدِ عزّیٰ" پیش قوم بے تمیز
من ز عزّیٰ پاک و بیزار و بری	حقِ آنکہ دادت ایں پیغمبری
پاک ہوں عزّیٰ سے ۔ شاہد ہے خدا	آپ کو جس نے ہے پیغمبر کیا
کودکِ دو ماہہ ہمچوں ماہِ بدر	درسِ بالغ گفتہ چوں اصحابِ صدر
دو مہینے کا وہ بچہ مثلِ بدر	گفتگو کامل کرے جوں اہلِ صدر
پس حنوط آندم ز جنت در رسید	تا دماغِ طفل و مادر بو کشید
آئی خوشبو اس گھڑی فردوس سے	بچے نے اور ماں نے بس سونگھا اُسے
ہر دو میگفتند کز خوفِ سقوط	جاں سپردن بہ بریں بوئے حنوط
دونوں کہتے تھے کہ خوفِ[1] سقوط سے	جان اس خوشبو پہ دینی چاہیے
آنکہ تعریفش شہنشہ خود کند	جامد و نامیش صد صدق زند
جس کی تعریفیں شہنشہ خود کرے	اور سب مخلوق اُسے تحسیں کہے
آں کسے را کہ معرّف حق بود	جامد و نامیش صد صدق بود
ہیں جو کوئی عارفِ اللہ ہو	اس کی سب تصدیق کرتے ہیں شنو
آں کسے کش خدا حافظ بود	مرغ و ماہی مر ورا حارس شود
جس کا حافظ ہو خدائے انس و جاں	مرغ و ماہی سب ہوں اُسکے پاسباں

[1] یعنی اس خوف سے کہ یہ خوشبو آتے آتے بند نہ ہو جائے ۔

ایک عقاب کا موزۂ رسولؐ کو لے جانا

اندریں بودند کآواز صلا | مصطفیٰؐ بشنید از سوئے علا
تھیں یہی باتیں کہ آواز صلا | آسماں سے آئی سوئے مصطفیٰؐ

خواست آبے و وضو را تازہ کرد | دست و رو را شست او زاں آب سرد
پانی مانگا اور وضو تازہ کیا | ہاتھ منہ پانی سے دھویا برملا

ہر دو پا شست و بموزہ کرد رائے | موزہ را بربود یک موزہ ربائے
پاؤں دھو کر قصد موزے کا کیا | اور موزہ لے گیا موزہ ربا

دست سوئے موزہ برد آں خوش خطاب | موزہ را بربود از دستش عقاب
سوئے موزہ ہاتھ حضرتؐ کا بڑھا | اک عقاب آیا وہ موزہ لے گیا

موزہ را اندر ہوا برد او چو باد | پس نگوں کرد و ازاں مارے فتاد
وہ ہوا میں جو موزہ لے اڑا | جبکہ الٹا سانپ اس میں سے گرا

در فتاد از موزہ یک مارے سیاہ | زاں عنایت شد عقابش نیک خواہ
موزے میں سے سانپ اک کالا گرا | نیک خواہی جانور کی دیکھنا

پس عقاب آں موزہ را آورد باز | گفت ہیں بستاں و رو سوئے نماز
لایا پھر موزہ عقاب با نیاز | اور بولا لیجیے پڑھیے نماز

از ضرورت کردم ایں گستاخئے | من ز ادب دارم شکستہ شاخئے
تھی یہ گستاخی ضرورت سے مجھے | میں ہوں شرمندہ ادب سے سربسر

وائے کو گستاخ پا مے نہد | بے ضرورت کش ہوا فتوے دہد
وائے وہ گستاخ جو پاؤں رکھے | بے ضرورت اور ہوس کے حکم سے

پس رسولش شکر کرد و گفت ما | ایں جفا دیدیم و خود بود آں وفا
شکر کر کے مصطفیٰؐ نے یوں کہا | گو جفا تھی وہ مگر خود تھی وفا

موزہ بربودے و من دی رہم شدم ‏ ‏ ‏ ‏ تو غمم بردی و من در غم شدم
لے گیا تو موزہ۔ میں غصے ہوا ‏ ‏ ‏ ‏ تھا مجھے غم اور تو غمخوار تھا

گرچہ ہر غیبے خدا ما را نمود ‏ ‏ ‏ ‏ دل در آں لحظہ بخود مشغول بود
دی خدا نے گو کہ غیبوں کی خبر ‏ ‏ ‏ ‏ دل تھا مشغول اس گھڑی خود ہیں مگر

گفت دور از تو کہ غفلت از تو رست ‏ ‏ ‏ ‏ دیدنم آں غیب را ہم عکس تست
بولا تم سے دور یہ غفلت کہاں ‏ ‏ ‏ ‏ تھا تمہارا عکس مجھ پر ضو فشاں

مار در موزہ بہ بینم در ہوا ‏ ‏ ‏ ‏ نیست از من عکس تست اے مصطفیٰ
سانپ موزے میں نظر آیا مجھے ‏ ‏ ‏ ‏ مجھ میں کیا ہے عکس تھے یہ آپ کے

عکس نورانی ہمہ روشن بود ‏ ‏ ‏ ‏ عکس ظلمانی ہمہ گلخن بود
عکس نورانی ہے روشن سر بسر ‏ ‏ ‏ ‏ عکس ظلمت کا ہے گلخن سر بسر

عکس عبد اللہ ہمہ نوری بود ‏ ‏ ‏ ‏ عکس بیگانہ ہمہ کوری بود
عکس عبد اللہ کا نوری ہوا ‏ ‏ ‏ ‏ عکس بیگانہ ہے کوری اسے فنا

عکس ہر کس را بداں یکجاں ببیں ‏ ‏ ‏ ‏ پہلوے جنسے کہ میخواہی نشیں
عکس سب کا دیکھ لے اے با وفا ‏ ‏ ‏ ‏ چاہے جس کے پہلو میں پھر بیٹھ جا

اس حکایت میں ایک عبرت ہے

عبرتست ایں قصہ اے جاں مر ترا ‏ ‏ ‏ ‏ تا شوی راضی تو در حکم خدا
عبرت اس قصہ میں ہے تیرے لیے ‏ ‏ ‏ ‏ تا ہو راضی حکم سے اللہ کے

تا کہ زیرک باشی و نیکو گماں ‏ ‏ ‏ ‏ چوں ببینی واقعہ بد ناگہاں
تا کہ تو دانا رہے اور خوش گماں ‏ ‏ ‏ ‏ واقعہ جب ہو برا اک ناگہاں

دیگراں گردند زرد از بیم آں ‏ ‏ ‏ ‏ تو چو گل خنداں گہ سود و زیاں
دوسرے ہوں زرد اسکے خوف سے ‏ ‏ ‏ ‏ نفع یا نقصان جب ہو تو ہنسے

زانکہ گل گر برگ برگش میکنی ‌‌‌‌ ‌ خندہ نگذارد نگردد منثنی

پتی پتی پھول کی توڑے جو تو ‌ ہو نہ پژمردہ۔ نہ جائے رنگ و بو

گوید از خارے چرا افتم بہ غم ‌ خندہ را من خود ز خار آوردہ ام

یوں کہے کانٹے سے میں کیوں غم کروں ‌ خود ہنسی کو خار سے میں لایا ہوں

ہرچہ از تو یاوہ گردد از قضا ‌ تو یقیں داں کہ خریدت از بلا

تجھ سے لے لے کچھ اگر دستِ قضا ‌ کر یقیں۔ گویا بلاؤں سے چھٹا

ما التصوف قال وجدان الفرح ‌ فی الفؤاد عند اتیان الترح

ہے تصوف صرف وجدانِ سرور ‌ دل میں جب اندوہ کا دیکھے وفور

آں عقابش را عقابے داں کہ او ‌ در ربود آں موزہ را زاں نیکخو

اس بلا کو جان لے تو اک عقاب ‌ لے گیا جو موزہ نیکی مآب

تا رہاند پاش را از زخم مار ‌ اے خنک عقلے کہ باشد بےغبار

پاؤں اُن کا سانپ کی زد سے بچا ‌ عقل وہ جس میں نہ لغزش ہو ذرا

گفت لا تاسوا علی ما فاتکم ‌ ان اتی السرحان اردی شاتکم

فوت کچھ ہو جائے تو غمگیں نہ ہو ‌ بھیڑیا لے جائے چاہے بھیڑ کو

لیک ہرچہ آں فوت شد غمگیں مشو ‌ وانکہ گر شد کہنہ آید باز نو

فوت ہونے والی شے کا غم ہے کیا ‌ کہنہ ساماں جب گیا۔ آیا نیا

گر بلا آید ترا اندہ مبر ‌ ور زیاں بینی غم او را مخور

گر بلا آئے کوئی۔ تا غم نہ کر ‌ اور کچھ نقصاں ہو۔ تو غم نہ کر

کاں بلا دفع بلاہائے بزرگ ‌ واں زیاں منع زیانہائے سترگ

وہ بلا ہے سو بلاؤں کی فنا ‌ وہ زیاں دے سو زیانوں سے بچا

راحتِ جاں آمد اے جاں فوتِ مال ‌ مال چوں جمع آمد اے جاں شد وبال

جان کی راحت ہے ایجاں فوتِ مال ‌ مال جب ہو جمع ہے جی کا وبال

حضرتِ موسیٰؑ سے ایک شخص کی استدعا

گفت موسیٰؑ را یکے مردِ جواں　　کہ بیاموزم زبانِ جانوراں
بولا یہ موسیٰؑ سے اک مردِ جواں　　جانور کی مجھ کو سکھلا دو زباں

تا بود کز بانگِ حیوانات و دد　　عبرتے حاصل کنم در دینِ خود
تا کہ میں آوازِ حیوانات سے　　عبرتیں حاصل کروں ہر بات سے

چوں زبانہائے بنی آدم ہمہ　　در پئے آبست و نان و دمدمہ
کیونکہ یہ انساں کی ساری بولیاں　　روٹی پانی کے لئے ہیں بیگماں

بو کہ حیوانات را دردِ دگر　　باشد از تدبیرِ ہنگامِ گذر
دردِ حیوانات ہو شاید دوسرا　　جس میں ہو تدبیر ہنگامِ فنا

گفت موسیٰؑ رو گذر کن زیں ہوس　　کایں خطر دارد بسے در پیش و پس
بولے موسیٰؑ اس ہوس کو چھوڑ دے　　کیونکہ اس میں ہیں نہاں خطرے بڑے

عبرت و بیداری از یزداں طلب　　نز کتاب و از مقال و حرف و لب
عبرت و بیداری مانگ اللہ سے　　تو کتاب و حرف و لب سب چھوڑ دے

گرم تر شد مرد زاں منعش کہ کرد　　گرم تر گردد ہمے از منع مرد
منع کرنے سے وہ کچھ برہم ہوا　　منع کرنے سے ہے شعلہ بھڑکتا

گفت اے موسیٰؑ چو نورِ تو بتافت　　ہر کہ چیزے یافت از تو چیز یافت
بولا اے موسیٰؑ جو چمکا تیرا نور　　تجھ سے پایا جس نے پایا کچھ شعور

مر مرا محروم کردن زیں مراد　　لائقِ لطفت نباشد اے جواد
کرنا محروم اپنے مقصد سے مجھے　　کب ہے لائق تیرے لطف و جود کے

ایں زماں قائم مقامِ حق توئی　　یاس باشد گر مرا مانع شوی
اب ہے تو قائم مقام اللہ کا　　یاس ہو گی منع گر مجھ کو کیا

گفت موسیٰؑ یا رب این مرد سلیم — سخرہ کردستش مگر دیو رجیم
بولے موسیٰؑ کہتا ہے یا رب یہ کیا — اس پہ کیا شیطان غالب ہو گیا

گر بیاموزم زباں کارش بود — ور نیاموزم دلش بد مے شود
گر سکھا دوں تو اسے ہوگا زیاں — ورنہ ہو جائیگا بد دل یہ جواں

گفت اے موسیٰؑ بیاموزش کہ ما — رد نکردیم از کرم ہرگز دعا
دی ندا حق نے کہ موسیٰؑ دو سکھا — رد نہیں کرتے کسی کی ہم دعا

گفت یا رب او پشیمانی خورد — دست خاید جامہا را بر درد
بولے وہ ہوگا پشیماں اے خدا — ہاتھ چبا لیگا تو کپڑے پھاڑیگا

نیست قدرت ہر کسے را سازوار — عجز بہتر مایۂ پرہیزگار
راس قدرت ہر کسی کو کب ہوئی — عجز ہے سرمایۂ ہر متقی

فقر زیں رو فخر آمد جاوداں — کہ بہ تقوے ماند دستش جاوداں
اس لیے ہے فقر فخر جاوداں — ہاتھ تقوے میں ہے اس کا بیگماں

زاں غنا و زاں غنی مردود شد — کہ ز قدرت صبرہا بدرود شد
یوں ہیں مردود اب غنی اور یہ غنا — صبر ہے مقدور سے جاتا رہا

آدمی را عجز و فقر آمد اماں — از بلائے نفس پر حرص و غماں
عجز اور فقر آدمی کی ہے اماں — نفس کی حرص اور بلاؤں سے یہاں

آں غم آمد ز آرزوہائے فضول — کہ بداں خو کردہ است آں صید غول
ہیں فضول امیدیں سارے غم فزا — جس کا خوگر ہے حریص بیوفا

آرزوئے گل بود گل خوارہ را — گلشکر نگوارد آں بیچارہ را
خواہش گل ہوتی ہے گل خوار کو — خوشگوار اس کو کہاں گلقند ہو

حضرت موسیٰؑ کو وحی آنا

بعد از آں وحی آمد از حضرت کہ رو　　ہر چہ میگوید بلطف خود شنو
وحی پھر آئی کہ اے موسیٰؑ اٹھو　　وہ جو کچھ چاہے اُسے سکھلا بھی دو

گفت یزداں کہ بدہ بایست او　　بر کشاد اختیار آں دست او
حکم حق تھا۔ اس کے لائق اسکو دے　　قدرت اُس کو اختیاروں پر رہے

اختیار آمد عبادت را نمک　　ورنہ میگردد بناخواہ ایں فلک
ہے عبادت کا نمک یہ اختیار　　چرخ کی گردش تو بے خواہش ہے یار

گردش او را نہ اجر و نے عقاب　　کاختیار آمد ہنر وقتِ حساب
اجر ہی ہے اور نہ گردش پہ عذاب　　دیکھتے ہیں بس ہنر وقتِ حساب

جملہ عالم خود مسبح آمدند　　نیست زاں تسبیح جبری مزد مند
ساری دُنیا ہے یہاں تسبیح خواں　　نفع جبری کو مگر اس سے کہاں

تیغ در دستش نہ از عجزش بکن　　تاکہ غازی گردد او یا راہزن
کہ نہ عاجز تیغ دیدے بے سخن　　تاکہ وہ غازی بنے یا راہزن

زانکہ کرمنا شد آدم ز اختیار　　نیم زنبور عسل شد نیم مار
چونکہ کرمنا کا سبب تھا اختیار　　نیم شہد اور ہو گیا وہ نصف مار

مومناں کان عسل زنبور وار　　کافراں خود کان زہرے ہمچو مار
سامنے مومن شہد ہیں یہ لے اٹھی　　اور کافر کان زہر مار کی

زانکہ مومن خورد بگزیدہ نبات　　تا چو نحلے گشت ریق او حیات
کھائی ہے مومن نے جو بہتر نبات　　تھوک ہی اسکا شہد اور آبِ حیات

باز کافر خورد شربت از صدید　　ہم ز قوتش زہر شد در وے پدید
کافروں نے شربتِ گندہ پیا　　اس نے اُن میں زہر پیدا کر دیا

مرد طالب کا مرغ اور کتے کی بولی سیکھنا

گفت موسیٰ ہین تو دانی در رسید — نطق این ہر دو شود بر تو پدید
بولے موسیٰ اچھا تو ہو دلفگار — نطق ان دونوں کا ہوگا آشکار

بامداداں آں بہائے امتحاں — ایستاد او منتظر بر آستاں
امتحاں کا جب سویرا ہو گیا — اپنے در پہ منتظر تھا وہ کھڑا

خادمہ سفرہ بیفشاند و فتاد — پارۂ نانِ بیات آثار زاد
خادمہ نے خواں جھاڑا تو گرا — روٹی کا ٹکڑا جو تھا باسی بچا

در ربود آنرا خروسے چوں گرو — گفت سگ کردی تو بر ما ظلم رو
مرغ وہ ٹکڑا اٹھا کر لے گیا — بولا کتا ظلم یہ ہم پر کیا

دانۂ گندم توانی خورد و من — عاجزم در دانہ خوردن در وطن
تو تو کھا سکتا ہے دانہ گیہوں کا — اور میں دانہ کھا نہیں سکتا [illegible]

گندم و جو را و باقی حبوب — تو توانی خورد و من نے اے طروب
گیہوں اور جو اور دانے بالیقیں — تو تو کھا سکتا ہے میں کھا سکتا نہیں

ایں لب نانے کہ قسم ماست آں — میربائی ایں قدر را از سگاں
روٹی کا ٹکڑا جو قسمت میں لکھا — وہ بھی یوں کتوں سے تو ہے چھینتا

مرغ کا کتے کو جواب دینا

پس خروسش گفت تن زن غم مخور — کہ عوض بدہد خدا زیں بہ دگر
مرغ بولا صبر کر اور غم نہ کھا — تجھ کو بھی اس کا عوض دیگا خدا

اسپ ایں خواجہ سقط خواہد شدن — روز فردا سیر خور کم کن حزن
گھوڑا اس خواجہ کا کل مر جائیگا — کل ملیگا پیٹ بھر کر غم نہ کھا

مر سگاں را عید باشد مرگ اسب — روزیِ وافر بود بے جہد و کسب

مرنا گھوڑے کا ہے بس کتوں کی عید — رزق مل جاتا ہے بے سعی مزید

اسب را بفروخت چوں بشنید مرد — پیش سگ شد آں خروس از شرم زرد

بیچا گھوڑا۔ جب یہ خواجہ نے سنا — مرغ اس کتے سے شرمندہ ہوا

روز دیگر ہمچناں ناں را ربود — آں خروس و سگ بر او لب بر گشود

دوسرے دن پھر وہ روٹی لے چلا — مرغ سے جھنجھلا کے کتے نے کہا

کاے خروس عشوہ دہ چند ایں دروغ — ظالمی و کاذبی و بے فروغ

اے فریبی مرغ کب تک یہ دروغ — تو ہے ظالم اور جھوٹا بے فروغ

اسپ کش گفتی سقط گردد کجاست — کور اختر گوئی محرومی ز راست

گھوڑا جو مرنے کو تھا۔ وہ ہے کہاں — تو نجومی کور ہے، او بد زباں

گفت او را آں خروس باخبر — کہ سقط شد اسپ او جائے دگر

بولا اس سے مرغ تھا جو باخبر — دوسری جا ہے گیا گھوڑا وہ مر

اسپ را بفروخت و جست او از زیاں — آں زیاں انداخت او بر دیگراں

گھوڑے کو بیچا۔ تو نقصاں سے بچا — دوسرے پر بار نقصاں کا پڑا

لیک فردا استرش گردد سقط — مر سگاں را باشد ایں نعمت فقط

کل مگر اس کا شتر مر جائیگا — کتوں کو ہوگا وہ نعمت بر ملا

زود استر را فروشید آں حریص — یافت از غم وز زیاں آں دم محیص

اونٹ کو بھی بیچ آیا آدمی — یوں زیان و غم سے پھر فرصت ملی

روز ثالث گفت سگ با آں خروس — اے امیر کاذباں با طبل و کوس

تیسرے دن مرغ سے سگ نے کہا — اک کھلا جھوٹوں کا تو ہے بادشا

تا بکے گوئی دروغ اے بے فروغ — دوغی اے نا اہل دوغی دوغ دوغ

جھوٹ تو بولے گا کب تک بے فروغ — دوغ ہے نا اہل تو بالکل ہی دوغ

لہ دیکھو صفحہ ۳۵۵

گفت او بفروخت اشتر را شتاب ‖ یک زیانش از غلام آید مصاب

بولا اس نے اونٹ کو بیچا شتاب ‖ اس کے خادم پر ہے لیکن کل عذا[illegible]

چوں غلامم او بمیرد نا گہا ‖ برسگ و خواہندہ ریزند[۱] اقربا

وہ مریگا تو بکیں گی روٹیاں ‖ ڈالینگے کتوں کو ردی پیہماں

ایں شنید و آں غلامش را فروخت ‖ رست از خسران و رخ را برفروخت

یہ سنا تو اس نے بیچا وہ غلام ‖ بچ گیا نقصان سے پھر لا کلام

شکرہا میکرد و شادیہا کہ من ‖ رستم از سہ واقعہ اندر زمن

شکر کرتا تھا خدا کا اور خوشی ‖ جان میری بچین جھگڑوں سے بچی

تا زبان مرغ و سگ آموختم ‖ دیدۂ سوء القضا را دوختم

میں نے مرغ و سگ کی جب سیکھی زباں ‖ بند کی آنکھیں قضا کی بے گماں

مرغ کا کتے کے سامنے شرمندہ ہونا

روز دیگر آں سگ محروم گفت ‖ کاے خروس ژاژخا کو طاق و جفت

دوسرے دن بولا کتا مرغ سے ‖ ہو گئے کیا اب وہ کل پرسوں ترے

چند چند آخر دروغ و مکر تو ‖ خود نپرد[۱] جز دروغ از وکر تو

جھوٹ اور مکاری آخر تا کجے ‖ آشیاں سے جھوٹ لے کر ہے اڑا

گفت حاشا از من و از جنس من ‖ کہ بگردیم از دروغے ممتہن

بولا مجھ سے یا مرے ہم جنس سے ‖ غیر ممکن ہیں بہانے جھوٹ کے

ما خروساں چوں مؤذن راستگو ‖ ہم رقیب آفتاب و وقت جو

مرغ ہیں مثل مؤذن راست گو ‖ ہیں رقیب آفتاب اور وقت جو

۱؎ حاشیہ صفحہ گذشتہ:۔ یعنی تو مٹھا ہی مٹھا ہے لیکن تجھ میں نام کو نہیں۔

پاسبان آفتابیم از دل | گر کنی پالائش ما طشت نگوں
پاسباں سورج کے ہم ہیں برملا | گرچہ تو دے طشت ہیں ہم کو چھپا

پاسبان آفتاب اند اولیا | در بشر واقف ز اسرار خدا
پاسباں سورج کے ہیں سب اولیا | ہیں بشر میں واقف راز خدا

اصل ما را حق پئے بانگ نماز | داد ہدیہ آدمی را در جہاز
حق اذاں کے تئیں ہیں حق نے دیئے | نوحؑ کی کشتی میں انساں کے لیے

گر بنا ہنگام سہوا از ما رود | در اذان آں مقتل ما میشود
ہم اگر بے وقت دے بیٹھیں اذاں | سہو سے تو مارے جائیں بیگماں

گفت نا ہنگام حی علی الفلاح | خون ما را میکند خوار و مباح
کہنا بے ہنگام حی علی الفلاح | خوں ہمارا کرتا ہے بالکل مباح

آنکہ معصوم آمد و پاک از غلط | از خروس وحی جاں آمد فقط
جو ہے معصوم اور گنہ سے پاک ہے | مرغ وحی جاں وہ اسے بیباک ہے

آں غلامش مرد پیش مشتری | شد زیان مشتری آں یکسری
مشتری کے پاس جا کر وہ غلام | مر گیا نقصاں ہوا اس کا تمام

او گریزانید مالش را ولیک | خون خود را ریخت آں یا نیک
مال کو اپنے لیا اس نے بچا | یہ سمجھ اس کو کہ خون اپنا کیا

یک زیان دفع زیانہا میشدے | جسم و مال ماست جانہا را فدے
اک زیاں دافع ہے سو نقصان کا | مال و تن صدقہ ہیں بیشک جان کا

پیش شاہان در سیاست گستری | میدہی تو مال و سر را میخری
بادشہ دیتے ہیں جب تجھ کو سزا | مال دے کر جان لیتا ہے بچا

اعجمی چوں گشتہ اندر قضا | میگریزانی ز داور مال را
کیوں قضا کے باب میں ناداں ہوا | کیوں خدا سے مال رکھتا ہے بچا

او غنی است جز او جملہ فقیر — کے فقیرے بے عوض گوید کہ گیر

وہ غنی اس کے سوا سارے فقیر — بے عوض کہتا ہے کب "یہ لے" فقیر

تا نہ بیند کودکے کہ سیب ہست — او پیاز گندہ اندہد ز دست

جب تک اس بچہ نہ دیکھے سیب کو — وہ پیاز گندہ کیوں چھوڑے۔ کہو

ایں ہمہ بازار بہر ایں غرض — بر دکانہا شستہ بہر ایں عوض

گر ہمارہ فصل تابستاں بدے — سوزش خورشید در بستاں زدے

گر ہمیشہ فصل گرمی کی رہے — سوزش خورشید گلشن پھونک دے

منبتش را سوختے از بیخ و بن — کہ دگر تازہ نگشتے آن کہن
پھونکتی سبزے کو وہ جڑ پیڑ سے — تازہ ہو سکتا نہ وہ پھر سوکھ کے

گر ز سرما بیست آن وے مشفق ست — صیف خندانست اما محرق ست
سخت ہے سردی مگر ہے پھر بھی نرم — اچھی ہے گرمی مگر ہے پھر بھی گرم

چونکہ قبض آمد تو در وے بسط بین — تازہ باش و چین میفگن بر جبین
قبض ہو تو بسط کر اس میں خیال — رہ شگفتہ بل نہ تو ماتھے پہ ڈال

کودکان خندان و دانایان ترش — غم جگر را باشد و شادی ز شش
رنج ہو دانا کو بچوں کو خوشی — ہو جگر میں درد شش میں تازگی

چشم کودک ہمچو خر در آخر ست — چشم عاقل در حساب آخر ست
چشم کودک تھان پر جیسے ہو خر — آنکھ ہے دانا کی آخر بیں مگر

او در آخر چرب مے بیند علف — وین ز قصاب آخرش بیند تلف
وہ طویلے میں ہے چارہ دیکھتا — اور یہ قصاب سے نقصان زدہ

آن علف تلخست کان قصاب داد — بہر لحم ما ترازوے نہاد
گھاس کڑوی ہے قصائی نے جو دی — گوشت لینے کو ترازو ہے رکھی

رو ز حکمت خور علف کان را خدا — بے عوض دادست از محض عطا
چارہ کھا حکمت کا جس کو کبریا — بے عوض دیتا ہے از راہِ عطا

فہم نان کردی نہ حکمت اے رہی — چونکہ حق گفتست کلوا من رزقہ
روٹی سمجھا تو نہ حکمت اے غبی — جب کہا حق نے کلوا من رزقہ

رزق حکمت بہ بود در مرتبت — کان گلوگیرت نگردد عاقبت
رزقِ حکمت مرتبے میں ہے سوا — جو نہ بالآخر ترا پکڑے گلا

[1] پھیپھڑا
[2] اس کے رزق سے کھاؤ

ایں دہاں بستی دہانے باز شد | کو خورندہ لقمہائے راز شد
بند کر یہ منہ تو پھر اک منہ کھلے | سربسر لقمے جو کھائے راز کے

گر ز شیر دیو تن را وابری | در فطامِ او بسے حلوا خوری
تو چھڑائے گا جو شیر دیو تن | کھائے گا حلوا بہت اے جانِ من

ترک جوشش کردہ ام من نیم خام | از حکیم غزنوی بشنو تمام
ترک خود میں نے کیا جوشش کلام | سن حکیم غزنوئی سے اے ہمام

در الٰہی نامہ گوید شرح ایں | آں حکیم غیب و فخر العارفین
کی الٰہی نامہ میں شرح متیں | کہتے حکیم غیب فخر العارفین

غم خورو نانِ غم افزایاں مخور | زانکہ عاقل غم خورد کودک شکر
غم تو کھا اور غم فزا روٹی نہ کھا | بچے شکر کھائیں، عاقل غم سدا

قندِ شادی میوۂ باغ غم ست | ایں فرح زخم ست و آں غم مرہم ست
باغ غم کا میوہ ہے شادی بہم | ہے خوشی زخم اور مرہم اسکا غم

غم چو بینی در کنارش کش بعشق | از سر ربوہ نظر کن در دمشق
غم جو دیکھے اس سے ہو جا ہمکنار | ٹیلے سے سیر دمشق اچھی ہے یار

عاقل از انگور مے بیند ہمے | عاشق از معدوم شے بیند ہمے
دیدۂ عاقل میں ہے انگور سے | چشم عاشق میں ہے ہر معدوم شے

جنگ میکردند حمالاں پریر | تو مکش تا من کشم حملش چو شیر
پرسوں حمالوں میں تھی اک جنگ یار | چھوڑ دے تو میں اٹھاؤنگا یہ بار

زانکہ در آں رنج میدیدند سود | حمل را ہر یک ز دیگر می ربود
کیونکہ اس تکلیف میں تھا فائدہ | ایک سے تھا بوجھ لیتا دوسرا

مزدِ حق کو مزدِ آں بیمایہ کو | ایں بُد گنجت مزد و آں تسو
حق کی مزدوری کہاں اور یہ کہاں | گنج وہ دے یہ صلے میں کوڑیاں

گنج زرّے کہ چو خسپی زیرِ ریگ | با تو باشد آں نماند مردہ ریگ

گنج ایسا جب تو مٹی میں سلے | ہو نہ ورثہ، بلکہ تیرا ساتھ دے

پیش پیش آں جنازہ ات میدود | مونس گور و غریبی مے شود

آگے آگے بھاگے لاشے کے ترے | گور میں پھر مونسِ غربت رہے

بہر روزِ مرگ ایں دم مردہ باش | تا شوی با عشقِ سرمد خواجہ تاش

موت کے دن کے لئے مرجا ابھی | تا ہو حاصل تجھ کو عشقِ سرمدی

صبر مے بیند ز پردہ اجتہاد | روئے چوں گلنار و زلفین مراد

صبر دیکھے زیرِ رنگ اجتہاد | چہرۂ گلنار، اور زلفِ مراد

غم چو آئینہ است پیشِ مجتہد | کاندریں ضد می نماید روئے ضد

مجتہد کو رنج ہے جوں آئینا | یعنی اس ضد میں ہے ضد جلوہ نما

بعد ضدِّ رنج آں ضدِّ دگر | رو دہد یعنی گشاد و کرّ و فر

بعد ضدِّ رنج کے، ضد دوسری | کرّ و فر کا منہ دکھائے واقعی

ایں دو وصف از پنجۂ دستت بہ بیں | بعد قبض مشت بسط آید یقیں

دیکھ دونوں وصف اپنے ہاتھ سے | ہے یقینی بسط پیچھے قبض کے

پنجہ را گر قبض باشد دائما | یا ہمہ بسط او بود چوں مبتلا

قبض اگر حاصل ہو پنجے کو سدا | یا کہ یکسر بسط، ہے اک ابتلا

زیں دو وصفش کار و مکسب منتظم | چوں پرِ مرغ ایں دو حال او را مہم

ان دو صفتوں سے ہے بس کسب اعمال | جیسے پرِ مرغ، مجبورِ[1] دو حال

[1] یعنی جیسے مرغ کے پر کبھی کھلتے ہیں۔ کبھی بند ہوتے ہیں ؂

روح القدس کی حضرت مریمؑ سے گفتگو

چونکہ مریم مضطرب شد یکزماں | ہمچنانکہ بر زمیں بر ماہیاں
جبکہ مریمؑ کی بڑھیں بے تابیاں | جس طرح تڑپیں زمیں پر مچھلیاں

بانگ بر وے زد نمودار کرم | کہ امین حضرتم از من مرم
یوں ہوئی گویا تجلّیٔ کرم | میں امینِ حق ہوں مجھ سے کر نہ رم

از سرافرازانِ عزت سر مکش | از چنیں خوش محرماں خود در مکش
سر سرافرازانِ عزت سے نہ کھینچ | دامن اربابِ محبت سے نہ کھینچ

ایں ہمے گفت و ذبالہ نورِ پاک | از لبش مے شد پیاپے بر سماک
وہ یہ کہتا اور شعلہ نور کا | ہونٹوں سے جاتا تھا بالائے سما

از وجودم میگریزی در عدم | در عدم من شاہم و صاحب علم
تو عدم کو مجھ سے کیوں ہے بھاگتی | ہے وہاں بھی بالیقیں میری شہی

خود بنہ و بنگاہِ من در نیستیست | یکسوارہ نقشِ من پیشِ ستیست
نیستی میں خیمہ و لشکر مرے | نقش میرے ہیں سبھی تیرے سامنے

مریما بنگر کہ نقشِ مشکلم | ہم ہلالم ہم خیال اندر دلم
دیکھ مریمؑ نقش اک مشکل ہوں میں | خود ہلال اور خود خیالِ دل ہوں میں

چوں خیالے در دلت آمد نشست | ہر کجا کہ میگریزی با تو ہست
جو تصوّر جم گیا دل میں ترے | تو جہاں جائے ترے ہمراہ رہے

جز خیالِ عارضی باطلے | کو بُدست چوں صبحِ کاذب آفلے
صرف اک باطل تصوّر کے سوا | صبحِ کاذب کی طرح جو ہو فنا

من چو صبحِ صادقم از نورِ رب | کہ نگردد گردِ روزم ہیچ شب
صبحِ صادق ہوں خدا کے نور سے | میرے دن کو رات کیونکر گھیرے

ہیں مگو لاحول عمران زادہ ام — من ز لاحول ایں طرف افتادہ ام

دختر عمران شہ کہ لاحول تو — یعنی میں لاحول سے ہوں ایک سو

ہر مرا اصل و غذا لاحول بود — نور لاحولی کہ پیش از قول بود

اصل تھی لاحول میری اور غذا — پیشِ کُن جب نور تھا لاحول تھا

تو ہمے گیری پناہ از من بحق — من نگارندہ پناہم در سبق

تو اماں مانگے حضور اللہ کے — ہیں نگارندہ اماں کا پہلے سے

آں پناہم من کہ مخلصہات بود — تو اعوذ آری و من خود آں عوذ

وہ اماں ہوں جو ہے تیری پاسباں — تو اماں مانگے، میں ہوں خود ہی اماں

آفتے نبود بتر از ناشناخت — تو بر یار و ندانی عشق باخت

ناشناسی سے بڑی آفت نہیں — یار کے پہلو میں بھی اُلفت نہیں

یار را اغیار پنداری ہمے — شادیے را نام بنہادی غمے

یار کو اغیار ہے تو جانتی — تونے غم رکھا ہے کیوں نام خوشی

اینچنیں لطفے کہ وارد یار ما — تو گریزانی ازو اے بے وفا

یار میں ہے اس قدر مہر و عطا — اور تو اس سے بھاگتی ہے بر ملا

اینچنیں نخلے کہ قدِ یارِ ماست — چونکہ ما دزدیم نخلش دارِ ماست

نخل اک ایسا کہ جو ہو قدِ یار — ہم چرا لیں تو ہنے وہ نخل دار

اینچنیں مشکیں کہ زلفِ میرِ ماست — چونکہ بے عقلیم آں زنجیرِ ماست

مشک بو ایسی وہ زلفِ میر ہے — چونکہ ہم ناداں ہیں وہ زنجیر ہے

اینچنیں لطفے چو نیلے میرود — چونکہ فرعونیم بر ما خوں شود

لطف کا دریا ہے رودِ نیل سا — ہم جو ہوں فرعون، خوں بن جائیگا

خوں ہمے گوید من آبم ہیں مریز — یوسفم گرگ از تو ام اے پُر ستیز

خون کہے، پانی ہوں مجھ کو مت گرا — تھا میں یوسف، بھیڑیا تو نے کیا

تو نمی بینی که یارِ بُرد بار ‏— چونکه با او ضد شوی گردد چو مار

دیکھتی ہے تو کہ یارِ بُرد بار ‏— جب تو اس سے ضد کیے ہو جائے مار

لحم او و شحم او دیگر نہ شد ‏— بر قرار او لست انسان کہ بد

گوشت پوست اسکا نہ کچھ بدلا ذرا ‏— وہ وہی انساں ہے جیسا کہ تھا

شمع مریمؑ را بہل افروختہ ‏— کہ بخارا میرود آں سوختہ

شمع مریمؑ چھوڑ دے جلتی ہوئی ‏— پھر بخارا جا رہا ہے عشقی

سخت بے صبر و در آتشدان تیز ‏— رو سوئے صدرِ جہاں کن بگریز

ہے وہ بے صبر آتشِ الفت سے تیز ‏— جانبِ صدرِ جہاں پھر ہے گریز

اس وکیل کا بخارا کو جانا

ایں بخارا منبع دانش بود ‏— پس بخارائیست ہر کانش بود

یہ بخارا چشمہ ہے دانائی کا[1] ‏— وہ بخارائی ہے جو اسکا ہو گیا

پیش شیخے در بخارا اندری ‏— تا بخواری در بخارا ننگری

شیخ کے آگے بخارا میں ہے تو ‏— دیکھ مت نفرت سے اس کو تیرہ خو

جز بخواری در بخارائے دلش ‏— راہ ندہد جزر و مدِ مشکلش

اس کے دل تک آہ خواری کے سوا ‏— جزر و مد مشکل کا کب ہے رہنما

اے خنک آں را کہ ذلت نفسہ ‏— وائے آں کس را کہ یردی رفسہ

واہ جس کا نفس رسوا ہو گیا ‏— آہ جو اس سے ہلاکت میں پڑا

فرقتِ صدرِ جہاں در جانِ او ‏— پارہ پارہ کردہ بود ارکانِ او

فرقتِ صدرِ جہاں نے دیکھئے ‏— ٹکڑے ٹکڑے اسکے دل کے کر دیئے

[1] یعنی علم و حکمت کا سرچشمہ ہے

گفت برخیزم ہمانجا وا روم — کافر ار گشتم دگر رہ بگروم

بولا بس اٹھ کر وہیں اب جاؤں میں — کفر ہے رستے سے گر پھر آؤں میں

وا روم آنجا بیفتم پیش او — پیش آں صدر نکو اندیش او

جاؤں میں اور اُسکے آگے گر پڑوں — صدر ہے وہ صاحبِ علم و فنون

گویم افگندم بہ پیشت جانِ خویش — زندہ کن یا سر ببر مارا چو میش

اور کہوں حاضر ہوں تیرے سامنے — زندہ کر یا تو مرا سر کاٹ لے

کشتہ و مردہ بہ پیشت اے قمر — بہ کہ شاہِ زندگاں جائے دگر

پاس تیرے مردہ اچھا ہوں میں ہاں — اور جا ہونے سے شاہِ زندگاں

آزمودم صد ہزاراں بار بیش — بے تو شیریں مے نہ بینم کارِ خویش

اس سے پہلے آزمایا لاکھ بار — بے ترے شیریں نہ ہونگے میرے کار

عن لی یا منیتی سحر النشور — ابرکی یا ناقتی تم السرور

گا وہ نغمہ مُردہ جو زندہ کرے — اے شتر اب بیٹھ ناقے ہو چکے

ابلعی یا ارض دمعی قد کفی — اشربی یا نفس وردا قد صفا

اے زمیں پی اشک کافی ہیں یہے — گھونٹ پی نفس آبِ صافِ عشق کے

عدت یا عیدی الینا مرحبا — نعم ما روحت یا ریح الصبا

بندہ میری سمت لوٹ آ مرحبا — تو نے مجھ کو خوش کیا بادِ صبا

گفت اے یاراں رواں گشتم وداع — سوئے آں صدرے کہ میرست و مطاع

بولا اے یارو میں اب رخصت ہوا — اس کی جانب جو ہے صدرِ باوفا

دمبدم در سوز بریاں مے شوم — ہر چہ بادا باد آنجا میروم

سوز میں اس کے ہیں بریاں دمبدم — ہر چہ بادا باد لو جاتے ہیں ہم

گرچہ دل چوں سنگِ خارا میکند — جانِ من عزمِ بخارا میکند

دل ہے مثلِ سنگِ خارا گو گراں — پھر بخارا کی طرف ہے عزمِ جاں

مسکن یار است و شہر شاہ من ‏ ‏ ‏ پیش عاشق این بود حب الوطن

یار کا مسکن ہے شہ کی انجمن ‏ ‏ ‏ بس یہی عاشق کو ہے حب وطن

عاشق و معشوق کے سوال و جواب

گفت معشوقے بعاشق کاے فتیٰ ‏ ‏ ‏ تو بغربت دیدۂ بس شہرہا

پوچھا یوں عاشق سے اک معشوق نے ‏ ‏ ‏ شہر دیکھے تو نے غربت میں بڑے

پس کدامیں شہر ز آنہا خوشتر است ‏ ‏ ‏ گفت آں شہرے کہ در وے دلبر است

شہر ان سب میں ہے بہتر کونسا ‏ ‏ ‏ بولا وہ، جو ہے مقام دلربا

ہر کجا باشد شہ مارا بساط ‏ ‏ ‏ ہست صحرا گر بود سم الخیاط

جس جگہ مسکن ہو میرے شاہ کا ‏ ‏ ‏ ناکا سوئی کا ہو، تو بھی ہے بڑا

ہر کجا یوسف رخے باشد چو ماہ ‏ ‏ ‏ جنت است آں گرچہ باشد قعر چاہ

جس جگہ ہو کوئی یوسف مثل ماہ ‏ ‏ ‏ ہو جناں، ظاہر میں گو ہو قعر چاہ

با تو دوزخ جنت است اے جانفزا ‏ ‏ ‏ با تو زنداں گلشن است اے دلربا

تجھ سے دوزخ ہے بہشت اے جانفزا ‏ ‏ ‏ تجھ سے زنداں باغ ہے اے دلربا

شد جہنم با تو زندان نعیم ‏ ‏ ‏ بے تو شد ریحان و گل نار جحیم

ہے جہنم تجھ سے زندان نعیم ‏ ‏ ‏ بے ترے ریحان و گل نار جحیم

ہر کجا تو با منی من خوشدلم ‏ ‏ ‏ ور بود در قعر گورے منزلم

تو جہاں ہے ساتھ خوشدل ہوں وہاں ‏ ‏ ‏ گور میں ہو جا ہے مسکن بیگماں

خوشتر از ہر دو جہاں آنجا بود ‏ ‏ ‏ کہ مرا با تو سر و سودا بود

دو جہاں سے بھی ہے بہتر وہ مقام ‏ ‏ ‏ ہو جہاں تجھ سے محبت کا قیام

بس دراز است ایں سخن را انتظار ‏ ‏ ‏ عاشق صدر جہاں شد اشکبار

بات یہ لمبی ہے کب تک انتظار ‏ ‏ ‏ عاشق صدر جہاں ہے اشکبار

دوستوں کا بخارا جانے سے اُسے منع کرنا

گفت او را ناصحے کاے بیخبر — عاقبت اندیش اگر داری ہنر

ایک ناصح[1] نے کہا اے بے خبر — سوچ کچھ انجام اگر ہے با ہنر

در نگر پس را بعقل و پیش را — ہمچو پروانہ مسوزاں خویش را

آگا پیچھا سوچ اپنی عقل سے — مثل پروانہ ہے جلتا کس لئے

چوں بخارا میروی دیوانۂ — لائق زنجیر و زنداں خانۂ

گر بخارا جائے تو دیوانہ ہے — لائق زنجیر و زنداں خانہ ہے

او ز تو آہن ہمے خاید ز خشم — او ہمے جوید ترا با بیست چشم

دانت تجھ پر پیستا ہے خشم سے — بیسیوں آنکھوں سے ڈھونڈے وہ تجھے

میکند او تیز از بہر تو کارد — او سگ قحط است و تو انبان آرد

تیز کرتا ہے ترے اوپر چھری — کال کا کتا وہ، تو گون آٹے کی

چوں رہیدی و خدایت راہ داد — سوئے زنداں میروی چونت فتاد

جب خدا نے کر دیا تجھ کو رہا — قید خانے کی طرف پھر کیوں چلا

بر تو گر دہ گون موکل آمدے — عقل بایستے کز ایشاں کم زدے

تجھ پہ گر ہوتے موکل دس گنے — اُن سے بچتا عقل اگر ہوتی تجھے

چوں موکل نیست بر تو ہیچکس — از چہ بستہ گشت بر تو پیش و پس

جب موکل کوئی بھی تجھ پر نہیں — پیش و پس میں مبتلا ہے کیوں یہیں

عشق پنہاں کردہ بود او را اسیر — آں موکل را نمے دید آں نذیر

عشقِ پنہاں میں ہوا تھا وہ اسیر — دیکھ سکتا کیا موکل وہ نذیر

۱؎ ڈرانے والا۔ ناصح ؎

ہر موکل را موکل مختفی ست — ورنہ او دربند سگ طبعی ز چیست

ہر موکل کا موکل ہے چھپا — ورنہ سگ طبعی میں وہ کیوں ہے پڑا

خشمِ شاہِ عشق بر جانش نشست — بر عوانے و سیہ رویش ببست

غصہ شاہِ عشق کا ہے جان پر — تھا نگہباں اسکا وہ شام و سحر

میزند آں را کہ ہیں ایں را بزن — زاں عوانانِ نہاں افغانِ من

جبر کرتا تھا کہ اس کو مار ہاں — خفیہ جو کیداروں سے یارب فغاں

ہر کہ بینی در زیانے میرود — گرچہ تنہا با عوانے میرود

تو جسے دیکھے کہ ہے صرفِ زیاں — گرچہ تنہا ہو، موکل ہے نہاں

گر ازو واقف بدی افغاں زدی — پیش آں سلطانِ سلطاناں شدی

ہو فغاں گر اس کی ہو جائے خبر — پیش شاہنشاہ جائے دوڑ کر

ریختی بر سر بہ پیشِ شاہ خاک — تا اماں دیدی ز دیوِ سہمناک

شہ کے آگے، خاک سر پر ڈالتا — تا اماں اس دیو سے پاتے ذرا

میر دیدی خویش را اے کم ز مور — زاں ندیدی آں موکل را تو کور

میر سمجھا خود کو گو تھا مثلِ مور — یوں موکل کو نہ دیکھا تو نے کور

غرّہ گشتی زیں دروغِ پُر و بال — پرّ و بالے کو کشد سوئے وبال

غرّہ ہے ان جھوٹے پر و بال پر — یہ بلا میں ڈالتے ہیں بال و پر

پر سبک دارد رہِ بالا کند — چوں گل آلو شد گرانیہا کند

پر سبک ہوں، جانبِ بالا اڑیں — ہوں گل آلودہ، تو پھر بھاری پڑیں

جہد کن پر را گل آلودہ مکن — لیک گوشت کر شد و پندم کہن

سعی کر، تا ہوں گل آلودہ نہ پر — پندِ کہنہ، اور تیرے کان کر

مردِ عاشق کا جواب دینا

گفت اے ناصح خمش کن چند پند　　پند کم دہ زانکہ بس سخت است بند

بولا اے ناصح نصیحت تو نہ کر　　ہے گرہ مشکل نصیحت بے اثر

سخت تر شد بندِ من از پندِ تو　　عشق را نشناخت دانشمندِ تو

پند سے مشکل ہوئی میری سوا　　عشق کو تو نے نہ پہچانا ذرا

آں طرف کہ عشق مے افزود درد　　بو حنیفہؒ و شافعیؒ درسے نکرد

تھی عیاں جس درس سے بو عشق کی　　چھوڑ بیٹھے بو حنیفہؒ و شافعیؒ

تو مکن تہدیدم از کشتن کہ من　　تشنہ زارم بخونِ خویشتن

گو ہے مرنے کا دلاتا خوف کیا　　میں ہوں پیاسا آپ اپنے خون کا

عاشقاں را ہر زمانے مردنیست　　مردنِ عشاق خود یکنوع نیست

عاشقوں کو موت ہے اک ہر گھڑی　　مختلف ہے عاشقوں کی موت بھی

او دو صد جاں دارد از نورِ ہدیٰ　　واں دو صد را میکند ہر دم فدا

اس میں سو جانیں ہیں تنویر آشنا　　اور انہیں کرتا ہے وہ ہر دم فدا

ہر یکے جاں را ستاند دہ بہا　　از نبیؐ خواں عشرۃ امثالہا

لیتا ہے اک جان کے دس دس صلے　　عشرۃ[1] امثالہا گر تو پڑھے

گر بریزد خونِ من آں دوست رو　　پائے کوباں جاں برافشانم برو

دوست گر مجھ سے ہو خواہشمند خون　　دوڑ کر میں جان اس پر وار دوں

آزمودم مرگِ من در زندگیست　　چوں رہم زیں زندگی پایندگیست

مجھ کو تو اس زندگی میں ہے فنا　　جب چھٹا اس زندگی سے ہے بقا

[1] اس کے دس عوض ہیں ۱۲

اقتلونی اقتلونی یا ثقات
ان فی قتلی حیاتاً فی حیات

قتل کر ڈالو مجھے اے دوستو
ہے حیات اس قتل میں میری سنو

یا منیر الخد یا روح البقا
اجتذب قلبی وجد لی باللقا

اے منور چہرہ اے روح بقا
روح کو کر جذب کہ مجھے لقا

لی حبیب حبہ یشوی الحشا
لو یشا یمشی علی عینی مشا

عشق نے دلبر نے دیا دل کو جلا
وہ پھرے آنکھوں میں گر ہے چاہتا

پارسی گو گرچہ تازی خوشتر است
عشق را خود صد زبان دیگر است

فارسی لکھ گرچہ عربی ہے بھلی
اور بھی ہیں سو زبانیں عشق کی

بوئے آں دلبر چو پرّاں میشود
ایں زباں ہا جملہ حیراں میشود

اڑتی ہیں بوئیں جو اس دلدار کی
ہوتی ہیں حیراں زبانیں یہ سبھی

بس کنم دلبر در آمد در خطاب
گوش شو واللہ اعلم بالصواب

بس کروں اب یار کرتا ہے خطاب
سن ذرا واللہ اعلم بالصواب

چونکہ عاشق توبہ کرد اکنوں بترس
کو چو عیاراں کند بر دار درس

اب جو کی عاشق نے توبہ خوف سے
کب وہ در ہیں عشق سولی پہ پڑھے

گرچہ آں عاشق بخارا میرود
نے بدرس و نے باستا میرود

گرچہ عاشق ہے بخارا کو رواں
پڑھنے وہ جاتا نہیں لیکن وہاں

خلع کن خود را ز خود بیزار شو
بعد از آں اندر حرم بر کار شو

خلع کر کے خود سے خود بیزار ہو
اور پھر مصروف کار و بار ہو

عاشقاں را خود مدرس حسن دوست
دفتر و درس و سبق شاں روئے اوست

عاشقوں کا ہے مدرس حسن یار
اور ہے اُن کا سبق روئے نگار

خامش اند و نعرہ تکرار شاں
میرود تا عرش و تخت یار شاں

وہ ہیں خاموش اور نعرہ یک بیک
عرش تک جاتا ہے تخت یار تک

درس شاں آشوب و چرخ و ولولہ ‌ ‌ ‌ نے زیادات و باب سلسلہ

درس اُن کا وجد و حال و ولولہ ‌ ‌ ‌ کب زیادات اور باب سلسلہ

سلسلہ ایں قوم جعدِ مشکبار ‌ ‌ ‌ مسئلہ دور ست اما دور یار

سلسلہ اس قوم کا زلفِ نگار ‌ ‌ ‌ مسئلہ ہے دور کا، ہے دور یار

مسئلہ کیس ار بپرسد کس ترا ‌ ‌ ‌ گو نہ گنجد گنج حق در کیسہا

کیس کا پوچھے جو کوئی مسئلہ ‌ ‌ ‌ کہ سمائے گنج حق کیسے ہیں کیا

گر دمِ خلع و مبارا میرود ‌ ‌ ‌ بد مبین ذکر بخارا میرود

ہے اگر خلع و مبارا کا بیان ‌ ‌ ‌ بد نہ کہ، ذکر بخارا ہے بیان

ذکرِ ہر چیزے دہد خاصیتے ‌ ‌ ‌ زانکہ دارد ہر عرض ماہیتے

ذکر میں ہر چیز کے ہے خاصیت ‌ ‌ ‌ کیونکہ ہے ہر اک عرض کی ماہیت

در بخارا در ہنرہا بالغی ‌ ‌ ‌ چوں بخاری روئی زو فارغی

تو بخارا میں ہوا صاحبِ ہنر ‌ ‌ ‌ بے ہنر ہے جوں بخاری ہے اگر

آں بخاری غصۂ دانش نداشت ‌ ‌ ‌ چشم بر خورشید بینش میگماشت

تھا بخاری کو نہ غصہ عقل کا ‌ ‌ ‌ بلکہ تکتا خورشید بینش دیکھتا

ہر کہ در خلوت بہ بینش یافت راہ ‌ ‌ ‌ او ز دانشہا تجوید دستگاہ

وہ جسے خلوت کی بینائی ملے ‌ ‌ ‌ عقل و دانائی سے بے پروا رہے

سلہ زیادات اور سلسلہ دو کتابوں کے نام ہیں ؎

ٰ ۲ؕ مسائل فقہ میں ایک مسئلہ کیس کا بھی ہے اور وہ اس طرح کہ ایک شخص بے تعیین روپے کا کیسہ کسی کے پاس امانت رکھے اور پھر اس کیسہ میں زیادتی کا دعویٰ کرے بغیر کسی دلیل و برہان کے ؎ ۳ؕ خلع اور مبارا طلاق کی دو قسمیں ہیں ؎

با جمالِ جاں چو شد ہم کاسۂ ... باشدش ز اخبار و دانش تاسۂ

ہم پیالہ جو جمالِ جاں سے ہو ... بار سمجھے وہ نظامِ عقل کو

دید بر دانش بود غلبت فزا ... زیں ہمے دنیا بچربد عامہ را

دید دانش ہوتی ہے علت فزا ... اس لئے ہیں عام دنیا پر فدا

زآنکہ دنیا را ہمے بینند عین ... وآنجہانی را ہمے دانند دین

کیونکہ وہ دنیا کو سمجھے ہیں بجا ... آخرت کو قرض جانیں پر ملا

کایں جہاں را نقد مے بینند فاش ... واں جہاں را نسیہ مے بینند لاش

اس جہاں کے نقد پر ہے اعتبار ... اس جہاں کو ہیچ جانیں اور اُدھار

باز رو سوئے حدیثِ آں جواں ... کز غمِ صدرِ جہاں شد ناتواں

پھر بیاں کر ماجرائے نوجواں ... ہے غمِ صدرِ جہاں سے ناتواں

بخارا کی طرف عاشق کی روانگی

رو نہاد آں عاشقِ خونابہ ریز ... دل طپاں سوئے بخارا گرم و تیز

ہو گیا آخر وہ با آہ و فغاں ... گرم رو سوئے بخارا دل طپاں

ریگِ آموی[۱۵] پیشِ او ہمچوں حریر ... آبِ جیحوں پیشِ او چوں آبگیر

ریگ آمو تھی اُسے مثلِ حریر ... آبِ جیحوں اُس کے آگے آبگیر

آں بیاباں پیشِ او چوں گلستاں ... میفتاد از خندہ اش خوں گلستاں

تھا وہ جنگل اس کو مثلِ گلستاں ... باغ تھا اس کی ہنسی سے خوں فشاں

در سمرقند است قند اما لبش ... از بخارا یافت و آں شد مذہبش

قند ہے گرچہ سمرقندی مگر ... اس کے لب نے لی بخارا سے شکر

[۱۵] آمو ایک شہر کا نام ہے جو ساحلِ جیحون پر واقع ہے

اے بخارا عقل افزا بودۂ	لیک از من عقل و دین بربودۂ
اے بخارا تو رہا دانش فزا	مجھ سے لیکن عقل و دیں سب لےگیا
بدر میجویم از آنم چوں ہلال	صدر میجویم دریں صف نعال
ہوں ہلال اب کیونکہ ڈھونڈوں بدر کو	گو ہوں پچھلی صف میں ڈھونڈوں صدر کو
چوں سوادِ آں بخارا را بدید	در سوادِ غم بیاضے شد پدید
آئی جب سرحد بخارا کی نظر	شامِ غم میں تھی سپیدی جلوہ گر
ساعتے افتاد بیہوش و دراز	عقل او پرید در بستان راز
دیر تک بیہوش اور بیخود رہا	عقل باغِ راز میں پہنچی بجا
بر سر و رویش گلابے میزدند	از گلابِ عشق او غافل بدند
اس کے منہ پر سب چھڑکتے تھے گلاب	تھے گلابِ عشق سے سب با حجاب
او گلستانے نہانے دیدہ بود	غارتِ عشقش ز خود ببریدہ بود
اس نے اک گلزار دیکھا تھا نہاں	عشق نے لوٹا تھا اسکو بیگماں
تو فسردہ در خورِ ایں دم نۂ	با شکر مقروں نۂ گرچہ نئی
تو فسردہ عشق کے قابل نہیں	نے ہے اور خالی شکر سے بالیقیں
رختِ عقلت با تو است و عاقلی	وز جنودِ الم تروہا غافلی[۱]
عقل تیرے پاس ہے عاقل ہے تو	لم تروہا سے مگر غافل ہے تو
ایں سخن پایاں ندارد تیز راں	تا رود سوئے بخارا آں جواں
بات یہ بھی ہے آگے ہو رواں	تا چلے سوئے بخارا وہ جواں

[۱] اس آیہ شریف کی طرف اشارہ ہے "و انزل جنودا لم تروھا" یعنی اس نے لشکر نازل کئے۔ جنہیں کوئی دیکھ نہ سکا۔

عاشق کا بخارا پہنچنا

اندر آمد در بخارا شادماں
پیش معشوق خود و دارالاماں

پہنچا وہ آخر بخارا شادماں
کوئے جاناں میں جو تھا دارالاماں

ہمچو آں مستے کہ پرد بر اثیر
مہ کنارش گیرد و گوید کہ گیر

مست جیسے چرخ پر ہو کیف بار
چاند کر لیتا ہے جس کو ہمکنار

ہر کہ دیدش در بخارا گفت خیز
پیش از پیدا شدن منشیں گریز

جس نے بھی دیکھا بخارا میں اسے
بولا اُٹھ، ہے بھاگنا لازم تجھے

کہ ترا مے جوید آں شہ خشمگیں
تا کشد از جان تو دہ سالہ کیں

ڈھونڈتا ہے شاہ تجھ کو خشمگیں
تا کرے دس سال کا بدلہ یہیں

اللہ اللہ در میا در خون خویش
تکیہ کم کن بر دم و افسون خویش

اللہ اللہ خون اپنا خود نہ کر
کر نہ تکیہ سحر اور افسوں پہ

شحنۂ صدرِ جہاں بودی و راد
معتمد بودی مہندس اوستاد

شحنۂ صدرِ جہاں تھا بامراد
معتمد تھا مہندسہ کا استاد

ہم مشیرش بودی و ہم محترم
گشتہ از بہر گناہے متہم

تو مشیر اس کا تھا اور تھا محترم
ہو گیا تھا اک خطا سے متہم

غدر کردی وز جزا بگریختی
رستہ بودی باز چوں آویختی

غدر کر کے تو جزا سے تھا بچا
خود بخود پھنسنے کو پھر کیوں آ گیا

از بلا بگریختی با صد حیل
ابلہی آوردت اینجا یا اجل

مکر کر کے تو بلاؤں سے چھٹا
بیوقوفی لائی تجھ کو یا قضا

اے کہ عقلت بر عطارد دق کند
عقل و عاقل را قضا احمق کند

عقل تیری گو عطارد سے لڑے
عقل و عاقل کو قضا احمق کرے

نحس خرگوشے کہ باشد شیر جو — زیرکی و عقل و چالاکیت کو
نحس ہے خرگوش جو ہو شیر جو — عقل و چالاکی کہاں ہے نیک خوا

ہست صد چندیں فسونہائے قضا — گفت اذا جاء القضا ضاق الفضا
ہیں قضا کے مگر لاکھوں۔ ہے کہا — تنگ ہو میدان جب آئے قضا

صد رہ و مخلص بود از چپ و راست — از قضا بستہ شود گر اژدہاست
بھاگنے کے سو ہیں رستے جا بجا — پر قضا باندھے، اگر ہو اژدہا

عاشق کا جواب

گفت من مستسقیم آبم کشد — گرچہ میدانم کہ ہم آبم کشد
بولا مستسقی ہوں، اور جاذب ہے آب — جانتا ہوں پانی ہے موت اے جناب

ہیچ مستسقی نبگریزد ز آب — گر دو صد بارش کند مات و خراب
بھاگتا پانی سے مستسقی نہیں — گرچہ وہ بے حد اسے کر دے خراب

گر بیاماسد مرا دست و شکم — عشق آب از من نخواہد گشت کم
سوج جائیں گو مرے دست و شکم — عشق پانی کا مگر ہو گا نہ کم

گویم آنگہ کہ بپرسند از بطون — کاشکے بحرم رواں بودے در دل
میں کہوں، پوچھیں جو مجھ سے بیگماں — کاش ہوتا دل میں اک دریا رواں

خیک اشکم گو بدر از موج آب — گر بمیرم ہست مرگم مستطاب
پیٹ کی گو مشک پانی سے پھٹے — اور مروں تو خوب ہے مرنا مجھے

من بہر جائے کہ بینم آب جو — رشکم آید بودمے من جائے او
دیکھوں چشمہ میں جہاں بہتا ہوا — رشک آئے میں نہ کیوں چشمہ ہوا

دست ہمچوں دف شکم ہمچوں دہل — طبل عشق آب مے کوبم چو گل
ہاتھ مثل دف شکم مثل دہل — طبل عشق آب کو کوٹوں مثل گل

گر بریزد خونم آں روح الامین — جرعہ جرعہ خوں خورم ہمچوں زمیں

خون کر دے گر مرا روح الامیں — جرعہ جرعہ خون پیوں مثل زمیں

چوں زمین و چوں جنیں خونخوارہ ام — تا کہ عاشق گشتہ ام ایں کارہ ام

جوں زمیں و بچہ میں خونخوار ہوں — ہوں میں جب سے شیفتہ ہے یہ جنوں

شب ہمے جوشم در آتش ہمچو دیگ — روز تا شب خوں خورم مانندِ ریگ

جوش میں رہتا ہوں شب بھر مثل دیگ — اور دن بھر خوں پیوں مانندِ ریگ

من پشیمانم کہ مکر انگیختم — از مرادِ خشم او بگریختم

ہوں پشیماں میں نے حیلہ کیوں کیا — اس کے غصے سے میں کیوں بھاگا تھا

گو براں بر جان مستم خشم خویش — عیدِ قرباں اوست عاشق گاوِ میش

کہدو میری جان پہ چھریاں چلائے — عید قرباں وہ ہے اور عاشق ہے گائے

گاو اگر خسپد وگر چیزے خورد — بہرِ عید و ذبح خود مے پرورد

گائے گو سوئی رہے یا کچھ چرے — پلتی ہے وہ عید ہی کے واسطے

گاوِ موسیٰؑ دان مرا جاں دادہ — جزو جزوم حشر ہر آزادہ

گاوِ موسیٰؑ سے ملی ہے مجھ کو جاں — حشر ہے آزاد کا ہر جزو ہاں

گاوِ موسیٰؑ بود قرباں گشتہ — کمتریں جزوش حیاتِ کشتہ

گاوِ موسیٰؑ تھی وہ قربان و فدا — اس کا کمتر جزو حیاتِ کشتہ تھا

بر جہید آں کشتہ زآسیبش زجا — در خطابِ اضربوہ[۱] ببعضہا

اس کے صدمے سے وہ کشتہ جی اٹھا — "اضربوہ ببعضہا" کہنا ہوا

یا کرامی اذبحوا ہٰذا البقر — ان اردتم حشر ارواح النظر

ذبح کر لو دوستو اس گائے کو — حشر جاں و روح کا گر عزم ہو

۱؎ اس کے بعض اجزا کو مارو ۔

از جمادی مردم و نامی شدم	وز نما مردم بحیواں سر زدم
خاک سے جب میں چھوٹا - سبزہ ہوا	جب چھوٹا سبزے سے حیواں ہو گیا
مردم از حیوانی و آدم شدم	پس چہ ترسم کے ز مردن کم شدم
مر کے حیوانوں میں پھر آدم ہوا	کیوں ڈروں میں موت سے کیا کم ہوا
حملۂ دیگر بمیرم از بشر	تا برآرم از ملائک بال و پر
آدمی بن کر جو اب موت آئے گی	قدسیوں کے بال و پر دے جائیگی
وز ملک ہم بایدم جستن ز جو	کل شیءٍ ہالک الا وجہہ
ان سے بڑھنا چاہئے اب سوئے ہُو	کل شیءٍ ہالک الا وجہہ
بار دیگر از ملک قربان شوم	آنچہ اندر وہم ناید آں شوم
پھر ملائک سے نکل قربان ہوں	وہم میں بھی جو نہ آئے وہ بنوں
پس عدم گردم عدم چوں ارغنون	گویدم کانا الیہ راجعون
پھر عدم ہو جاؤں وہ جوں ارغنوں	یوں کہے انا الیہ راجعون
مرگ دان آں کاتفاق امت است	کآب حیوانے نہاں در ظلمت است
اتفاق امت کا جان اموات ہیں	آب حیواں ہے نہاں ظلمات ہیں
ہمچو نیلوفر برو زیں طرف جو	ہمچو مستسقی حریص آب جو
مثل نیلوفر کنارے سے تو جا	مثل مستسقی کے پانی ڈھونڈ لا
مرگ او آب است او جویائے آب	میخورد واللہ اعلم بالصواب
پانی اس کی موت وہ جویائے آب	پیتا ہے واللہ اعلم بالصواب
اے فسردہ عاشق ننگیں نمد	کو ز بیم جان ز جاناں میرمد
جو نمد پوش اور خالی عشق سے	بھاگے جاناں سے وہ ڈرسے جان کے

سلہ اس کی ذات کے سوا تمام چیزیں ہلاک ہوجانیوالی ہیں ؛

سلہ بے شک ہم خدا کی طرف رجوع کرنے والے ہیں ؛

سوئے تیغ عشقش اے ننگ زناں | صد ہزاراں جاں نگر دستک زناں

عشق میں اُس کے ذرا کر غور ہاں | لاکھوں جانیں پیٹتی ہیں تالیاں

جوئے دیدی کوزہ اندر جوئے ریز | آب را از جوئے کے باشد گریز

ندی دیکھی - کوزہ دے ندی میں ڈال | پانی کو ندی سے کب ہے انفصال

آب کوزہ چوں در آب جو شود | محو گردد در وے و جو او شود

پانی کوزے کا اگر ندی میں جائے | خود بنے ندی جو ندی میں سمائے

وصف او فانی شود ذاتش بقا | زیں سبب نے کم شود نے بدلقا

وصف ہو فانی - رہے ذاتی بقا | اس طرح کم ہو نہ ہو وہ بدنما

خویش را بر نخل او آویختم | عذر آں را کہ ازو بگریختم

خود کو اس کے نخل پر لٹکا دیا | عذر اس کا ہے کہ بھاگا کیوں میں تھا

ہمچو گوئے سجدہ کن بر رو و سر | جانب آں صدر شد با چشم تر

سجدہ کرتا گیند کی صورت چلا | صدر کی جانب بہت روتا ہوا

با رخ چوں زعفران و اشک رواں | رفت آں بیدل بسوئے صدر جہاں

منہ تھا مثل زعفراں، آنسو رواں | وہ گیا بیدل بسوئے صدرِ جہاں

عاشق کا معشوق کے پاس پہنچنا

ہم کفن ہم تیغ اندر دست او | چونکہ بود او عاشق سرمست او

ہاتھ میں اس کے کفن تھا تیغ بھی | تھا وہ عاشق - اس کی سرمستی بڑھی

جملہ خلقاں منتظر سر در ہوا | کش بسوزد یا بر آویزد ورا

منتظر تھی ہر طرف خلقِ خدا | دیکھیں سولی دے اسے - یا دے جلا

ایں زماں ایں احمق یک لخت را | آں نماید کہ زماں بدبخت را

ساتھ اس احمق کے اب ہوگا وہی | جو کرے بدبخت سے دنیا یہی

آں یکے گفتے کہ بر نہ نقش فاش ‏ ‏ پرورش کالے مہماں اینجا مباش

کوئی کہتا لکھ کے در پہ دو لگا ‏ ‏ ٹھہرے مسجد میں نہ کوئی باوفا

شب مخسپ اینجا اگر جاں بایدت ‏ ‏ ورنہ مرگ اینجا کمیں بکشایدت

جان پیاری ہے تو شب کو سو نہ یاں ‏ ‏ موت ورنہ چھپ کے آئے ناگہاں

واں دگر گفتا کہ قفلے بر نہید ‏ ‏ غافلے کاید شما کم رہ دہید

کوئی کہتا تھا کہ دو تالا لگا ‏ ‏ تا کوئی غافل نہ پائے راستا

اس مہمان کُش مسجد میں ایک پٹھان کا آنا

تا یکے مہماں در آمد وقت شب ‏ ‏ کو شنیدہ بود آں صیت عجب

آیا اک مہمان شب کو ناگہاں ‏ ‏ سن چکا تھا جو یہ ساری داستاں

از برائے آزموں مے آزمود ‏ ‏ زانکہ بس مردانہ و جانباز بود

امتحاں اس کا اسے منظور تھا ‏ ‏ کیونکہ جانبازی میں وہ مشہور تھا

گفت کم گیرم سر و اشکمبہ ‏ ‏ رفتہ گیر از گنج زر یک حبہ

بولا تم کرنا نہ کچھ ماتم مرا ‏ ‏ یوں سمجھنا گنج سے پیسہ گیا

صورت تن گو برو من کیستم ‏ ‏ نقش کم ناید چو من باقیستم

صورت تن کیا ہے اس پہ کیا ہوا ‏ ‏ نقش کیا کم ہو اگر زندہ ہوں میں

چوں نفخت بودم از لطف خدا ‏ ‏ نفخ حق باشم ز نائے تن جدا

جب نفخت لطف حق تھا بے دلا ‏ ‏ نفخ حق ہوں جسم کی نے سے جدا

تا نیفتد بانگ نفخش ایں طرف ‏ ‏ تا رہد آں گوہر از ننگیں صدف

گر ادھر آئے نہ نغمہ نفخ کا ‏ ‏ تنگ سیپی سے ہو موتی کیا رہا

چوں تمنوا الموت گفت اے صادقیں ‏ ‏ صادقم جاں را بر افشانم بریں

جب تمنوا الموت اس نے کر دیا ‏ ‏ ہوں میں صادق جان کر دوں گا فدا

له دیکھو صفحہ ۴۲۰ ؎

اہلِ مسجد کا مہمان کو ملامت کرنا

قوم گفتندش کہ ہیں اینجا مخسپ	تا نکوبد جانستانت ہمچو کسپ
لوگ بولے۔ تو نہ سو اس جا ارے	جان لیوا اجل نہ کر ڈالے تجھے
کہ غریبی و نمیدانی تو حال	کاندر اینجا ہر کہ خفت آمد زوال
تو مسافر ہے۔ خبر تجھ کو کہاں	جو یہاں سو رہا۔ ہوا وہ رائگاں
اتفاقی نیست اینجا بارہا	دیدہ ایم و جملہ اصحاب نُہیٰ
اتفاقی کب ہے کہ اکثر سانحے	ہم نے دیکھے اور اہلِ عقل نے
ہر کہ آں مسجد شبے مسکن شدش	نیم شب مرگِ ہلاہل آمدش
شب کو اس مسجد میں جو ساکن ہوا	نصف شب کو آ گئی اس کی قضا
از یکے تا بہ صد ایں را دیدہ ایم	نے بہ تقلید از کسے بشنیدہ ایم
ہاں سو ایسے ہیں نہیں۔ ایک کیا	ہم نے تقلیداً نہیں کچھ بھی سنا
گفت الدین النصیحہ آں رسول	آں نصیحت در لغت ضدِ غلول
بولے الدین[1] النصیحہ مصطفیٰ	ضد خیانت ہی نصیحت ہے بجا
آں نصیحت راستی در دوستی	در غلولی خائنی سگ پوستی
ہے نصیحت دوستی میں راستی	تو جو ہے حق پوش۔ خائن واقعی
بے خیانت ایں نصیحت از وداد	می نمائیمت مگرد از عقل و داد
بے خیانت یہ نصیحت ہم سمجھ	کر رہے ہیں۔ ہو نہ گمرہ عقل سے

سه حاشیہ صفحہ گزشتہ قولہ تعالیٰ فتمنوا الموت ان کنتم صادقین۔ اگر تم سچے ہو۔ تو موت کی تمنا کرو

[1] دین نصیحت ہے ؛

سر ز ہر سوراخ بیروں میکند | تا بود کایں بند از پا بر کند
سر نکالے اپنا ہر سوراخ سے | شاید اس زنداں سے باہر جا سکے

چوں دل و جانش چنیں بیروں بود | آں قفس را در گشائی چوں بود
جب دل و جاں اسکے یوں باہر رہیں | حال کیا ہو گر قفس کو کھول دیں

نے چناں مرغ قفس کہ اندہاں | گرد بر گردش گرفتہ گربگاں
مرغ وہ ایسا ہو قفس میں اور اسکے | بلیاں باہر بیٹھی ہوں گھیرے ہوئے

کے بود او را دراں خوف و حزن | آرزوئے از قفس بیروں شدن
کب ہو اس خوف و بلا میں اسے اتنی | آرزو پنجرے سے باہر آنے کی

او ہمے خواہد کزیں ناخوش قفس | صد قفس باشد بگرد ایں قفس
وہ یہی چاہے کہ گرد اس پنجرے کے | اور سو پنجرے ہوں تا وہ بچ سکے

حکیم جالینوس کا قول

آنچناں کہ گفت جالینوس راد | از ہوائے ایں جہاں از مراد
جس طرح سے ہے قول جالینوس کا | حرص دنیا کے لئے سن اسکے فنا

راضیم کز من بماند نیم جاں | کہ ز کون استرے بینم جہاں
میں ہوں راضی حال رہوں گو نیم جاں | کون سے خچر کی دیکھوں یہ جہاں

گربہ مے بیند بگرد خود قطار | مرغش آیس گشتہ بود از اضطرار
دیکھے بلی گرد اپنے اک قطار | مرغ جاں کی ہو آئیسہ سے واماندہ کار

یا عدم دیدست غیر ایں جہاں | در عدم نادیدہ او حشرے نہاں
یا عدم دیکھا جہاں کے ماسوا | اور عدم میں حشر دیکھا ہی نہ تھا

چوں جنیں کش میکشد بیروں کرم | میگریزد او سپس سوئے شکم
جیسے کھینچے بچے کو حقنہ کا کرم | اور وہ پیچھے بھاگتا سوئے شکم

این جواب آنکس آمد کاین بگفت | کہ نبودش سلسلۂ دل با نور جفت
یہ جواب اس کو ہے جسنے یوں کہا | نور سے اس کو تعلق کچھ نہ تھا

مرغ جانش موش شد سوراخ جو | چون شنید از گربگان او غرّ و خو
مرغ جاں جوں موش بل ہے ڈھونڈتا | بلی کے غرّانے کی سن کر صدا

زان سبب جانش وطن دید و قرار | اندرین سوراخ دنیا موش وار
اس لئے ہے جان کو اسکی قرار | دہر کے سوراخ میں اب موش وار

ہم درین سوراخ بنائی گرفت | درخور سوراخ دانائی گرفت
اس نے معماری یہاں سیکھی ذرا | قدر سوراخ اسکو فہم اس جا ملا

پیشہائے کہ مرا ورا در مزید | اندرین سوراخ کار آید گزید
ایسے پیشے جو باسانی آسکے | کام اس سوراخ میں دیں، سے لئے

زانکہ دل برکند از بیرون شدن | بستہ شد راہ رہیدن زین بدن
کیونکہ باہر آنے سے دل تھا پھرا | بند رستہ جسم نے اس کا کیا

عنکبوت ار طبع عنقا داشتے | از لعابے خیمہ کے افراشتے
طبع عنقا ملتی مکڑی کو اگر | جیب سے منہ کے بنانی کیوں وہ گھر

گربہ کردہ چنگ خود اندر قفس | نام چنگش درد و سرسام و مغص
پنجہ بلی نے جو اندر رکھ دیا | درد اور سرسام نام اسکا رکھا

حصبہ و قولنج و مالیخولیا | سکتہ و سل و جذام و ماشرا
چیچک اور قولنج و مالیخولیا | سکتہ و سل اور جذام و ماشرا

گربہ مرگست و مرض چنگال او | میزند بر مرغ و پرّ و بال او
موت بلیّ اور پنجہ ہے مرض | مرغ پر وہ مارتی ہے الغرض

سالہ درم ؂

گوشہ گوشہ میدود سوئے دوا | مرگ چوں قاضی و رنجوری گوا

بھاگتا ہے ہر طرف بہر دوا | موت قاضی اور بیماری گواہ

چوں پیادہ قاضی آمد ایں گوا[1] | کہ ہمے خواند ترا تا حکمگاہ

جوں پیادہ قاضی ہے بس یہ گواہ | جو بلاتا ہے تجھے تا عدل گاہ

مہلتے خواہی تو از وے در گریز | گر پذیرد شد وگرنہ گفت خیز

مہلت اس سے بھاگ جانے کی تو لے | مانے تو مانے وگرنہ لے چلے

جستن مہلت دوا و چارہا | کہ زنی بر خرقۂ تن پارہا

ڈھونڈنا مہلت ہے چارہ اور دوا | خرقۂ تن پہ لگانا جوڑ کا

عاقبت آید صباحے خشم دار | چند باشد مہلت آخر شرم دار

آخر آئے مثل دشمن اک سحر | اور کہے تا چند مہلت شرم کر

عذر خود از شہ بخواہ اے پرحسد | پیش ازانکہ آنچناں روزے رسد

عذر اپنا شہ کے آگے کر بیاں | وقت کے آنے سے پہلے اے جواں

وآنکہ در ظلمت براند بارگی | برکند زآں نور دل یکبارگی

جو اندھیرے میں بھگائے راہوار | نور اس کے دل سے ہو جائے فرار

میگریزد از گواہ و مقصدش | کاں گوا سوئے قضا میخواندش

شاہد اور مقصد سے وہ ہے بھاگتا | کیونکہ دامن کش ہے وہ سوئے قضا

ناگہاں گیرند او را خوار و زار | کش کشانش تا بپیش قاضی شرمسار

ناگہاں اسکو پکڑ لیں خوار و زار | سامنے قاضی کے لائیں شرمسار

زیں گذر کن جانب آں شخص آں | کو بمسجد آمد آں شب میہماں

چھوڑ اس کو اس کی جانب چل ذرا | شب کو جو مہمان مسجد میں ہوا

[1] یعنی گواہ ۔

[2] قاضی کا پیادہ ۔

در میان جملہ گر مردانہ اند — در غزا چون عورتان خانہ اند

علیحدہ باہم ہیں گو مردانہ بھی — جنگ میں مثل زنان خانہ ہیں

گفت پیغمبر سپہدار غیوب — لا شجاعۃ یا فتی قبل الحروب

کہتے ہیں یوں مصطفیٰ شاہِ غیوب — کب شجاعت ہے فتا قبل حروب

وقت لاف غزوہ مستان کف کنند — وقت جوش جنگ چون کف بی فنند

ہاتھ مارے جنگ کا دعوی کریں — جب لڑائی ہو تو پھر عاجز رہیں

وقت ذکر غزوہ شمشیرش دراز — وقت کر و فر تیغش چون پیاز

وقت ذکر جنگ تلواریں دراز — معرکے میں تیغ ہو مثل پیاز

وقت اندیشہ دل او زخم جو — پس بیک سوزن تہی شد خیک او

وقت اندیشہ خلش دل میں پڑی — اک سوئی سے مشک ہو جاتی تہی

من عجب دارم ز جویائے صفا — کو رمد در وقت صیقل از جفا

ہے تعجب اس صفا جو سے مجھے — وقت صیقل جو جفا سے بھاگ اٹھے

عشق چون دعوی جفا دیدن گواہ — چون گواہت نیست شد دعوی تباہ

عشق میں جور و جفا ہے بس گواہ — جب نہیں شاہد ہوا دعوی تباہ

چون گواہت خواہد این قاضی مرنج — بوسہ دہ بر مار تا یابی تو گنج

جب گواہی مانگے قاضی غم نہ کر — سانپ کو دے بوسہ تا پائے تو زر

آن جفا با تو نباشد اے پسر — بلکہ با وصف بدی اندر تو در

وہ جفا تجھ پہ نہیں کچھ اے پسر — بلکہ تیرے وصف بد پر ہے سراسر

یعنی ان کی زور آزمائی اور قوت آپس ہی ہے۔ جب دشمن سے مقابلہ کرنا ہے تو خوف زدہ ہو جاتے ہیں ۔

ملاحظہ: حدیث شریف میں آیا ہے۔ کہ لا شجاعۃ قبل الحرب یعنی شجاعت اور دعوائے شجاعت قبل جنگ کوئی اہمیت نہیں رکھتا ۔

بر نمد چوبے کہ آں امرد زد | بر نمد آں را نزد بر گرد زد

مارتے تھے نمدے پہ لکڑی کو جب | گرد کو ہیں جھاڑتے نمدے سے کب

گر بزد مر اسپ را آں کینہ کش | آں نزد بر اسپ زد بر سکسکش

غصے سے مارے جو گھوڑے کو کوئی | سست چلنے پر ہے مارے اسی

تا ز سکسک وا رہد خوش پے شود | شیرہ را زندان کنی تا مے شود

تاکہ سستی سے چھٹے جلدی سے چلے | شیرے کو جب بند کر دیں مے بنے

آں یکے می زد یتیمے را بہ قہر | قند بود آں لیک بنمودے چو زہر

کٹتا یتیم اک، اس پہ اک کرتا تھا قہر | قند تھا لیکن نظر آتا تھا زہر

دید مردے آنچنانش زار زار | آمد و بگرفت زودش در کنار

دیکھا جب اک شخص نے روتا ہوا | گود میں جلدی سے اسکو لے لیا

گفت شاباں آں یتیمک را ازی | چوں نترسیدی ز قہر ایزدی

اور کہا اسے شخص کیوں مارا اسے | کیا نہیں ڈرتا خدا کے قہر سے

گفت او را کے زدم اے جان و دوست | من بر آں دیوے زدم کو اندروست

بولا وہ میں کب اسے ہوں مارتا | بلکہ اس کو جو ہے اس پہ اک بلا

مادر ار گوید ترا مرگ تو باد | مرگ آں خو خواہد و مرگ فساد

کہے مادر کہ موت آئے تجھے | ہوگا مقصد خو نہ بد کی موت ہے

آں گروہے کہ ادب بگریختند | آب مردی و آب مرداں ریختند

وہ جماعت جو ادب سے بھاگ اٹھی | آبرو مردانگی کی اس نے لی

عاذلاں شاں از وغا وا راندند | تا چنیں حیز و مخنث ماندند

عاذلوں نے جنگ سے باہر کیا | تا کہ ہوں نامرد ایسے خستہ پا

لاف و غرہ ژاژ خارا کم شنو | با چنیں نامرد صف ہیجا مرو

سن نہ ان بیہودوں کی شیخی ذرا | ساتھ نامردوں کے لڑنے کو نہ جا

زانکہ زادوکم خبالا گفت حق — کز رفیق سست برگردان ورق

کیونکہ زادوکم خبالا حق کہے — بے تعلق ہو رفیق سست سے

کہ گر ایشاں با شما ہمرہ شوند — غازیاں بے مغز ہمچوں کہ شوند

کیوں؟ تمہارے وہ اگر ہمراہ ہوں — غازی سب بے مغز مثل کاہ ہوں

خویشتن را با شما ہم صف کنند — پس گریزند و دل صف بشکنند

وہ تمہاری صف میں آکر ہوں کھڑے — اور پھر بھاگیں صفوں کو توڑ کے

پس سپاہی اندکے بے ایں نفر — بہ کہ با اہل نفاق آید حشر

ہیں سپاہی چند بہتر دیکھئے — ان نفاق انگیزوں کے انبوہ سے

ہست بادام کم خوش بیختہ — بہ ز بسیارے بہ تلخ آمیختہ

تھوڑے سے بادام بہتر چھانٹئے — اُن بہت سے جن میں کڑوے ہوں ملے

تلخ و شیریں گر بصورت یک شے اند — نقص ازاں افتاد کہ ہم دل نیند

تلخ و شیریں ہیں تو ہم صورت مگر — نقص ہے اِن میں نہیں متحد ہمدگر

گبر ترساں دل بود کو از گماں — میرود در شک ز حال آں جہاں

زندہ وہم و خوف میں کافر رہے — شک میں ہے وہ اُس جہاں کے حال سے

میرود در رہ نداند منزلے — گام ترساں مے نہد اعمیٰ دلے

چل رہا ہے اور کوئی منزل نہیں — ڈر کے چلتا ہے کہ روشن دل نہیں

چوں نداند رہ مسافر چوں رود — با ترددہا و دل پُرخوں شود

جب مسافر رہ نہ جانے۔ کیا چلے — خونِ دل کھائے۔ تردد میں پڑے

قولہ تعالیٰ عزوجل۔ ولو خرجوا فیکم ما زادوکم الا خبالا ولا اوضعوا خلالکم یبغونکم الفتنۃ وفیکم سمّاعون لهم واللہ علیم بالظالمین۔ اگر وہ تمہارے درمیان باہر نکل آتے تو بجز تباہی و مکر کیا اضافہ کرتے۔ وہ تم پر فتنہ جوئی کرتے ہیں۔ فساد ڈالتے ہیں۔ اور تمہارے جاسوس ہیں اور ظلم کرنے والوں کو خدا خوب جانتا ہے۔

چون سپه گرد آمد از گفت او / کرد با ایشان بحیلت گفتگو

جمع کرنے سے ہوئے جب جنگجو / اُن سے کی حیلہ گری کی گفتگو

که بیارم من قبیلهٔ خویش را / تا که در هیجا بود پشت شما

لاؤں میں اپنے قبیلے کو بُلا / تا مدد وہ جنگ میں دیوے بھلا

هر شما را عون و یاری میکنم / تا سپاه دشمنان تان بشکنم

میں تمہاری ہر طرح یاری کروں / اور شکستِ فاش پھر دشمن کو دوں

چون قریش از گفت او حاضر شدند / هر دو لشکر در ملاقات آمدند

اس کے کہنے سے قریش آئے وہاں / بالمقابل دونوں لشکر تھے جہاں

از ملائک دید شیطان لشکری / سوی صف مؤمنان اندر شده

دیکھے شیطاں نے فرشتوں کے سپہ / مومنوں کی صف میں آ کر مل گئے

آن جنود لم تروها صف زده / گشت جان او ز بیم آتشکده

غیب کی فوجیں جو دیکھیں صف زدہ / ڈر سے جان اس کی بنی آتشکدہ

پای خود واپس کشیده میگرفت / که همی بینم سپاهی بس شگفت

پاؤں پیچھے ہٹ گئے واپس پھرا / دیکھی اس نے اک سپاہِ قہر زا

که اخاف الله ما لی منه عون / اذهبوا انی اری ما لا ترون

ڈرتا ہوں حق سے نہیں بچتا وہ میں / جاؤ میں جو دیکھتا ہوں تم نہیں

گفت حارث ای سراقه شکل هین / دی چرا تو می نگفتی این چنین

بولے حارث اے سراقہ شکل ہاں / کل نہ تو نے کیوں کہا ایسا بیاں

گفت این دم من همی بینم حرب / گفت می بینی جعاشیش عرب

بولا میں اب کا میاں تجھوں دیکھتا / بولے آتے ہیں نظر عربی گدا

سلہ لشکر جسے تم نے نہیں دیکھا یعنی فرشتوں کی فوج ۔

مے نہ بینی غیر ایں لابہ و ننگ | آں زماں لاف تو و ایں وقت جنگ

اور کیا دیکھے گا تو اے شوخ و تنگ | وقت وہ دعوے کا تھا یہ وقت جنگ

دی ہمے گفتی کہ پابنداں شدم | کہ بود تاں فتح و نصرت دمبدم

کل تو کہتا تھا کہ ہوں ثابت قدم | فتح و نصرت تم کو ہوگی دمبدم

دی زعیم الجیش بودی اے لعیں | ویں زماں ناچیز و نامرد و مہیں

کل تو تھا سردارِ لشکر اے لعیں | اب ہے کیوں نامرد و ناچیز و حزیں

تا بخوردیم آں دم تو و آمدیم | تو بتوں رفتی و ما ہیزم شدیم

تیرے دم میں آگئے ہم آئے یہاں | تو گیا حمام ہم ہیں لکڑیاں

چونکہ حارث با سراقہ گفت ایں | از عتابش خشمگیں شد آں لعیں

جب یہ حارث[1] نے سراقہ سے کہا | وہ لعیں غصے ہوا اور جل گیا

دست خود خشمیں ز دست او کشید | چوں ز گفتش وش درد دل رسید

کھینچا اپنا ہاتھ اس کے ہاتھ سے | درد سا دل میں ہوا اس بات سے

سینہ اش را کوفت شیطان و گریخت | خون آں بیچارگاں زاں مکر ریخت

سینے پہ گھونسا دیا اور چل دیا | خون بیدل شیطان نے اُن کا کیا

چونکہ ویراں کرد چندیں عالم او | پس بگفت انی بری منکم

اس سے ویرانی ہوئی کتنی چار شو | پس کہا انی بری[2] منکم

کوفت اندر سینہ اش انداختش | پس گریزاں شد چو ہیبت تاختش

کوٹا سینے کو گرا اس کو دیا | اور خود ہیبت سے بھاگا بیوفا

[1] حارث اور سراقہ دونوں سرداران عرب میں سے تھے شیطان غزوہ بدر میں سراقہ کی صورت میں قریش کے پاس آیا۔ اور انہیں آمادہ جنگ کیا ۔

[2] تحقیق میں تم سے بری الذمہ ہوں ۔

نفس و شیطاں ہر دو یک تن بودہ اند | در دو صورت خویش را بنمودہ اند

نفس و شیطاں ایک ہیں دونوں بسیرا | گو کہ دو شکلوں میں آتے ہیں نظر

چوں فرشتہ و عقل کایشاں یک بدند | بہر حکمتہاش دو صورت شدند

جیسے وہ عقل اور فرشتہ ایک تھے | حکمتاً دو صورتوں میں تھے بٹے

دشمنے داری چنیں در سر خویش | مانع عقل است و خصم جان و کیش

خود تجھی میں ہے ترا دشمن چھپا | عقل کا دشمن ہے اور قاتل ترا

یک نفس حملہ کند چوں سوسمار | پس بسوراخے گریزد در فرار

ایکدم حملہ کرے جوں سوسمار | اور اک سوراخ میں چھپ ہو فرار

در دل او سوراخہا دارد کنوں | سر ز ہر سوراخ مے آرد بروں

اس نے ہیں سوراخ ہر دل میں کئے | اور نکالے سر وہ ہر سوراخ سے

نام پنہاں گشتن از دیو و نفوس | و اندر آں سوراخ رفتن شد خنوس

چھپتا ہے تو نام ہیں دیو و نفوس | جا گئے جب سوراخ میں تو ہے خنوس[1]

کہ خنوسش چوں خنوس قنفذ است | چوں سر قنفذ ورا آمد شد است

اسکا چھپنا سیہی کی مانند ہے | آتا جاتا سیہی کی مانند ہے

کہ خدا آں دیو را خناس خواند | کو سر آں خارپشتک را بماند

حق نے ہی خناس شیطاں کو کہا | سر ہے اس کا سیہی سے ملتا ہوا

مے نہاں گردد سر آں خارپشت | دمبدم از بیم صیاد درشت

جس طرح سے سیہی اپنا سر چھپا | دمبدم جب خوف ہو صیاد کا

تا چو فرصت یافت سر آرد بروں | زیں چنیں مکرے شود مارش زبوں

اور جب مہلت ملے سر لے نکال | سانپ کو یوں مکر سے کردے نڈھال

گر نہ نفس از اندروں راہت زدے | رہزناں را بر تو کے دستے بدے

نفس گر رہزن نہ ہوتا اس طرح | غلبہ کرتے تجھ پہ رہزن کس طرح

[1] کسی کے پیچھے چھپنے والا ؛

زان عوان مقتضی که شهوت است ‏ ‏ دل اسیر حرص و آز و آفت است

اس سپاہی سے جیسے شہوت کہیں ‏ ‏ دل ہے قیدی حرص اور آفات میں

زان عوان سر شدی دزد و تباہ ‏ ‏ تا عوانان را بقہر تست راہ

ہو گیا تو اس سپاہی سے تباہ ‏ ‏ اور عوانوں کو ملی غلبے کی راہ

در خبر بشنو تو این پند نکو ‏ ‏ بین جنبیکم لکم اعدا عدو

سن نبی کی یہ حدیث[1] پاک تو ‏ ‏ نفس تیرا سب سے بدتر ہے عدو

طمطراق این عدو مشنو گریز ‏ ‏ کو چو ابلیس است در لج و ستیز

اس عدو دشمن کی نہ ڈینگیں سن ذرا ‏ ‏ مثل شیطاں ہے خصومت سے بھرا

بر تو او از بہر دنیا و نبرد ‏ ‏ آن عذاب سرمدی را سہل کرد

بہر دنیا کی خاطر اس نے تجھ پر یہ ‏ ‏ سہل کرتا ہے عذاب سرمدی

چہ عجب گر مرگ را آسان کند ‏ ‏ او ز سحر خویش صد چندان کند

کیا عجب گر موت کو آساں کرے ‏ ‏ سحر سے اپنے بہت ساماں کرے

سحر کاہی را بصنعت کہ کند ‏ ‏ باز کوہی را چو کاہی می‌کند

سحر اک تنکے کو دے کہ کا ہ کو ‏ ‏ کوہ پھر صنعت سے اک کاہ ہو

زشتہا را نغز گرداند بفن ‏ ‏ نغزہا را زشت گرداند بظن

وہ بناتا ہے بری شے کو بھلا ‏ ‏ اور ظن سے کر دے اچھے کو برا

آدمی را خر نماید ساعتی ‏ ‏ آدمی سازد خری را و آیتی

آدمی کو وہ بنا ڈالے گدھا ‏ ‏ اور گدھے کو آدمی کر دے بجا

کار سحر اینست کو دم میزند ‏ ‏ ہر نفس قلب حقائق میکند

یہ ہے مکاری فسون و سحر کی ‏ ‏ الٹ دیتا ہے حقائق ہر گھڑی

[1] حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم اعدا عدوک نفسک التی بین جنبیک یعنی بد ترین دشمن تیرا نفس ہے۔ جو تیرے پہلوؤں کے بیچ واقع ہے ۔

همچنیں ساحر درون تست سر ۔ اِنّ فی الوسواس سحرًا مستتر
ایسا جادوگر ہے اک تجھ میں نہاں ۔ وسوسوں میں سحر پوشیدہ ہے ہاں

اندر آں عالم کہ ہست ایں سحرہا ۔ ساحراں ہستند جادوئی کشا
ہیں جو اس دنیا میں جادو بیشتر ۔ کھولنے والے بھی ہیں اس کے مگر

اندر آں صحرا کہ رست ایں زہر تر ۔ نیز روئیدہ ست تریاق اے پسر
زہر گو ان جنگلوں میں ہے اگا ۔ ہے وہیں تریاق بھی پیدا ہوا

گویدت تریاق از من جو سپر ۔ کز زہرم من بتو نزدیک تر
کہتا ہے تریاق لے میری پناہ ۔ زہر سے نزدیک تر ہوں اے تباہ

گفت او سحر ست و ویرانی تو ۔ گفت من سحر ست و دفع سحر او
اس کا کہنا سحر و ویرانی تری ۔ میرا کہنا دفع سحر اسکے بھی

گفت پیغمبر کہ اِنّ فی البیان[۱] ۔ سحرًا و حق گفت آں خوش پہلوان
بولے پیغمبر کہ اِنّ فی البیان ۔ سحر اور صادق ہے انکا قول ہاں

لیک سحرے دفع سحر ساحراں ۔ مایۂ تریاک باشد در بیاں
سحر جو ہو دفع سحر ساحراں ۔ ہے بیاں میں مایۂ تریاق ہاں

آں بیان اولیا و اصفیاست ۔ کز ہمہ اغراض نفسانی جداست
وہ بیان اولیا و اصفیا ۔ چونکہ ہیں اغراض نفسی سے جدا

حاصل آں کز زہر نفس دوں گریز ۔ نوش کن تریاق مرشد ہست نیز
الغرض تو بھاگ زہر نفس سے ۔ اور ڈھونڈ تریاق مرشد ہی سے

ایں طلسم سحر نفس اندر شکن ۔ سوئے شیخ پیر کامل نقب زن
توڑ دے سحر و طلسم اس نفس کا ۔ جستجو کر پیر کامل کی ذرا

[۱] تحقیق بیان میں سحر ہے ۔

بس دراز است این سخن آغاز راں | جانب مہمان و مسجد باز راں
بات لمبی ہے سوئے آغاز چل | جانب مہماں و مسجد لے دل

مہمان کو ملامت گروں کی دوبارہ نصیحت

ہیں بکن جلدی برو اے ذوالکرم | مسجد ما را مکن زیں متہم
ہاں اب جلدی سے جا اے ذوالکرم | کر نہ مسجد کو ہماری متہم
گر بگوید دشمنے از دشمنی | آتشے در ما زند فردا دنی
گر لیے دشمن زراہ دشمنی | اور کل ہم پر کرے آتش زنی
کہ بتاسانید او را ظالمے | بر بہانہ مسجد او بد سالمے
ہاں کسی ظالم نے گھونٹا ہے گلا | اور مسجد کا بہانہ ہے کیا
تا بہانہ قتل بر مسجد نہد | چونکہ بدنام ہست مسجد او جہد
رکھتا ہے مسجد پہ حیلے قتل کے | تا کہ ہو بدنام مسجد وہ حیلے
تہمتے بر ما منہ اے سخت جاں | کہ نہ ایم ایمن ز مکر دشمناں
ہم پہ تہمت رکھ نہ تو اے سخت جاں | خوف دشمن سے نہیں ہمکو اماں
ہیں برو جلدی بکن سودا میز | کہ نتاں پیمود کیہاں را بگز
جا یہاں سے جلد مت کر ابلہی | گز سے دنیا ناپ سکتا ہے کوئی
چوں تو بسیاراں بلافیدہ ز بخت | ریش بر خود کندہ یک یک لخت لخت
تھے بہت ایسے گھمنڈی بےبخت سے | ڈاڑھی اُن کی نوچ لی عاجز ہوئے
ہین و کوتاہ کن ایں قیل و قال | خویش و ما را در میفگن در وبال
بھاگ جا اب ختم کر یہ قیل و قال | ہم کو اپنے ساتھ آفت میں نہ ڈال

مہماں کا جواب

گفت آیاراں ازاں دیواں بیم	کہ زلاحولے ضعیف آید بہیم
بولا وہ شیطاں نہیں ہیں دوستو	جو کہ اس لاحول سے کمزور ہو
کودکے کو حارس کشتے بدے	طبلکے در دفع مرغاں میزدے
ایک لڑکا تھا نگہباں کھیت کا	دف سے مرغوں کو بھگاتا تھا سدا
تا رمیدے مرغ ازاں طبلک ز کشت	کشت از مرغاں سلامت میبد گشت
دف بھگا دیتا تھا سب کو کھیت سے	تھا سلامت کھیت رہتا اس لئے
چونکہ سلطاں شاہ محمود کریم	برگذر زد آں طرف خیمہ عظیم
جبکہ سلطاں شاہ محمود کریم	گذرا اس جا اور لگا خیمہ عظیم
با سپاہے ہمچو استارہ اثیر	انبہ و پیروز و صفدر و ملک گیر
تھے سپاہی جیسے تارے چرخ کے	ملک گیر وصف شکن اور منچلے
اشترے بد کو بدے حمال کوس	بختیے بد پیشرو ہمچوں خروس
ایک اشتر پہ تھا نقارہ لدا	پیشرو وہ مرغ کی مانند تھا
بانگ کوس و طبل بروے روز و شب	میزدندے در رجوع و در طلب
کوس اور نقارہ اس پہ روز و شب	تھے بجاتے جب کبھی ہوتی طلب
اندراں مزرع درآمد آں شتر	کودک آں طبلک بزد در حفظ بر
وہ شتر اس کھیت میں بھی آ گیا	اور دف لڑکے نے پیٹا خوب سا
عاقلے گفتش مزن طبلک کہ او	پختۂ طبل است با آنست خو
کہ نہ دف دف ایک عاقل نے کہا	اونٹ بچپن سے ہے خوگر طبل کا
پیش او چہ بود تبوراک تو طفل	کو کشد او طبل سلطاں بیست کفل
اس کے آگے ہے یہ ڈفلی چیز کیا	وہ تو ہے نقارہ شاہی کھینچتا

وین عجب ظنیست در تو ای مہین — کہ نمی پرد بہ بستان یقین

یہ عجب تیرا گماں ہے ہم نشیں — جو نہیں اڑتا سوئے باغ یقیں

ہر گماں تشنہ یقین است اے پسر — میزند اندر تزاید بال و پر

ہر گماں تشنہ یقیں کا ہے پسر — مارتا ہے کثرتوں میں بال و پر

چون رسد در علم پس پر پا شود — مر یقین را علم او بویا شود

علم تک پہنچے تو پھر قائم رہے — اور یقیں کی سمت علم اسکا بڑھے

زانکہ ہست اندر طریق مفتتن — علم کمتر از یقین و فوق ظن

ہاں طریق عشق میں علم اے فتا — ہے یقیں سے کم تو شک سے ہے سوا

علم جویائے یقین باشد بدان — وان یقین جویائے دید است و عیان

علم کو تو ہے یقیں کی جستجو — اور یقیں کو دید کی ایسی ہے خو

اندر الہٰکم بجو این را کنون[۱] — از پس کلا پس لو تعلمون

اس کو الہٰکم میں ڈھونڈ اے ذی فنون — پھر ہے کلا اور پھر لو تعلمون

میکشد دانش بہ بینش اے علیم — گر یقین بودے بدیدندے جحیم

جانب بینش ہے دانش کھینچتی — گر یقیں ہوتا تو دوزخ تھی کھلی

دید زاید از یقین بے امتہال — آنچنان کز ظن ہمی زاید خیال

دید ہوتی ہے یقیں سے آشکار — جیسے ظن پر ہے خیالوں کا مدار

اندر الہٰکم بیان این ببین — کہ شود علم الیقین عین الیقین[۲]

دیکھ الہٰکم میں یہ قول مبیں — تا کہ ہو علم الیقیں عین الیقیں

---

[۱] اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔ الہٰکم التکاثر حتی زرتم المقابر کلا سوف تعلمون ثم کلا سوف تعلمون کلا لو تعلمون علم الیقین یعنی تم کو کثرت کی آرزو نے غافل کیا۔ یہاں تک کہ تم قبروں سے ملے۔ البتہ یوں ہرگز نہ جانو گے پھر ہرگز نہ جلد جان لوگے کاش کہ تم یقین کا جاننا جانتے۔ [۲] یعنی صاف نظر آتی ہے

از گمان و از یقیں بالاترم — وز ملامت بر نمیگردد سرم

میں ہوں بالاتر یقین و وہم سے — پھر ملامت سے مرا سر کیوں پھرے

چوں دہانم خورد از حلوائے او — چشم روشن گشتم و بینائے او

میرے منہ نے جب وہ حلوا کھا لیا — آنکھ روشن ہو گئی، بینا ہوا

باز ہم گستاخ چوں خانہ روم — پا نہ لرزانم نہ کورانہ روم

شوخ اور چالاک پھر گھر کو پھروں — میں نہوں اندھا نہ لغزش میں پڑوں

آنچہ گل را گفت حق خنداں کرد — بر دل من گفت صد چنداں کرد

گفتگوئے حق سے گل خنداں ہوئے — اور اثر ہیں میرے دل پر سو گنے

آنچہ زد بر سرو و قدش راست کرد — و آنچہ از وے نرگس و نسریں بخورد

سرو سے پھر کر کے سیدھا کر دیا — نرگس و نسریں نے بھی کچھ حسن لیا

آنچہ نے را کرد شیریں جان و دل — و آنچہ خاک را یافت زاں نقش چگل

جس نے نے کو کر دیا شکر بجاں — خاک کو جس سے ملیں رنگینیاں

آنچہ ابرو را چناں طرار ساخت — چہرہ را گلگونہ گلنار ساخت

جیسے ابرو کو کیا طرار سا — چہرے کو گلگونہ گلنار سا

مر زباں را داد صد افسونگری — و آنچہ کاں را داد زر جعفری

اور زباں کو جس نے دی جادوگری — کاں کو بخشا ہے زر[1] جعفری

چوں در زرّاد خانہ باز شد — غمزہائے چشم تیر انداز شد

جب سلح خانے کا دروازہ کھلا — آنکھ کے غمزوں نے پھینکا تیر سا

[1] زر جعفری - اصلی سونا - جعفری ایک بڑا کیمیا گر تھا - بعض کہتے ہیں کہ جعفری کی نسبت جعفر برمکی سے ہے - جس نے اپنے عہد وزارت میں حکم دیا تھا - کہ سونے کو صاف اور خالص کریں اور اس پر سکہ بنائیں ؂

کلکم راع نبی چون راعیست　　خلق مانند رمه او ساعیست

سب ہیں گلہ نبی راعی ہوتے　　خلق ہے ریوڑ کے وہ ساعی ہوتے

از رمہ چوپان نترسد در نبرد　　لیکشان حافظ بود از گرم و سرد

کس طرح سے گلہ سے چرواہا ڈرے　　ہاں بچاتے اس کو سرد و گرم سے

گر زند بانگی ز قہر او بر رمہ　　دان ز مہرست آن کہ دارد بر ہمہ

گلہ کو گر دے وہ چلا کر صدا　　لطف سے ہو گی جو ہے کرتا رہا

ہر زمان گوید بگوشم بخت نو　　کہ ترا غمگین کنم غمگین مشو

سنتا ہوں آواز ہر دم بخت سے　　ہو نہ غمگیں گر کروں غمگیں تجھے

من ترا غمگین و گریان زان کنم　　تا کت از چشم بدان پنہان کنم

اس لیے کرتا ہوں میں غمگیں تجھے　　چشم بد ہاں سے تو پوشیدہ رہے

تلخ گردانم ز غمہا خوے تو　　تا بگردد چشم بد از روے تو

تلخ کرتا ہوں غموں سے خو تری　　تا کہ لوٹے آنکھ بد اندیش کی

نے تو صیادی و جویاے منی　　بندہ و افگندۂ راے منی

تو نہیں صیاد اور جویا مرا　　بندۂ عاجز ہے میری راے کا

حیلہ اندیشی کہ در من در رسی　　در فراق و جستن من بیکسی

حیلہ کرتا ہے کہ مجھ تک ہو رسا　　ہیچ تلاش و ہجر سے بیکس ہوا

چارہ می جوید پے من درد تو　　می شنودم دوش آہ سرد تو

درد تیرا میری خاطر چارہ جو　　ہاں سنی کل شب کو میں نے تیری آہ

می توانم ہم کہ بے این انتظار　　رہ دہم بنمایمت راہ گذار

چاہتا ہوں میں بغیر انتظار　　رہنما ہو کر دکھاؤں رہگذار

تا ازین گرداب دوران وارہی　　بر سر گنج وصالم پا نہی

تا تو اس طوفان دوراں سے بچے　　پاؤں گنج وصل پر میرے رکھے

لیک شیرینی و لذات مقر	ہست بر اندازۂ رنج سفر
اتنی لذت ہے ٹھہرنے میں مگر	جتنا ہے اندازۂ رنج سفر
آنگہ از شہر و ز خویشاں برخوری	کز غریبی رنج و محنتہا بری
اس دم اپنے شہر سے پھل کھائے تو	جب سفر سے رنج و محنت پائے تو
در نخود بنگر کہ اندر دیگ چوں	میجہد بالا چو شد ز آتش زبوں
دیگ میں جاکر چنوں کو دیکھ لے	باہر آتے ہیں اُبل کر آگ سے
ہر چہ آساں یافتی آساں دہی	ور بمشکل[1] یافت را برجاں نہی
جو ملے سہل اس کو آسانی سے دے	جو ہو مشکل اس کو دیتے دل دکھے
بشنو ایں تمثیل و قدر خود بداں	وز بلاہا رو مگرداں اے جواں
سن یہ تمثیل اور اپنی قدر جان	اور بلاؤں سے نہ منہ پھیرلے جوان

مصیبت میں مومن کے بھاگنے کی تمثیل

ہر زمانے مے برآید وقت جوش[2]	بر سر دیگ بر آرد صد خروش
ہر گھڑی آتے ہیں باہر وقت جوش	دیگ کے منہ پر وہ کرتے ہیں خروش
کہ چرا آتش بمن در میزنی	چوں خریدی چوں نگونم میکنی
کیوں جلاتی ہے مجھے تو آگ سے	جب خریدا تو سزا پھر کس لئے
میزند کفلیز کدبانو کہ نے	خوش بجوش و بر مجہ ز آتش کنے
کڑچھی بی بی مار کر کہتی کہ نے	خوب پک جا۔ آ نہ باہر آگ سے
زاں نجوشانم کہ مکروہ منی	بلکہ تا گیری تو ذوق و چاشنی
کب پکایا تجھ کو دشمن جان کے	بلکہ تیرے ذوق و لذت کے لئے

[1] یعنی جو مشکل سے ہاتھ آئے۔
[2] یعنی چنے۔

تا غذا گردی بیامیزی بجان ؎ بہر عار ے نیست این امتحان

تا غذا ہو کر ملے تو جان سے ؎ امتحاں یہ کب ہے خواری کے لئے

آب میخوردی بہ بستاں سبز و تر ؎ بہر این آتش بدستان آبخور

سبز کھیتوں میں بچھے پانی پلا ؎ تو نے چلنے کے لئے پانی پیا

رحمتش سابق بدست از قہر زاں ؎ تا ز رحمت گردد اہل امتحاں

قہر سے رحمت تھی پہلے اس لئے ؎ رحم سے تا امتحاں میں تو پڑے

رحمتش بر قہر از آں سابق شدست ؎ تا کہ سرمایہ وجود آید بدست

اس لئے تھا رحم سابق قہر پر ؎ تا ملے گنج وجود اسے بے خبر

زانکہ بے لذت نروید لحم و پوست ؎ چوں نروید چہ گدازد عشق دوست

کیونکہ بے لذت بڑھیں کب لحم و پوست ؎ بن بڑھے کیونکر گھلائے عشق دوست

زاں تقاضا گر بیاید قہرہا ؎ تا کنی ایثار آں سرمایہ را

اس تقاضا گر کے ہیں یہ قہر سب ؎ تا کرے ایثار سرمائے سے اب

باز لطف آید برائے عذر او ؎ کہ بکردی غسل برجستی زجو

عذر پھر کرتا ہے لطف کبریا ؎ اب تو ندی سے نہا کر آ گیا

تا نہ خود گوید چہ بدی در بہار ؎ رنج مہمان تو شد نیکوش دار

وہ نہ بولے تو جیسا وقت بہار ؎ رنج ہے مہماں ترا اب ہوشیار

تا کہ مہماں باز گردد شکر ساز ؎ پیش شہ گوید ز ایثار تو باز

تا کہ مہماں شکریہ تیرا کرے ؎ دے خبر شہ کو ترے ایثار سے

تا بجائے نعمت منعم رسد ؎ جملہ نعمتہا برد بر تو حسد

پھر جگہ پہ تیری منعم آ کے لے ؎ اور ہر نعمت حسد تجھ پہ کرے

من خلیلم او پسر پیش بچک ؎ سر بنہ انی ارانی اذبحک

ہیں خلیل اور تو پسر ہے رنج و شک ؎ سر جھکا انی ارانی اذبحک

۵ سلہ دیکھو صفحہ ۴۴۶ پر

سر بہ پیشش قہر نہ دل برقرار	تا ببرم حلقت اسمٰعیلؑ وار
قہر کے آگے تو اپنا سر جھکا	مثلِ اسمٰعیلؑ تا کاٹوں گلا
سر ببرم لیک این سر آن سر یست	کز بریدہ گشتن و کشتن بریست
سر ہیں کاٹوں ہے مگر یہ سر وہ سر	جو بری کٹ جانے سے ہے سر بسر
لیک مقصودم ازاں تعلیم تست	اے مسلماں بایدت تسلیم جست
اس سے ہے مقصود سمجھانا تجھے	خوئے تسلیم اے مسلماں چاہیئے
اے نخود میجوش اندر ابتلا	تا نہ ہستی و نہ خود ماند ترا
اے چنے یوں امتحاں میں جوش کھا	تیری ہستی کا نہ ہو تیرا پتا
اندر آں بستاں اگر خندیدۂ	تو گل بستانِ جان و دیدۂ
تو اگر اس باغ میں خنداں رہا	پھول باغِ جان و دیدہ کا بنا
گر جدا از باغ آب و گل شدی	لقمہ گشتی اندر احشا آمدی
گر چھٹا اس باغ سے مٹی ہوا	لقمہ بن کر انتڑیوں میں آ گیا
شو غذا و قوت اندیشہ ہا	شیر بودی شیر شو در بیشہ ہا
ہو غذا اور قوتِ اندیشہ بن	شیر تھا اور آج شیر بیشہ بن
از صفاتش رستہ بااللہ نخست	در صفاتش باز رو چالاک و چست
اس کی صفتوں سے تو پہلے تھا الگ	پھر انہیں صفتوں کی جانب تیز جا
ز ابر و خورشید و ز گردوں آمدی	پس شدی صاف و زگردوں بر شدی
ابر و خورشید اور فلک سے آیا تھا	صاف ہو کر اب فلک سے چڑھ گیا
آمدی در صورت باران و آب	میروی اندر صفات مستطاب
صورتِ باران و آب آیا ہے تو	اب صفاتِ پاک میں جاتا ہے تو

حاشیہ صفحہ گذشتہ: حضرت ابراہیمؑ نے اپنے لڑکے اسمٰعیلؑ سے کہا تھا کہ تحقیق میں نے دیکھا کہ میں تجھے ذبح کر رہا ہوں ؟

ز آب سرد انگور افسردہ زہد ‏ ‏ ‏ سردی و افسردگی بیروں نہد

آب سرد انگور کا جب جوش کھائے ‏ ‏ ‏ سردی و افسردگی اپنی گنوائے

تو ز تلخی چونکہ دل پرخوں شوی ‏ ‏ ‏ پس ز تلخیہا ہمہ بیروں روی

تو بھی جب تلخی سے گھبرا جائیگا ‏ ‏ ‏ تلخیوں سے اپنی باہر آئیگا

آنزماں شیریں شوی ہمچوں عسل ‏ ‏ ‏ فارغ آئی گر بتو ریزند خل

میٹھا پھر اسوقت ہوگا شہد سا ‏ ‏ ‏ پھر اثر ہوگا نہ سرکے کا ذرا

ہر کہ او اندر بلا صابر نشد ‏ ‏ ‏ مقبل ایں درگہ فاخر نشد

جو بلاؤں میں نہیں صابر رہا ‏ ‏ ‏ وہ نہیں مقبول اس درگاہ کا

سنگ شکاری نیست او را طوق نیست ‏ ‏ ‏ خام ناجوشیدہ جز بیذوق نیست

سنگ شکاری ہو تو ہو گردن میں طوق ‏ ‏ ‏ خام اور نا اہل ہے محروم ذوق

مومن کا آگاہی بلا پر صابر ہونا

آں نخود گفتا چنیں ست اے ستے ‏ ‏ ‏ خوش بجوشم یاریم دہ راستے

وہ چنا کہنے لگا گر سچ ہے یہ بات ‏ ‏ ‏ جوش دے خوب اے خدائے [illegible]

تو دریں جوشش چو معمار منی ‏ ‏ ‏ کفچلیزم زن کہ بس خوش میزنی

تو جو ہے اس جوش میں مونس مری ‏ ‏ ‏ چمچہ مارے جائیں خوش ہوں ابھی

ہمچو پیلم بر سرم زن زخم و داغ ‏ ‏ ‏ تا نہ بینم خواب ہندستان و باغ[1]

مثل ہیل اب سر پہ دے تو زخم و داغ ‏ ‏ ‏ تا نہ دیکھوں خواب ہندستان و باغ

[1] یعنی شورش اور جوش مستی جاتا رہے ہندوستان اور باغ سے دنیا مراد ہے چونکہ ایران میں ہاتھی نہیں ہوتا - اس لئے جب کوئی شخص وہاں ہاتھی لیجاتا ہے اور وہ مستی کرنے لگتا ہے - تو ایرانی کہتے ہیں یہ ہندوستان کا خواب دیکھ رہا ہے یا اسے یاد کر رہا ہے ؎

تا کہ خود را در دہم در جوشِ من ۔۔۔ تا رہے یابم در آں آغوشِ من

تا کہ خود اس جوش میں مٹ جاؤں میں ۔۔۔ اور اُس آغوش میں جا پاؤں میں

ز آنکہ انساں در غنا طاغی شود ۔۔۔ ہمچو پیلِ خواب بیں یاغی شود

ہوتا ہے دولت سے یہ انساں خراب ۔۔۔ جیسے باغی پیل ہو دیکھے جو خواب

پیل چوں در خواب بیند ہند را ۔۔۔ پیلباں را نشنود آرد دغا

ہند جب سوتے میں ہاتھی دیکھ لے ۔۔۔ پھر نہ مانے پیلباں کی اور لڑے

خاتون کا جننے سے عذر کرنا

آں ستی گویدرا کہ پیش از زیں ۔۔۔ من چو تو بودم ز اجزائے زمیں

بولی وہ خاتون اس سے پیشتر ۔۔۔ تھی میں جزوِ خاک تیری طرح پر

چوں بپوشیدم جہازِ آذرے ۔۔۔ پس پذیرا گشتم و اندر خورے

میں نے جب پہنا لباسِ آتشی ۔۔۔ ہو گئی مقبول اس لائق بنی

مدتے جوشیدہ ام اندر زمن ۔۔۔ مدتے دیگر درونِ دیگِ تن

میں بھی دنیا میں ہوں اُبلی مدتوں ۔۔۔ دیگِ تن میں جوش میں کئی مدتوں

زیں دو جوشش قوتِ جسہا شدم ۔۔۔ روح گشتم پس ترا استا شدم

حس کی قوت دو اُبالوں سے بنی ۔۔۔ رُوح ہو کر تیری استانی بنی

در جمادی گفتمے زاں میدوی ۔۔۔ تا شوی علم و صفاتِ معنوی

توڑا چھوڑا اس لئے میں نے تجھے ۔۔۔ تا ہو واقف معنوی اوصاف سے

چوں شدی تو روح پس بار دگر ۔۔۔ جوش دیگر کن ز حیوانی گذر

ہو گیا تو روح پھر اک جوش کھا ۔۔۔ حدِ حیوانی کو پیچھے چھوڑ جا

از خدا میخواہ تا زیں نکتہا ۔۔۔ در نلغزی و رسی در منتہا

نکتے یہ سُن کر خدا سے کر دُعا ۔۔۔ ہو نہ لغزش جائے تو تا منتہا

زانکہ از قرآں بسے گمرہ شدند — زاں رسن قومے درون چہ شدند

کیونکہ قرآں سے بہت گمرہ ہوئے — تھام کر رسی کنوئیں میں جا گرے

مر رسن را نیست جرمے اے عنود — چوں ترا سودائے سر بالا نبود

اس میں کیا رسی کا ہے جرم و قصور — خود نہ تھا فکر علو اسے بے شعور

مہمان مسجد کا قصہ

آں غریب شہر سربالا طلب — گفت می خسپم دریں مسجد بہ شب

وہ مسافر اور وہ عظمت طلب — کہتا تھا مسجد میں سوؤں آج شب

مسجد اگر کربلائے من شوی — کعبۂ حاجت روائے من شوی

ہو جو اسے مسجد تو میری کربلا — ہو یقیناً کعبۂ حاجت روا

ہیں مرا بگذار اے بگزیدہ یار — تا رسن بازی کنم منصور وار

چھوڑ دے مجھ کو تو اے مقبول یار — تا رسن سے کھیل لوں منصور وار

گر شدید اندر نصیحت جبرئیل — می نخواہد غوث در آتش خلیل

ہو نصیحت میں اگر تم جبرئیل — آگ سے کب ہوگا فریادی خلیل

جبرئیلا رو کہ من افروختہ — بہترم چوں عود و عنبر سوختہ

جاؤ اے جبرئیل، ضد دینا مرا — مثل عنبر کے ہے جلنے سے بھلا

جبرئیلا گرچہ یاری میکنی — چوں برادر پاسداری می کنی

گو تو ہے ہمدرد میرا جبرئیل — بھائی کی مانند ہے میرا وکیل

اے برادر من بر آذر چابکم — من نہ آں جانم کہ گردم بیش و کم

بھائی ہیں ہولیا تیز تر اس آگ سے — میں نہیں وہ جان جو گھٹتی رہے

جان حیوانی فزاید از علف — آتشے بود و چو ہیزم شد تلف

جان حیوانی تو چارے سے بڑھے — آگ ہو کہ مثل لکڑی کے بجھے

گر نہ گشتے ہیزم او مثمر بدے — تا ابد معمور و ہم عامر بدے

گر نہ لکڑی ہوتی تو پاتی ثمر — تا ابد آباد رہتی اے پسر

بادِ سوزانست ایں آتش بداں — پرتوِ آتش بود نے عین آں

بادِ سوزاں ہے یہ آتش بیگماں — پرتوِ آتش ہے یہ آتش کہاں

عین آتش در اثیر آمد یقیں — پرتو سایہ ویست اندر زمیں

عین آتش ہے فلک پر اے فتا — سایہ اُس کا ہے زمیں پر پڑ رہا

لاجرم پرتو نپاید ز اضطراب — سوئے معدن باز میگردد شتاب

اس لئے سائے کو ہے اک اضطراب — سوئے معدن لوٹ جاتا ہے شتاب

قامتِ تو برقرار آمد بساز — سایہ ات کوتہ دمے یکدم دراز

ہے ترا قد برقرار اے پاکباز — سایہ کوتہ ہے کبھی۔ گاہے دراز

زانکہ در پرتو نیابد کس ثبات — عکسہا واگشت سوئے امہات

کوئی پرتو میں نہیں پاتا قرار — عکس لوٹے اصل کو انجام کار

ہیں دہاں بربند فتنہ لب کشاد — باز گو واللہ اعلم بالرشاد

چپ بھی رہ ملتی ہے فتنوں کو کشاد — پھر سنا واللہ اعلم بالرشاد

فتنہ زاد و کرد عالم را خراب — مشرق و مغرب فتاد اندر اضطراب

فتنے نے اُٹھ کر کیا عالم خراب — مشرق و مغرب کو ہے اک اضطراب

چوں مراتب گشت دلہا تنگ شد — ہر یکے با دیگرے در جنگ شد

جب ملے مرتبے ہوئے دل اور تنگ — ایک سے تھا دوسرا مصروفِ جنگ

گفت و گو بسیار شد خامش شدم — مسئلہ تسلیم کردم تن زدم

گفتگو لمبی ہوئی تو میں چپ ہوا — مسئلہ تسلیم میں نے کر لیا

ور تو گوئی موجبِ فتنہ چہ بود — باز گویم گوش کن چوں غم فزود

گر تو پوچھے تھا سبب فتنے کا کیا — سن بتاتا ہوں کہ کیونکر غم بڑھا

کم فہموں اور طعنہ زنوں کی بداندیشی

پیش ازاں کایں قصہ تا مخلص رسد ۔۔۔ دود گندے آمد از اہلِ حسد
پیشتر اس سے کہ پورا ہو بیاں ۔۔۔ دیکھ وہ اٹھا حسد کا اک دھواں

من نمی رنجم ازیں لیک ایں لگد ۔۔۔ خاطرِ سادہ دلے را پے کند
مجھ کو تو اس کی نہیں پروا مگر ۔۔۔ خاطرِ سادہ پہ ہو شاید اثر

خوش بیاں کرد آں حکیم غزنوی[ل] ۔۔۔ بہرِ محجوباں مثالِ معنوی
خوب کہتے ہیں حکیم[ل] غزنوی ۔۔۔ اندھوں کے حق میں مثالِ معنوی

کز قرآں گر نہ بیند غیرِ قال ۔۔۔ ایں عجب نبود ز اصحابِ ضلال
صرف قرآں سے اگر وہ قال لے ۔۔۔ کچھ تعجب تو نہیں گمراہ سے

کز شعاعِ آفتابِ پُر ز نور ۔۔۔ غیرِ گرمی مے نیابد چشمِ کور
نور سے سورج کے مل سکتا ہے کیا ۔۔۔ اندھی آنکھوں کو حرارت کے سوا

خربطے ناگاہ از خرخانۂ ۔۔۔ سر بروں آورد چوں طعانۂ
ناگہاں اک گھر سے نکلا سر خرا ۔۔۔ طعنہ زن کی طرح یوں کہنے لگا

کایں سخن پست است یعنی مثنوی ۔۔۔ قصۂ پیغمبر است و پیروی
ہے یہ قصہ پست یعنی مثنوی ۔۔۔ داستاں نبیوں کی۔ ذکر پیروی

نیست ذکرِ و بحثِ اسرارِ بلند ۔۔۔ کہ دوانند اولیا زاں سو سمند
اس میں ہیں اسرار کی بحثیں کہاں ۔۔۔ اولیا ہوتے ہیں جس جانب رواں

از مقاماتِ تبتل تا فنا ۔۔۔ پایہ پایہ تا ملاقاتِ خدا
ترک سے دنیا کے لے کر تا فنا ۔۔۔ درجہ درجہ تا وصالِ کبریا

ل حکیم سنائی غزنوی کی طرف اشارہ ہے ؂

شرح و حدِ ہر مقام و منزلے ‌ ‌ ‌ که بپرّد زو بپر صاحبدلے

حدِ منزل اور شرح ہر مقام ‌ ‌ ‌ جس سے اہلِ دل کو ہو پرواز تام

جمله سرتاسر فسانه است و فسون ‌ ‌ ‌ کودکانه قصه بیرون و درون

سر بسر افسوں ہے اور افسانہ ہے ‌ ‌ ‌ باہر اندر قصۂ طفلانہ ہے

چوں کتاب اللہ بیامد ہم بر آں ‌ ‌ ‌ اینچنیں طعنہ زدند آں کافراں

جبکہ قرآں خلق پر نازل ہوا ‌ ‌ ‌ کافروں نے اس پر بھی طعنہ کیا

کاساطیر ست و افسانۂ نژند ‌ ‌ ‌ نیست تعمیقے و تحقیقے بلند

بس یہ قصے اور افسانے ہیں چند ‌ ‌ ‌ ہیں نہ نکتے اور نہ تحقیق بلند

کودکانِ خرد فہمش میکنند ‌ ‌ ‌ نیست جز امرِ پسند و ناپسند

چھوٹے بچے ہیں سمجھ لیتے اسے ‌ ‌ ‌ اس میں بس کچھ حکم ہیں اچھے برے

ذکرِ آدمؑ گندم و ابلیس و مار ‌ ‌ ‌ ذکرِ ہودؑ و باد و ابراہیمؑ و نار

ذکرِ آدمؑ، ذکرِ ابلیس اور مار ‌ ‌ ‌ ذکرِ ہودؑ و باد و ابراہیمؑ و نار

ذکرِ نوحؑ و کشتی و طوفانِ تن ‌ ‌ ‌ ذکرِ کنعانؑ و سر از خط تافتن

نوحؑ کی کشتی کا اور طوفاں کا ذکر ‌ ‌ ‌ اور نافرمانیِ کنعاں کا ذکر

ذکرِ یوسفؑ ذکرِ زلفِ پرچمش ‌ ‌ ‌ ذکرِ یعقوبؑ زلیخا و غمش

ذکرِ یوسفؑ اور ان کی زلف کا ‌ ‌ ‌ ذکرِ یعقوبؑ اور زلیخا کا گلا

ذکرِ اسمٰعیلؑ و ذبح و جبرئیلؑ ‌ ‌ ‌ ذکرِ قصۂ کعبہ و اصحابِ فیل

ذکرِ اسمٰعیلؑ و ذکرِ جبرئیلؑ ‌ ‌ ‌ کعبہ کا قصہ ہے اور اصحابِ فیل

ذکرِ بلقیسؑ و سلیمانؑ و سبا ‌ ‌ ‌ ذکرِ داؤدؑ و زبور و اوریا[1]

ذکرِ بلقیس و سلیمانؑ و سبا ‌ ‌ ‌ ذکرِ داؤدؑ و زبور و اوریا

[1] حضرتِ داؤدؑ کا برادرِ نسبتی ◆

اولیاؒ و انبیاعؑ کا پہاڑوں اور غاروں میں رہنا

پیش خلق ایشاں فرازِ صد کُہ اند — گام خود بر چرخ ہفتم مے نہند

پیش خلقت ہو کے بھی وہ ہیں پرے — چرخ ہفتم اُن کے زیر پا رہے

پس چرا پنہاں شود کہ جُو بود — کہ ز صد دریا و کہ آنسو بود

پس پہاڑوں میں چھپے وہ کس لئے — جو پرے صد کوہ و دریا سے رہے

حاجتش نبود بسوئے کہ گریخت — کز پیش گردہ فلک صد نعل ریخت

کوہ جانے کی اسے حاجت ہی کیا — آسماں جب اس سے ہے بچھڑا گیا

چرخ گرد پا ندید او گردِ شاں — تعزیت جامہ بپوشید آسماں

چرخ نے پائی نہ ان کی گرد بھی — لی پہن پوشاک آخر ماتمی

گر بظاہر آں پری پنہاں بود — آدمی پنہاں تر از پریاں بود

گو بظاہر ہوتی ہیں پریاں نہاں — آدمی اُن سے بھی پنہاں تر ہے ہاں

نزدِ عاقل آں پری کہ مضمر است — آدمی صد بار خود پنہاں تر است

نزدِ عاقل جو پری پوشیدہ ہے — اس سے بڑھ کر آدمی پوشیدہ ہے

آدمی نزدیکِ عاقل چوں خفیست — چوں بود آدم کہ در غیب او صفی ست

آدمی جو نزدِ عاقل ہے خفی — صورتِ آدمؑ ہے وہ۔ جو ہے صفی

آں یکے بشنید از گرگے سخن — رفت پیش خواجہ کاے مقصودِ من

بھیڑیے سے ایک نے باتیں سنیں — جا کے خواجہ سے کہا اے مرد دیں

اینچنیں گرگے سخن با من بگفت — خواجہ را با طرب دل گشت جفت

مجھ سے یوں کرتا تھا باتیں بھیڑیا — یہ سنا خواجہ نے تو خوش ہو گیا

گفت ایماں آوریدم من برین — ہمچو من صدیقؓ و فاروقؓ مبین

بولا ہیں ایماں لایا ہوں ملا — صورتِ صدیقؓ و فاروقؓ اے فتا

خواجہ دانست کہ در ہر چون و چند	مرد را ایشاں مخالف نیستند
جانتا تھا خواجہ سب چون و چرا	یہ مخالف مردؔ کے ہیں کب بھلا

اولیاؒ و کلام اللہ کی تشبیہ

آدمی ہمچوں عصائے موسیٰؑ است	آدمی ہمچوں فسونِ عیسیٰؑ است
آدمی مثلِ عصائے موسوی	آدمی مثلِ فسونِ عیسوی
در کفِ حق بہرِ داد و بہرِ زین	قلبِ مومن ہست بین الاصبعین[۵۲]
دستِ خالق میں ہے بہرِ داد و زین	قلب ہے مومن کا بین الاصبعین
ظاہرش چوبے ولیکن پیشِ او	کون یک لقمہ چو بکشاید گلو
ظاہرا لکڑی ہے۔ باطن دیکھنا	اک جہاں لقمہ ہو جب کھولے گلا
تو مبیں زافسونِ عیسیٰؑ حرف و صوت	آں ببیں کز وے گریزاں گشت موت
دم میں عیسیٰؑ کے نہ ڈھونڈو حرف و صوت	تم یہ دیکھو بھاگتی تھی اس سے موت
تو مبیں افسونِ آں لہجات پست	آں نگر کہ مردہ برجست و نشست
پست لہجے پہ نہ اس کے کر نظر	مردے ہو جاتے تھے زندہ غور کر
تو مبیں مر آں عصا را سہل یافت	آں ببیں کہ بحرِ اخضر را شگافت
یہ نہ دیکھ آساں تھا پل جانا عصا	دیکھ پھاڑا اس نے دریا نیل کا
تو ز دوری دیدۂ چترِ سیاہ	یک قدم با پیش نہ بنگر سپاہ
دیکھتا ہے دور سے چترِ سیاہ	بڑھ کے آگے دیکھ ہے کتنی سپاہ
تو ز دوری ہمے نہ بینی غیرِ گرد	اندکے پیش آ ببیں در گرد مرد
دور سے جز گرد کیا آئے نظر	پاس آ تا مرد دیکھے جلوہ گر

۵۱ یعنی مرد خدا ۔ ۵۲ انگلیوں کے درمیان ۔
۵۳ یعنی آدمی کا آب و گل ۔

دیدہ ہا را گر دہ او روشن کند	کوہہا را امر وی او بر کند
گر وہ اس کی آنکھوں کو روشن کرے	کوہ کو قوت اٹھا کر پھینک دے

یا جبال اوبی معہ والطیر کی تفسیر

چون برآمد موسیٰ از اقصاے دشت	کوہ طور از مقدمش رقاص گشت
جبکہ موسیٰ جانب صحرا گئے	طور آیا رقص میں آنے لئے
روے داؤد از فرش تاباں شدہ	کوہہا اندر پیش نالاں شدہ
چمکا اس کے فر سے منہ داؤد کا	کوہ ان کے سامنے نالاں ہوا
کوہ با داؤد گشتہ ہمرہے	ہر دو مطرب مست در عشق شہے
کوہ وہ داؤد کا ہمرہ ہوا	دونوں مطرب عشق شہ میں مبتلا
یا جبال اوبی امر آمدہ	ہر دو ہم آواز و ہم پردہ شدہ
یا جبال اوبی حق نے کہا	دونوں ہم پردہ ہوئے اور ہم صدا
گفت داؤدا تو ہجرت دیدہ	بہر من از ہمدماں ببریدہ
بولا اے داؤد ہجرت تو نے کی	میری خاطر سب کی یاری چھوڑ دی
اے غریب فرد بے مونس شدہ	آتش شوق از دلت شعلہ زدہ
اے مسافر بے تری بے مونسی	آگ بھڑکی تیرے دل میں شوق کی
مطرباں خواہی و قوال و ندیم	کوہہا را پیشت آرد آں قدیم
مطرب و قوال چاہے اور ندیم	کوہ تیرے پاس لائے وہ کریم

۱ اے پہاڑو اور طائرو حضرت داؤد کی طرف رجوع کرو ۔

۲ ہم آہنگ ۔

۳ قول تبارک و تعالیٰ عز و جل: یا جبال اوبی معہ والطیر والنا لہ الحدید
یعنی اے پہاڑو اس کے ساتھ تم پرندوں کے بازگشت کرو اور ہم نے اس کے لئے لوہا نرم کیا

تا قیامت میزند قرآن ندا　　کای گروہے جہل را گشتہ فدا

تا قیامت ہے یہ قرآں کی ندا　　اے وہ لوگو! جہل پر جو ہو فدا

مر مرا افسانہ مے پنداشتید　　تخم طعن و کافری میکاشتید

تم مجھے افسانہ تھے سمجھے ہوئے　　بیج تم بوتے تھے طعن و کفر کے

خود بدیدید اے خسیسان زمن　　کہ شما بودید افسانہ نہ من

اے خسیسو! ہے تمہیں عین الیقیں　　تھے بس اس دنیا کا افسانہ تمہیں

تا بدید آید کہ طعنہ میزدید　　کہ شما فانی و افسانہ بدید

کچھ ہوا معلوم اے طعنہ زنو!　　تم تھے فانی اور افسانہ دیکھ لو

من کلام حقم و قائم بذات　　قوت جان جان و نہ قوت زکات

میں کلام حق ہوں اور قائم بذات　　قوت جان جاں ہوں جیسے قوت زکات

نور خورشیدم فتادہ بر شما　　لیک از خورشید ناگشتہ جدا

میرے سورج کا پڑا تھا تم پہ نور　　ہاں مگر خورشید سے کب تھا وہ دور

نک منم ینبوع آن آب حیات　　تا رہانم عاشقان را از ممات

چشمۂ آب بقا کہئے مجھے　　عاشقوں کو ہوں بچاتا موت سے

گر چنان گند آزتان ننگیختے　　جرعۂ بر گورتان حق ریختے

حرص کی بدبو نہ پھیلاتے اگر　　ڈالتا حق ایک جرعہ قبر پر

نے نگیرم گفت و پند آن حکیم　　دل نگردانم ز ہر قول سقیم

کیوں نہ یاں آخر سنوں پند حکیم　　کیوں نہ دل پھیروں جو ہو قول سقیم

تا بیابد درد من زاو دوا　　فارغ آیم من ز ہر طعنے جدا

اس سے میرا درد تا پائے دوا　　اور میں طعنوں سے ہو جاؤں جدا

آنکہ فرمودست و اندر خطاب　　کرہ و مادر ہمے خوردند آب

کیونکہ فرماتے ہیں وہ کرکے خطاب　　بچہ اور ماں دونوں پیتے تھے بس آب

پانی پینے سے گھوڑے کے بچے کا بھاگنا

می‌شخولیدند ہر دم آں نفر	بہر اسپاں کہ ہلا زیں آب خور
جب نفر پانی پلاتے گھوڑوں کو	کہتے ' یہ ہے آب خور[1] آگے رہو
آں شخولیدن بکرہ میرسید	سر ہمے برداشت و زخور میرمید
سنتا جب للکار بچہ برملا	سر اٹھا کر تھا وہ ہر دم چونکتا
مادرش پرسید کاے کرہ چرا	میرمی ہر ساعتے زیں استقا
ماں نے پوچھا، اے مرے بچے تو کیوں	بھاگتا ہے ہر گھڑی پانی سے یوں
گفت کرہ میشخولند آں گروہ	ازنفاق بانگ شاں دارم شکوہ
بولا وہ، للکارتے ہیں یہ نفر	لگتا ہے ان کی صدا سے مجھ کو ڈر
پس دلم میلرزد از جا میرود	زآں نفاق نعرہ خوفم میرسد
دل لرز جاتا ہے ہو کر بے قرار	شور سے اک خوف سا ہے بار بار
گفت مادر تا جہان بود است ایں	کار افزایاں بدند اندر زمیں
بولی ماں جب سے ہے قائم یہ جہاں	لوگ ایسے ہو گئے آئے ہیں یہاں
ہیں تو کار خویش کن اے ارجمند	زود کایشاں ریش بر خود میکنند
میرے بچے! ختم کر تو اپنا کام	اپنی ڈاڑھی نوچتے ہیں یہ تمام
وقت تنگ و میرود آب فراخ	پیش از آں کز ہجر گردی شاخ شاخ
وقت کم ہے کام کر پانی چلا	پیشتر اس سے کہ ہو اس سے جدا
شہرہ کاریزیست پر آب حیات	آب کش تا بر دمد از تو نبات
شہر ہے کاریز[2] لبریز حیات	کھینچ پانی تا اگے تیری نبات[3]

۱ پانی پلانے کی جگہ

۲ زمین کے نیچے بہنے والی نہر   ۳ روئیدگی - سبزی

آب خضر از جوئے نطق اولیا | میخوریم اے تشنۂ غافل بیا
آب حیواں اولیا کے نطق سے | ہم تو بس پیتے ہیں پیاسے آ تو بھی لے

گر نہ بینی آب کورانہ بہ فن | سوئے جو آور سبو در جوئے زن
اندھے پن سے گر نہ آب آئے نظر | ڈال ندی میں سبو کو۔ لا ادھر

چوں شنیدی کاندریں جو آب ہست | کور را تقلید باید کار بست
پانی اس ندی میں ہے جب تو سنے | اندھے کو تقلید کرنی چاہیئے

جو فرو بر مشک آب اندیش را | تا گراں بینی تو مشک خویش را
نہر میں تو مشک اپنی اب ڈبو | تا گراں دیکھے تو اپنی مشک کو

چوں گراں بینی شوی تو مستدل | رست از تقلید خشک آنگاہ دل
جب گراں دیکھے یقیں آئے تجھے | دل رہا ہو خشکی تقلید سے

گر نہ بیند کور آب جو عیاں | لیک بیند چوں سبو گردد گراں
دیکھتا ہے کور کب آب رواں | دیکھے لیکن جبکہ مٹکا ہو گراں

کہ ز جو اندر سبو آبے برفت | کایں سبک بود و گراں شد ز آں زفت
ندی ہی سے پانی مٹکے میں گیا | پہلے یہ ہلکا تھا اب بھاری ہوا

زانکہ ہر بادے مرا در مے ربود | باد مے نربایدم ثقلم فزود
پہلے لے جاتی تھی مجھ کو ہر ہوا | اب نہ لے جاتی کہ میں بھاری ہوا

مر سفیہاں را رباید ہر ہوا | زانکہ نبود شاں گرانی قوی
ہلکے لوگوں کو ہے لے جاتی ہوا | کیونکہ ہلکے ہوتے ہیں ان کے قویٰ

کشتی بے لنگر آمد مرد شر | کز ز باد کژ نیابد او حذر
ہیں یہ بے لنگر کی کشتی اہل شر | ہے ہوائے تند سے ان کو حذر

لنگر عقل است عاقل را اماں | لنگرے دریوزہ کن از عاقلاں
عقل کا لنگر ہے عاقل کی اماں | عاقلوں سے مانگ لنگر لے جواں

از مددہائے خرد چوں بر رہد | از خزینہ دُرِّ آں دریائے جود
عقل کی امداد سے جیسے لیتے | موتی اس بحرِ کرم کے گنج سے

زاں چنیں امداد دل پُرفن شود | بعد از دل چشم ہم روشن شود
دل ہو پُرفن ایسی ہی امداد سے | دل سے بڑھ کر آنکھ کو روشن کرے

زانکہ نور از دل بریں دیدہ نشست | تا چو دل شد دیدۂ تو عاطلست
نور آنکھوں کو جو ہے دل سے ملا | دل نہ ہو تو آنکھ ہیں نا نور کیا

دل چو بر انوارِ عقلِ پیر زد | زاں نصیبے ہم بدو دیدہ رسد
دل کیا پُر نورِ عقلِ پیر سے | اس سے آنکھوں کو بھی کچھ حصے ملے

پس بداں کآبِ مبارک ز آسماں | وحی دلہا باشد و صدقِ بیاں
چرخ کا آبِ مبارک اسے جواں | وحی دل ہوتا ہے اور صدقِ بیاں

ما چو آں کرّہ ہم آبِ جو خوریم | سوئے آں وسواسِ طاعن ننگریم
پانی بچے کی طرح پیتے ہیں ہم | کیوں کریں طعنوں کی پروا بیش و کم

پیروِ پیغمبرانی رہ سپر | طعنۂ خلقاں ہمہ بادے شمر
تو ہے پیرو انبیا کا - چل فقط | خلق کے طعنوں کو باد کر ہوا

آں خداونداں کہ رہ طے کردہ اند | گوش کے با بانگِ سگاں کردہ اند
طے جو ان لوگوں نے ہے رستہ کیا | بھونکنے کو کتّوں کے کب ہے سُنا

مہمانِ مسجد کا باقی قصہ

باز گو کآں پاکبازِ شیر مرد | اندر آں مسجد چہ بنمود و چہ کرد
پھر سنا ہاں پاکباز اس شخص نے | کیا کیا مسجد میں، کیسے کیا واقعے

خفتہ در مسجد خود او را خواب کو | مردِ غرقہ گشتہ چوں خسپد بجو
سو یا مسجد میں مگر سویا کہاں | ہو نشہ مست کو سونا کہاں

خوابِ مرغ و ماہیاں باشد ہمے | عاشقاں را زیرِ غرقابے ہمہ
مرغ و ماہی کا وہ گویا خواب ہے | عاشق اپنے غم میں یوں غرقاب ہے

نیم شب آواز ہا ہولے شدید — کالیم آیم بر سرت اے مستفید

نصف شب کو اک مہیب آئی صدا — آؤں تیرے سر پر اے مردِ خدا

پنج کرت این چنیں آواز سخت — میرسید و دل ہمے شد لخت لخت

سخت یہ آواز آئی پانچ بار — جس سے اس مہمان کا دل تھا فگار

واجلب[۱] علیہم برجلک وخیلک کی تفسیر

تو کہ عزم دیں کنی با اجتہاد — دیو بانگت بر زند اندر نہاد

تو جو عزمِ اجتہادِ دیں کرے — آئیں شیطان کی صدائیں پھر تجھے

کہ مرو زاں سو بیندیش اے غوی — کہ اسیر رنج و درویشی شوی

ہاں نہ جا اس سمت غور و فکر کر — رنج درویشی سے پہنچیگا ضرر

بینوا گردی ز یاران وابری — خوار گردی و پشیمانی خوری

بینوا ہو کر چھٹے احباب سے — خوار ہو تو تا ہو پشیمانی تجھے

تو ز بیم بانگِ آں دیوِ لعین — واگریزی در ضلالت از یقین

خوف ہو تو جب سنے بانگِ لعین — گمرہی میں جا پڑے چھوڑے یقیں

کہ ہلا فردا و پس فردا تراست — راہِ دیں پوییم کہ مہلت پیش ماست

آجکل پرسوں چلوں گا تو کہے — دین پر چلنے کی مہلت ہے مجھے

مرگ بینی باز کو از چپ و راست — میکشد ہمسایہ را تا بانگ خاست

دائیں بائیں دیکھے حملے موت کے — مارے ہمسائے کو اور وہ غل کرے

باز عزمِ دیں کنی از بیم جاں — مردہ سازی خویشتن را یکزماں

خوف جاں سے پھر تو عزمِ دیں کرے — اک گھڑی اپنے کو مردہ جان لے

[۱] یعنی اُن پر اپنے سواروں اور پیادوں سے حملہ کر دے ۔

پس سلح بربندی از علم و حکم — کہ من از خوفے نیارم پائے کم
علم و حکمت کے تو پھر ہتھیار لے — ہاں نہ میرا پاؤں وحشت سے ہٹے

باز بانگے بر زند بر تو ز مکر — کہ بترس و باز گرد از تیغ فقر
آئے پھر وہ مکرِ شیطاں کی صدا — فقر سے ڈر اور واپس لوٹ جا

باز بگریزی ز راہِ روشنی — آں سلاح علم و دیں را افگنی
پھر تو لوٹے روشنی کی راہ سے — اور سب ہتھیار اپنے ڈال دے

سالہا او را بہ بانگے بندۂ — در چنیں ظلمت نمد افگندۂ
تو ہو پابند اس صدا کا سالہا — ایسی ظلمت میں پڑے پھر برملا

ہیبتِ بانگِ شیاطیں خلق را — بندہ کردست و گرفتہ حلق را
ہیبتِ بانگِ شیاطیں خلق کو — کرتی ہے عاجز پکڑ کر حلق کو

تا چناں نومید شد جانش ز نور — کہ روانِ کافراں ز اہلِ قبور
نور سے مایوسیاں ہوں یوں سمجھ — روح کافر جیسے اہلِ قبر سے

آں شکوہِ بانگِ آں ملعون بود — ہیبتِ بانگِ خدائی چوں بود
بانگِ شیطاں میں ہے جب یہ کر و فر — ہو گی بانگِ حق میں ہیبت کس قدر

ہیبتِ باز ست بر کبکِ نجیب — مر مگس را نیست ز آں ہیبت نصیب
ہے چکوروں کو جو ہیبت باز کی — مکھیوں کو کب ہے حاصل واقعی

زانکہ نبود باز صیادِ مگس — عنکبوتاں مے مگس گیرند و بس
باز ہے صیاد مکھی کا کہاں — مکھیوں کو ہیں پکڑتی مکڑیاں

عنکبوتِ دیو بر چوں تو ذباب — کرّ و فر دارد نہ بر کبک و عقاب
عنکبوت دیو مکھی جان کر — تجھ پہ غالب ہے نہ کبک و باز پر

بانگِ دیواں گلہ بانِ اشقیاست — بانگِ سلطاں پاسبانِ اولیاست
بانگِ شیطاں اشقیا کی گلہ باں — بانگِ سلطاں اولیا کی پاسباں

تا نیامیزد بدین دو بانگ دور — قطرۂ از بحر خوش با بحر شور

تا نہ ان آوازوں سے ہر گز ملے — قطرہ بحر خوش کا بحر شور سے

مہمانِ مسجد کو آوازِ طلسم سنائی دینا

بشنو اکنوں قصۂ آں بانگ سخت — کہ نرفت از جا بداں آں نیک بخت

سن وہ قصہ آئی جو آواز سخت — پھر نہ سرکا اس جگہ سے نیک بخت

گفت چوں ترسم چو ہستم طبل عید — تا دہل ترسد کہ زخم او را رسید

بولا کیا ڈر، ڈھول ہے یہ عید کا — ڈھول پیٹے سے ڈرے تو ہے بجا

اے دہلہائے تہی پر زکوب — قسمتاں از عید چوں شد زخم چوب

خالی ڈھولو! تم ہو ضربوں سے بھرے — عید پر کیوں زخم ہے تم کو ملے

شد قیامت عید و بیدیناں دہل — ما چو اہل عید خنداں ہمچو گل

ہے قیامت عید کافر ہیں دہل — ہم ہیں اہل عید خنداں مثل گل

بشنو اکنوں ایں دہل چوں بانگ زد — دیگ دولت با چگونہ مے پزد

سن ذرا جو ڈھول نے آواز کی — دیگ آتش دولت اپنا کیسی پکی

چونکہ بشنود آں دہل آں مرد دید — گفت چوں ترسد دلم از طبل عید

جب سنی اس مرد نے آواز یوں — بولا طبل عید سے ہیں کیوں ڈروں

گفت با خود ہیں ملرزاں اے گزیں — مُرد جانِ بد دلانِ بے یقیں

یوں کہا خود سے کہ دل مضبوط کر — ہیں جو بد دل بے یقین جاتے ہیں مر

وقت آں آمد کہ حیدر وار من — ملک گیرم یا بپردازم بدن

وقت آیا ہے کہ حیدر وار میں — ملک لوں یا دیدوں جان زار میں

بر جہید و بانگ زد کاے کیا — حاضرم اینک اگر مردی بیا

اٹھ کھڑا اور ہو کے مخاطب یوں کہا — میں ہوں حاضر مرد ہے تو آگے آ

در زماں بشکست نے او ازاں طلسم — زر ہمی ریزید بر ہر سو قسم قسم

اس نے توڑا وہ طلسم خوف زا — سونا برسا مختلف اقسام کا

ریخت چنداں زر کہ ترسیدن ز شیم — تا بگیرد زر زپیری راہ در

سونا برسا اور ڈرا وہ مرد دیں — بند ہو جائے نہ دروازہ کہیں

پر شد آں مسجد ز زر ہر جایگاہ — مرد حیراں شد ز تعدید آں

ہر جگہ مسجد وہ زر سے بھر گئی — اپنی قسمت پر اسے حیرت ہوئی

بعد ازاں خاست آں شیر غلید — تا سحر گہ زر بہ بیروں میکشید

بعد ازاں اٹھا وہ شیر خشمگیں — صبح تک سونے کو ڈھویا بالیقیں

دفن میکرد و ہمے آمد بہ زر — با جوال و توبرہ بار دگر

دفن کرتا تھا وہ سونا بیشمار — خورجی میں اور توبڑے میں بار بار

گنجہا بنہاد آں جانباز ازاں — کوری و ترسائی اہل خراں

اس دلاور نے خزانے بھر لئے — کور اور بزدل ڈرتے ہی رہے

ایں زر ظاہر بخاطر آمدہ است — در دل ہر کور دون زر پرست

یہ زر ظاہر بہ ہر عنواں تھا — زر پرست اندھوں کے دلمیں پڑا

کودکاں سفالہا را بشکنند — نام زر بنہند و در دامن کنند

توڑتے ہیں بچے اکثر ٹھیکرے — بھرتے ہیں دامن میں سونا جان کے

اندراں بازی چو گوئی نام زر — آں کند در خاطر کودک گذر

کھیل میں ان کے جو لے تو نام زر — دل میں ان بچوں کے اسکا ہو اثر

بل زر مضروب ضرب ایزدی — کو نگردد کاسد آمد سرمدی

ہاں وہ زر جس پہ ہو سکہ ایزدی — جو نہ کھوٹا ہو وہ زر ہے سرمدی

آں زرے کایں زر ازاں تابانی یافت — کو بہر و تابندگی آب یافت

زر وہ، اس زر کو ملی جس سے ضیا — یہ چمک یہ جوہر اور آب لے لیا

آں زرے کو دل ازو گردد غنی ‌ ‌ ‌ غالب آمد بر قمر در روشنی

ہاں وہ سونا دلکو جو کر دے غنی ‌ ‌ ‌ چاند پر غالب ہے جس کی روشنی

شمع بود آں مسجد و پروانہ او ‌ ‌ ‌ خویشتن انداخت آں پروانہ خو

شمع وہ مسجد تھی۔ وہ پروانہ تھا ‌ ‌ ‌ مثلِ پروانہ وہ تھا اس میں پڑا

سوخت پرہاش او لیکن ساختش ‌ ‌ ‌ پس مبارک آمد آں انداختش

اسکا جلنا گویا اس کا ساز تھا ‌ ‌ ‌ تھی مبارک اس کی افتادِ بلا

ہمچو موسیٰؑ بود آں مسعود بخت ‌ ‌ ‌ کاتشے دید او بسوئے آں درخت

مثلِ موسیٰؑ تھا مگر وہ نیک بخت ‌ ‌ ‌ آگ دیکھی اُسنے بالائے درخت

چوں عنایتہا برو موفور بود ‌ ‌ ‌ نار مے پنداشت و آں خود نور بود

تھی عنایت اُس پہ خالق کی بڑی ‌ ‌ ‌ آگ جانا جس کو وہ خود نور تھی

مردِ حق را چوں بہ بینی اے پسر ‌ ‌ ‌ تو گماں آری برو نارِ بشر

مردِ حق کو جب تو دیکھے اے پسر ‌ ‌ ‌ ہو گماں تجھ کو کہ ہے نارِ بشر

تو ز خود مے آئی و او در تواست ‌ ‌ ‌ نار و خارِ ظن و باطل زاں سواست

تو خودی سے آیا۔ وہ تجھ میں نہاں ‌ ‌ ‌ ہے خودی کی سمت سے نار گماں

او درخت موسیٰؑ است و پُر ضیا ‌ ‌ ‌ نور خواں نارش مخواں بارے بیا

وہ ہے موسیٰؑ کا درخت پُر ضیا ‌ ‌ ‌ نور کہہ نہ نار اس کو کہنا ہے بڑا

نے قطام ایں جہاں نارے نمود ‌ ‌ ‌ سالکاں رفتند آں خود نور بود

ترکِ دنیا کی ہوس ناری نہ تھی ‌ ‌ ‌ گذرے سالک۔ نور تھی وہ نار ہی

پس بدانکہ شمع دیں بر مے شود ‌ ‌ ‌ آں نہ ہمچوں دیگر آتشہا بود

شمع جیسی دم دین کی روشن ہوگئی ‌ ‌ ‌ کب ہے وہ جیسی ہیں آگیں دوسری

ایں نماید نور و سوزد یار را ‌ ‌ ‌ و آں بصورت نار و گل زوار را

یہ بنے نور اور جلا دے یار کو ‌ ‌ ‌ وہ مگر ہو مثلِ گل زوار کو

ایں چہ سازندہ ولے سوزندۂ | واں گہِ وصلت دلِ افروزندۂ

یہ ہے مشکل ساز لیکن سوز بھی | وہ ہے وقتِ وصل دل کی روشنی

مشکلِ مشعلہ نورِ پاک سازوار | حاضراں را نور دوراں را چو نار

نورِ پاک اک مثلِ مشعلہ سازگار | حاضروں کو نور اور دوروں کو نار

حاضراں از غائباں خوشحال تر | غائباں را نیست توفیقِ خبر

غائبوں سے ہیں یہ حاضر خوب تر | غائبوں کو کب ہے توفیقِ خبر

ایں سخن را نیست پایانے پدید | گو حدیثِ عاشق و صدرِ مجید

یہ سخن تو ختم ہوتا ہی نہیں | صدر و عاشق کا سُنا قصہ یہیں

صدرِ جہاں سے عاشق کی ملاقات

آں بخاری نیز خود بر شمع زد | گشتہ بود از عشقش آساں آں کبد

وہ بخاری بھی فدا تھا شمع پر | عشق میں مشکل ہوئی آساں تر

آہ سوزانش سوئے گردوں شدہ | در دلِ صدرِ جہاں مہر آمدہ

آہ جب اُس کی گئی سوئے سما | تھا دلِ صدرِ جہاں مہر آشنا

گفت با خود در سحر گہ کاے احد | حالِ آں آوارۂ ما چوں بود

صبحدم اللہ سے کہنے لگا | ہے اس آوارہ کا یارب! حال کیا

او گناہے کرد ما دیدیم لیک | رحمتِ ما را نمیداند نیک

میں نے دیکھا اُس سے بے شک تھی خطا | وہ نہ میرے رحم سے آگاہ تھا

خاطرِ مجرم ز ما ترساں شود | لیک صد امید در ترسش بود

ہم سے ہو مجرم کو خوف و بیدلی | خوف تھا لیکن رہی امید بھی

من بترسانم وقیح یاوہ را | و آنکہ ترسد من چہ ترسانم ورا

بے حیاؤں کو ہوں میں ہیبت نما | جو ڈرے خود ہی ڈراؤں اسکو کیا

بهر دیگی سرد آورده رود ‌‌— نه بدان که جوشش از سر برد

آگ ٹھنڈی دیگ کے ہے واسطے — ہو جو پیشہ جوشش آگ اسکا کیا کرے

امتثال امر بہر سالم حلیم — خالقان اندر عسر دام تعلم

ہیں ڈراؤں غصے سے بے خوف کو — ڈر سکھاؤں علم سے ڈرتا جو ہے

پاره دوزم پاره در موضع نهم — هر کسی را شربت اندر خور دهم

دکھتا ہیں پیوند اس کی جا پہ ہو لگا — جو ہو جیسا دے لیا شربت اسکو ویسا

هست انسان همچو بیخ درخت — زان برون پیداست کهاش از جوش

راز ہے انساں کا مانند درخت — دیکھتے ہی پتے ہیں جیسے جو ہے سخت

در خور آن بیخ رسته برگها — در درخت و در نفوس و در نُهی

جیسی جڑ ہو ویسے ہی پتے اگیں — پیڑ میں اور نفس میں اور عقل میں

بر فلک پرهاست ز اشجار وفا — اصلها ثابت و فرعه فی السما

چرخ پہ ہے پھل وفا کے نخل کا — جڑ زمیں پر شاخیں گئیں دل پر چھا

چون برست از عشق پر بر آسمان — چون نروید در دل صدر جهان

آسماں پہ جب اگے پھل عشق کا — کیوں نہ دل صدر جہاں میں ہو اگا

موج میزد در دلش عفو گنه — که ز هر دل تا دل آمد روزنه

دل میں تھا عفو گنہ لہرا رہا — دل سے دل تک ایک روزن ہے کھلا

که ز دل تا دل یقین روزن بود — نه جدا و دور چون دو تن بود

دل سے دل تک ایک ہے روزن کھلا — مثل دو تن کب جدا ہیں اور دور

متصل نبود سفال دو چراغ — نورشان ممزوج باشد در مساغ

دور کو مٹی کے رکھیں دو دیے — ایک ہوئی روشنی گھر میں ملے

قوله تبارک و تعالی عز و جل: مثل کلمة طیبة کشجرة طیبة اصلها ثابت و فرعها فی السماء یعنی خدائے تعالی نے کلمہ پاک کو ایک پاک درخت کی طرح بنایا ہے جس کی جڑ زمین میں ثابت اور شاخیں آسمان پہ ہیں

ہیچ عاشق خود نباشد وصل جو — کہ نہ معشوقش بود جویائے او

وصل جُو عاشق نہیں ہوتا کوئی — ڈھونڈتا جب تک نہ ہو معشوق بھی

لیک عشق عاشقاں تن زہ کند — عشق معشوقاں خوش و فربہ کند

عاشقوں کو عشق کر دیتا ہے زار — اور معشوقوں کو فربہ اسکے نکھار

چوں دریں دل برق مہر دوست جست — اندر آں دل دوستی می داں کہ ہست

کوندے برق مہر جیسے دل میں گر — عاشق اُس کے دل میں بھی پہچان

در دل تو مہر حق چوں شد دوتو — ہست حق را بیگمانے مہر تو

تیرے دل میں ہو اگر عشق خدا — حق کو بھی ہوگی محبت بے ملا

ہیچ بانگ کف زدن آید بدر — از یکے دستت تو بے دست دگر

کب نکلتی آتی ہے تالی کی صدا — ہاتھ اگر دونوں نہیں ملتے ذرا

تشنہ نالد کہ کو آب گوار — آب ہم نالد کہ کو آں آبخوار

پیاسا روتا ہے کہ پانی ہے کہاں — پانی روتا ہے کہاں ہے تشنہ جاں

جذب آبست ایں عطش در جان ما — ما از آن او و او ہم زآن ما

جذب ہے پانی کا اپنی تشنگی — ہم ہیں اُس کے وہ ہماری دوستی

حکمت حق در قضا و در قدر — کردہ ما را عاشقان یکدگر

حکمت اپنی خدا نے ہے ملا — دوسرے سے ہے ایک کو عاشق کیا

جملہ اجزائے جہاں آں حکم پیش — جفت جفت و عاشقان جفت خویش

جتنے ہیں اجزا ازل سے اُس کے حکم سے — عاشق اپنے جوڑے پہ ہوئے

ہست ہر جزوے ز عالم جفت خواہ — راست ہمچوں کہربا و برگ کاہ

جفت اپنے جفت پر ہے شیفتہ — جیسے ہے تنکا کہ وہ ہے اور کہربا

آسماں گوید زمیں را مرحبا — با توام چوں آہن و آہن ربا

چرخ کہتا ہے زمیں سے مرحبا — ہم ہیں مثل آہن و آہن ربا

آسماں مرد و زمیں زن در خرد ‏ ‏ ‏ ہرچہ آں انداخت ایں می پرورد

آسماں ہے مرد، عورت ہے زمیں ‏ ‏ ‏ اس سے جو گرتا ہے پلتا ہے یہیں

چوں نماند گرمیش بفرستد او ‏ ‏ ‏ چوں نماند تری و نم بدہد او

کم ہو گرمی تو وہ گرمی بھیجدے ‏ ‏ ‏ جب نہ ہو باقی تری، تو تر کرے

برج خاکی خاک ارضی را مدد ‏ ‏ ‏ برج آبی تریش اندر دہد

برج خاکی سے مدد ہے خاک کی ‏ ‏ ‏ برج آبی اس کو دیتا ہے تری

برج بادی ابر سوئے وے برد ‏ ‏ ‏ تا بخارات وخم را برد

برج بادی ابر ہے پھر بھیجتا ‏ ‏ ‏ تا کرے گندہ بخاروں کو جدا

برج آتش گرمی خورشید ازو ‏ ‏ ‏ ہمچو تابہ سرخ ز آتش پشت و رو

برج آتش خور کو گرمی دے کمال ‏ ‏ ‏ ہے توے کی طرح منہ اور پیٹھ لال

ہست سرگرداں فلک اندر زمن ‏ ‏ ‏ ہمچو مرداں گرد مکسب بہر زن

آسماں دنیا کے چکر میں پھرے ‏ ‏ ‏ مرد جیسے کسب بہر زن کرے

ویں زمیں کدبانوئیہا میکند ‏ ‏ ‏ بر ولادات و رضاعش می تند

اس زمیں میں ہے نسائیت تمام ‏ ‏ ‏ ہے ولادت اور رضاعت اسکا کام

پس زمین و چرخ را داں ہوشمند ‏ ‏ ‏ چونکہ کار ہوشمنداں میکنند

کر زمین و چرخ کو دانا شمار ‏ ‏ ‏ کیونکہ دانائی ہے ان کا کاروبار

گر نہ از ہم ایں دو دلبر مے مزند ‏ ‏ ‏ پس چرا چوں جفت در ہم میخزند

دونوں یہ دلبر اگر لذت نہ لیں ‏ ‏ ‏ کیوں یہ جوڑے کی طرح باہم ملیں

بے زمیں کے گل بروید و ارغواں ‏ ‏ ‏ پس چہ زاید ز آب و تاب آسماں

بنے زمیں کے کب گل و لالہ اُگے ‏ ‏ ‏ آب و تاب چرخ سے کیا ہو سکے

بہر آں میلست در مادہ بہ نر ‏ ‏ ‏ تا بود تکمیل کار ہمدگر

مادہ میں خواہش ہے نر کی اسلئے ‏ ‏ ‏ تا کریں مل کر کام دونوں کا بنے

میل اندر مرد و زن حق زاں نہاد — تا بقا یابد جہاں زیں اتحاد

مرد و زن میں میل یوں حق نے رکھی — تا کہ مل جل کر بقا ہو دہر کی

میل ہر جزوے بجزوے ہم نہد — ز اتحاد ہر دو تولیدے جہد

جزو ہر اک جزو سے رغبت رکھے — تا کہ اس ملنے سے پیدائش بڑھے

شب چنیں با روز اندر اعتناق — مختلف در صورت اما اتفاق

رات بھی دن سے یونہی ہے ہمکنار — مختلف شکلیں مگر دونوں ہیں یار

روز و شب ظاہر دو ضد و دشمنند — لیک ہر دو یک حقیقت میتنند

روز و شب گو ہیں بظاہر دو ضدیں — ہیں مگر وہ ایک دونوں اصل ہیں

ہر یکے خواہاں دگر را ہمچو خویش — از پئے تکمیل کار و فعل خویش

ایک کا خواہاں ہے دل سے دوسرا — تا ہو اپنا کام پورا بر ملا

زانکہ بے شب دخل نبود طبع را — پس چہ اندر خرج آرد روزہا

کیونکہ بے شب کیا ہے آمد طبع کو — وقت دن کے خرچ میں وہ لائے جو

ہر عنصر کا اپنی جنس کو جذب کرنا

خاک گوید خاک تن را باز گرد — ترک جاں گو سوئے ما آ ہمچو گرد

خاک تن سے خاک کہتی ہے پھر آ — ترک جاں کر ہم سے مل اے بیوفا

جنس مائی پیش ما اولیٰ تری — بہ کز آں تن وا رہی ایں سو پری

پاس ہے ہمجنس کے رہنا بھلا — قطع کر اس تن سے اور اس سمت آ

گوید آرے لیک من پابستہ ام — گرچہ ہمچوں تو ز ہجراں خستہ ام

یہ کہے ہاں ہیں مگر پابستہ ہوں — ہجر سے تیری طرح گو خستہ ہوں

تری تن را بجویند آبہا — کاے تری باز آ ز غربت پیش ما

پانی کہتے ہیں تری سے جسم کی — اب تو واپس آ سفر سے اے تری

گرمی تن را همی خواند اثیر — که ز ناری راه اصل خویش گیر
گرمی تن کو بلاتا ہے اثیر[1] — آگ سے ہے تو ادہر جو راہ پکڑ

هست هفتاد و دو علت در بدن — از کششهای عناصر بی رسن
اس بدن میں ہیں بہتر علتیں — بے رسن کے عنصروں کے جذب سے

علت آید تا بدن را بگسلد — تا عناصر همدگر را وا هلد
علت آئے تا بدن کو توڑ دے — تا کہ ہر عنصر کو عنصر چھوڑ دے

چار مرغند این عناصر بسته پا — مرگ و رنجوری و علت پا گشا
چار یہ عنصر ہیں چڑیاں بستہ پا — موت اور بیماری ہے عقدہ کشا

پایشان از همدگر چون باز کرد — مرغ هر عنصر یقین پرواز کرد
پاؤں جب آپس میں انکا کھل گیا — مرغ ہر عنصر کا بے شک اڑ چلا

جذبهٔ این اصلها و فرعها — هر دمی رنجی نهد در جسم ما
فی الحقیقت جذبہ اصل و فرع کا — جسم کو دیتا ہے ہر دم دکھ نیا

تا که این ترکیبها را بر درد — مرغ هر جزوی به اصل خود پرد
تا کہ ان ترکیبوں کو برہم کرے — اور ہر مرغ اصل کو اپنی اڑے

حکمت حق مانع آید زین عجل — جمعشان دارد به صحت تا اجل
حکمت حق منع جلدی سے کرے — رکھے دم تک جمع صحت سے انہیں

گوید ای اجزا اجل مشهود نیست — پر زدن پیش از اجلتان سود نیست
اور کہے موت آئی نہیں ہے کچھ نظر — کھوتے ہو پیش اجل تم کیوں بال و پر

چونکه هر جزوی بجوید ارتفاق — چون بود جان غریب اندر فراق
جبکہ ہر جزو ڈھونڈتا ہے اتفاق — جان کیونکر جھیلتی ہوگی فراق

[1] کرۂ آتشیں جو آسمان پر ہے۔

جانِ جاں جاں را بخواند ہر دمے ۔ کہ بیا آئید واپس شو قدم

جان کو ہے جب بلاتا جانِ جاں ۔ رکھ قدم اس سمت اور آجا یہاں

چونکہ جاں را ایں ندا آید بگوش ۔ ز اشتیاقِ حق رود زیں عقل و ہوش

روح جب سنتی ہے اسکی یہ صدا ۔ شوقِ حق میں ہوش کرتی ہے فنا

عالمِ ارواح کی طرف روح کا کھنچنا

گوید اے اجزائے پست فرشیم ۔ غربتِ من تلخ تر من عرشیم

روح کہتی ہے کہ اے اجزائے فرش ۔ تلخ ہے غربت مرا مسکن ہے عرش

میلِ تن در سبزہ و آبِ رواں ۔ زاں بود کہ اصل او آمد ازاں

سبزہ اور آبِ رواں سے میلِ تن ۔ اس سبب سے ہے کہ ہیں اس کا وطن

میلِ جاں اندر حیات و در حی است ۔ زانکہ جانِ لامکاں اصلِ وے است

زندگی و زیست میں ہے میلِ جاں ۔ کیونکہ اس کی اصل ہے وہ لامکاں

میلِ جاں در حکمت است و در علوم ۔ میلِ تن در باغ و راغ و در کروم

علم و حکمت میں ہے رغبت جان کی ۔ رغبتِ تن باغ و صحرا میں رہی

میلِ جاں اندر ترقی و شرف ۔ میلِ تن در کسبِ اسباب و علف

ہے ترقی و شرف میں میلِ جاں ۔ میلِ تن اسباب میں ہے بیگماں

میل و عشق آں شرف ہم سوئے جاں ۔ زیں یحبہم یحبونہ بداں

ہے شرف کا میل سوئے جاں اگر ۔ ہے یحبہم یحبونہ یہی

گر بگویم شرحِ ایں بیحد شود ۔ مثنوی ہشتاد من کاغذ شود

گر کہوں اس کی شرح تو بیحد بنے ۔ مثنوی کا بوجھ ہشتاد من بنے

قولہ تبارک و تعالیٰ عز و جل یحبہم و یحبونہ یعنی خدا مومنوں کو دوست رکھتا ہے اور وہ خدا کو دوست رکھتے ہیں ۔

آدمی حیواں نباتے و جماد | ہر مرادے عاشق ہر بے مراد
آدمی، حیواں نباتات اور جماد | بے مرادی پر ہے عاشق ہر مراد

بے مراداں بر مرادے مے تنند | واں مراداں جذب ایشاں مے کنند
بے مراد الفت مرادوں سے رکھیں | اور مرادیں جذب پھر انکو کریں

لیک میل عاشقاں لاغر کند | میل معشوقاں خوش و بافر کند
عاشقوں کا عشق انہیں لاغر کرے | اور معشوقوں کو فربہ تر کرے

عشق معشوقاں دو رخ افروختہ | عشق عاشق جان او را سوختہ
عشق معشوق اس کی رعنائی بڑھائے | عشق عاشق جان کو اسکی جلائے

کہربا عاشق بہ شکل بے نیاز | کاہ مے کوشد در آں راہ دراز
کہربا عاشق ہے مثل بے نیاز | کاہ طے کرتی ہے وہ راہ دراز

ایں رہا کن عشق آں سینہ جہاں | تافت اندر سینہ صدر جہاں
چھوڑ اس کو دیکھ عشق ناتواں | سینۂ صدرِ جہاں میں ہے تپاں

دود آں عشق و غم آتشکدہ | رفتہ در مخدوم او مشفق شدہ
عشق کی آتش سے جو اٹھا دھواں | اس نے آقا کو بنایا مہرباں

لیکش از ناموس و پوشش آبرو | شرم مے آمد کہ وا جوید ازو
تھی مگر فکر اس کو ننگ و نام کی | ڈھونڈھنے میں حائل آئی شرم سی

رحمتش مشتاق آں مسکیں شدہ | سلطنت زیں لطف مانع آمدہ
رحمتیں مشتاق تھیں مسکین کی | سلطنت اس لطف سے مانع ہوئی

عقل حیراں کایں عجب او را کشید | یا کشش زاں سو بدیں جانب رسید
عقل حیراں ہے یہ ہے اسکی کشش | یا ادھر سے ہے ادھر آئی کشش

ترک جلدی کن کزیں ناواقفی | لب ببند اللہ اعلم بالخفی
چھوڑ جلدی اس سے ہے ناواقفی | چپ بھی رہ، واللہ اعلم بالخفی

لب ببندم ہر دمے زیں سان سخن   توبہ آرم ہر زماں صد بار من

اختیار اس بات سے کی خامشی   توبہ اور سو بار توبہ ہے مری

کایں سخن را بعد ازیں فوں کنم   آں کشندہ میکشد من چوں کنم

بعد ازیں اس بات کو دفنا ہی دوں   کھینچنے والا جو کھینچے کیا کروں

کیست گت آں میکشد اے مفتنی   آنکہ مے نگذاردت کہ دم زنی

کون ہے وہ جو تجھے ہے کھینچتا   تاکہ تو دم بھی نہ مارے اک ذرا

صد عزیمت میکنی بہر سفر   میکشاند مر ترا جائے دگر

سو ارادے کرتا ہے بہر سفر   اور لے جائے کہیں وہ کھینچ کر

زاں بگرداند بہر سو آں لگام   تا خبر یابد ز فارس اسپ خام

اس لئے ہے پھیرتا ہر سو لگام   واقف اسوار ہو تا اسپ خام

اسپ زیرک ساز زاں نیکو پے است   کو ہمیداند کہ فارس بر وے است

اسپ دانا نیک پے ہے سازگار   جو ہے واقف اس پہ کوئی ہے سوار

او دلت را بر دو صد سودا ببست   بے مرادت کرد پس دل را شکست

سو امید دل پر ہے باندھا دل ترا   دل شکستہ بے مرادی سے کیا

چوں شکست او بال آں رائے نخست   چوں نشد ہستی بال اشکن درست

اس نے بازو توڑا تیری رائے کا   پھر وہ بازو توڑ ہستی سے بچا

چوں قضایش حبل تدبیرت شکست   چوں نشد بر تو قضائے او درست

جب قضا نے توڑیں تدبیریں تری   کیوں نہ ٹھیک اسکی قضا تجھ پہ ہوئی

ارادوں کا توڑنا انسان کو تنبیہ کرنا ہے

عزمہا و قصدہا در ماجرا   گاہ گاہے راست مے آید ترا

عزم بھی اور قصد بھی لے با صفا   گا ہے گاہے راست آتا ہے ترا

تا بہ طمع آں دلت نیت کند | بار دیگر نیتت را بشکند
تاکہ دل اس طمع سے نیت کرے | اور اس نیت کو پھر وہ توڑ دے

ور بکلی بے مرادت داشتے | دل شدے نومید امل کے کاشتے
گر وہ رکھتا تجھ کو بالکل بے مراد | ہوتا نا امید دل ایسے خوش نہاد

ور نکارید ے امل از عوریش | کے شدے پیدا بر و مقہوریش
بیج نہ بوتے دہقاں گر محرومیاں | ہوتی مغلوبی امل[1] کے کب عیاں

عاقلاں از بے مرادی ہائے خویش | باخبر گشتند از مولائے خویش
عاقل اپنی بے مرادی سے ہوئے | باخبر مولا سے اپنے دیکھ لے

بے مرادی شد قلاوز بہشت | حفت الجنہ شنو اے خوش سرشت
بے مرادی ہو گئی خضر بہشت | حفت[2] الجنہ کو سن اے خوش سرشت

چوں مراداتت ہمہ اشکستہ پاست | پس کسے باشد کہ کام او رواست
جب مرادیں ہیں شکستہ پا تری | کامیاب آرزو ہو گا کوئی

پس شدند اشکستہ وش آں عاقلاں | لیک کو خود آں شکست بیدلاں
ہیں شکستہ وش ہیں جملہ عاقلاں | ہے مگر کب شکست بیدلاں

عاقلاں اشکستہ اش از اضطرار | عاشقاں اشکستہ با صد اختیار
ہے شکستہ عاقلاں پہ اضطرار | ہے شکستہ عاشقاں با اختیار

عاقلانش بندگان بند بند | عاشقانش شکری و قند قند
عاقل اس کی بندگی کے ہیں غلام | اور عاشق قند و شکر ہیں تمام

ائتیا[3] کرھاً[4] مہار عاقلاں | ائتیا طوعاً[5] بہار بیدلاں
ائتیا کرھاً ہے عاقل کی مہار | ائتیا طوعاً ہے بیدل کی بہار

[1] امید ؛ [2] حدیث شریف ہے کہ انما الجنۃ حفت بالمکارہ یعنی بہشت گھیری گئی ؛ [3] تو ہمارے پاس آ ؛ [4] جبراً کراہت سے ؛ [5] خوشی و رغبت سے

آنحضرتؐ کا قیدیوں کو دیکھکر تبسم فرمانا

دید پیغمبر یکے جوقِ اسیر ۔۔۔ کہ ہمے بردند و ایشاں در نفیر
دیکھے کچھ قیدی پیمبرؐ نے رواں ۔۔۔ جا رہے تھے اور تھے گریہ کناں

دیدشاں میدید آں آگاہ شیر ۔۔۔ مے نظر کردند در وے زیر زیر
دیکھا جب اُن قیدیوں کو آپؐ نے ۔۔۔ تھے کنکھیوں سے وہ قیدی دیکھتے

تا ہمے خائید ہر یک زو غضب ۔۔۔ بر رسولِ صدق دندانہا و لب
اور چباتا تھا وہ ہر اک پُر غضب ۔۔۔ سرورِ کونین پہ دانت اور لب

زہرہ نے با آں غضب تا دم زنند ۔۔۔ زانکہ در زنجیرِ قہرِ دہ من اند
باوجود اس کے نہ تھے دم مارتے ۔۔۔ کیونکہ زنجیروں میں تھے جکڑے پڑے

میکشندشاں موکل سوئے شہر ۔۔۔ مے برد از کافرستاں شاں بقہر
کھینچتے اُن کو سپاہی سوئے شہر ۔۔۔ لیچلے تھے کافرستاں سے بہ قہر

نے فدائے مے ستانند نے زرے ۔۔۔ نے شفاعت میرسد از سرورے
کوئی فدیہ اُن سے لیتا تھا نہ زر ۔۔۔ تھی سفارش بھی نہ کوئی کارگر

رحمتِ عالم ہمے گویند و او ۔۔۔ عالمے را مے برد حلق و گلو
رحمتِ عالم تو کہلاتا ہے وہ ۔۔۔ اور گلے خلقت کے کٹواتا ہے وہ

با ہزاراں انکار مے رفتند راہ ۔۔۔ زیرِ لب طعنہ زناں بر کارِ شاہ
کفر میں چلتے کر رہے تھے رہگذر ۔۔۔ طعنہ زن تھے زیرِ لب سرکار پر

چارہا کردیم و اینجا چارہ نیست ۔۔۔ خود دلِ ایں مرد کم از خارہ نیست
اب یہاں چلتی نہیں اپنی کوئی ۔۔۔ کم نہیں پتھر سے دل اس کا کبھی

۱؎ یہ اُن قیدیوں کے طعنے تھے ۔
۲؎ یہاں سے اُن کی گفتگوئے طعن ہے ۔

ما ہزاراں مرد شیر الب ارسلان — با دو سہ عریان سست نیم جان
ہم ہزاروں شیر تن اور شیر گیر — ہیں فقط دو تین بھوکوں کے اسیر

اینچنیں درماندہ ایم از کج رویست — یا ز اختر ہاست یا خود جادوئیست
کج روی سے ایسے عاجز ہم ہوئے — یا کسی جادو سے یا تقدیر سے

بخت مارا بر درید آں بخت او — تخت ما شد سرنگوں از تخت او
ہم ہوئے بدبخت اُن کے بخت سے — تخت اُلٹے اپنے اُنکے تخت سے

کار او از جادوئے گر گشت زفت — جادوئے کردیم ما ہم چوں نرفت
کام اُن کا گر ہے جادو سے بنا — کیوں نہ سحر ان پہ ہمارا کچھ چلا

از بتان و از خدا درخواستیم — کہ بکن مارا اگر ناراستیم
کی بتوں سے اور خدا سے التجا — بس مٹا ہم کو جو ہم ہیں کج ادا

ان [۱] تستفتحوا فقد جاءکم الفتح کی تفسیر

آنکہ حق و راستست از ما و او — نصرتش دہ نصرت او را بجو
ہم میں ان میں ہو جو حق پر برملا — اس کو نصرت فتحمندی ہو عطا

این دعا بسیار کردیم و صلوٰۃ — پیش لات و پیش عزیٰ و منات
یہ دعائیں مانگیں اور سجدے کیے — سامنے عزیٰ، منات اور لات کے

کہ اگر حق است او پیدا اش کن — ور نباشد حق زبون ماش کن
وہ اگر حق پر ہے۔ تو کر آشکار — ورنہ کر دے بس اسے رسوا و خوار

چونکہ وادیدیم او منصور بود — ما ہمہ ظلمت بُدیم او نور بود
ہم نے جب دیکھا تو وہ منصور تھا — ہم تو سب ظلمت تھے اور وہ نور تھا

[۱] یعنی اگر تم فتح طلب کرو گے تو تم کو فتح ہو گی۔

این جواب ماست کانچه خواستید — گشت پیدا که شما نارستید
یہ جواب اپنا رہا ہے بالیقیں — ہو گیا ظاہر کہ تم سیچے نہیں

باز این اندیشه را از فکر خویش — کور میکردند و دفع از ذکر خویش
پھر اس اندیشے کو اپنی فکر سے — اندھا کر کے دُور رہتے ذکر سے

کاین تفکرمان هم از ادبار ماست — که صواب و شنود در دل دوست
یہ تفکر ہے سبب ادبار کا — تا کہ نیکی اس کی دل میں ہو بجا

خود چه شد گر غالب آمد چند بار — هر کسے را غالب آرد روزگار
کیا ہوا گر غالب آیا چند بار — کرتا ہے غالب سبھی کو روزگار

ما هم از ایام بخت آور شدیم — بارها بر وی مظفر آمدیم
اک زمانے میں تھے ہم بھی بخت ور — بارہا اُس پر ہی ہم کو ظفر

باز میگفتند اگر چه او شکست — چون شکست ما نبود او زشت و پست
پھر یہ بولے گو کہ دی اسکو شکست — کب ہماری طرح وہ تھا خوار و پست

زانکه بخت نیک او را در شکست — داد صد شادی پنهان بر پرست
انکی قسمت نے شکست فاش میں — سو طرح کی عشرتیں دیدیں انہیں

کو با شکسته نه مالست هیچ — که نه غم بود ش ز آن نے پیچ پیچ
کیا شکستوں سے اسے دیجے مثال — کیونکہ کاوش ہے نہ ہے رنج و ملال

چون نشان مومنان مغلوبی است — لیک در اشکستِ مومن خوبی است
گرچہ مغلوبی ہے مومن کا نشاں — ہیں شکستوں میں بھی اسکی خوبیاں

گر تو مشک و عنبرے را بشکنی — عالمے از فیح ریحان پر کنی
مشک و عنبر کو اگر تو توڑ دے — اک جہاں کو اس کی خوشبو سے بھرے

ور شکستی ناگهان سرگین خر — خانها پر گند گردد سر بسر
اور جو توڑے ناگہاں سرگین خر — گند کی پھیلے گھروں میں سر بسر

کہ کند خود مشک با سرگیں قیاس — آب با بول و اطلس با پلاس
مشک کا سرگیں سے پھر کیونکر قیاس — پانی اور پیشاب ؛ اطلس اور پلاس[1]

آنحضرتؐ کی جنگِ حدیبیہ سے واپسی

وقتِ واگشتن ز حدیبیہ رسولؐ — در تفکر بود و غمگین و ملول
جب حدیبیہ سے لوٹ آئے رسولؐ — فکر میں تھے اور غمگین و ملول

ناگہاں اندر حق سمع رسل — دولتِ انا فتحنا زد دہل
ناگہاں اللہ نے ان کو دیا — دولتِ "انا فتحنا" کی عطا

آمدش پیغام از دولت کہ رو — تو ز منع ایں ظفر غمگیں مشو
آیا یہ پیغام حق کا آپ کو — تو شکستِ جنگ سے غمگیں نہ ہو

کاندریں خواری بنقدت فتحہاست — نک فلاں قلعہ فلاں قلعہ تراست
یہ شکست اب ہے خزانہ فتح کا — یہ فلاں قلعہ ، فلاں قلعہ ترا

بنگر آخر چونکہ واگردید تفت — بر قریظہ و بر نضیر از وے چہ رفت
دیکھ آخر لوٹے جب وہ مصطفیٰؐ[2] — کیا نضیر اور کیا قریظہ سے ہوا

قلعہا ہم گرد آں بد بقعہا — شد مسلم وز غنایم نفعہا
قلعے بھی اور شہر بھی ہاتھ آ گئے — فائدے مال غنیمت سے ہوئے

ور نباشد آں تو بنگر ایں فریق — بر غم و رنجند مفتون و عشیق
یہ نہیں تو دیکھ لے تو یہ فریق — بحرِ رنج و غم کا ہے گویا غریق

زہر خواری را چو شکر میخورند — خارِ غم را چو اشتر مے چرند
زہر خواری کھاتے ہیں شکر کی طرح — خارِ غم چرتا ہے اشتر کی طرح

[1] ٹاٹ ۔

[2] یہودیوں کی دو جماعتیں ہیں ۔

بہرِ علت غم نہ از بہرِ فرج | ایں تساقط پیش ایشاں چوں درج

تعیش میں کب ہیں۔ وہ ہیں آلام میں | انکی پستی بھی بلندی ہے انہیں

آنچناں شادند اندر قعرِ چاہ | کہ نہ ترسند از تخت و کلاہ

خوش ہیں یوں تہ میں کنوئیں کی وہ بھی | خوف کھاتے ہیں وہ تخت و تاج سے

در فقیری ہر یکے صد شہریار | در خزانِ فاقہ صد ہمچوں بہار

وہ فقیری میں ہیں مثلِ شہریار | اور خزانِ فاقہ میں مثلِ بہار

ہر کہ با دلبر بود او ہم نشیں | فوق گردونست نے زیرِ زمیں

ہو گیا دلبر کا جو پہلو نشیں | چرخ پر ہے کب ہے بالائے زمیں

لا تفضلونی علیٰ یونس کی تفسیر

گفت پیغمبر کہ معراجِ مرا | نیست از معراجِ یونس اجتبا

بولے پیغمبر مری معراج بھی | کچھ نہیں معراجِ یونس سے بڑی

آنِ من بالا و آنِ او نشیب | زانکہ قربِ حق بروں است از حسیب

اُن کی نیچے فلک کے اوپر ہے مری | قربتِ اللہ ہے حد سے بری

قرب نے بالا و پستی رفتن است | قربِ حق از حبسِ ہستی رستن است

قربِ حق اونچا نہیں کچھ جست سے | قربِ حق چھٹنا ہے قیدِ ہست سے

نیست را چہ جائے بالا است و زیر | نیست را نے زود و نے دور و نہ دیر

نیست کو کیا فکر ہو بالا اور زیر | نیست میں جلدی نہیں کچھ اور نہ دیر

کارگاہِ صنعِ حق در نیستی است | غرّہ ہستی چہ دانی نیست چیست

نیستی ہے کارگاہِ کبریا | جانے تو مغرورِ ہستی نیست کیا

حاصل ایں اشکستِ ایشاں اے کیا[1] | نے نماند ہیچ با اشکستِ ما

قصہ کوتاہ اور ہے انکی شکست | کب مشابہ اس سے ہے اپنی شکست

[1] یہی قیدی کہہ رہا ہے

آنچناں شادند در ذل و تلف ‌‌ ‌ ہمچو ما در وقت اقبال و شرف

خوش ہیں وہ یوں نقص جان و مال میں ‌ ‌ ‌ جس طرح ہم دولت و اقبال میں

برگ بے برگی ہمہ اقطاع او ست ‌ ‌ ‌ فقر و خواری افتخارست و علوست

کھیتیاں ہیں ان کی بے سامانیاں ‌ ‌ ‌ فقر و خواری میں ہے فخر بیکراں

آں یکے گفت ار چنانستے مزید ‌ ‌ ‌ چوں بہ خندید او کہ ما را بستہ دید

بولا اک قیدی، وہ ایسا ہے اگر ‌ ‌ ‌ کیوں ہنسا یوں قید ہم کو دیکھ کر

چونکہ او مبدل شد است و شادیش ‌ ‌ ‌ نیست زیں زنداں کنوں آزادیش

کیونکہ ہے اس کی خوشی بدلی ہوئی ‌ ‌ ‌ کب ہے اس زنداں سے آزادی ملی

پس بقہر دشمناں چوں شاد شد ‌ ‌ ‌ چوں ازیں فتح و ظفر پُر باد شد

قہر پہ دشمن کے کیوں مسرور ہے ‌ ‌ ‌ کیوں وہ ایسی فتح سے مغرور ہے

شاد شد جانش کہ بر شیران نر ‌ ‌ ‌ یافت آساں نصرت و فتح و ظفر

شاد ہے شاید کہ ایسے شیروں پر ‌ ‌ ‌ مل گئی آسانی سے فتح و ظفر

پس بدانستیم کو آزاد نیست ‌ ‌ ‌ جز بہ دنیا دلخوش و دلشاد نیست

جانا ہم نے نہیں آزاد وہ ‌ ‌ ‌ صرف دنیا سے ہے خوش اور شاد وہ

ورنہ چوں خندد کہ اہل آں جہاں ‌ ‌ ‌ بر بد و نیکند مشفق مہرباں

کیوں ہنسے ورنہ، کہ جو ہیں اولیا ‌ ‌ ‌ نیک و بد پر مہرباں ہیں برملا

طعنہ زنوں کے طعنے سے آنحضرت ﷺ کی آگاہی

ایں ہمی گفتند در زیر زباں ‌ ‌ ‌ آں اسیراں باہم اندر بحث آں

باتیں سب کرتے تھے وہ زیر زباں ‌ ‌ ‌ قیدی تھے اس بحث میں مصروف ہاں

تا موکل نشنود بر ما جہد ‏ ‏ ‏ خود سخن در گوش آں سلطاںؐ نہد

تا سپاہی سن نہ لے اور ہو خفا ‏ ‏ ‏ اور کہے سلطانؐ سے سارا ماجرا

گرچہ نشنید آں موکل ایں سخن ‏ ‏ ‏ رفت در گوشے کہ آں علم من لدن

گو نہ سن پایا سپاہی یہ سخن ‏ ‏ ‏ پہنچا لیکن تا بہ گوش من لدن[۲]

بوئے پیراہان یوسفؑ کے شنید ‏ ‏ ‏ آنکہ حافظ بود یعقوبش شنید

آئی کب پیراہن یوسفؑ کی بو ‏ ‏ ‏ پاسباں کو پہ ملی یعقوبؑ کو

آں شیاطیں بر عیان آسماں ‏ ‏ ‏ نشنوند آں سر لوح غیبداں

آسماں پہ کب شیاطیں سن سکے ‏ ‏ ‏ بھید جو اسے ہمراز، لوح غیب کے

آں محمدؐ خفتہ و تکیہ زدہ ‏ ‏ ‏ آمدہ سر گرد او گرداں شدہ

سو رہے تھے جب محمدؐ مصطفیٰ ‏ ‏ ‏ "بھید" آیا اور طواف اُنکا کیا

آں خورد حلوا کہ روزیش است باز ‏ ‏ ‏ آں نہ کانگشتان او باشد دراز

کھائے وہ حلوا جسے روزی ہوا ‏ ‏ ‏ انگلیاں لمبی کسی کی ہوں تو کیا

نجم ثاقب گشتہ حارس دیو راں ‏ ‏ ‏ کہ ہل دزدی ز احمدؐ سر ستاں

نجم ثاقب حارس شیطاں لیے ‏ ‏ ‏ چھوڑ چوری مصطفیٰؐ سے بھید لے

اے دویدہ سوئے دکاں از پگاہ ‏ ‏ ‏ ہیں بمسجد رو بجو رزق از الٰہ

اٹھ کر بھاگا تو دکاں کو صبح سے ‏ ‏ ‏ رزق تو مسجد میں جا کر رب سے لے

آنحضرتؐ کی طرف سے تبدیلِ ضمیر کا جواب

پس رسولؐ آں گفت شاں را فہم کرد ‏ ‏ ‏ گفت آں خندہ نبودم از نبرد

سمجھے ان کی گفتگو کو مصطفیٰؐ ‏ ‏ ‏ بولے وہ ہنسنا لڑائی سے نہ تھا

لہ یعنی آنحضرتؐ + ۲ے معرفت کا رازینہ والا کان یعنی رسول مقبول کا گوش مبارک + ۳ے چرکی ندا +

مردہ اند ایشاں و پوسیدہ فنا ‏ — مردہ کشتن نیست مردی پیش ما

مردہ ہیں وہ اور مقہور فنا ‏ — ہاں نہیں مردی مردوں کو مارنا

خود کیند ایشاں کہ مہ گردد شگاف ‏ — چونکہ من پا بفشرم اندر مصاف

وہ تو کیا ہیں، چاند کو ٹکڑے کروں ‏ — پاؤں میداں میں اگر میں گاڑ دوں

آنگہے کآزاد بودید و مہیں ‏ — من شما را بستہ میدیدم چنیں

جبکہ تم آزاد تھے اور تھے رہا ‏ — دیکھتا تھا میں یونہی تم کو بندھا

اے بنازیدہ بہ ملک خانماں ‏ — نزد عاقل اشترے بر نردباں

ہے جو تم کو ناز ملک و خانماں ‏ — عاقل اس کو جانتے ہیں رائگاں

نقش تن را تا فتاد از بام طشت ‏ — پیش چشمم کل آت آت گشت

فاش راز نقش تن جب ہو گیا ‏ — حال پھر ہر شے کا مجھ پہ کھل گیا

بنگرم در غورہ مے بینم عیاں ‏ — بنگرم در نیست شے بینم عیاں

غورہ میں میں دیکھتا ہوں مے عیاں ‏ — نیست میں ہستی کے ملتے ہیں نشاں

بنگرم سر عالمے بینم نہاں ‏ — آدمؑ و حواؑ نرستہ از جہاں

دیکھتا ہوں راز میں اسوقت کے ‏ — جبکہ پیدا آدمؑ و حواؑ نہ تھے

من شما را وقت ذرات الست ‏ — دیدہ ام پابستہ و منکوس و پست

میں نے تم کو اوّلاً وقت الست ‏ — سرنگوں دیکھا ہے اور پابند و پست

از حدوث آسمان بے عمد ‏ — آنچہ دانستہ بدم افزوں نشد

جب سے ہے یہ آسمان بے ستوں ‏ — کچھ نہیں دانست سے میری فزوں

من شما را سرنگوں میدیدہ ام ‏ — پیش از آں کز آب و گل بالیدہ ام

پہلے میں نے سرنگوں دیکھا تمہیں ‏ — پھر پڑا ہوں آب و گل کے دام میں

سلہ کچا انگور ۔

نو ندیدم تا کنم شادی بدان | این همی دیدم در آن اقبال تان
ہے نئی کیا بات جس کی ہو خوشی | تھا تمہارے اوج میں دیکھا یہی

بستۂ قهر خفی آنکه چو قهر | قند میخوردید و در وی بُد زهر
مبتلا جس میں تھے، مخفی تھا وہ قہر | قند کھاتے تھے مگر تھا اس میں زہر

چون چنین قندی پر از زهر عدو | خوش ننوشد پس حسد آید بدو
قند اک پُر زہر کھائے اک عدو | کیا کرے اس پر حسد اور رشک تو

با نشاط آن زهر میکردید نوش | مرگ تان خفیه گرفته هر دو گوش
زہر کھاتے تھے جو تم با صد خوشی | کان پکڑے موت نے اور جان لی

من همی کردم غزا از بهر آن | تا ظفر یابم فرا گیرم جهان
میں نہ کرتا تھا لڑائی اس لئے | تا کہ لے لوں ساری دنیا فتح سے

این جهان جیفه است و مردار و رخیص | بر چنین مردار چون باشم حریص
یہ جہاں ناقص بھی ہے مردار بھی | حرص کیا ہو مجھ کو اس مردار کی

سگ نیم تا پرچم مرده کنم | عیسیم آیم که تا زنده اش کنم
سگ نہیں ہوں جو میں مُردوں کے کروں | مثلِ عیسیٰ زندگی مُردوں کو دوں

زان همی کردم صفوف جنگ چاک | تا رهانم مر شما را از هلاک
میں صفِ جنگ اس لئے کرتا تھا چاک | تا بچو تم اور نہ ہو جاؤ ہلاک

زان نمی برّم گلوهای بشر | تا مرا باشد کرّ و فرّ حشر
کاٹتا ہوں کب گلے میں اس لئے | تا ہو شہرت اور کرّ و فر مرے

زان همی برّم گلوی چند تا | زان گلوها عالمی یابد رها
کاٹتا ہوں اس لئے میں کچھ گلے | تا کہ دنیا کو نجات ان سے ملے

که شما پروانه وار از جهل خویش | پیش آتش میکنید این حمله کیش
جاہلوں کی طرح تم پروانہ وار | پیش آتش کرتے تھے ہو وہی آشکار

من ہمے آلم شمار اے ہیچ و سست	از درافتادن در آتش باد و دست
ہوں بھگاتا مست کی صورت نہیں	تاکہ تم سب گر نہ جاؤ آگ میں
آنکہ خود را فتحہا پندا شتید	تخم منحوسی خود میکاشتید
فتح کا کرتے تھے تم اپنی گماں	بیج بوتے تھے نحوست کے یہاں
یکدگر را چاذ جدے خواندید	سوئے اژدرہا فرس میراندید
کو سمجھتے اک دوسرے کے جد کو تھے	جاتے تھے تم اژدہوں کے سامنے

باغی آسودگی میں بھی مقہور ہے

قہر میکرد بود اندر عین قہر	خود بُتما مقہور قہر شیر دہر
قہر تم کرتے تھے۔ خود تھے قہر میں	اور بہت مقہور تھے اس دہر میں
دزد قہر خواجہ کرد و زر کشید	او بدان مشغول بُد والی رسید
چور لے خواجہ کا مال و زر لیا	وہ تھا مصروف اس میں۔ مالک آگیا
گر ز خواجہ آں زماں بگریختے	کے بروے والی حشر انگیختے
بھاگتا اسوقت خواجہ سے اگر	ظلم کرتا خواجہ کیوں اس چور پر
قاہری دزد مقہوریش بود	زانکہ قہر او سر او را ربود
چور کا قہر اس کی مقہوری بنا	قہر اس کا اس کے سر کو لے اڑا
غالبی بر خواجہ دام او شود	تا رسد والی و بستاند قود
حملہ کرنا خواجہ پر تھا اسکا دام	خواجہ اس سے لینے آیا انتقام
ایکہ تو بر خلق چیرہ گشتۂ	در نبرد و غالبی آغشتۂ
ایک تو غالب ہوا ہے خلق پر	جنگ اور غلبے میں ہے آلودہ سر
آں بقاصد منہزم کردستشاں	تا ترا در حلقہ مے آردکشاں
بالارادہ وہ بھگاتا ہے اُنہیں	تاکہ تجھ کو کھینچکر لے گھیرے ہیں

هین عنان در کش پی این منهزم ‌ / در مران تا تو نگردی منهزم

ان کا پیچھا تو نہ کر اے مرد ہوش / تا نہ جا پڑے کہیں حلقہ بگوش

چون کشانندت بدین حیله بدام / جمله بینی بعد از آن اندر زحام

دام میں پھانسیں جو تجھ کو حیله گر / بعد از آں وہ سب تجھے آئیں نظر

عقل ازین غالب شدن کی گشت شاد / چون ازین غالب شدن آید فساد

عقل اس غلبے سے کب ہوتی ہے شاد / جبکہ اس غلبے میں ہے یکسر فساد

تیز چشمم آمد خرد بینای بیش / که خدایش سرمه کرد از کحل خویش

تیز آنکھیں ہیں خرد کی دوربیں / سرمۂ حق سے ہوئی ہیں سرمگیں

گفت پیغمبر که هستند از فنون / اهل جنت در خصومتها زبون

بولے پیغمبرؐ کہ از راہ فنون / اہل جنت ہیں خصومت سے زبوں

از کمال حزم و سوء الظن خویش / نی ز نقص و بددلی و ضعف کیش

کیونکہ وہ ہشیار ہیں اور بدگماں / بددلی اور ضعف مذہب ہے کہاں

در فره دادن شنوده در کمون / حکمت لولا رجالٌ مؤمنون[1]

شادمانی جب ملی اُن کو فزوں / تو سنا لولا رجالٌ مومنون

دست کوتاهی ز کفار لعین / فرض شد بهر خلاص مؤمنین

ہاتھ رکنا کافروں کے قتل سے / فرض تھا تا ہر مسلمان بچ سکے

قصۂ عهد حدیبیه بخوان / کف ایدیکم[2] تمامت آن بدان

ہاں حدیبیہ کی تو پڑھ داستاں / قول ایدیکمؔ سے ہو جا رازداں

[1] قوله تعالیٰ لولا رجال مؤمنون و نساء مؤمنات لم تعلموهم ان تطؤهم فتصیبکم منهم معرة بغیر علم یعنی اگر مکہ میں مومن مرد اور مومن عورتیں نہ ہوتیں کہ تم انکو نہیں جانتے تھے تو تمہیں لاعلمی کے باعث انہیں ہلاک کرنے کی صورت میں رنج پہنچتا۔

[2] قوله تعالیٰ هو الذی کف ایدیهم عنکم و ایدیکم عنهم اللہ ایسا ہے جس نے کافروں کے ہاتھ تم سے اور تمہارے ہاتھ کافروں سے باز رکھے۔

نیز اندر غالبی ہم خویش را ۔۔۔ دید او مغلوب دام کبریا

فتحمندی میں تھا اپنی دیکھتا ۔۔۔ اپنے کو مغلوب دام کبریا

ما رمیت اذ رمیت آمد خطاب ۔۔۔ گم شد او واللہ اعلم بالصواب

ما رمیت[1] اذ رمیت آیا خطاب ۔۔۔ گم ہوا وہ واللہ اعلم بالصواب

زاں ہمی خندم من از زنجیرتاں ۔۔۔ کہ بگیرم ناگہاں شبگیرتاں

لب ہوں زنجیروں پہ ہنستا اسلئے ۔۔۔ تا کروں حملہ میں شبخوں مار کے

زاں ہمی خندم من از زنجیر و غل ۔۔۔ میکشنم تاں سوئے سروستان و گل

طوق اور زنجیر پر ہنستا ہوں یوں ۔۔۔ تا تمہیں گلشن کی جانب کھینچ لوں

ای عجب کز آتش بے زینہار ۔۔۔ بستہ مے آریمتاں تا سبزہ زار

ہے تعجب اسقدر سخت آگ سے ۔۔۔ کھینچتا ہوں تم کو جانب باغ کے

از سوئے دوزخ بزنجیر گراں ۔۔۔ میکشم تاں تا بہشت جاوداں

سمت دوزخ سے بزنجیر گراں ۔۔۔ کھینچتا ہوں تا بہشت جاوداں

ہر مقلد را دریں رہ نیک و بد ۔۔۔ ہمچناں بستہ بحضرت میکشد

ہر مقلد ہو بھلا یا ہو برا ۔۔۔ کھینچتا ہے اللہ کی جانب بندھا

جملہ در زنجیر بیم و ابتلا ۔۔۔ میروند ایں رہ بغیر اولیا

بستہ زنجیر خوف و ابتلا ۔۔۔ جاتے ہیں اس راہ میں بے اولیا

میکشند ایں راہ را بیگار وار ۔۔۔ جز کسانے واقف از اسرار کار

وہ ہیں جوں بیگار اس رہ میں رواں ۔۔۔ ماسوا اُن کے جو ہیں اسرار داں

جہد کن تا نور تو رخشاں شود ۔۔۔ تا سلوک و خدمتت آساں شود

سعی کر تا نور ہو تاباں ترا ۔۔۔ اور سلوک راہ آساں ہو ذرا

[1] ما رمیت اذ رمیت ولکن اللہ رمٰی یعنی تو نے نہیں پھینکا جب تو نے پھینکا - مگر اللہ نے پھینکا ۔

کودکان را می‌برند مکتب بزور ‌ ‌ ‌ زانکہ ہستند از فوائد چشم کور

بچوں کو لے جاتے ہیں مکتب جبر سے ‌ ‌ ‌ وہ کب اس کے جانتے ہیں فائدے

چون شود واقف بمکتب می‌دود ‌ ‌ ‌ جانش از رفتن شکفتہ می‌شود

جب ہو واقف جائے مکتب دوڑتا ‌ ‌ ‌ ہو شگفتہ روح اس کی پر ملا

می‌رود کودک بمکتب پیچ پیچ ‌ ‌ ‌ چون ندید از مزد کار خویش ہیچ

جاتا ہے مکتب کو بچہ تھرتھرا ‌ ‌ ‌ کام کا پاتا نہیں جب کچھ صلا

چون کند در کیسہ دانگی دست مزد ‌ ‌ ‌ آنگہہ بیخواب گردد شب چو دزد

جب ہیں اپنی جو کچھ پیسے وہ پا سکے ‌ ‌ ‌ چور کی صورت نہ شب کو نیند آسکے

جہد کن تا مزد طاعت در رسد ‌ ‌ ‌ بر مطیعان آنگہت آید حسد

سعی کرتا پائے طاعت کا صلا ‌ ‌ ‌ ورنہ نیکوں پہ حسد ہو یہ بلا

سلہ ائتیا کرہاً مقلد گشتہ را ‌ ‌ ‌ ائتیا طوعاً صفا بسرشتہ را

ائتیا کرہاً مقلد کے لیے ‌ ‌ ‌ ائتیا طوعاً ولی کے واسطے

این محب حق ز بہر علتے ‌ ‌ ‌ وان دگر را بی‌غرض خود خلتے

دوست وہ حق کا ہے علت کے لئے ‌ ‌ ‌ بے غرض یہ صرف خلت کے لئے

این محب دایہ لیک از بہر شیر ‌ ‌ ‌ وان دگر دل دادہ بہر این ستیر

عشق دایہ کا ہے بہر شیر اسے ‌ ‌ ‌ دوسرا دلدادہ دایہ کے لئے

طفل را از حسن او آگاہ نے ‌ ‌ ‌ غیر شیر او را از و خود خواہ نے

طفل اسکے حسن سے ہے بے خبر ‌ ‌ ‌ دودھ ہی صرف اس کو چاہئے

وان دگر خود عاشق دایہ بود ‌ ‌ ‌ بی‌غرض در عشق یکرایہ بود

دوسرا خود عاشق دایہ ہوا ‌ ‌ ‌ بے غرض یکرنگ الفت میں رہا

سلہ وہ ہمارے پاس مجبوراً آسکے ٭

سلہ خلوص ٭

پس محب حق بامید و بترس | دفتر تقلید میخواند بدرس
دوست جو حق کا ہے باامید و ترس | دفتر تقلید کا لیتا ہے درس

وآں محب حق ز بہر حق کجاست | کہ ز اغراض و ز علتہا جداست
وہ محبت حق ہے کب بہر خدا | بلکہ وہ اغراض سے جو ہے جدا

گر چنین و گر چناں چوں طالب است | جذب حق او را سوئے حق جاذب است
ایسا اور ویسا جو ہے طالب ہوا | جذب ہو حق اس کو سوئے حق لیگیا

گر محبت حق بود لغیرہ | کے ینال دائما من خیرہ
گر محبت حق ہو غیروں کے لئے | بہرہ ور نیکی سے کب دائم ہے

یا محب حق بود لعینہ | لا سواہ خائفا من بینہ
ہو اگر الفت ہے عین خدا | پھر ہو اس کو دوسرے کا خوف کیا

عاشق کو معشوق کا جذب کرنا

ہر دو را ایں جستجوہا زاں سر است | ایں گرفتاری دل زاں دلبر است
ہیں متلاشی دونوں اس دربار سے | ہے گرفتاری دل اس یار سے

آمدیم آنجا کہ در صدر جہاں | گر نبودے جذب آں عاشق نہاں
دل میں اس صدر جہاں کے بیگماں | گر نہ ہوتا جذب عاشق کا نہاں

ناشکیبا کے بدے او از فراق | کے دواں باز آمدے سوئے وثاق
کیونکر وہ کیوں بے صبر ہوتا ہجر سے | جانب قید آتا پھر کیوں دوڑ کے

میل معشوقاں نہانست و ستیر | میل عاشق با دو صد طبل و نفیر
رغبت معشوق رہتی ہے نہاں | رغبت عاشق ہے پر شور اور عیاں

یک حکایت ہست اینجا ز اعتبار | لیک عاجز شد بخاری ز انتظار
اک حکایت اور بھی تھی معتبر | منتظر بے حد بخاری ہے مگر

ترک آں کردم کو در جستجو ست ۔ تا کہ پیش از مرگ بیند روئے دوست

اس لیئے چھوڑا کہ وہ ہے بیقرار ۔ تا کہ پیش از مرگ دیکھے روئے یار

تا رہد از مرگ و یابد او نجات ۔ زانکہ دید دوست ہست آب حیات

تا کہ چھوٹے موت سے پائے نجات ۔ کیونکہ دید دوست ہے آب حیات

ہر کہ دید او نباشد دفع مرگ ۔ دوست نبود کہ نہ میوہ ش نہ برگ

دید سے جس کی نہ ہو دفع اجل ۔ دوست وہ کیا اس میں ہے پتے ہیں نہ پھل

کار آں کار است اے مشتاق مست ۔ کاندر آں کار ار رسد مرگت خوش است

کام ہے وہ کام اے مشتاق یار ۔ موت جس میں آئے تو ہو خوشگوار

شد نشان صدق ایمان اے جواں ۔ آنکہ آید خوش ترا مرگ اندر آں

ہے نشان صدق ایماں اے جواں ۔ ہو جو وقت مرگ بھی تو شادماں

گر نشد ایمان تو اے جاں چنیں ۔ نیست کامل رو بجو اکمال دیں

صاحب ایماں نہیں ایسا جو تو ۔ جا کمال دیں کی کر پھر جستجو

ہر کہ اندر کار تو شد مرگ دوست ۔ بر دل تو بے کراہت دوست اوست

جس نے تیرے کام میں کی جاں فدا ۔ دوست بس وہ بے کراہت ہے ترا

چوں کراہت رفت آں خود مرگ نیست ۔ صورت مرگ است و نقلاں کردنیست

جب کراہت ہی نہیں پھر موت کیا ۔ موت کی صورت ہے صرف اک نقل جا

چوں کراہت رفت مردن نفع شد ۔ پس درست آمد کہ مردن دفع شد

جب مٹی نفرت ہے مرنا کام کا ۔ اس کو دفع مرگ کہنا ہے بجا

دوست حق است و کسے کش گفت او ۔ کہ توئی آں من و من آن تو

دوست حق کا وہ جسے حق نے کہا ۔ تو مری ہیں ملک تیری برملا

بخاری عاشق کا صدر جہاں کے پاس پہنچنا

گوش وا را اکنوں کہ عاشق میرسد ۔ بستۂ عشق او را حبل من مسد

سن کہ اب پہنچا وہ عاشق بے درد ۔ تھا جو پابستہ بحبلٍ من مسد

چوں بدید او چہرۂ صدر جہاں ۔ گوئیا پرید ش از تن مرغ جاں

جبکہ دیکھا چہرۂ صدر جہاں ۔ اڑ گیا اُس کے بدن سے مرغ جاں

جاں بجاناں شد او از خود باز رست ۔ بر سریر ملک جاویداں نشست

جان دی جاناں کو خود سے چھٹ گیا ۔ تخت ملک جاودانی کا ملا

ہمچو چوب خشک افتاد آں تنش ۔ سرد شد از فرق سر تا ناخنش

سوکھی لکڑی کی طرح تن گر پڑا ۔ سر سے ناخن تک وہ تھا ٹھنڈا ہوا

ہر چہ کردند از بخور و از گلاب ۔ نے بجنبید و نہ آمد در خطاب

دھونیاں دیں اور سنگھایا گلاب ۔ کی نہ حرکت اور نہ کچھ منہ سے کہا

کار نامد از بخار و از بخور ۔ جز کہ بوئے آں شہ با فر و نور

بے اثر تھے یہ بخار اور یہ بخور ۔ ماسوائے بوئے شاہ فر و نور

شاہ چوں دید آں مزعفر روئے او ۔ پس فرود آمد ز مرکب سوئے او

زرد چہرہ اسکا دیکھا شاہ نے ۔ آیا پاس اُسکے اُتر کر اسپ سے

گفت عاشق دوست می جوید بتفت ۔ چونکہ معشوق آمد آں عاشق برفت

بولا عاشق ڈھونڈتا ہے معشوق تھا ۔ جبکہ معشوق آیا۔ عاشق چل دیا

عاشق حقی و حق آنست کو ۔ چوں بیاید نبود از تو تار مو

عاشق حق تو ہے اور حق ہے یہی ۔ جب وہ آئے تو نہ باقی بال بھی

لہ بجھور کا چھال کی رسی سے ۔

صد چو تو فانیست پیش آں نظر — عاشقی بر نفی خود خواجہ مگر
اس نظر میں تجھ سے فانی ہیں ہزار — عاشق اپنی نفی پہ شاید ہے یار

سایۂ و عاشقی بر آفتاب — شمس آید سایہ لا گردد شتاب
تو ہے سایہ اور عاشق مہر کا — شمس اگر نکلے تو سایہ ہو فنا

چونکہ سر بر زد ز مشرق قرص خور — نہ ستارہ ماند و نہ از شب اثر
جب درخشاں شرق سے سورج ہوا — پھر ستاروں اور شب کا کیا پتا

از درِ دل چونکہ عشق آید درون — عقل رخت خویش اندازد برون
عشق جب دم دل میں اپنا گھر کرے — اپنا ساماں عقل باہر پھینک دے

ہمچو شیرے خوردہ با آہو دوچار — گشت آہو پیش شیر افتا و زار
جس طرح ہو شیر آہو سے دوچار — اور ہرن بیہوش ہو زار و نزار

ہمچو زورِ پشہ پیش تند باد — فہم کن واللہ اعلم بالسداد
زورِ پشہ جس طرح پیش ہوا — غور کر واللہ اعلم اے فتا

دربارِ سلیمانی میں مچھر کی فریاد

پشہ آمد از حدیقہ وز گیاہ — وز سلیمانؑ نبی شد دادخواہ
مچھر آیا باغ سے اور گھاس سے — داد خواہی تا سلیمانؑ سے کرے

کاے سلیمانؑ معدلت میپروری — بر شیاطین آدمی زاد و پری
اے سلیمانؑ ! تم ہو عادل سر بسر — ہر پری اور دیو اور انسان پہ

مرغ و ماہی در پناہ عدل تست — کیست آں گم گشتہ کش فضلت نجست
عدل سے پلتے ہیں مرغ اور مچھلیاں — فضل ہر کھو جانے والے پر عیاں

داد دہ ما را کہ بس زاریم ما — بے نصیب از باغ و گلزاریم ما
دو ہماری داد ہم بھی زار ہیں — بے نصیب گلشن و گلزار ہیں

مشکلاتِ ہر ضعیفے از تو حل — پشّہ باشد در ضعیفی خود مثل

مشکلیں کمزور کی ہیں تم سے حل — پشّہ کمزوری میں ہے ضرب المثل

شہرہ ما در ضعیف اشکستہ پری — شہرہ تو در لطف و مسکیں پروری

مشتہر ہے اپنی بے بال و پری — اور تمہارا لطف و مسکیں پروری

اے تو در اطباق قدرت منتہی — منتہی ما در کمی و گمرہی

تم ہو قدرت اور قوی کی انتہا — ہم کمی و گمرہی کی انتہا

داد دہ ما را ازیں غم کن جدا — دستگیر اے دستِ تو دستِ خدا

داد دو ہم کو کرو غم سے جدا — دستگیری ہو کہ ہو دستِ خدا

پس سلیمانؑ گفت اے انصاف جو — داد و انصاف از کہ میخواہی بگو

پھر سلیمانؑ بولے۔ اے انصاف جو — بول کس سے چاہتا ہے داد تو

کیست آں ظالم کہ از باد و بروت — ظلم کرد است و خراشید است روت

کون وہ ظالم ہے جس نے ظلم سے — کر دیا ہے اس طرح زخمی تجھے

اے عجب در عہدِ ما ظالم کجاست — کو نہ اندر حبس و در زنجیرِ ماست

ہیں ہمارے عہد میں ظالم کہاں — جو نہیں زنجیر میں قیدی یہاں

چونکہ ما زادیم ظلم آں روز مرد — پس بعہدِ ما کہ ظلمے پیش برد

ہم جب آئے۔ ظلم اسی دن مر گیا — ظلم پھر اس عہد میں کس نے کیا

چوں بر آمد نور ظلمت نیست شد — ظلم را ظلمت بود اصل و عضد

نور جب نکلا۔ ہوئی ظلمت فنا — ظلم کی ظلمت ہی ہوتی ہے بنا

نک شیاطیں کسب و خدمت میکنند — دیگراں بستہ باصفاد و بند

ہیں شیاطیں کسب و خدمت میں لگے — بعض زنجیروں میں ہیں جکڑے پڑے

اصل ظلم ظالماں از دیو بود — دیو در بند است استم چوں نمود

ظلم کی ان ظالموں سے تھی بنا — قید ہیں وہ۔ ظلم پھر کس نے کیا

ملک زاں دادست ما را کن فکاں ‏ ‏ ‏ تا ننالد خلق سوئے آسماں
ہے ہمیں ملک اس لئے حق نے دیا ‏ ‏ ‏ تا کرے کوئی نہ گردوں سے گلا

تا بہ بالا بر نیاید دودہا ‏ ‏ ‏ تا نگردد مضطرب چرخ و سہا
آسماں پر تا نہ جائے دودِ آہ ‏ ‏ ‏ اور نہ ہو چرخ و سہا اس سے سیاہ

تا نلرزد عرش از نالۂ یتیم ‏ ‏ ‏ تا نگردد از ستم جانے سقیم
تا نہ عرش آہِ یتیماں سے ہلے ‏ ‏ ‏ تا نہ ہو بد حال کوئی ظلم سے

زاں نہادیم از ممالک مذہبے ‏ ‏ ‏ تا نیاید بر فلکہا یا ربے
اس لئے ملکوں میں اک مذہب رکھا ‏ ‏ ‏ تا نہ آئے کوئی "یا رب" کی صدا

منگر اے مظلوم سوئے آسماں ‏ ‏ ‏ کآسمانی شاہ داری در زماں
کر نظر اپنی نہ سوئے آسماں ‏ ‏ ‏ آسمانی شاہ ہے موجود یاں

گفت پشہ دادِ من از دستِ باد ‏ ‏ ‏ کو دو دستِ ظلم بر ما برکشاد
بولا مچھر، ہے گلہ اس باد سے ‏ ‏ ‏ جس نے ہم پر ہاتھ کھولے ظلم کے

ما ز ظلمِ او بہ تنگی اندریم ‏ ‏ ‏ با لبِ بستہ ازو خوں میخوریم
ظلم سے اس کے ہوئے ہیں تنگ ہم ‏ ‏ ‏ چپ ہیں اور پیتے ہیں خونِ دل بہم

ظلم او بر ما صریحست و عیاں ‏ ‏ ‏ نیست ما را چارہ جز کردن بیاں
ظلم اس کا ہم پہ ہے بالکل عیاں ‏ ‏ ‏ تھا یہی چارہ کیا ہم نے بیاں

دادِ ما و انصافِ ما بستاں ازو ‏ ‏ ‏ اے کریم عادل اکرام خو
داد دیجے، چارہ جوئی کیجئے ‏ ‏ ‏ آپ منصف اور عادل ہیں بڑے

حضرت سلیمانؑ کا مچھر کو حکم دینا

پس سلیمانؑ گفت اے زیبا ودی ‏ ‏ ‏ امرِ حق باید کہ از جاں بشنوی
پس سلیمانؑ نے کہا اے خوش صدا ‏ ‏ ‏ حکم حق بھی چاہئے سننا ذرا

حق بمن گفتست ہان اے دادور ۔۔۔ مشنو از خصمے تو بے خصم دگر

حق نے یوں مجھ سے کہا اے پیشوا ۔۔۔ سن نہ یک طرفہ نہ ہو گر دوسرا

تا نیاید ہر دو خصم اندر حضور ۔۔۔ حق نیاید پیش حاکم در ظہور

دونوں دشمن ہوں نہ جبتک سامنے ۔۔۔ پیش حاکم جھوٹ سچ کیونکر کھلے

خصم تنہا گر برآرد صد نفیر ۔۔۔ ہان وہان بے خصم قول او مگیر

دشمن تنہا کرے سو زاریاں ۔۔۔ کر یقیں بے دوسرے کے تو نہ ہاں

من نیارم رو ز فرمان تافتن ۔۔۔ خصم خود را رو بیاور سوئے من

حکم حق سے منہ نہ پھیروں گا کبھی ۔۔۔ جا تو میرے پاس لا دشمن کو بھی

گفت قول تست برہان و درست ۔۔۔ خصم من بادست او در حکم تست

بولا مچھر سچ کہا اے نیک نام ۔۔۔ وہ ہوا ہے جو تمہاری ہے غلام

بانگ زد آں شہ کہ اے باد صبا ۔۔۔ پشہ افغان کرد از ظلمت بیا

دی صدا آخر کہ اے باد صبا ۔۔۔ پشہ فریادی ہے تجھ سے آگے آ

ہیں مقابل شو تو با خصم و بگو ۔۔۔ پاسخ خصم و بکن دفع عدو

سامنے دشمن کے آ کر کر بیاں ۔۔۔ مدعی کا دے جواب آ کر یہاں

باد چوں بشنید آمد تیز تیز ۔۔۔ پشہ بگرفت آن زمان راہ گریز

جب ہوا نے یہ سنا آئی وہ تیز ۔۔۔ پشہ نے اس وقت لی راہ گریز

پس سلیماں گفت کاے پشہ کجا ۔۔۔ باش تا بر ہر دو رانم من قضا

پس سلیماں بولے اے مچھر کہاں ۔۔۔ ہاں ٹھہر دونوں کا میں لونگا بیاں

گفت اے شہ مرگ من از بود اوست ۔۔۔ خود سیاہ ایں روز من از دود اوست

بولا مچھر جب وہ ہے تو میں کہاں ۔۔۔ ہے سیہ روزی مری اس کا دھواں

او چو آمد من کجا یابم قرار ۔۔۔ کہ برآرد از نہاد من دمار

جب ہوا آئی تو کہاں مجھ کو قرار ۔۔۔ ہے ہلاکت پھر مری بے اختیار

ہمچنیں جویندۂ درگاہِ خدا | چوں خدا آید شود جویندہ لا
ایسے ہی جو جائے درگاہِ خدا | جب خدا ملتا ہے، ہوتا ہے فنا

گرچہ آں وصلت بقا اندر بقاست | لیک از اوّل بقا اندر فناست
گو ہے وصل اُس کا بقا اندر بقا | پر فنا ہی میں بقا ہے بے فنا

سایہ ہائے کہ بود جویائے نور | نیست گردد چوں کند نورش ظہور
سارے سائے ڈھونڈتے رہتے ہیں نور | نیست ہوں جب نور کا دیکھیں ظہور

عقل کے ماند چو باشد سرِّ او | کلُّ شیءٍ ہالکٌ الّا وجہہٗ
عقل کیا ٹھہرے جو ہو وہ روبرو | کلُّ شیءٍ ہالکٌ الّا وجہہٗ[1]

ہالک آید پیشِ وجہش ہست و نیست | ہستی اندر نیستی خود طرفہ ایست
فانی اس کے سامنے ہر خشک و تر | نیست میں ہے ہست، یہ ہے طرفہ تر

اندریں محضر خردہا شد ز دست | چوں قلم اینجا رسید و سر شکست
اس جگہ ہے عقل کا گم راستا | جب قلم پہنچا یہاں سر رکھ دیا

باز گردم جانبِ صدرِ جہاں | در نوازش عاشقِ تو در نہاں
پھر چلوں میں جانبِ صدرِ جہاں | ہے نوازش میں جو عاشق کی وہاں

میکشد از بیہشی اش در بیاں | اندک اندک از کرم صدرِ جہاں
بیہشی میں کھینچتی ہے پُر بیاں | رفتہ رفتہ اُلفتِ صدرِ جہاں

عاشق بیہوش پہ معشوق کی نوازش

بر گرفتش سر نہادہ اندر کنار | بر رخش میکرد افشاندہ نثار
ہو گیا اس سے لپٹ کر ہمکنار | اس کے منہ پہ اشک کرتا تھا نثار

[1] یعنی ذات وحدہٗ لاشریک کے سوا تمام چیزیں ہلاک ہو جانے والی ہیں۔

بانگ زد در گوش او شہ کاے گدا — زر نثار آوردمت دامن کشا
کان میں آواز دی۔ ہاں لے گدا — کھول دامن میں ہوں مصروف عطا

جان تو کاندر فراقم مے طپید — چونکہ زنہارش رسیدم چوں نمید
میری فرقت میں تپاں تھی جاں تری — ہیں پناہ وہ جاں تھا۔ پھر کیوں جان دی

اے پدیدہ در فراقم گرم و سرد — با خود آ از بیخودی و باز گرد
ہجر میں میرے سہا اچھا برا — بیخودی کو چھوڑ اب آپے میں آ

مرغ خانہ اشترے را بیخرد — رسم مہمانش بخانہ مے برد
اک شتر کو ایک مرغ خانہ زاد — لے چلا مہماں بنا کر شاد شاد

چوں بخانہ مرغ اشتر پا نہاد — خانہ ویراں گشت و سقف اندر فتاد
اونٹ نے جب پاؤں اس گھر میں رکھا — گر پڑی چھت اور گھر ویراں ہوا

خانہ مرغست عقل و ہوش را — ہوش صالح طالب ناقہ خدا
ہاں یہ عقل و ہوش ہیں گھر مرغ کا — ہوش طالب ناقہ حق کا ہوا

ناقہ چوں سر کرد در آب و گلش — نے گل آنجا ماند نے جان و دلش
آب و گل میں جب جگہ ناقے نے کی — پھر نہ جاں باقی۔ نہ گل باقی رہی

کرد فضل عشق انسان را فضول — زیں فزون جوئی ظلومست و جہول
عشق نے بے باک انساں کو کیا — وہ اسی سے ظالم و جاہل بنا

جاہلست و اندریں مشکل شکار — میکشد خرگوش شیرے در کنار
جاہلی یہ ہے کہ ہے مشکل شکار — شیر سے خرگوش ہے اک ہمکنار

کے کنار اندر کشیدے شیر را — گر بدانستے و دیدے شیر را
شیر کو آغوش میں کب کھینچتا — شیر سے ہوتا اگر وہ آشنا

ظالمست او بر خود و بر جان خود — ظلم بیں کز عدلہا گو مے برد
ظالم اپنا ہے اور اپنی جان کا — ظلم غالب عدل پر ہے بر ملا

جہل او مر علمہا را اوستاد ۔۔۔ ظلم او مر عدلہا را شد رشاد

جہل اسکا علم کا استاد ہے ۔۔۔ مرشد انصاف ہر بیداد ہے

[۱] دست او بگرفت کایں رفتہ دمش ۔۔۔ آنگہے آید کہ من دم بخشمش

ہاتھ پکڑا اور کہا دم اسمیں ہاں ۔۔۔ آئیگا جب بخششوں میں دم بیگماں

چوں بمن زندہ شود ایں مردہ تن ۔۔۔ جان من باشد کہ رو آرد بمن

مردہ کو مجھ سے ملی گر زندگی ۔۔۔ ہو گا میرا دوست، میری جان بھی

من کنم او را ازیں جاں محتشم ۔۔۔ جاں کہ من بخشم ببیند بخششم

جان دیکر اس کو بخشوں عزتیں ۔۔۔ جاں میں دوں، اور وہ دیکھے بخششیں

جان نامحرم نہ بیند روئے دوست ۔۔۔ جز ہماں جاں کاصل او از کوئے اوست

جان نامحرم نہ دیکھے روئے یار ۔۔۔ ہاں مگر وہ جس کا گھر ہے کوئے یار

در دمم قصاب[۲] وار ایں دوست را ۔۔۔ تا ہلد آن مغز نغزش پوست را

جوں قصائی دوست میں پھونکوں گا دم ۔۔۔ پوست چھوڑا مغز نے ۔ تو کیا ہے غم

گفت اے جان رمیدہ از بلا ۔۔۔ وصل ما را در کشادیم الصلا

بولا اے جاں جو بلا سے ہے رہا ۔۔۔ وصل کا در کھل گیا آجا اندر آ

اے خود ما بیخودی و مستیت ۔۔۔ اے ز ہستت ہا ہمارہ ہستیت

اے خودی میری ہے تیری بیخودی ۔۔۔ اے مری ہستی سے تیری زندگی

با تو بے لب ایں زماں من نو بنو ۔۔۔ رازہائے کہنہ میگویم شنو

بے زبان و لب ہیں تجھ سے اس گھڑی ۔۔۔ کہ رہا ہوں چند راز کہنگی

زانکہ ایں لبہا ازاں دم میرمند ۔۔۔ بر لب جوئے نہاں بر میدمند

کیونکہ یہ لب ان دموں سے ہیں رمان[۳] ۔۔۔ ساحل جوئے نہاں پر ہیں عیاں

---

۱ یہاں سے پھر قصہ شروع ہوا۔

۲ بھاگنے والا۔ ۳ جان سے مراد ہے۔

گوش بے گوشی دریں دم برگشا | بہرِ رازِ یفعل اللہ ما یشا
گوشِ بے گوشی کو کھول اب اے فنا | بہرِ رازِ یفعل اللہ ما یشا

چوں صلائے وصل بشنیدن گرفت | اندک اندک مردہ جنبیدن گرفت
جب صدائے وصل کانوں میں پڑی | تھوڑی تھوڑی مُردے میں جنبش ہوئی

نے کم از خاکست کز عشوۂ صبا | سبز پوشد سر برآرد از فنا
خاک سے وہ کم ہے کیا۔ باد صبا | سبز پوشی جس کو کرتی ہے عطا

کم ز آبِ نطفہ نبود کز خطاب | یوسفاں زاینید رخ چوں آفتاب
کم نہیں نطفے سے جس سے کبریا | کر دے پیدا یوسفانِ مہ لقا

کم ز بادے نیست شد از امرِ کن | در رحم طاؤس و مرغِ خوش سخن
باد سے کیا کم ہے۔ جبدم "کن" کہا | مور بس پیدا رحم میں ہو گیا

کم ز نارے نیست کز امرِ سلام | گلستاں شد بر خلیلؑ خوش کلام
آگ سے کیا کم ہے جب بھیجا سلام | تو وہ ابراہیمؑ پہ ٹھہری حرام

کم ز چوبے نیست در دفعِ عدو | گشت اژدرہائے منکر زامرِ او
کم ہے کیا لکڑی سے۔ دشمن کے لئے | حکمِ حق پاتے ہی جو اژدر بنے

کم ز کوہ و سنگ نبود کز ولاد | ناقہ کاں ناقہ ناقہ زاد زاد
کم نہیں ہرگز وہ کوہ و سنگ سے | اونٹنی کی طرح جو ناقہ جنے

زاں ہمہ بگذر نہ آں مایہ عدم | عالمے زاد و بزاید دم بدم
چھوڑ ان سب کو عدم سے کیا ہے کم | جس سے اک عالم ہے پیدا دمبدم

[1] یعنی اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے کرتا ہے ۔

عاشق بیہوش کا ہوش میں آنا

بر جہید و بر طپید او شاد شاد　　یک دو چرخے زد و سجود اندر فتاد
کُھل کھلایا اور تڑپا خوش ہوا　　کھا کے چکر سجدے میں وہ گر پڑا

بشگفید از روئے او دلشاد شد　　در وصال از بندِ ہجر آزاد شد
دیکھ کر اس کو ہوا دل شاد وہ　　قیدِ فرقت سے ہوا آزاد وہ

گفت اے عنقائے حق جاں را مطاف　　شکر کہ باز آمدی زاں کوہ قاف
بولا۔ اے عنقائے حق کر کے طواف　　شکر ہے۔ لوٹا ز راہ کوہ قاف

اے سرافیلِ قیامت گاہِ عشق　　اے تو عشقِ عشق و اے دلخواہِ عشق
اے سرافیلِ قیامت گاہِ عشق　　عشق کے عشق اور اے دلخواہ عشق

اوّلیں خلعت کہ خواہی اد نَمَم　　گوش خواہم کہ نہی بر روزنم
پہلا خلعت چاہیے گر دینا مجھے　　چاہتا ہوں بات تو میری سنے

گرچہ میدانی بصفوت حالِ من　　بندہ پرور گوش کن اقوالِ من
گو کہ تو واقف ہے میرے حال سے　　بندہ پرور اب ہو واقف قال سے

صد ہزاراں بار اے صدرِ فرید　　ز آرزوئے گوشِ تو ہوشم پرید
ہوش لاکھوں بار اے صدرِ جہاں　　تیری باتیں سننے کو تھے رائگاں

آں سمیعی تو و آں اصغائے تو　　واں تبسمہائے جاں افزائے تو
وہ ترا سننا وہ گوشِ آشنا　　اور وہ تیرا مسکرانا جانفزا

آں نیوشیدن کم و بیش مرا　　عشوہ جانِ بد اندیش مرا
اور وہ سننا ترا کم اور سوا　　عشوہ میری جانِ بد اندیش کا

قلبہائے من کہ آں معلوم تست　　بپذیرفتی تو چوں نقدِ درست
کھوٹ جتنے تھے۔ تجھے معلوم تھے　　تو نے مثلِ نقد وہ سب چن لیے

بهر گستاخے و شوخے غرّہ | حلمہا در پیش حلمت ذرّہ
بے ادب کو حلم کر کے چھوڑ دے | حلم ذرّہ آگے تیرے حلم کے

اوّلاً بشنو کہ چوں ماندم ز شست | اول و آخر ز پیش من بجست
پہلے یہ سن جب میں نکلا شست سے | اول و آخر سے چھٹکارے سے

ثانیاً بشنو تو اے صدر ودود | کہ بسے گشتم ترا ثانی نبود
دوسرے اے صدر میں ہر سو پھرا | کوئی دنیا میں ترا ثانی نہ تھا

ثالثاً تا از تو بیروں رفتہ ام | گوئیا ثالث ثلاثہ گفتہ ام
تیسرے جب سے میں تجھ سے ہوں پھرا | تین گویا کر لئے میں نے خدا

رابعاً چوں سوخت ما را مزرعہ | مے ندانم خامسہ از رابعہ
چوتھے یہ جیسے ہی مری کھیتی جلی | چار کی اور پانچ کی حس ہی نہ تھی

خامساً از ہجرت اے صدر جہاں | از حواس خمسہ بودم در زیاں
پانچویں غم میں ترے صدر جہاں! | تھا حواس خمسہ کا میرے زیاں

سادساً از شش جہت بیرون تو | گوئیا بارید بر من غم دو تو
اور چھٹے یہ شش جہت سے بے ترے | مجھ پہ برسے تیشہ غم و اندوہ کے

سابعاً از شام من ندانم ضالہ ام | خوں ہمے گرید فلک از نالہ ام
ساتویں ہوں آنکھوں سے بے خبر | ہے فلک خونبار میرے نالے پہ

ہر کجا یابی تو خوں بر خاکہا | پے بری باشد یقیں از چشم ما
جس جگہ تو خاک پہ خوں پائے گا | میری آنکھوں سے وہ ہے برسا ہوا

گفت من رعد است و ایں بانگ و حنیں | ژالہ بر خواہد تا بارد بر زمیں
نطق میرا رعد ہے نالے مرے | ابر کو بھی ہیں رلانا چاہتے

من میان گفت و گریہ مے تنم | یا بگریم یا بگویم چوں کنم
درمیان نطق و گریہ ہوں یہاں | روؤں یا باتیں کروں میں خستہ جاں

گر بگویم فوت میگردد بکا — ور بگریم چون کنم مدح و ثنا
کچھ کہوں تو فوت ہوتی ہے بکا — روؤں تو کیونکر کروں مدح و ثنا

می فتد از دیده خونِ دل شہا — بین چه افتادست از دیده مرا
خونِ دل جاری ہے آنکھوں سے شہا — دیکھ ان آنکھوں سے کیا پیش پڑا

این بگفت و گریه در شد آن نحیف — که برو بگریست هم دون هم شریف
یہ کہا اور ایسا رویا وہ نحیف — اس پہ روئے سارے ادنیٰ اور شریف

از دلش چندان برآمد ہائے ہو — حلقه کرد اہلِ بخارا گرد او
ہاؤ ہو سے اس قدر نالے کئے — جمع سب اہلِ بخارا ہو گئے

خیره گویان خیره گریان خیره خند — مرد و زن خرد و کلان جمع آمدند
روتے تھے ہنستے تھے یا تھے طعنہ زن — جمع تھے جتنے وہاں سب مرد و زن

شہر ہم ہمرنگ او شد اشک ریز — مرد و زن درہم شده چون رستخیز
اہلِ شہر اس کی طرح رونے لگے — مرد و زن سب درہم و برہم ہو گئے

آسمان میگفت آندم با زمین — گر قیامت را ندیدستی ببین
آسماں کہتا تھا فرشِ خاک سے — گر نہیں دیکھی قیامت تو دیکھ لے

عقل حیران که چه عشق است و چه حال — یا فراق او عجب‌تر یا وصال
عقل حیراں تھی یہ کیا ہے عشق و حال — ہجر اس کا ہے نرالا یا وصال

چرخ برخوانده قیامت نامه را — یا مجرّه بردریده نامه را
آسماں نے حشر نامہ پڑھ دیا — کہکشاں نے یا ہے خط پرزے کیا

با دو عالم عشق را بیگانگیست — و اندر آن ہفتاد و دو دیوانگیست
عشق کو کونین سے بیگانگی — ہے بہتر قسم کی دیوانگی

سخت پنہانست و پیدا حیرتش — جانِ سلطانانِ جان در حسرتش
حیرتیں اس کی نہاں ہیں اور عیاں — اس کی حسرت میں ہے ہر سلطانِ جاں

غیر ہفتاد و دو ملت کیش او ۞ تخت شاہاں تختہ بندی پیش او

اس کا مذہب ہے بہتر سے جدا ۞ تخت شاہی اس کے آگے چیز کیا

مطرب عشق این زند وقت سماع ۞ بندگی بند و خداوندی صداع

عشق یوں گاتا ہے ہنگام سماع ۞ بندگی قید اور آقائی صداع

پس چہ باشد عشق دریائے عدم ۞ در شکستہ عقل را آنجا قدم

عشق کیا ہے۔ ایک دریائے عدم ۞ عقل کے اس جا شکستہ ہیں قدم

بندگی و سلطنت معلوم شد ۞ زین دو پردہ عاشقی مکتوم شد

بندگی و سلطنت معلوم ہے ۞ عشق انہیں پردوں میں تو معدوم ہے

کاشکے ہستی زبانے داشتے ۞ تا زہستان پردہ ہا برداشتے

کاش ہستی کی زباں ہوتی کوئی ۞ پردے مستوں کے اٹھا دیتی کبھی

ہرچہ گوئیم اے دم ہستی ازاں ۞ پردۂ دیگر برو بستی بداں

ہے مری باتوں سے ہستی پر ملا ۞ دوسرا پردہ یہ اس پر پڑ گیا

آفت ادراک آں حال است و قال ۞ خون بخوں شستن محال است و محال

حال کے ادراک کی آفت ہے قال ۞ خون سے ہے خون کا دھونا محال

من چو با سودائیانش محرمم ۞ روز و شب اندر قفص در میدمم

محرم سودائیان حق ہوں ہاں ۞ پھونکوں ہاں افسوں قفس میں ہر زماں

سخت مست و بیخود و آشفتۂ ۞ دوش اے جاں بر چہ پہلو خفتۂ

ہے تو اتنی مست و بیخود ہر گھڑی ۞ کل تو اے جاں سوئی کس کروٹ پڑی

ہاں و ہاں ہشدار بر ناری دمے ۞ اولا بر جہ طلب کن محرمے

دم نہ ہرگز مار ہاں ہشیار ہو ۞ ڈھونڈ پہلے محرم اسرار کو

سلہ یعنی بہتر فرقوں سے ۞ سلہ دردسر ۞

سلہ یعنی جسم کے پنجرے میں ۞

عاشق و مستی و بگشادہ زباں | اللہ اللہ اشترے بر نردباں[1]
مست و عاشق ہو کے یوں کھولے زباں | اللہ اللہ اونٹ ہو اور نردباں

چوں ز راز و ناز او گوید زباں | یا جمیل الستر خواند آسماں
اس کے راز و ناز جب کھولے زباں | یا جمیل الستر[2] بولے آسماں

ستر چہ در پشم و پنبہ آذرست | تو ہمی پوشی و او رسواترست
ستر کیا ہے ـ آگ روئی کے لیے | وہ ہے رسوا، تو چھپاتا ہے اسے

چوں بکوشم تا سرش پنہاں کنم | سر برآرد چوں علم کاینک منم
ہیں کروں کوشش سے گر اسکو نہاں | یوں کہے مثل علم میں ہوں یہاں

رغم انفم گیردم او ہر دو گوش | کاے مدمغ چونش میپوشی بپوش
خوار کر کے کان پکڑے میرے ہاں | اے مدمغ کر، جو کرتا ہے نہاں

گویمش رو گرچہ بر جوشیدۂ | ہمچو جاں پیدائی و پوشیدۂ
میں کہوں جا، جوش میں ہے بیقرار | مثل جاں تو ہے نہاں اور آشنا

گوید او محبوس خنب است ایں تنم | چوں مے اندر بزم خنبک میزنم
وہ کہے محبوس خم ہے تن مرا | بزم میں ہوں مثل مے جوش آشنا

گویمش زاں پیش کہ گردی گرو | تا نیاید آفت مستی برو
میں کہوں تو ہو نہ جائے مبتلا | آفت آ جائے نہ اس مستی میں جا

گوید از جام لطیف آشام من | یار روزم تا نماز شام من
وہ کہے ـ ہے جام میرا بادہ بار | صبح سے تا شام میں ہوں [illegible]

چوں بیاید شام و دزدد جام من | گویمش وادہ کہ نامد شام من
شام میرے جام کو جب لے چرا | میں کہوں ـ ہے شام دور ـ اب جام لا

[1] سیڑھی + [2] یعنی اسے اللہ چھپائے +

زاں عرب بنہاد نام مے مدام ‌ زانکہ سیری نیست مے خوار را مدام

مے کو کہتے ہیں عرب والے "مدام" ‌ کیونکہ سیری اس سے ہے بس ناتمام

عشق جوشد بادۂ تحقیق را ‌ او بود ساقی نہاں صدیق را

عشق اُبالے بادۂ تحقیق کو ‌ چھپ چھپا کر دے پلا صدیق کو

چوں بجوئی تو بہ توفیق حسن ‌ بادہ آبِ جاں بود ابریق تن

جب تو ڈھونڈے پا کے توفیقِ حسن ‌ آبِ جاں بادہ ہو، پیمانہ بدن

چوں بیفزاید مئے توفیق را ‌ قوت مے بشکند ابریق را

جب مئے توفیق میں جوش آ گیا ‌ ظرف مے کے زور سے ٹکڑے ہوا

آب گردد ساقی و ہم مست آب ‌ خود بگو واللہ اعلم بالصواب

آب ہو ساقی بنے خود مست آب ‌ اب تو کہہ واللہ اعلم بالصواب

پرتو ساقیست کاندر شیرہ رفت ‌ شیرہ بر جوشید رقصاں گشت و زفت

پرتوِ ساقی ہے شیرے میں ملا ‌ شیرہ رقص و جوش میں ہے آ گیا

اندریں معنی بپرس آں خیرہ را ‌ کہ چناں کے دیدہ بودی شیرہ را

پوچھ اب اُس سے جسے ہے خیرگی ‌ ایسا بھی دیکھا تھا شیرے کو کبھی

بے تفکر پیش ہر دانندہ ہست ‌ آنکہ با گردندہ گرداندہ ہست

بے تأمل جانے ہر دانا اجی ‌ جو ہے گردندہ ہے گرداندہ بھی

ایک مہجور و آفت زدہ عاشق کی حکایت

یک جوانے بر زنے عاشق شدہ است ‌ روز و شب بے خواب و بے خور آمدہ است

اک جواں تھا ایک عورت پر فدا ‌ رات دن بے خواب اور بے خور رہا

سلہ یعنی جو چیز ایک حالت سے دوسری حالت میں بدلی جاتی ہے۔ وہ اور کو بھی بدل دیتی ہے۔ جیسا کہ شیرۂ انگوری سے ظاہر ہے۔ ؏

بیدل و شوریدہ و مجنون و مست — مے ندادش روزگار وصل دست

بیدل و شوریدہ اور مجنوں ہوا — وصل حاصل اسکو ہوتا ہی نہ تھا

بس شکنجہ کرد عشقش بر زمین — خود چرا دارد ز اوّل عشق کین

عشق نے کھینچا شکنجے میں اُسے — عشق کو کینہ ہے جانے کس لئے

عشق از اوّل سرکش و خونی بود — تا گریزد آنکہ بیرونی بود

عشق خونی روزِ اوّل سر اُٹھائے — تا کہ جو ہو بوالہوس وہ بھاگ جائے

چون فرستادے رسولے پیش زن — آں رسول از رشک گشتے راہزن

بھیجتا جب کوئی قاصد سوئے زن — رشک سے ہوتا وہ اُس کا راہزن

ور بسوئے زن نبشتے کاتبش — نامہ را تصحیف خواندے نائبش

نامہ عورت کو جو کوئی بھیجتا — پڑھنے والا اور کچھ دیتا سنا

ور صبا را پیک کردے در وفا — از غبارے تیرہ گشتے آن صبا

نامہ بر ہوتی اگر بادِ صبا — گرد سے ہوتی وہ تیرہ جا بجا

رقعہ گر بر پرّ مرغے دوختے — پرّ مرغ از تفِ رقعہ سوختے

باندھتا رقعہ جو پرّ مرغ پر — سوزشِ الفت سے جلتے تھے پر

راہہائے چارہ را غیرت ببست — لشکرِ اندیشہ را رایت شکست

راہیں چارہ کی حیا نے بند کیں — ٹوٹا فوجِ فکر کا جھنڈا وہیں

بود اوّل مونسِ غم انتظار — آخرش بشکست کہ ہم انتظار

اوّل اوّل ہمنشیں تھا انتظار — ٹوٹا اس سے گو وہ غم انجام کار

گاہ گفتے کایں بلائے بے دواست — گاہ گفتے کایں حیاتِ جانِ ماست

گاہ کہتا یہ بلا ہے لا دوا — اور کبھی کہتا کہ یہ ہے جانفزا

گاہ ہستی زو برآوردے سرے — گاہ او از نیستی خوردے برے

وہ کبھی ہستی سے تھا جھنجھوڑا ہوا — اور کبھی تھا نیستی سے آشنا

گاہ فریادش بگردوں بر شدے	گہ خیالِ دلبرش ہمدم بُدے
نالہ اس کا تھا کبھی چرخ آشنا	اور کبھی ہمدم خیالِ یار تھا
چونکہ بے وے سرد گشتے ایں نہاد	جوش کردے گرم چشمۂ اتحاد
سرد ہو جاتا تھا جب اسکا نہاد[1]	جوش دیتی اس کو جوئے اتحاد
چونکہ با بے برگیِ غربت بساخت	برگِ بے برگی بسوئے او بتاخت
چونکہ وہ غربت میں بے ساماں تھا	تھیں وہ بے سامانیاں برگ و نوا
خوشہائے فکرتش بیگاہ شد	شب روانرا رہنما چوں ماہ شد
فکر کا ہر خوشہ جب کملا گیا	رہنما شب کے مسافر کا ہوا
اے بسا طوطیِ گویائے خمش	اے بسا شیریں رواں رو ترش
ہیں بہت سے طوطی گویا خموش	ہیں بہت ترش طبع جو ہیں قند جوش
رو بگورستاں دمے خامش نشیں	آں خموشانِ سخن گو را ببیں
بیٹھ گورستان میں خاموش جا	سن خموشی کہ رہی ہے تجھ سے کیا
لیک اگر یک رنگ بینی خاکِ شاں	نیست یکساں حالتِ چالاکِ شاں
خاک ان کی دیکھے تو یکرنگ اگر	ایک حالت ہے کبھی باور نہ کر
شخص و لحمِ زندگاں یکساں بود	آں یکے غمگیں و دیگر شاد بود
جسم یکساں جینے والوں کا ہے پر	ایک غمگیں۔ دوسرا ہے شاد تر
تو چہ دانی تا ننوشی قالِ شاں	زانکہ پنہاں است بر تو حالِ شاں
کس طرح سمجھے نہ جب تک ہو بیاں	کیونکہ اُن کا حال تجھ سے ہے نہاں
بشنوی از قال ہائے و ہوئے را	کے ببینی حالتِ صد توئے را
گفتگو سے رازِ ہا و ہو کھلے	حال پوشیدہ تو کیونکر دیکھ لے

[1] اصل یعنی عشق۔

نفسها یکساں بضد ہا متصف	خاک ہم یکساں روانشاں مختلف
نفس یکساں ہیں ضدوں سے متصف	خاک یکساں۔ پر ہیں جانیں مختلف
ہمچنیں یکساں بود آوازہا	آں یکے پُر درد و آں پُر نازہا
جملہ آوازیں ہیں یکساں بالیقیں	اک مگر ہے درد۔ اک ناز آفریں
بانگِ اسپاں بشنوی اندر مصاف	بانگِ مرغاں بشنوی اندر طواف
جنگ میں سنتا ہے گھوڑوں کی صدا	طوف میں سنتا ہے چڑیوں کی نوا
آں یکے از حقد و دیگر ز ارتباط	آں یکے از رنج و دیگر از نشاط
اس میں کینہ اور اُس میں ارتباط[1]	اس میں ہے رنج اور اُس میں آغاز نشاط
ہر کہ دُور از حالتِ ایشاں بوَد	پیشش آں آوازہا یکساں بوَد
دُور ہے جو اُنکی حالت سے کوئی	ہیں اُسے یہ سب صدائیں ایک سی
آں درختے جنبد از زخمِ تبر	واں درختِ دیگر از بادِ سحر
پیڑ اک زخمِ تبر سے ہل پڑے	دوسرا جھونکے نسیمِ صبح سے
بس غلط گشتم ز دیگِ مردہ ریگ	زانکہ سرپوشیدہ میجوشید دیگ
دیگ سے مفلس کی دھوکا کھا گیا	دیگ کا مُنہ بند وقتِ جوش تھا
جوش و نوشِ ہر کسے گوید بیا	جوشِ صدق و جوشِ تزویر و ریا
سب کو بلاتا جوش ہر اک چیز کا	جوشِ صدق اور جوشِ تزویر و ریا
گر نداری نورِ جانِ[2] روشناس	رَو دماغے دست آور بوشناس
نورِ جاں سے گر نہیں تو روشناس	جا دماغ اب لا کہیں سے بوشناس
آں دماغے کہ برآں گلشن تند	چشمِ یعقوباں ہم او روشن کند
ایسا جس پر گلستاں اکڑے تنے	چشمِ یعقوباں کو جو روشن کرے

[1] ربطِ محبت ۔

[2] یعنی عاشق لوگ ۔

عاشق کا معشوق کو پانا

ہیں بگو احوالِ آں خستہ جگر　　کز بخاری دُور ماندیم اے پسر!

حال اُس خستہ جگر کا اب سُنا　　ہم بخاری سے ہیں عرصے سے جدا

کایں جواں در جستجو بُد ہشت سال　　از خیالِ وصل گشتہ چوں خیال

اسکو گذرے جستجو میں آٹھ سال　　تھا خیالِ وصل میں یکسر خیال

سایۂ حق بر سرِ بندہ بود　　عاقبت جویندہ یابندہ بود

حق کا سایہ ہے سرِ مخلوق پر　　جس نے ڈھونڈا اُس نے پایا سربسر

گفت پیغمبر کہ چوں کوبی درے　　عاقبت زاں در بروں آید سرے

بولے پیغمبر جو تُو کھٹکائے در　　آخر اُس سے جلد نکلے کوئی سر

چوں نشینی بر سرِ کوئے کسے　　عاقبت بینی تو ہم روئے کسے

جب کسی کے کوچے میں بیٹھے گا تُو　　مُنہ کسی کا بالیقیں دیکھے گا تو

چوں ز چاہے میکنی ہر روز خاک　　عاقبت اندر رسی در آبِ پاک

جس کنوئیں سے روز تُو کھینچے گا خاک　　نکلے گا آخر کو اس میں آبِ پاک

جملہ دانند ایں اگر تو نگروی　　ہرچہ میکاریش روزے بدروی

سب ہیں واقف چاہے تو منکر رہے　　تونے جو بویا ہے۔ کاٹے گا اُسے

سنگ بر آہن زدی آتش نجست　　ایں نباشد ورنباشد نادرست

آگ نکلی لوہے پہ پتھر لگا　　ایسا ہو گا اور نہ ہو تو بات کیا

آنکہ روزی نیستش بخت و نجات　　ننگرد عقلش مگر در نادرات

اور جسے حاصل نہیں بخت و نجات　　دیکھے اس کی عقل کیا جز نادرات

کاں فلانکس کشت کرد و بر نداشت　　واں صدف برد و صدف گوہر نداشت

یہ کہ اُسنے بویا کچھ حاصل نہ تھا　　لی صدف لیکن نہ گوہر مل سکا

بلعم باعور و ابلیس لعین [۱] — سود نامدشان عبادتها و دین

بلعم باعور و ابلیس لعین — طاعتیں دونوں کی ناکارہ رہیں

صد هزاران انبیا و رهروان — ناید اندر خاطر آن بدگمان

انبیا لاکھوں ہزاروں پیشوا — بدگماں کے دل میں کب پاتے ہیں جا

این دو را گیرد که تاریکی دهد — در دلش ادبار جز این کی نهد

ہے انہیں کے حال سے تاریکیاں — دوسروں کی دل میں گنجائش کہاں

بس کسا کہ نان خورد دلشاد او — مرگ او گردد بگیرد در گلو

ہیں بہت سے جو کہ روٹی کھاتے تھے — حلق میں اٹکی جو روٹی مر گئے

پس تو ای ادبار رو نان هم مخور — تا نیفتی همچو او در شور و شر

تو بھی اے بدبخت روٹی چھوڑ دے — شور و شر میں تا نہ مثل اس کے رہے

صد هزاران خلق نانها میخورند — زور می‌یابند و جان می‌پرورند

لاکھوں انساں روز و شب کھاتے ہیں نان — زور پائیں اور پالیں اپنی جان

تو بدان نادر کجا افتادهٔ — گر نه محرومی و ابله زادهٔ

تو ہے اس نادر میں کیوں الجھا ہوا — گر نہیں نادان و محروم صفا

این جهان پر آفتاب و نور ماه — تو بهشته سر فرو برده به چاه

روشنی ہے آفتاب و ماہ میں — سر جھکا کے تو پڑا ہے چاہ میں

که اگر حقست کو آن روشنی — سر ز چه بردار و بنگر ای دنی

گنبد میں حق ہے تو کہاں وہ روشنی — سر اٹھا کر چاہ سے دیکھ لے دنی!

جمله عالم شرق و غرب آن نور یافت — تا تو در چاهی نخواهد بر تو تافت

ساری دنیا اس سے روشن ہو گئی — تو ہے جب تک چہ میں ہے محروم ہی

[۱] بنی اسرائیل میں ایک بہت بڑا زاہد تھا [illegible]

چہ رہائی دہ بہ ایوان و کروم ‖ کم ستیز اینجا بداں کالّج شوم[1]

ہاں نکل کر چاہ سے دنیا میں گھوم ‖ کر نہ جھگڑا اس جگہ کا لجّ شوم

ہین مگو کاینک فلانے کشت کرد ‖ در فلاں سال و ملخ کشتش بخورد

یہ نہ کہہ کھیتی فلاں نے کی وہاں ‖ کھا گئیں کھیتی کو اس کی ٹڈیاں

پس چرا کارم کہ اینجا خوف ہست ‖ پس چرا افشانم ایں گندم ز دست

گیہوں کر دیا کھیتی اگر ہے یہ خطر ‖ گیہوں بھی ضائع کروں یوں پھینک کر

ہین مکن استیزہ رو رو کار کن ‖ با توکل کشت کن بشنو سخن

ہاں نہ کر جھگڑا۔ تو اپنا کام کر ‖ کاشت کر اس سے توکل پہ مگر

ہر کہ استیزہ کند بر رو فتد ‖ آنچناں کو بر نخیزد تا ابد

جو کرے جھگڑا۔ وہ سر کے بل گرے ‖ تا ابد گر کر نہ وہ پھر اٹھ سکے

وانکہ او بگذاشت کشت و کار را ‖ پر کند کوری تو انبار را

جس نے کی کھیتی۔ نہ چھوڑا کاروبار ‖ فائدہ اس نے اٹھایا بے شمار

زیں بیاں بگذر زمانے باز راں ‖ جانب احوال آں عاشق جواں

چھوڑ اس کو اور ذرا اب غور کر ‖ اس جواں عاشق کے حال زار پر

چوں ز بے سکوفت و از سلوتے ‖ عاقبت دریافت روئے خلوتے

تھا بدر در جنبیاں وہ اطمینان سے ‖ آخر اس نے پائے خلوت کے مزے

جست از بیم عسس او شب بباغ ‖ یار خود را یافت با شمع و چراغ

خوف سے بچکر گیا جب سوئے باغ ‖ مل گیا یار اس کا با شمع و چراغ

گفت سازندہ سبب را آں نفس ‖ اے خدا تو رحمتے کن بر عسس

التجا کی اے خدائے دادگر ‖ کوتوال اچھا ہے اس پر رحم کر

[1] یعنی جھگڑا اور مبالغہ نہایت شوم باتیں ہیں ؛

پادشاہا تو سبب ہا کردۂ | از در دوزخ بہشتم بردۂ

تو نے اسے شہ کر دیئے پیدا سبب | لایا دوزخ سے مجھے جنت میں اب

پھر آں کردی سبب ایں کار را | تا ندارم خوار من یک خار را

کام کا اسباب یہ بخشا یوں مدار | تا نہ جانوں خار کو ہرگز میں خوار

در شکست پائے بخشد حق پرے | ہم ز قعر چاہ بکشاید درے

وہ شکستہ پائی کو دیتا ہے پر | کھول دیتا ہے کنوئیں کی تہ میں در

ہر چہ آں بر تو کراہیت بود | چوں حقیقت بنگری رحمت بود

ہے بظاہر جس سے اک نفرت تجھے | وہ ہے رحمت اصل میں تیرے لئے

تو مبیں کہ بر درختی یا بچاہ | تو مرا بیں کہ منم مفتاح راہ

دیکھ مت یہ پیڑ پر یا چاہ میں | دیکھ مجھ کو حل کروں میں مشکلیں

گر تو خواہی باقی ایں گفتگو | اے اخی در دفتر چارم بجو

گفتگو باقی اگر ہو دیکھنی | چوتھے دفتر میں ملیگی اسے اخی

تمت